مجربات
حکمائے ہند و پاک
RX

مُجرّبات

حُکمائے ہند و پاک

مکمل

مؤلف

حکیم محمد اسماعیل امرتسری

فیصل پبلیکیشنز

نئی دہلی-110002

سلسلہ مطبوعات فیصل پبلیکیشنز، نئی دہلی

MUJARRABAT
HUKMA-E-HIND-O-PAK

Hakeem Mohd. Ismail Amritsari

ISBN 81-86632-45-X

ایڈیشن: 2012

ناشر:۔
عبدالمالک فہیم

3004/2, سرسید احمد روڈ، دریا گنج، نئی دہلی۔ 110002
فون:۔ 23271845 فون وفیکس 011-4156 3256
E-mail:alhasanatbooks@rediffmail.com
faisalfaheem@rediffmail.com

مطبوعہ
ایچ۔ایس آفسٹ پرنٹرز، نئی دہلی-۲

قیمت
₹200/-

دیباچہ طبع اوّل

بھول کچھ میں نے پڑھے ہیں قدر دانوں کے لیے

ممکن ہے بعض احباب میرے اس بیان کو کسرِ نفسی تصور کریں۔ مگر یہ ایک حقیقت ہے اور مجھے اس امر کے اعتراف میں مسرت حاصل ہوتی ہے جب میں یہ کہتا ہوں کہ میں نے جو کچھ سیکھا اور جو کچھ پایا۔ وہ طبی رسائل اور کتب کے بکثرت مطالعہ ہی سے حاصل ہوا اور جس قدر دائمی شہرت میں نے حاصل کی اور اطباء میں ایک خاص مقام پایا وہ بھی طبی رسائل ہی کا مرہونِ منت ہے یہی وجہ ہے کہ میرے پاس چالیس پچاس سال پیشتر کی طبی رسائل کی فائلیں محفوظ ہیں۔

میں نے مطالعہ میں اکثر دیکھا ہے کہ پرانے رسائل میں جن اطبائ نے حصہ لیا ہے۔ وہ عموماً سیدھے سادے طبیب تھے اور صحیح نسخہ بیان کرنے میں فخر محسوس کرتے تھے۔ وہ خدمتِ فن کو اپنا ایمان اور دھرم سمجھتے تھے۔ اگرچہ ان اطباء کی اکثریت اس وقت اس دنیا سے رخصت ہو چکی ہے۔ مگر ان رسائل کی وجہ سے ان کا نام اس وقت بھی زندہ ہے اور ان کے صدقہ جاریہ کا کام دیتا ہے۔

مجربات حکمائے ہند و پاک کی اس کتاب میں صرف دو رسائل حامی الصحت لاہور اور آبحیات لودہانہ کا ہی انتخاب پیش کیا ہے۔

حامی الصحت ۱۹۲۲ء میں جاری ہوا، ۱۹۳۰ میں بند ہو گیا۔ اسی زمانہ میں آبحیات

بھی شائع ہوتا تھا۔ اور وہ صرف چار پانچ سال ہی میں کافی نام پیدا کر کے اس کے ایڈیٹر کی اچانک موت کی وجہ سے بند ہو گیا۔ اس زمانہ میں حامی الصحت، آبحیات اور لقمان سے میرا خاص تعلق رہا اور میں اکثر ان میں طبی، صنعتی، روحانی اور سیاسی مضامین لکھا کرتا تھا۔ یہ رسائل ابھی میرے پاس محفوظ ہیں گویا یوں سمجھ لیجئے کہ آج سے تیس چالیس سال پیشتر کی یہ ایسی بیاضیں ہیں جن میں ہر مذہب و ملت کے بے شمار اطباء نے اپنے اپنے مجربات پیش کئے ہیں اور جن کا انتخاب اس وقت پیش کیا جا رہا ہے۔ انشا اللہ میری یہ تصنیف ان اطباء کو زندہ جاوید بنا دے گی اور رہتی دنیا تک ان کو اچھے ناموں سے یاد کیا جائے گا۔

میرے اس عزم کی اور بھی وجوہات ہیں مثلاً ایک مشہور طبی فارماکوپیا نظر سے گذرا اور مجھے یہ دیکھ کر بڑی حیرت ہوئی کہ اکثر نسخہ جات انھوں نے اپنے طبی رسالہ سے ہی منتخب کیے ہیں۔ حامی الصحت اور آبحیات تو اپنے وقت کے کامیاب ترین طبی صحائف تھے ان کا انتخاب یقیناً مفید ترین طبی فارماکوپیا ثابت ہوگا۔

بعض احباب کے پاس کئی امراض کے نہایت اچھے اچھے نسخہ جات دیکھنے میں آئے۔ فرصت کے وقت جب میں نے ان فائلوں کا مطالعہ کیا تو وہ نسخہ جات عموماً ان رسائل میں نظر سے گذرتے بلکہ بعض نئے نسخہ جات دیکھ کر ان کے شائع کرانے والوں کے حق میں دعائے خیر نکلتی۔ بعض بخیل معالجوں کے ہاں سے جس نامکمل نسخہ کا علم ہوتا۔ اس کی تکمیل میں بھی ان رسائل کے مطالعہ سے ہوتی رہی۔

اس سلسلہ میں رسالہ قمر الصحت کے خاص نمبر مجموعہ مجربات اور منتخب فارماکوپیا میں میں نے ایک دو واقعات بیان کئے ہیں کہ میرے ایک معزز دوست بخار کا ایک خوش رنگ سفوف تیار کرتے ہیں جو وہ ہر قسم کے موسمی اور خلطی بخاروں میں بلا دریغ استعمال کراتے ہیں اور جس سے ایک دو دن میں بخار سے نجات ہو جاتی ہے۔ ان سے دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ انھوں نے یہ نسخہ حیدر آباد دکن سے حاصل کیا تھا اور آج تک ہزاروں مریضوں کو استعمال کرا چکے ہیں اور ہر جگہ کامیابی ہوتی رہی۔ ایک دن میں حامی الصحت

کی فائلیں دیکھ رہا تھا کہ یہ نسخہ اس میں موجود پایا۔ اسی طرح اپنے ایک دوست کے مشورہ سے آنکھوں کے ایک محیر العقول لوشن کا تجربہ ہوا جو میں نے اپنے عزیزوں میں سے ایک نوجوان یتیم لڑکی کو استعمال کرایا۔ جسے لاہور کے سرکاری ہسپتال لا علاج قرار دے چکے تھے کہ یہ بالکل اندھی ہو جائے گی بلکہ ایک آنکھ فوراً نکال دینے کا مشورہ دیا گیا۔ مگر آج وہ یتیم لڑکی اس لوشن کے طفیل صحیح وسالم ان مغرب پرست معالجین کا منہ چڑا رہی ہے۔ یہ نسخہ بھی حامی الصحت میں موجود پایا گیا۔

اسی طرح کے کئی ایک واقعات سے مجھے سابقہ پڑا ہے۔ آبحیات کے صحیح مجربات کا تو چار دانگ عالم میں چرچا تھا اور اطبا میں صحیح مجربات شائع کرانے کا ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر جذبہ موجزن تھا۔

ان حالات نے مجھے مجبور کر دیا کہ عدیم الفرصتی کے باوجود مذکورہ دونوں رسالوں کے تمام نسخہ جات یکجا کر دوں۔ چنانچہ میرے لیے آسان طریقہ یہ تھا کہ انھیں ترتیب وار نقل کر لیا جاتا یا امراض کے مطابق انھیں ترتیب دیا جاتا۔ مگر اس طرح صاحب نسخہ کا نام بار بار لکھنا تضیع اوقات ہوتا۔ اس لیے میں نے یہی مناسب سمجھا کہ اس کتاب کو اطبا اور وید حضرات کے اسمائے گرامی کے ساتھ ایک ہی جگہ ترتیب دوں جن طبیبوں اور ویدوں نے وقتاً فوقتاً اپنے مجربات شائع کرائے۔ انھیں یکجا کر لیا جائے۔ اس طرح اگرچہ مجھے محنت زیادہ کرنی پڑی۔ مگر یہ طریقہ مجھے پسند آیا۔ اور ہر طبیب اور وید کے شروع سے آخر تک تمام نسخہ جات نوٹ کر لیے گئے۔ اسی طرح اتنی محنت و کاوش کے بعد یہ منتخب فارما کوپیا "مجربات حکمائے ہندوپاک" ترتیب دیا گیا۔ امید ہے کہ میری اس محنت کی داد دعائے خیر کی صورت میں دی جائے گی۔

خادم طب
حکیم محمد اسماعیل امرتسری

اُن اَطِبّائے کرام کی

فہرست

جن کے نُسخہ جات اس کتاب میں درج ہیں

Scanned by CamScanner

حکیم محمد اسماعیل امرتسری، لاہور

حب مدرِ حیض: حیض کی جملہ خرابیوں کو دور کر کے صاحب اولاد بناتی ہیں۔ ہینگ۔ زعفران۔ کشتہ فولاد۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ مرمکی۔ صبر سقوطری مصفی ایک ایک تولہ۔ باریک کر کے شہد کی مدد سے گولیاں بقدر نخود بنا کر صبح و شام ایک گولی ہمراہ پانی تازہ یا دودھ دیں۔ اور ایک ماہ لگاتار استعمال کرائیں۔

کشتہ فولاد: برادہ فولاد ۲۰ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ املہ خشک ایک ایک پاو۔ آب کیلہ ۲ سیر تمام ادویہ کو تین یوم بھگو کر جوش دے کر مَل کر چھان لیں۔ اس میں برادہ فولاد ملا کر نرم آگ پر پکائیں۔ جب ایک سیر رہ جائے تو اتار کر دھوپ میں رکھیں۔ ہر روز ہلائیں۔ خشک ہونے پر اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہوگا۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی جگر اور مولدِ خون ہے متواتر استعمال سے بال سفید نہیں ہوتے۔

دیگر: ایلوا۔ مرمکی۔ ریوند خطائی۔ ہیراکسیس ہر ایک ۶ ماشہ۔ زعفران ۱½ ماشہ۔

باریک کرکے پانی کی مدد سے گولی بقدر نخود بنا کر ایام سے تین روز پیشتر شروع کریں۔

دردِ حیض :- ایامِ حیض میں استعمال کرنے سے نہ صرف حیض کھل کر آتا ہے بلکہ حمل بھی قرار پاتا ہے۔

مشک بالا (اسارون) سفوف بنا کر شروع حیض میں تین ماشے صبح و شام ہمراہ کاڑھا دودھ (گھی گڑ ملا ہوا) استعمال کریں۔ تین یوم میں مکمل فائدہ ہوگا۔ اگر ضرورت پڑے تو دوسرے ماہ استعمال کریں۔

جوشاندہ مدرِ حیض : بیخ اذخر ۵ ماشہ۔ تخم السی ۷ ماشہ۔ ایک پیالی پانی میں جوش دے کر شربت بزوری ۳ تولہ ملا کر صبح شام ایامِ حیض میں پلائیں۔ خون کھل کر آئے گا۔ اور درد دور ہوگا۔

شربت معاون حیض : درختِ کپاس کے سبز گولر کا پانی نکال کر کھانڈ ملا کر شربت بنائیں ایک ماہ لگاتار بقدر ۲ تولہ صبح و شام گرم پانی ملا کر دیں۔

کثرتِ طمث :- کثرتِ طمث کے لیے بھروسہ کا نسخہ ہے۔

پھٹکری سفید۔ سرمہ سیاہ۔ کتھ سفید۔ سنگ جراحت ہر ایک ۱/۲ ۲ ماشہ، کہربا صدفِ صدق۔ اقاقیا ہر یک ۱/۲ ۱ ماشہ۔ دم الاخوین۔ گوند ببول۔ کتیرا سفید ہر ایک ۷ ماشہ سفوف بنا کر ۲ ماشہ ہمراہ پانی صبح و شام دیں۔

دیگر : کثرتِ طمث اور حمل میں خون آنے کو مفید ہے۔ رسونت مصفیٰ۔ گل ارمنی ہر ایک دو تولہ۔ کہربا، گندھک مدبر ایک ایک تولہ۔ گیلک ایسڈ ۲ ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ آب نیم ۱۰ تولہ میں کھرل کرکے گولی بقدر ایک رتی بنا کر دن میں تین بار ہمراہ شربتِ انجبار دیں۔

ورم رحم :- ورم رحم کی دیرینہ شکایات کو بھی دور کرتی ہے۔ امربیل۔ برگ نیم۔ مکو ایک ایک سیر۔ السی کوفتہ، پاؤ برنگ ایک ایک پاؤ۔ پھٹکری سفید ۱/۲ پاؤ پانی دس سیر میں جوش دے کر چارپائی کی الٹی طرف بیٹھ کر بھاپ لیں۔ ہر روز اسی پانی کو گرم کرکے بھاپ لیں اور

جب بھی طہارت کی ضرورت ہو تو اس میں سے گرم پانی کر کے استعمال کریں۔

شیاف: محلل صلابت و مخرج رطوبات فاسدہ ۔۔۔ اندرجو شیریں ۷ تولہ بادرنگ ۴ تولہ نمک سیاہ ۷ تولہ۔ سمندر جھاگ ۳ تولہ۔ مغز بادام ۱۷ عدد۔ مغز پنبہ دانہ پرا ۷ تولہ۔ تخم سویہ ایک تولہ جاوتری ۴ ماشہ اجوائن۔ خراسانی ۲ ماشہ۔ مغز نارجیل کہنہ ۵ تولہ علیحدہ علیحدہ باریک کر کے شہد ۵ تولہ قند سیاہ کہنہ ۱۰ تولہ روئی صاف بقدر ضرورت ملا کر خوب کوٹیں کہ یک جان ہو جائے۔ شیاف بنا کر ہر شب ایک شافہ رحم میں رکھیں۔ اس سے بکثرت رطوبت غلیظ و متعفنہ خارج ہوں گی۔ تین چار روز کے بعد صرف روغنِ گاؤ میں روئی تر کر کے رکھیں۔

ورم رحم: ورم رحم و درد رحم کو مفید ہے۔

بادرنگ۔ کف دریا۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ بیروزہ خشک۔ نمک لاہوری ہر ایک ۶ ماشہ باریک کر کے چھوٹی چھوٹی پوٹلی بنائیں اور رحم کے ارد گرد اور سامنے رکھیں۔ ایک ہفتہ کے بعد روغن گل اور موم ملا کر روئی تر کر کے رکھیں۔

روغن معاونِ رحم: ورمِ رحم اور دیگر امراضِ رحم میں مفید ہے

گلیسرین ایک اونس۔ روغن بادرنگ ۹۰ قطرہ دونوں کو ملا کر روئی تر کر کے رکھیں صبح نکال دیں۔ روغن بادرنگ اس طرح نکالیں۔ بادرنگ دو حصہ بیروزہ۔ نمک خوردنی سمندر جھاگ ایک ایک حصہ روغن کنجد میں کھرل کر کے بذریعہ پتال جنتر روغن نکالیں۔

انقلاب الرحم: رحم کے ٹلنے کے لیے مفید ہے۔

عنبر۔ مشک ہر ایک ۳ ماشہ۔ مروارید مائیں خورد۔ گوند ڈھاک۔ پھلی ببول ہر ایک ۶ ماشہ باریک کر کے چھوٹی چھوٹی پوٹلیاں بنا کر رحم کے نیچے اور رحم کے سامنے رکھیں۔ چند روز میں رحم اصل جگہ پر آجائے گا۔

مضیق:۔ رحم کو تنگ اور رطوبت کو خشک کرے گی۔ پرانی عمر کی عورتوں کو عمر رفتہ کی کیفیت

پیدا کر دیتی ہے۔

مازو۔ مائیں۔ پھٹکڑی۔ کتھ۔ نیپال ہموزن سفوف بنا کر ایک چٹکی صبح و شام یا بوقت مباشرت استعمال کریں۔

دیگر: آملہ خشک۔ مازو۔ پھٹکری۔ مائیں خورد و کلاں۔ گل سپاری۔ گل دھاوا۔ سنگ جراحت۔ گوند ڈھاک ہموزن بار یک کر کے ۲ ماشہ عرق گلاب میں ملا کر اسفنج کے ساتھ اندر رکھیں۔

معجون موچرس: عورتوں کے لیے ممد حیات ہے ہر قسم کی رطوبت کو خشک کر کے رحم کو تنگ اور قابلِ حمل بناتی ہے سیلان الرحم کو خصوصیت سے مفید ہے۔

موچرس۔ سمندر سوکھ۔ گوند ڈھاک۔ دھاسک پھلی کیکر۔ کرکس ہر ایک ۹ ماشہ موصلی سفید لودھ پٹھانی۔ خولنجان ہر ایک ایک تولہ باریک کر کے ½ سیر روغن زرد میں اسقدر بھونیں کہ خوشبو بدل جائے۔ پھر چینی کھانڈ ایک پاؤ ملا کر دو چار منٹ ملا کر اتارلیں ایک تولہ بوقتِ صبح استعمال کریں۔

معجون فوفل: فوائد مذکورہ بالا کے مطابق ہے۔

سپاری چکنی ایک پاؤ۔ مائیں خورد مائیں کلاں ہر ایک ۶ ماشہ گل سپاری۔ گل دھاوا طباشیر۔ موصلی سفید۔ گوند ڈھاک ایک ایک تولہ۔ الائچی خورد ۹ ماشہ روغن زرد ۸ تولہ۔ شیر گاؤ ۴ سیر۔ سپاری چکنی چکی میں پیس کر دودھ میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب کھویا ہو جائے تو باقی ادویات ڈال دیں اور گھی میں بھونیں پھر کھانڈ ½ سیر ملا کر اتار لیں اور ایک تولہ صبح و شام استعمال کریں۔

سیلان الرحم: کشتہ قشر بیضہ مرغ۔ گل دھاوا۔ مائیں ایک ایک تولہ سنگجراحت، گوند ڈھاک۔ موچرس ہر ایک ۲ تولہ۔ گل ارمنی۔ گل سپاری ہر ایک ۶ ماشہ، مصری کوزہ ۵ تولہ۔ سفوف بنا کر ۶ ماشہ صبح و شام دودھ سے دیں۔

اختناق الرحم:۔

ہسٹریا کے لیے بھروسہ کا نسخہ ہے۔

ہینگ ایک تولہ - جند بیدستر۔ سنبل الطیب ہر ایک ۶ ماشہ، زعفران ۲ ماشہ، اجوائن خراسانی ۲ تولے تمام دواؤں کو باہم کوٹ کر پانی کی مدد سے گولی بقدر نخود بنا کر صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔

دیگر: ہینگ - کونین سلفاس - جدوار ہموزن گولی بقدر نخود بنا کر صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔

عقرا:۔ بانجھ پن کا کامیاب علاج ہے۔

ریش پیپل - ریش برگد - طباشیر - الائچی خورد ہر ایک دو تولہ۔ برادہ دندانِ فیل ۳ تولہ۔ سفوف بنا کر بعدِ حیض ۳ ماشہ ہمراہ دودھ سات یوم تک استعمال کرائیں۔ اس عرصہ میں حمل قرار پائے گا۔ ورنہ اگلے ماہ دیں۔

حبِ اٹھرا:۔ اٹھرا کا اسراری علاج ہے جن کے ہاں بچے پیدا ہو کر ام الصبیان وغیرہ، میں مبتلا ہو کر مر جاتے ہیں۔ ایام حمل و رضاعت ہیں استعمال سے بچہ تندرست اور توانا پیدا ہوتا ہے۔ جن بچوں کو سوزاک یا آتشک ورثہ میں ملنے کا خطرہ ہو۔ ان کے استعمال سے یہ خدشہ پھر نہ رہے گا۔ یہ گولیاں اعلیٰ درجہ کی مصفیٰ خون ہیں۔ موسمی اثرات سے محفوظ رکھتی ہے۔

رسونت مصفیٰ ایک تولہ۔ طوطیا ۱ ماشہ، کشتہ خوردنی ۳ ماشہ۔ الائچی کلاں چار عدد باریک کر کے پانی کی مدد سے گولی بقدر ایک رتی بنا کر ایک گولی روزانہ دودھ یا پانی سے دیں۔ دیگر امراض میں صبح و شام دیں۔

برتھ کنٹرول: کم قیمت سستی پنسلیں لے کر سرمہ نکالیں اور گڑ ملا کر فی پنسل دو گولیاں بنائیں۔ بعدِ حیض ایک گولی صبح ہمراہ آبِ تازہ دیں ایک ماہ لگاتار استعمال کریں۔

کبھی حمل نہ ہوگا۔ جب اولاد کی خواہش ہو۔ برادہ دندان فیل حسب ضرورت لے کر اور گڑ ملا کر گولی بقدر کوکن بیر بنا کر بعد حیض صبح و شام ایک گولی ہمراہ دودھ ایک ہفتہ تک استعمال کریں۔

طلا آبلہ انگیز:۔ ملوق کے بیرونی نقائص کو دور کر کے سختی و تندی پیدا کرے گا۔ مغز تخم ارنڈ ۲ تولہ۔ دارچکنہ ایک تولہ۔ دونوں کو اس طرح کھرل کریں کہ مثل مکھن ہو جائے۔ بوقت ضرورت کپڑے کے ٹکڑے پر ضماد کر کے عضو پر لگائیں۔ رات کو لگائیں صبح بڑا آبلہ موجود ہوگا جسے چھید دیں تمام رطوبت نکل جائے گی۔ اس پر گھی جلا کر لگائیں۔ تین پٹی لگانے سے مکمل فائدہ ہوگا۔ اس کے استعمال سے وقتی تکلیف ہوتی ہے۔

طلا لوبان:۔ اعلیٰ پایہ کا سستا اور آسان مفید مطلب طلا ہے۔

لوبان ایک پاؤ۔ سنڈھ۔ جائفل۔ جاوتری۔ لونگ۔ دارچینی۔ عقرقرحا۔ پوکھر مول سم الفار ہر ایک ۶ ماشہ۔ جملہ ادویہ جو کوب کر کے ایک ہنڈیا میں اینٹ رکھ ارد گرد ڈال دیں۔ اینٹ پر چینی کی پیالی رکھ دیں۔ ہنڈیا کے منہ پر صاف پیندا والا برتن رکھ دیں اور مقام اتصال کو آٹا سے بند کر دیں۔ برتن میں پانی بھر دیں ہنڈیا کو چولہے پر رکھیں جب برتن کا پانی گرم ہو جائے اسے نکال کر دوسرا پانی بھر دیں۔ تین چار گھنٹے کے بعد کھول کر دیکھیں۔ پیالہ میں تیل ہوگا۔ اسے الگ کر کے مالش کریں اور اوپر پان کا پتہ گرم کر کے باندھیں جب پھنسیاں نمودار ہوں تو گھی جلا کر لگائیں اور آرام ہونے پر دوبارہ لگائیں۔

طلائے مملوق:۔ مبلق اور کثرت عیاشی سے پیدا شدہ خارجی عوارضات سستی۔ لاغری۔ کجی کو دور کرتا ہے۔

سم الفار زرد۔ نوشادر۔ بیر بہوٹی۔ قرنفل کلاہ دار ایک ایک تولہ آب امبربیل میں تین یوم کھرل کر کے بذریعہ نیپال جنتر روغن کشید کریں اور بطریق معروف لگائیں۔ باندھنے کی ضرورت نہیں۔

روح حیوان :- بوڑھوں کے لیے عصائے پیری ہے اعلیٰ درجہ کی مقوی اعصاب و مقوی باہ ہے۔

سم الفار سفید۔ شنگرف رومی۔ زعفران ایک ایک تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۲۵ عدد میں کھرل کر کے ریگ ماہی نر ۲ تولہ باریک کر کے ملائیں۔ شیر بھینس ۵ سیر میں حل کر کے جامن لگا کر مکھن اور پھر گھی حاصل کریں۔ ایک چھٹانک گھی میں کستوری ایک ماشہ ملا کر تین چار قطرہ حلوا یا دودھ میں ملا کر دیں۔

حب اذراقی : مقوی اعصاب اور مقوی باہ از حد ہیں۔

کچلہ مدبر ۲ تولے۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز ایک ایک تولہ عنبر ۳ ماشہ شہد سے گولی بقدر نخود بنا کر ہمراہ دودھ بوقت صبح دیں۔

مبہی و مقوی خاص : اعلیٰ درجہ کا مقوی۔ مبہی مشتہی۔ بدن کو مضبوط اور طاقت ور بنانے والی۔ زائل شدہ قوتوں کو اصلی حالت پر لانے والی سفید گولیاں۔

سم الفار سفید۔ شنگرف رومی ایک ایک تولہ افیون ۶ ماشہ باریک کر کے ایک زردی بیضہ مرغ روز ملا کر کھرل کریں۔ اکیس دن میں اکیس زردیاں ختم کریں اور گولی بقدر ایک رتی بنا کر ورق نقرہ میں ملفوف کر کے رات کو ہمراہ شیر دیں۔

حب کافوری : نزلہ۔ زکام کے لیے تریاق ہے سرعت و جریان کی بھی حکمی دوا ہے۔

کافور۔ مرچ سیاہ۔ افیون ہر ایک ۲ ماشہ ٹینک ایسڈ ۳ ماشہ کھرل کر کے گولی بقدر دانہ ماش بنا کر ہمراہ دودھ یا پانی دیں۔

احتلام : تخم بھنگ۔ کندر۔ جفت بلوط ہم وزن علیحدہ علیحدہ کوٹ کر باہم ملا کر خوب کوٹیں کہ گولی بندھ سکے۔ ایک گولی بقدر کوکنی بیر بنا کر صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔

ممسک : سم الفار زرد۔ افیون ایک ایک ماشہ خوب کھرل کریں روئی میں لپیٹ کر بتی بنائیں اور روغن سرسوں میں جلا کر کاجل حاصل کریں۔ آب پان سے کھرل کر کے گولی بقدر

ایک رتی بنا کر دو ساعت پیشتر دودھ سے دیں۔

ملذذ: حب کا جادو سمجھیں از حد ملذذ ہے۔

خانہ زنبور باریک کر کے کپڑ چھان کریں ایک ماشہ لے کر ایک تولہ عطر گلاب ملا کر ایک قطرہ حشفہ اور تمام عضو پر مل کر جماع کریں۔

ممسک: موچرس۔ پھٹکڑی ایک ایک تولہ شیر برگد ۱۰ تولہ میں کھرل کر کے گولی بقدر کوکن بیر بنا کر دو گھنٹہ پیشتر دودھ سے دیں۔

ممسک: تخم دھتورہ بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں اور اس سے نصف وزن پارہ اس قدر کھرل کریں کہ پارہ معدوم ہو جائے۔ اس میں قرنفل مدبر کریں اور دو گھنٹہ پیشتر ایک عدد ہمراہ دودھ دیں۔

دیگر: موصلی کلاں ۸ تولہ تخم دھتورہ ۳ تولہ اجوائن خراسانی ایک تولہ۔ اجوائن اور دھتورہ جوکوب کر کے ½ سیر پانی میں جوش دیں کہ ¼ حصہ رہ جائے مل کر چھان کر منقہ ڈال کر نرم آگ پر رکھیں۔ دو ساعت پیشتر ہمراہ دودھ ایک عدد دیں۔

کشتہ مرجان: جریان کے لیے نہایت مفید ہے۔

مرجان حسب ضرورت لے کر کوزہ میں ڈال کر اتنا شیر برگد ڈالیں کہ دو انگل اوپر رہے۔ منہ بند کر کے دس سیر اوپلہ کی آگ دے کر کشتہ کریں۔ ½ ماشہ صبح و شام پانی سے دیں۔

دیگر: سیلان الرحم کا تریاق ہے۔

مرجان ۵ تولہ نغدہ گھیکوار میں رکھ کر ایک ہانڈی میں رکھ کر دس سیر آگ دیں اور ایک ماشہ صبح و شام پانی سے دیں۔

دیگر: دمہ کے لیے بھروسہ کا نسخہ ہے۔

مرجان ۵ تولہ لے کر ایک ہانڈی گھیکوار کے گودہ میں رکھ کر ۱۵ سیر اوپلہ کی آگ دیں ½ ماشہ

ہمراہ آب گرم دیں۔

دیگر:۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی دماغ ہے۔ نزلہ زکام اور کھانسی کو مفید ہے۔

مرجان ۵ تولہ مسکہ گاؤ میں لت پت کر کے ½ پاؤ کوزہ مصری میں رکھ کر دش بیسر آگ دیں ½ ماشہ ہمراہ خمیرہ گاؤزبان دیں۔

دیگر:۔ نزلہ زکام اور کھانسی ضعف جگر۔ گرمیٔ مثانہ ۔جریان ۔ضعف قلب اور کثرت طمث میں مفید ہے۔

مرجان ۵ تولہ شہد میں لت پت کر کے مغز کمل ٹوڈہ ½ پاؤ میں رکھ کر ۱۵ سیر آگ دیں۔ ½ ماشہ ہمراہ شربت بزوری دیں۔

کشتہ عقیق:۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی قلب ہے۔

عقیق حسب ضرورت لے کر عرق گلاب میں اکیس بجھاؤ دیں ریزہ ریزہ کر کے مغز بادام کے درمیان رکھ کر ۳ سیر آگ دیں۔ دو رتی ہمراہ مربہ گاجر دیں۔

دیگر:۔ دمہ کے لیے نہایت مفید ہے۔

عقیق ایک تولہ شیر مدار میں تر کر کے نغدہ گل مدار میں رکھ کر ۱۰ سیر آگ دیں۔ ½ رتی ہمراہ جوشاندہ گاؤزبان دیں۔

دیگر: مقوی دل و دماغ۔ جگر و معدہ ہے۔

سہاگہ ایک تولہ شورہ ۶ ماشہ نوشادر ۳ ماشہ۔ باریک کر کے ۵ تولہ پانی ڈال کر پکائیں۔ اور ہلاتے رہیں کہ مسکہ کی طرح ہو جائے۔ اسے عقیق پر لیپ کر کے کٹھالی میں ڈال کر کوئلوں میں رکھیں پندرہ منٹ کے بعد نکالیں سفید شگفت کشتہ ہو گا۔

کشتہ صدف مرواریدی:۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی قلب ہے۔ حرارت قلب۔ زیادتی پیاس۔ ہاتھ پاؤں کی تلیوں کی جلن اور تمام گرم امراض میں مفید ہے۔ موسم گرما کا خاص تحفہ ہے۔

دانہ الائچی خورد ۵ تولہ۔ باریک کر کے ایک کوزہ میں صدف مروارید ½ ۲ تولہ کے زیر

بالا دے کر ۵ سیر آگ دیں۔ اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہوگا ایک رتی ہمراہ مسکہ وغیرہ دیں۔

دیگر: سل کے لیے مفید ہے۔

صدف مروارید کی حسب ضرورت لے کر ایک ہفتہ شیر بادہ خر میں کھرل کر کے قرص بنا کر ۵ سیر آگ دیں کشتہ ہوگا۔ ۲ دو رتی ہمراہ شربت انجبار دیں۔

دیگر: استحاضہ میں نہایت مفید ہے۔

صدفِ صادق ایک تولہ کوزہ میں شیر مدار ۵ تولہ کے ہمراہ گل کر دس سیر آگ دیں ہمراہ مسکہ کے دیں۔

کشتہ سنگ یشب: اکسیر قلب کا مصداق ہے۔

سنگ یشب حسب ضرورت عرق گلاب میں بجھاؤ دیں۔ بعدہٗ آب کشنیز سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر نغدہ کشنیز سبز میں رکھ کر بیس سیر آگ دیں۔ ۲ رتی ہمراہ عرق گاؤ زبان دیں۔

دیگر: امراضِ قلب کے لیے بالخاصہ مفید ہے۔

سنگِ یشب کو لوٹی اندرائی میں رکھ کر بیس سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ دو رتی ہمراہ شربت صندل دیں۔

کشتہ ہڑتال گئو دنتی: جریان کے لیے کم خرچ بالانشین ہے۔

گئو دنتی ۵ تولہ نغدہ بھنگ ایک پاؤ میں رکھ کر دس سیر آگ دیں ایک ماشہ ہمراہ پانی صبح شام دیں۔

دیگر: امراض ریوی۔ تپ بلغمی۔ دمہ وغیرہ کو مفید ہے۔

گئو دنتی ۵ تولہ گودہ گھیکوار ڈیڑھ پاؤ میں رکھ کر ۵ سیر آگ دیں کشتہ ہوگا۔ ایک رتی ہمراہ قند مناسب سے دیں۔

دیگر: ملیریا کا تریاق ہے۔

الحسنتین۔ تخم دھتورہ سیاہ ہر ایک ۵ تولہ ایک سیر پانی میں جوشاندہ تیار کر کے ایک

سیر گئو دنتی ٹکڑے کر کے ڈال دیں۔ جب جوشاندہ خشک ہو جائے۔ تو آپ گلو میں ایک یوم کھرل کر کے قرص بنا کر ایک سیر برگ نیم کے نغدہ میں رکھ کر بیس سیر اوپلہ کی آگ دیں! اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہو گا۔ ایک ۱ رتی ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

کشتہ سرمہ سفید: سوزاک کہنہ و جدید میں مفید ہے۔ استحاضہ میں بھی کارآمد ہے۔
سرمہ سفید ایک پاؤ۔ آب چکیدہ دہی میں کھرل کر کے قرص بنا کر دس سیر آگ دیں ½ ماشہ ہمراہ شربت بزوری۔

دیگر:۔ ضعفِ قلب و جگر۔ جریان اسہال و پیچش کو مفید ہے۔
سرمہ سفید ۲ تولہ شیر گاؤ ایک پاؤ میں کھرل کر کے ۵ سیر آگ دیں دو رتی ہمراہ مسکہ دیں۔

کشتہ خر مہرہ:۔ وجع المفاصل اور دیگر دردوں میں مفید ہے۔ اسپرین کا بدل ہے۔
حسب ضرورت خر مہرہ زرد جو کوب کر کے شیر مدار میں تر کر کے دس سیر آگ دیں ایک ماشہ حلوہ میں رکھ کر دیں۔

کشتہ سنکھ:۔ ہر قسم کی روانی خون خصوصاً کثرت طمث۔ سِل کو مفید ہے۔
سنکھ ۵ تولے کر ٹکڑے ٹکڑے کر کے ایک پاؤ نغدہ بوٹی زخم حیات میں رکھ کر دس سیر آگ دیں ایک ماشہ ہمراہ دودھ بکری دیں۔

دیگر:۔ مارگزیدہ کے لیے تریاق ہے۔ مباری بخاروں میں نہایت مفید ہے۔
سنکھ حسب ضرورت لے کر کنڈیولی کے نغدہ میں چالیس یوم رکھ چھوڑیں۔ بعدہٗ نکال کر شراب ولیسی میں تر کر کے کوزہ میں بند کر کے دس سیر آگ دیں۔ مارگزیدہ کو ایک ماشہ پانی سے دیں اور مباری بخاروں میں ہمراہ جوشاندہ مویز منقہ، عناب، خوب کلاں دیں۔

کشتہ بارہ سنگا:۔ جملہ امراضِ ریحی نمونیہ وغیرہ کو مفید ہے۔
بارہ سنگا حسب ضرورت لے کر شیر مدار میں لت پت کر کے نغدہ برگ مدار میں رکھ کر بیس سیر آگ دیں ایک رتی گرم دودھ سے دیں۔

دیگر بارہ سنگا - سم الفار دو دو تولہ کو شیر مدار ایک پاؤ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر ۵۰ عدد برگ مدار لپیٹ کر کپروٹی کر کے دس سیر آگ دیں - ½ رتی ہمراہ بدرقہ مناسب - تمام ریحی، دردیں، نمونیہ - دمہ کھانسی اور ضعف باہ کو مفید ہے -

کشتہ نقرہ:- اعلیٰ درجہ کا مقوی اعضائے رئیسہ و شریفہ ہے -

برادہ نقرہ ایک تولہ آب زقوم ڈنڈا ایک پاؤ میں کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر کوزہ میں گل حکمت کر کے ۵ سیر محفوظ الہوا جگہ آگ دیں - اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہوگا ½ رتی ہمراہ مسکہ دیں -

دیگر:- اعلیٰ درجہ کا مقوی - ممسک اور مشتہی ہے -

سم الفار سفید - گندھک آملہ سار ایک ایک تولہ باریک کر کے پترہ نقرہ ۱ تولہ کے زیر و بالا دے کر کوزہ میں بند کر کے ایک سیر اوپلہ کی آگ دیں - چرخ خوردہ کشتہ بہ رنگ سرخ برآمد ہوگا - ½ رتی ہمراہ مسکہ دیں -

کشتہ شنگرف:- قوت باہ میں ہیجان پیدا کرنے والا نسخہ ہے -

سم الفار سفید ایک تولہ - زردی بیضہ مرغ میں کھرل کر کے شنگرف ڈلی ایک تولہ پر لیپ کر کے خشک کریں - تابہ آہنی پر اجائن خراسانی ایک پاؤ کے درمیان رکھ کر اوپر پیالہ رکھ نیچے آگ جلائیں - جب دھواں نکلنا بند ہو جائے تو شنگرف نکال کر باریک کریں - ایک چاول ہمراہ مسکہ دیں -

دیگر: مقوی باہ کے علاوہ دافع فالج - لقوہ ہے -

شنگرف ایک تولہ کڑاہی میں رکھ کر آب پیاز - آب تخم - شیر مدار - آب گھیکوار - شراب دیسی ہر ایک ½ سیر بطور چوپہ ختم کریں بعدہ ½ سیر گھی ڈال دیں - جب گھی کو آگ لگ کر سرد ہو جائے تو باریک کر کے ایک چاول ہمراہ مسکہ دیں -

کشتہ ہڑتال ورقیہ:- جملہ اقسام تپ - امراض خونی و جلدی کے لیے نہایت مفید ہے -

ہڑتال ورقیہ ایک تولہ کو پندرہ تولہ آب بھنگل زرد دودھ میں کھرل کر کے لعاب بقدر فلفل بنا کر ایک سیر کے دو اوپلوں میں آگ دیں - سفید کشتہ ہوگا -

دیگر:۔ جریان۔ سرعت اور ضعف باہ کے لیے مفید ہے۔

ہڑتال ورقیہ ایک تولہ کو آب دھتورہ میں ایک ہفتہ کھرل کر کے اور برگ دھتورہ کے نغدہ میں رکھ کر ۳ سیر آگ دیں۔ برنگ سرخ کشتہ ہوگا۔ ایک چاول ہمراہ مسکہ دیں۔

کشتہ سم الفار:۔ امراضِ اعصابی۔ ضعفِ باہ۔ ضعف معدہ کی حکمی دوا ہے۔

ایک بڑا شلجم لے کر کاواک کر کے ۳ ماشہ سم الفار رکھ کر گِل حکمت کر کے ۵ سیر آگ دیں کشتہ ہوگا ایک چاول مسکہ میں دیں۔

دیگر:۔ نامردی فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ گنٹھیا کے لیے مفید ہے۔

دار چینی ایک سیر کو آگ لگائیں جو ٹکڑا جل جائے اسے دم کر دیں اس طرح تمام دار چینی کوئلہ بنا کر باریک کر لیں۔ توا آہنی پر بچھا کر ڈلی سم الفار رکھ کر کچھ اوپر ڈال کر ڈھانپ دیں نیچے آگ جلائیں۔ جب اس میں کچھ حرکت پیدا ہو۔ تو فوراً باقی خاک ڈال کر ۵ گھنٹہ آگ جلائیں شگفت باوزن کشتہ ہوگا ایک چاول ہمراہ مسکہ دیں۔

دیگر:۔ امراض مذکورہ پر نہایت مفید ہے۔

سم الفار ۵ تولہ کے زیر و بالا سوڈا بائیکارب تین پاؤ دے کر اوپر نمک باریک کر کے ایک سیر ڈال دیں نیچے ۲۴ گھنٹے آگ جلائیں۔ چرخ خوردہ نکلے گا۔ ایک چاول مسکہ میں دیں

کشتہ طلا مرکبہ:۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔

طلا خالص۔ سرب ایک ایک تولہ گلا کر سیماب مصفیٰ ایک تولہ گندھک آملہ سار ۲ تولہ ملا کر کھرل کریں اور آتشی شیشی میں ڈال کر کوئلوں پر کھلے منہ رکھیں۔ جب دھواں نکلنا بند ہو سرد کر کے نکالیں۔ برنگ سرخ کشتہ ہوگا ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

کشتہ قلعی مرکب: سیلان الرحم۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت و رقت کے لیے اکسیر ہے۔

قلعی سیماب مصفیٰ ایک ایک تولہ گرہ کر کے آب دودھی خورد ۲۰ تولہ میں کھرل کریں

بعدہٗ قشرِ بیضۂ مرغ ۔صدفِ صادق ایک ایک تولہ ملاکر آپ گھیکوار میں ایک یوم کھرل کرکے ٹکیہ بناکر ریوند چینی ایک پاؤ میں رکھ کر ۲۰ سیر آگ دیں کشتہ ہوگا۔ایک رتی ہمراہ مسکہ دیں۔

کشتہ یاقوت : دل کی جملہ امراض کا تریاق ہے۔

یاقوت رمانی ۱ تولہ سنگ یشب ۶ ماشہ زہر مہرہ خطائی ۹ ماشہ ہر سہ کو جوکوب کرکے نغدہ گل گلاب ۱۰ تولہ میں رکھ کر ½ سیر پارچہ کہنہ لپیٹ کر آگ دیں۔ایک رتی ہمراہ خمیرہ گاؤزبان دیں۔

کشتہ فولاد : نہایت اعلیٰ فوائد کا حامل کشتہ ہے اور وقت پیری شباب کی باتوں کا مصداق ہے براده فولاد ۲ تولہ آب گھیکوار میں ایک یوم کھرل کریں بعدہٗ سم الفار۔شنگرف گندھک پارہ ایک ایک ماشہ ملاکر آب گھیکوار سے کھرل کرکے کوزہ میں بند کرکے ۲ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔اسی طرح جدید دوائیں ملاکر ایک یوم آب گھیکوار سے کھرل کرکے آگ دیں بارہ سے چالیس آنچ تک دیویں۔جتنی زیادہ آنچیں دی جائیں گی اتنا زیادہ مفید ہوگا۔خوراک یک برنج مسکہ میں دیں۔

کشتہ فولاد آسان :- برادہ فولاد ۲ تولہ کا سہ چینی میں رکھ کر اوپر شیر مدار ۳ تولہ ڈال دیں بیس یوم کے بعد جب دودھ خشک ہو جائے۔کوزہ میں بند کرکے ایک سیر اوپلہ کی آگ دیں۔سیاہ رنگ کا کشتہ ہوگا۔ایک رتی ہمراہ مسکہ دیں۔

دیگر :- عام طبیعتوں کے جگر کی اصلاح کرتا ہے۔خون پیدا کرتا ہے۔اور عظم طحال کو مفید ہے۔

برادہ فولاد ۱۰ تولہ گندھک آملہ سار نوشادر ہر ایک ۲ تولہ۔آب گھیکوار۔آب جامن یا مکو جامن ایک ایک پاؤ ملاکر اس میں کھرل کریں اور کوزہ میں گل حکمت کرکے ۲۰ سیر اوپلہ کی آگ دیں ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

کشتہ قشرِ بیضہ شنگرفی :- مقوی گردہ دافع جریان احتلام۔ذیابیطس اور سیلان

الرحم کو بہت مفید ہے۔

شنگرف رومی ایک تولہ قشر بیضہ مرغ مصفیٰ ۷ عدد ہر دو کو آب گھیکوار سے دو یوم کھرل کر کے گولیاں بنا کر خشک کر کے کوزہ میں بند کر کے ۲۰ سیر اوپلہ کی آگ دیں ایک رتی ہمراہ مسکہ دیں۔

کشتہ ہڑتال مرکب : تپ دق کو بھی مفید ہے۔

قلمی مصفی۔ پارہ مصفی ایک ایک تولہ گرہ کر کے ہڑتال ورقیہ ایک تولہ ملا کر آب گھیکوار میں خوب کھرل کر کے خشک کریں اور دو عدد صدف صادق میں ڈال کر کپڑ روٹی کر کے ۵ سیر آگ دیں۔ سرد کر کے بمعہ صدف باریک کر کے ایک رتی ہمراہ مغز بادام ۱۵ عدد طباشیر ۳ ماشہ مسکہ تازہ ۵ تولہ ملا کر دیں۔

کشتہ ابرک سیاہ :۔ مریضانِ دق کے لیے قوی الاثر ہے۔

ابرک سیاہ حسب ضرورت لے کر تار آہن سے مضبوط باندھ کر کوئلوں میں گرم کر کے روغن بلادر میں بجھائیں دھواں سے بچیں۔ گیارہ بار بجھائیں پھر دہی میں ایک روز کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر بیس سیر آگ دیں۔ اسی طرح تین آنچیں دیں بقدر ایک رتی ہمراہ مسکہ دیں۔

کشتہ طلا سیمابی :۔ تپ دق اور دیگر کمزوریوں کا تریاق ہے۔

گندھک آملہ سار قائم النار سیماب مصفیٰ تین تین ماشہ۔ برادہ طلا ایک تولہ ملا کر آب چولائی خاردار میں کھرل کر کے غولہ بنا کر کوزہ میں بند کر کے ۱/۲ پاؤ اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر دوبارہ مزید گندھک و سیماب شامل کر کے آگ دیں۔ آگ کا وزن ہر بار زیادہ کرتے جائیں۔ یہاں تک کہ سیماب ۷ تولہ صرف ہو جائے ۱/۲ رتی ہمراہ مسکہ دیں۔ دودھ گھی ہضم کرے گا اور ہفتہ عشرہ میں افاقہ ہو گا۔

کشتہ نقرہ مرکب :۔ مقوی دل و دماغ گردہ۔ مثانہ۔ دافع جریان نزلہ و زکام کے لیے مفید ہے۔

نقرہ۔ قلعی ایک ایک تولہ چیرخ دے کر باریک کریں۔ اس میں مرجان و عقیق ملا کر

عرق گلاب میں چار ساعت کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر لغدہ برگ مہندی ۵ تولہ میں رکھ کر ۵ سیر آگ دیں بعدہٗ چار گھنٹے عرق گلاب میں کھرل کر کے مغز بادام ۵ تولہ میں رکھ کر ۱۰ سیر آگ دیں۔ ایک رتی ہمراہ مسکہ دیں۔

کشتہ طوطیا: آتشک کو مفید ہے
ڈلی طوطیا ایک تولہ کو شیر گولر سے تر کر کے چاکسو ۵ تولہ پانی میں گھوٹ کر لغدہ بنا کر درمیان رکھ کر گل حکمت کر کے ایک سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ کشتہ سفید ہو گا۔

کشتہ یاقوت مرکب: تپ دق اور امراضِ قلب کو مفید ہے۔
یاقوت۔ زمرد۔ عقیق۔ مرجان۔ بسد۔ خرمہرہ زرد۔ ناقوس۔ زہر مہرہ۔ سنگ یشب ابرک سیاہ۔ سرطان خشک ایک ایک تولہ باریک کر کے شیر مادہ خر ۱½ سیر میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے دس سیر آگ دیں۔ نصف ماشہ ہمراہ شیر بکری دیں۔

کشتہ نقرہ مرکب: اعلیٰ درجہ کا مقوی اعضائے رئیسہ خصوصاً دل۔ دماغ۔ جگر ہے تپ دق کو دور کرتا ہے۔

عقیق سرخ بے داغ۔ پارہ مصفیٰ ایک ایک تولہ اس قدر کھرل کریں سیماب ناپید ہو جائے۔ اب اسے آبِ گھیکوار سے کھرل کر کے کوزہ میں بند کر کے دو سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سفید شگفتہ کشتہ ہو گا۔ اس میں برادہ نقرہ۔ مرجان۔ پارہ ایک ایک تولہ ملا کر دو یوم آبِ گھیکوار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر کوزہ میں بند کر کے ۵ سیر آگ دیں۔ بے نظیر کشتہ ہو گا۔ ایک رتی ہمراہ مسکہ دیں۔

موٹاپا دور: نانخواہ۔ بادیاں۔ سداب۔ زیرہ کرمانی ایک ایک تولہ۔ لک مغسول ۲ تولہ مرزنجوش ۳ ماشہ۔ بورہ ارمنی ۳ ماشہ سفوف بنا کر ۳ ماشہ عرق گلاب زیرہ کرمانی سے دیں اور پانی کی جگہ بس یہی عرق پیا کریں۔

اکسیر الدم: جریان خون خصوصاً نفث الدم اور خونی بواسیر کو مفید ہے۔
گل ارمنی۔ دم الاخوین۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خورد ہموزن باریک کر کے ۳ ماشہ صبح

و شام ہمراہ شیر بکری یا شربت انجبار دیں۔

اکسیر سرطانی :۔ دق وسل کے مریضوں کے لیے تریاقی اثر رکھتا ہے۔

سرطان تازہ لے کر اسی وقت کوزہ میں بند کر کے تھوڑی سی آگ دیں۔ بعدہٗ نکال کر اس کے ہم وزن مروارید اور نصف وزن ورقِ طلا ملا کر اس قدر کھرل کریں کہ یک جان ہو جائے۔ دو رتی ہمراہ مسکہ صبح و شام دیں۔

اکسیر بانسہ :۔ دق وسل کی عام حالتوں میں یہ نسخہ مفید ثابت ہوا ہے۔

برگ بانسہ ۴ تولہ کافور ۶ ماشہ باریک کر کے ۳ ماشہ ہمراہ شیرہ چہار مغز ۶ ماشہ مغز بادام ۱۰ عدد شیر بکری ایک پاؤ میں تیار کر کے دیں۔ مغز بادام ہر روز ایک زائد کر کے پچاس تک پہنچائیں شام کے وقت برگ بانسہ سنبل الطیب۔ اصل السوس ہم وزن سفوف بنا کر ایک ماشہ گلقند ایک تولہ میں ملا کر ہمراہ دودھ دیں۔

دوائے تلخ : ایک دو دن کے اندر بگڑا ہوا ملیریا بخار جاتا رہتا ہے۔ دیگر کہنہ بخاروں میں بھی مفید ہے۔ اعلیٰ درجہ کا مصفی خون ہے۔

گل غافث۔ گلو خشک۔ منڈی۔ چرائتہ۔ شاہترہ۔ خوب کلاں۔ اجوائن دیسی نیم کوفتہ۔ کاسنی نیم کوفتہ ہر ایک ۵ تولہ۔ پانی ۴ سیر پھٹکری سفید ۶ ماشہ نوشادر ۴ تولہ۔ تیزاب گندھک ۹ ماشہ ادویہ از گل غافث تا کاسنی ۳ سیر پانی میں بھگوئیں۔ اس قدر جوش دیں کہ ۱½ سیر پانی رہ جائے۔ مل کر چھان لیں پھوگ میں پھر ایک سیر پانی ڈال کر جوش دیں کہ ½ سیر رہ جائے۔ اتار کر مل کر چھان کر ہر دو کو ملا لیں۔ اب اس دو سیر پانی میں پھٹکری ڈال کر حل کر دیں۔ رات پڑا رہنے دیں۔ صبح تمام میل کچیل نیچے بیٹھ جائے گی آہستہ آہستہ نتھار کر نوشادر تیزاب ملا کر رکھیں ۵ تولہ صبح و شام پلائیں۔ اگر قبض ہو۔ تو میگنیشیا پانی میں حل کر کے ملا کر پلائیں۔

شربت فولاد :۔ خون پیدا کرنے اور جگر کی اصلاح کے لیے نہایت مفید ہے۔ ہاضمہ کو طاقت دیتا ہے۔ چہرہ کا رنگ سرخ اور بارونق ہو جاتا ہے۔

برادہ فولاد ۲۰ تولہ۔ بلیلہ پوست آملہ۔ ہر ایک ½ سیر قند سیاہ کہنہ ایک سیر

پانی دس سیر جملہ ادویہ ایک گھڑے میں ڈال کر چالیس یوم روڑی میں دفن کریں بعدہٗ نکال کر اچھی طرح ملائیں اور اچھی طرح مقطر کر کے سلفیورک ایسڈ ۲ تولہ ملا کر صبح و شام ۶ ماشہ پلائیں۔

چھوہارے عجیب :۔ چھوہارے چالیس عدد لے کر شیر گاؤ ½ سیر میں بھگوئیں۔ صبح نکال کر تخم دور کریں۔ لوبان کوڑیہ ۴ تولہ ہر ایک میں برابر ڈال دیں اور دھاگہ لپیٹ دیں۔ پاؤ بھر گھی میں بریاں کریں۔ بعدہٗ ½ سیر شہد خالص میں ڈال کر ایک ہفتہ زمین میں دفن کریں۔ اس کے بعد استعمال کریں۔ دمہ۔ ریحی امراض۔ سرعت انزال۔ ضعف باہ کو مفید ہے۔ ہر روز ایک عدد ہمراہ دودھ دیں۔

سنگ گردہ و مثانہ :۔ سوڈا بائی کارب۔ جو کھار اصلی ہموزن سفوف بنا کر ایک ماشہ ہمراہ جوارش زرعونی ۶ ماشہ دیں۔

جوارش زرعونی :۔ جگر و گردہ کو طاقت دیتی ہے۔ یورک ایسڈ کو جسم سے خارج کرنے میں مدد دیتی ہے۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ ہے۔

تخم گذر۔ تخم شلغم۔ تخم کرفس۔ اجوائن دیسی۔ بادیان۔ مغز خیارین۔ مغز خربوزہ۔ بیخ کرفس ہر ایک ۲ تولہ عاقرقرحا۔ سنج قلمی۔ زعفران۔ مصطگی رومی۔ عود خام ہر ایک ۷ ماشہ بسباسہ۔ قرنفل۔ کباب چینی۔ فلفل سیاہ ہر ایک ½ ۱۰ ماشہ حسب دستور معجون بنائیں۔

معجون دافع یورک ایسڈ :۔ یورک ایسڈ اور اس سے پیدا شدہ امراض کو مفید ہے۔ مدر بول ہے۔ ریاح کو خارج کرتی ہے۔ مقوی گردہ و مثانہ۔ جگر و طحال ہے۔ ورم جگر اور استسقا کو مفید ہے۔

اجوائن دیسی۔ تخم گذر۔ زنجبیل ہر ایک تین تولہ بیخ کرفس ۲ تولہ مصطگی رومی ۶ ماشہ عود خام ۷ ماشہ۔ عاقرقرحا ۶ ماشہ زعفران۔ بنا تیج ہر ایک ۴ ماشہ شہد ½۱ پاؤ معجون بنا کر ۳ ماشہ ہمراہ عرق بادیان وغیرہ دیں۔

سفوف خرمہرہ : اسہال و پیچش۔ بواسیر۔ سنگرہنی۔ کھانسی ہر قسم کو مفید ہے۔

خرمہرہ زرد کوزہ میں بند کر کے آگ دیں اور ایک ماشہ ہمراہ آب تازہ دیں۔ خشک

ھانسی کے بیخے ہمراہ بالائی اور نزلہ کے لیے شہد میں ملا کر سوتے وقت دیں۔

سفوف سوڈا:- جسمانی دردوں کو مفید ہے۔
کشتہ شاخ گوزن۔ سوڈا اسپیل سلاس۔ سوڈا بائی کارب ہموزن سفوف بنا کر ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔

قبض کشا:- سونف مصفیٰ حسب ضرورت لے کر پیالہ چینی میں ڈال کر شیر زقوم ڈال دیں اور سایہ میں خشک کر کے جتنے دانے استعمال کریں گے اتنے ہی اسہال ہوں گے۔

کرم امعاء:- پہلے تین روز شیر خام میں شکر ملا کر پلائیں چوتھے روز صبح سانس بند کر کے کمیلہ ۱ تولہ ہمراہ جوشاندہ پوست انار پلائیں دوپہر کو کسٹر آئل پلا کر مسہل دیں۔ تمام کرم مردہ ہو کر خارج ہوں گے۔ بعدہٗ سنٹونین ۱ ڈرام کمیلہ ۲ ماشہ کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر ہر روز شیرہ پوست انار ترش سے دیں۔
کرم پھر نشوونما نہ پائیں گے۔

خروج مقعد:- کشتہ صدف خورد کا پنج پر لگائیں۔

ریح البواسیر:- بواسیری ریاح جسم کے کسی حصہ میں جمع ہو کر تکلیف دیں۔ یہ نسخہ مفید ہے۔
گوگل ہاون دستہ میں رکھ کر کوٹیں اور تھوڑی تھوڑی رسونت مصفیٰ ڈالتے جائیں جب ہموزن رسونت شامل ہو جائے تو گولی بقدر کوکن بیر بنا کر صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔

سنگرہنی:- یک روزہ علاج ہے۔ عام اسہال میں بھی مفید ہے۔
زنجبیل حسب ضرورت لے کر روغن زرد میں بریاں کریں کہ سرخ ہو جائے۔ باریک کر کے ۳ ماشہ ہمراہ لسی گاؤ دیں۔ جب بھی پیاس یا بھوک لگے تو لسی پلائیں ساتھ ہی ۳ ماشہ یہ سفوف کھلائیں۔ اس دن کوئی غذا یا پانی وغیرہ نہ دیں۔ ایک یوم میں فائدہ ہو گا۔

بواسیر:- رسکپور ۱ تولہ۔ مازو ۳ عدد۔ سپاری تیلیہ سوختہ ۳ عدد خوب باریک کر کے قیمہ میں ایک رتی ملا کر کھلائیں آتشک کو بھی مفید ہے۔

بواسیر ہر قسم:- پوست بندق ہندی۔ رسونت مصفیٰ ہموزن آب امبر بیل میں تین یوم

کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر صبح و شام ہمراہ تازہ دہی بغذا مرغن دیں۔

بواسیر ہر قسم: آب مولی ۲ سیر میں کلونجی کوفتہ ½ پاؤ ڈال کر جوش دیں اور کل پھان کر اس میں ثمر نیم تازہ ½ پاؤ ڈال کر ہاتھ سے خوب کھیل کر پُن لیں۔ اس میں رسونت ½ پاؤ کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔

اکسیر جگر: جب جگر اپنا فعل پوری طرح سرانجام نہ دیتا ہو۔ ترش ڈکار اور معدہ میں جلن ہو غلبہ خون کے باعث پھوڑے پھنسیوں اور خارش سے تکلیف ہو۔ دائمی دردِ سر ہو۔ زکام و نزلہ بند ہو۔ ملیریا بگڑ چکا ہو تو یہ دوا مفید ہے۔

سوڈا بائی کارب۔ ریوند خطائی۔ نوشادر۔ قلمی شورہ ہموزن سفوف بنا کر ۲ ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔

عظم طحال: تیزاب گندھک۔ الائچی خورد ہموزن ایک شیشی میں محفوظ رکھیں۔ دو تین یوم میں الائچی سیاہ رنگ کی ہوں گی بعد از غذا آخری نوالہ میں ایک الائچی دیں۔

ہاضم مجلوق: اجوائن مصفیٰ سات بار آبِ لیموں میں تر و خشک کر کے ۲ ماشہ صبح ہمراہ آب دیں۔ مجلوق کا معدہ درست ہوگا۔

ہاضم زیرہ: ایک بوتل میں زیرہ سفید ۱۰ تولہ سرکہ ۱۰ تولہ نمک سیاہ ۲ تولہ تیزاب گندھک ۳ ماشہ ڈال کر منہ بند کر کے تین روز تک رکھیں بعدہٗ نکال کر سایہ میں خشک کر کے ۲ ماشہ صبح استعمال کریں نہایت خوش ذائقہ زیرہ تیار ہوگا۔ دردِ شکم بدہضمی۔ نفخ معدہ۔ عظم طحال کے لیے مفید ہے۔

امراضِ شکم: ایک مرتبان میں ہلیلہ زنگی ½ سیر آبِ لیموں ۲ سیر ہینگ ایک تولہ نمک سیاہ ½۱ تولہ ڈال کر ایک ماہ رکھیں ہلیلہ امراض پیٹ ریاح وغیرہ کو مفید ہے۔

ضعف قلب وغیرہ: دل کے اکثر امراض کو مفید ہے۔

مرجان صدف صادق ایک ایک تولہ کوزہ مصری ۵ تولہ کے درمیان رکھ کر ۵ سیر آگ دیں۔ سرد کر کے ½ ماشہ ہمراہ آب صبح و شام دیں۔

اکسیر قلب :- ہر مزاج و موسم میں مقوی اعضائے رئیسہ ہے ۔ بھوک خوب لگاتی ہے اور دل کے تمام امراض کو نہایت مفید ہے ۔

مروارید ۔ عقیق ۔ یشب ۔ شاخ مرجان ۔ بسد ۔ ورق نقرہ ۔ زہر مہرہ اصلی ۔ زعفران ایک ایک ماشہ مشک ½ ماشہ عرق کیوڑہ میں خوب کھرل کریں ۔ ½ ماشہ صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسب دیں ۔

خارش تر :- خواہ آتشک کے زخم کیوں نہ ہوں کیسے ہی گندے ہوں تین یوم کے استعمال سے بالکل آرام آجاتا ہے ۔

بارود گولا والا ۔ گندھک آملہ سار ۔ سندور ایک ایک تولہ باریک کر کے ½ سیر دہی میں ملا کر تمام جسم پر اچھی طرح سے ملیں کہ تمام دہی جذب ہو جائے ۔ رات کو ملیں صبح گرم پانی سے نہائیں خارش اور زخم آتشک نابود ہوں گے ۔

خنازیر :- طوطیا ۔ دارچکنہ ۔ رسکپور ۔ سم الفار ہر ایک تین ماشہ ۔ گرکھ پان ایک تولہ کھرل کر کے جوہر حاصل کریں ۔ اس میں ایک تولہ آرد گندم ملا کر پانی سے گولی بقدر دانہ مونگ بنا کر صبح ایک گولی ہمراہ پانی دیں ۔ غذا مرغن چوری وغیرہ دیں ۔ اشیا ترش و تیل سے پرہیز کریں ۔

مرہم سبز :- ہر قسم کے پھوڑے پھنسیوں کے لیے لاجواب مرہم ہے ۔

بیروزہ تر ایک پاؤ کو ایک سو ایک بار پانی سے دھو کر زنگار ۔ طوطیا ایک ایک تولہ کافور ۳ تولہ ۔ باریک کر کے ملائیں اور پھایہ پر لگا کر زخم پر لگائیں ۔

کھانسی ، دمہ :- ایک ہنڈیا میں ایک سیر نمک لاہوری کے درمیان نصف پاؤ نوشادر ٹھیکری رکھ کر چار پہر نرم آگ پر رکھیں سرد کر کے نکال لیں ۔ ایک رتی ہمراہ پانی دیں ۔

ذات الجنب و ذات الریہ :- شاخ گوزن ۵ تولہ کو ٹکڑے کر کے شہد میں لت پت کر کے اجوائن کوفتہ ایک پاؤ کے درمیان رکھ کر ۵ سیر آگ دیں ۔ ایک رتی ہمراہ دودھ گرم یا آب گرم دیں ۔

دمہ :- حنظل لے کر گودا دور کر کے اس میں ہرمل بھر دیں اور کپڑ مٹی کر کے اتنی آنچ دیں کہ

سرخ ہو جائے نکال کر دس دانہ ہمراہ آب دیں۔

ضعفِ دماغ:۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی دماغ و مقوی اعضائے رئیسہ اور مغلظ ہے۔

مغز بادام ۲۰ تولہ۔ نشاستہ گندم ۵ تولہ۔ بھوسہ گاؤ ملیش ½ پاؤ کو روغن زرد ½ پاؤ میں بھونیں اور ½ سیر کھانڈ کا قوام کرکے اس میں ڈال دیں بعد ازاں زعفران ۴ ماشہ عرق کیوڑہ میں حل کرکے ڈال دیں اور تعلب مصری ۱۰ تولہ باریک کرکے ڈال دیں اور حلوہ تیار کرکے ۵ تولہ علی الصبح کھایا کریں۔

دیگر: مغز بادام۔ مغز پستہ ایک ایک تولہ لے شکر سرخ دیسی ۱۷ تولہ باریک کریں رات کے وقت مغز بکراصبون کر ایک تولہ سفوف ڈال کر ہر روز تازہ تازہ تیار کرکے استعمال کریں۔

دیگر: مغز بادام۔ مغز خیارین۔ مغز خربوزہ۔ مغز کدو ہر ایک ایک پاؤ، مغز چلغوزہ مغز پستہ ہر ایک ۱۰ تولہ۔ خشخاش سفید ½ سیر جملہ ادویہ باریک کرکے ½ سیر گھی میں بریان کرکے ½ سیر شہد ملا کر صبح و شام دو تولہ کھایا کریں۔

شقیقہ:۔ اسپغول مسلم ۵ تولہ پوٹلی بنا کر ۲ سیر پانی میں اس قدر جوش دیں کہ ایک پاؤ پانی رہ جائے اس کو ۱ تولہ مکھن سے بگھار کر دانہ الائچی ۵ عدد کوزہ مصری ملا کر علی الصبح پلائیں اور سکون سے لیٹ جائیں ایک ہفتہ لگاتار استعمال کریں۔

دردِ سر۔ دوران سر:۔ ہر قسم کے دردِ سر کو مفید ہے۔

نوشادر ایک تولہ لے کر ایک بوتل پانی میں حل کریں اور ۱۶ نشان لگائیں۔ اگر ہر وقت سر میں درد ہو۔ تو صبح و شام ایک خوراک دیں۔ اگر شقیقہ ہو کر درد شروع ہونے سے ایک گھنٹہ قبل ایک خوراک اور درد بند ہوتے ہی فوراً دوسری خوراک دیں۔ ہفتہ عشرہ میں خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔

صرع:۔ سوہاگہ سفید بریاں لے کر آب مولی سے کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔

سرمہ مقوی بصر:- متواتر استعمال سے عینک کی ضرورت دور ہوگی۔

سرمہ سیاہ ایک تولہ کو روغن زرد میں بھونیں کہ چمک نہ رہے۔ اس میں فلفل دراز ایک عدد فلفل گرد ایک عدد ملا کر آب دھماسہ میں ایک ہفتہ کھرل کریں۔ ایک سلائی سوتے وقت لگائیں۔

نکسیر:- کہربا شمعی باریک کر کے ایک ماشہ ہمراہ شربت انجبار دیں۔ اور خاکستر اوپلہ صحرائی کی نسوار دیں۔

گلزار روغن:- اکثر امراض دماغ، حلق، ناک کو مفید ہے۔

گل مدار ناشگفتہ ایک تولہ روغن سرسوں ۵ تولہ کو کڑاہی میں ڈال کر جلا لیں اور چھان کر محفوظ رکھیں تین چار قطرے دونوں طرف ناک میں ڈالیں۔

سرمہ تلخ:- آنکھ کی روشنی بڑھانے اور بصارت کو قائم رکھنے کے لیے مفید ہے دیگر امراض کو بھی مفید ہے۔

زنجبیل بے ریشہ، پھٹکری سفید، شیشہ، نمک ہموزن باریک کر کے بطور سرمہ لگائیں۔

سرمہ راحت:- سرخی، درد، سوزش، پانی بہنا اور ضعف بصر کو مفید ہے۔ پلکوں کے بال گر کر آنکھیں سیدھی ہو گئی ہوں۔ اس کے استعمال سے بال اُگ آئیں گے۔

بست حصہ والا ا تولہ سیماب ۲ تولہ گرہ کر کے صاف کریں سرمہ سفید ۲ تولہ ملا کر آب بہتل زرد دودھ والی میں ایک ہفتہ کھرل کر کے استعمال کریں۔

حکیم مرزا محمد شفیع ایڈیٹر حامی الصحت لاہور

کشتہ سونا:- اعلیٰ درجہ کا مقوی جسم ہے۔

برادہ طلاء ایک تولہ تین روز سرکہ جامن ۳ تولہ میں پیالہ چینی میں ڈالکر رکھیں ۔ بعدہٗ کھرل کر کے خشک کریں اور پارہ دو ماشہ شامل کر کے آب چولائی خاردار ۱۰ تولہ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر چولائی کے ۵ تولہ نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے دو سیر اوپلہ کی آگ دیں ۔ اسی طرح سات سے گیارہ آنچ میں اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہوگا ۔ خوراک دو چاول ہمراہ مسکہ دیں ۔

کشتہ نقرہ سالم الحروف: روپیہ نانک شاہی برگ انار ترش یا انار ترش بمعہ پوست کا پانی نکال کر ۱۴ بار بجھائیں ۔ پھر انار دانا ایک سیر منڈی بوٹی دو سیر علیحدہ علیحدہ کوٹ کر ملائیں اور اس کے اکیس حصہ کریں ۔ ایک بڑے اوپلہ میں گڑھا کر کے ۱ حصہ کے درمیان روپیہ رکھ کر دوسرا اوپلہ اوپر دے کر اور دو سیر اوپلے نیچے اوپر دے کر آگ دیں ۔ اکیس ۲۱ آنچ میں کشتہ ہوگا ۔

دیگر: ۔ برادہ نقرہ ۱ تولہ ۔ شیر ڈنڈا تھوہر ۱۰ تولہ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر اس کے نغدہ دس تولہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے ۴ سیر اوپلہ کی آگ دیں اگر کوئی خامی رہ جائے تو ایک بار اور آگ دیں کشتہ ہوگا ۔

دیگر: ۔ برادہ نقرہ ۱ تولہ سیماب ۲ ماشہ کر روح گلاب ۵ تولہ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر گل سرخ کے ۵ تولہ نغدہ میں رکھ کر ۴ سیر اوپلہ کی آگ دیں ۔ اسی طرح تین یا چار آنچ دیں اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہوگا ۔

کشتہ مس سفید: ۔ برادہ تانبہ یا چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ۵ تولہ پھٹکری سفید ۵ تولہ ملا کر گل حکمت کر کے ۵ سیر آگ دیں ۔ سرد کر کے نکال کر مٹی کے برتن میں ڈال کر پانی ڈال دیں پھٹکری حل ہو جائے گی جسے مقطر کر کے گرا دیں اور بعدہٗ پھٹکری ۵ تولہ ملا کر آگ دیں اور اسے دھو کر دوبارہ یوں حل کریں ۱۲ آنچ میں مس شگفتہ سفید ہوگا ۔ خوراک دو چاول برائے دمہ منقیٰ میں ڈال کر آب ادرک سے دیں امراض چشم بیاض ۔ سبلان الدمعہ ۔ ککرے وغیرہ کے لیے سرمہ کی طرح یا سرمہ میں ملا کر لگائیں ۔

کشتہ مس خود رنگ :- سم الفار۔ شنگرف۔ گندھک۔ پارہ۔ ہڑتال۔ شورہ۔ سوہاگہ۔ ہلدی
چوان۔ چوب زرد ایک ایک تولہ آب پیاز۔ آب تھوہر دس دس تولہ میں کھرل کر کے دو ٹکیہ بنائیں۔
اور درمیان میں پیسہ رکھ کر کھٹل اور بھنگرہ دس دس تولہ کے نغدہ میں رکھ کر مضبوط کپڑ مٹی کر کے
گڑھے میں تین من اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد کر کے نکالیں۔ خود رنگ کشتہ ہوگا۔ آگ ایک ہفتہ میں سرد
ہوگی۔ نہایت مقوی باہ مایوس مریضوں کے لیے ½ رتی ہمراہ مسکہ یا بالائی دیں۔

کشتہ شنگرف :- شنگرف ۱ تولہ شیر تھوہر ۵ تولہ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک
کر کے ایک ہنڈیا کو نصف تک ریت سے بھر کر درمیان ایک گڑھا کر کے اس پر ایک تہہ
موٹے کپڑے کی بچھا کر دس تولہ شیر تھوہر ڈال کر ٹکیہ رکھ دیں اور اوپر سے کپڑا کو تہہ کر کے ہنڈیا
کو ریت سے بھر دیں۔ اور چولہے پر رکھ کر دو چوبی آنچ چار سیر جلائیں۔ جب اوپر کا دانہ بریاں ہو
جائے تو سرد کر کے نکالیں۔ مگر احتیاط سے دوسرے روز اس کو ایک تانبہ کی دیگچی میں نصف
ریت کے درمیان رکھ کر بارہ گھنٹے آگ جلائیں کہ دانہ ریت پر بھن جائے۔ خوراک ½ رتی ہمراہ مسکہ
یا بالائی۔ مقوی اعضائے رئیسہ اور بہترین مقوی باہ ٹانک ہے۔

کشتہ سم الفار :- نہایت مقوی باہ اور موسم گرما میں بھی قابل استعمال ہے۔
سم الفار ایک تولہ سندھور ۴ تولہ ایک کوزہ گل حکمت شدہ (جس میں ایک سیر گلعتند
آسکے) لے کر کے درمیان سم الفار رکھ کر کوزہ کو ریت سے بھر دیں۔ اور اس کوزہ کے ارد گرد
چھ سات انچ جگہ چھوڑ کر اینٹوں کا حلقہ بنائیں جو کوزہ سے ذرا اونچا ہونا چاہیے نیچے ایک تہ
کوئلہ کی رکھ کر کوزہ رکھ دیں اور ارد گرد کوئلوں سے بھر دیں اور پنکھا سے ہوا دیتے رہیں تاکہ
آگ خوب دہک جائے جہاں کوئلے کم ہوں اور ڈال دیں تین چار سیر کوئلے صرف ہوں گے۔
جب ریت پر تنکا جل جائے تو کوزہ کو باہر نکالیں اور سرد کر کے کوزہ توڑ کر سم الفار جلے ہوئے
سندھور سے نکالیں۔ اور باریک کر کے ایک دو چاول مسکہ سے دیں۔

دیگر :- سم الفار ایک تولہ۔ نمک اسپند ۲ تولہ میں رکھ کر کوزہ میں بند کر کے گل حکمت
کر کے ۲ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر احتیاط سے نکالیں۔ کل امراض بلغمی میں ایک دو

چاول مسکہ سے دیں۔

خنازیر۔ برص۔ جذام تک میں ہمارے تجربہ میں نہایت مفید ثابت ہو چکا ہے۔

کشتہ سیماب: سم الفار دو تولہ کیلا دیسی ایک عدد کے ہمراہ کھرل کر کے ایک مسی سمپٹ سات تولہ میں ایک تولہ پارہ نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے ایک گڑھا میں ۱½ پاؤ اوپلہ کی ٹکڑے کر کے آگ دیں۔ پارہ لبستہ کشتہ ہوگا۔ پیسنے پر پس جائے گا اور گلانے پر گل جائے گا۔ مقوی باہ عجیب ہے۔ خوراک ½ چاول ہمراہ مکھن۔

کشتہ قلعی: جریان۔ احتلام۔ کثرت البول۔ ذیابیطس میں مفید ہے۔

قلعی خالص مصفی ۲ تولہ کڑاہی میں پگھلا کر سفوف قشر بیضہ مرغ مصفی کی چٹکی دیں اور برگد کی لکڑی سے ہلائیں۔ جب ۲ تولہ سفوف قشر ختم ہو جائے تو نکال کر شیر مدار ۲ تولہ میں کھرل کر کے قرص بنا کر ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح تین آنچیں دیں اور ایک رتی ہمراہ مسکہ دیں۔

کشتہ گئو دنتی: ہر قسم کے بخاروں کے لیے اکسیر اور جریان۔ سیلان۔ یرقان کو مفید ہے۔

حسب ضرورت گئو دنتی لے کر باریک کر کے شیر مدار میں تر کریں۔ خشک ہونے پر شیرہ گھیکوار میں اور بعدہٗ آب پیاز میں تر کریں پھر قرص بنا کر پیاز کے نغدہ میں رکھ کر ۵ سیر آگ دیں کشتہ ہوگا۔ ایک دو رتی بدرقہ مناسب سے دیں۔

کشتہ مرجان: مقوی قلب دافع خفقان ہے۔

مرجان حسب ضرورت لے کر پانچ گنا مغز کنول ڈوڈہ میں رکھ کر آگ دیں۔ سرد کر کے نکال کر عرق گلاب ۱۰ تولہ میں کھرل کر کے پھر دس تولہ عرق بید مشک و عرق کیوڑہ میں کھرل کیا دو رتی ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

کشتہ عقیق: ضعف دل اور خفقان کے لیے بے مثل ہے۔

عقیق کو عرق گلاب میں بعدہٗ عرق بید مشک عرق کیوڑہ میں پچیس پچیس بجھاؤ دیں۔ پھر عرق کیوڑہ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے بعد ۱ مغز کول ڈوڈہ میں رکھ کر دس سیر آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پھر عرق کیوڑہ میں کھرل کر کے کول ڈوڈہ میں رکھ کر آگ دیں۔ تین

آنچ کے بعد تیار ہے ۔ ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسب دیں ۔

کشتہ ابرک سفید :۔ اگرچہ زیادہ محنت طلب ہے مگر فوائد کے لحاظ سے محنت بھول جاتی ہے ۔ راز ہائے سینہ سے ہے پرانے سے پرانا بخار اور تپ دق کو مفید ہے ۔

ابرک سفید حسب ضرورت کو باریک کرکے شیر زقوم میں ایک یوم کھرل کرکے کوزہ میں بند کرکے بیس سیر آگ دیں ۔ تین بار اسی طرح کھرل کرکے آگ دیں ۔ باقی چار آنچیں دس سیر کی دیں اسی طرح سات آنچیں شیر مدار میں آب ترپھلہ ۔ آب گھیکوار ۔ آب کیلہ میں دیں ۔ ۲۵ آنچ کے بعد تیار ہے ۔ خوراک ایک چاول ہمراہ بدرقہ مناسب دیں ۔

دیگر : اگر ابرک مطلوب حسب ضرورت کو آب ترب میں ایک یوم کھرل کرکے تیس سیر آگ دیں پھر آب گئو میں کھرل کرکے آگ دیں ۔ تیسری بار شیر خر مادہ میں کھرل کرکے آگ دیں ایک یا دو رتی بدرقہ مناسب سے دیں ۔

کشتہ ابرک سیاہ :۔ حسب ضرورت ابرک سیاہ مطلوب لے کر شیر گاؤ رنگ سیاہ میں ایک یوم کھرل کرکے تیس سیر آگ دیں ۔ پھر آب کنڈیاری خورد میں کھرل کرکے تین آنچ دیں پھر آب گھیکوار میں تین آنچ دیں پھر نقوع کوکنار میں کھرل کرکے اور فضلہ میں رکھ کر تین آنچیں دیں ۔ کشتہ تیار ہوگا علاوہ بخار ہر قسم جریان کی ہر حالت میں مفید ہے ۔

کشتہ ہڑتال ورقیہ سفید :۔ بالکل صحیح دافع تپ ہر قسم سل وغیرہ ہے ۔

ہڑتال ورقیہ ایک تولہ ۔ شیر مدار ۵ تولہ کھرل کرکے بعدہ بجتل سفید گل کے ۱۰ تولہ پانی میں کھرل کریں اور قرص بنا کر خشک کرکے ۵ تولہ نغدہ بجتل مذکور میں رکھ کر گل حکمت کرکے لید اسپ یا لید خر کے انگاروں ۲ سیر کی گڑھا میں آگ دیں سفید کشتہ برآمد ہوگا ۔

آتشک :۔ سم الفار سفید ۔ رسکپور ایک ایک تولہ طوطیا ۳ تولہ باریک کرکے شیر بادہ گائے کھرل کرکے گولیاں بنا کر جوہر حاصل کریں اور ثفل دور کرکے جوہروں کو دوبارہ اڑائیں ۔ خوراک پاؤ رتی ہمراہ مسکہ دیں ۔

فرزجہ ممتحن :- براۓ تشخیص حمل اور حمل نر یا مادہ

زراوند مدحرج باریک کر کے ململ کی پوٹلی باندھیں اور عرق گلاب میں تر کر کے خالی پیٹ رحم میں رکھیں اگر عورت سو جائے تو بہتر ہے۔ سونے کے بعد فرزجہ نکالیں اگر منہ کا مزا تبدیل ہوا ہو تو حمل ہے ورنہ نہیں۔ اگر منہ کا مزہ میٹھا ہے تو حمل نرینہ ہے اور اگر کڑوا ہے تو لڑکی پیدا ہوگی۔

معجون حب الغراب اکسیر البدن :- بڈھوں اور کمزوروں کی ہمہ امراض بادی بلغم۔ وجع المفاصل وغیرہ امراض کو مفید ہے۔

کپلہ مدبر ۱۴ ماشہ فلفل گرد۔ فلفل دراز۔ دارچینی۔ جوزبویہ۔ بسباسہ۔ مصطگی۔ عود بلسان۔ زنجبیل۔ قرنفل۔ عود۔ گاؤزبان۔ سعد کوفی۔ آملہ۔ سنبل الطیب۔ الائچی خورد۔ عاقرقرحا۔ الائچی کلاں۔ بادیان۔ انیسون۔ صندل سفید۔ بادرنجبویہ۔ خرفہ۔ زعفران۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ تخم کرفس۔ کہربا۔ کمد ۷ ماشہ۔ شہد ایک سیر کوفتہ بیختہ۔ علی الرسم معجون بنائیں۔ ایک ماشہ ہمراہ ماء اللحم یا یخنی دیں۔

تنبول شاہجہانی :- صد درجہ مقوی و ممسک ہے اور پہلی ہی خوراک اپنا اثر دکھا دیتی ہے۔

سم الفار ۶ ماشہ زردی بیضہ مرغ اصیل ۱۲ عدد ایک ایک زردی کھرل کر کے ٹکیہ سی بنائیں اور کڑچھی آہنی میں رکھ کر کوئلوں پر رکھیں۔ جب روغن ہونا شروع ہو جائے۔ تو چمچ کہنے جائیں۔ دھواں سے بچیں بشہ چمچ سے دبائے جائیں جب سب تیل نکل جائے اس میں مولاو عنبر دو دو ماشہ زعفران جدوار تین تین ماشہ کھرل کر کے رکھیں ایک تنکا سادہ پان میں لگا کر چبائیں۔ اور پیک نہ گرائیں۔ جماع سے دو گھنٹہ پہلے استعمال کریں۔

عصائے پیری :- بڈھوں کو جوان۔ کمزوروں کو طاقتور۔ بے اولادوں کو با مراد اور تمام کمزوریاں کو دور کرتی ہے۔

بیضہ مرغ ۲۵ عدد سم الفار ۶ ماشہ پانی میں ڈال کر ابالیں اور زردیاں حاصل کریں۔ ۸۰ تولہ زردیاں آرد نخود ۵ تولہ بھی شامل کر کے گھی میں بریاں کریں۔ اس میں قرنفل جاوتری۔ جائفل کشتہ فولاد کمد ۶ ماشہ۔ عاقرقرحا۔ موصلی سنبل الطیب تا ملکھانہ۔ بہمن سفید مد دو تولہ مغز تم ہندوا

خستہ خرما۔ فوفل ہر یک تین تولہ موصلی سفید۔ خولنجان۔ ثعلب ہر ایک ۵ تولہ مشک۔ عنبر۔ مروارید کشتہ طلا۔ کشتہ شنگرف مکدہ ۳ ماشہ۔ زعفران ۱ تولہ۔ ورق نقرہ ایک ضخی۔ تیح عرق کیوڑہ۔ روح گلاب ایک ایک چھٹانک۔ ترنجبین۔ شہد ہر ایک ۵ تولہ نبات سفید حسب ضرورت بطریق معروف معجون بناکر ۶ ماشہ تا ۱ تولہ ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

اکسیر باہ :- زیخ پان۔ تخم خرما۔ ثعلب مصری مکدہ ۳ تولہ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید الائچی خورد ہر ایک ۲ تولہ شیر برگد ۱۶ تولہ کھرل کرکے گولی بقدر کوکنار دشتی بناکر صبح وشام چار گولی ہمراہ دودھ دیں۔

طلا رافعی :- سیاہ پھندار سانپ (کالا ناگ) کا سر دو انگشت اور دُم بعد مقعد کاٹ کر پھینک دیں۔ باقی کے ٹکڑے کرکے آٹھ سیر دودھ میں جوش دیں کہ نصف رہ جائے جامن لگا کر دہی اور بلو کر مکھن نکالیں اور گرم کرکے گھی حاصل کریں۔ اس میں چربی شیر ۶ ماشہ۔ چربی مینڈک صحرائی ۲ ماشہ جند بیدستر ۳ ماشہ۔ قرنفل۔ جاوتری جائفل ہر ایک ۶ ماشہ زعفران ۲ ماشہ ملاکر کھرل کرکے استعمال کریں۔

فتق : نمک چکنی ۱ تولہ قند سیاہ کہنہ ایک پاؤ خوب کوٹ کر گولی بقدر کوکن بیر بناکر ہمراہ آبِ سرد دیں اور کتیرا گوند۔ میدہ سک۔ تخم خرفہ۔ آرد ماش بموزن باریک کرکے زردی بیضہ مرغ میں کھرل کرکے اس کا ضماد کریں اور ضماد سے پیشتر گرم پانی سے دھوئیں۔

مقوی باہ گھی :- شنگرف رومی دو تولہ میں ۲۴ عدد زردی بیضہ مرغ کھرل کرکے گولا سا بناکر سفید مرغ ذبح کرکے اور صاف کرکے رکھ دیں اور پیٹ سی کر اس قدر گھی ڈالیں کہ ڈوب جائے۔ برتن کا منہ بند کرکے نرم آنچ پر رکھیں۔ ۲۴ گھنٹہ کے بعد سرد کرکے کھولیں مرغ الگ کرکے گھی کو عام گھی کی طرح استعمال کریں۔ شنگرف الگ کرکے باریک کرلیں۔ ضعف باہ۔ دردِ کمر۔ وجع المفاصل اور دیگر بلغمی امراض میں مفید ہے۔ مرغ والا گھی کسی طریقہ سے استعمال کریں۔

مقوی باہ: ایک درجن انڈے پانی میں ڈال کر سم الفار سفید ۶ ماشہ باریک کر کے ملائیں اور آگ پر رکھ دیں۔ جب انڈے ابل جائیں تو سرد کر کے زردیاں حاصل کر کے کھویا اور آرد گندم یا بیسن گھی کھانڈ ملا کر حلوہ بنا کر استعمال کریں۔ ضعیف العمر احباب ایک انڈا معہ سفیدی کا بھی کھا سکتے ہیں اور خشکی کی صورت میں دودھ زیادہ پئیں۔

مغلظ دافع سرعت و جریان: شیر برگد ۱۱ قطرے روزانہ ایک قطرہ بڑھا کر ۲۱ قطرہ تک پہنچ جائیں۔ پھر روزانہ ایک کم کرتے ہوئے گیارہ پر آ جائیں۔ بار بار کی آزمودہ ہے۔

نسیان: اگر کثرتِ بلغم کی وجہ سے ہو تو دارچینی منہ میں رکھ کر چوسا کریں۔ نسیان دور ہوگا۔ گلے کے اکثر امراض بلغمی کو فائدہ ہوگا۔ انفلوانزا کے دنوں میں بطور حفظ ما تقدم بھی مفید ہے۔

اکسیر الاطفال: ام الصبیان۔ بدہضمی۔ قبض وغیرہ کو مفید ہے۔

پودینہ بستانی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ آرد نر بد سفید۔ کوزہ مصری ہموزن سفوف بنا کر جتنے سال عمر ہو اتنی رتی بدرقہ مناسب سے دیں۔ دانت آسانی سے نکلیں گے اور تمام امراض سے حفاظت رہے گی۔

احتلام: غنچہ ڈھاک۔ قند سیاہ کہنہ ہموزن خوب کوٹ کر گولی بقدر نخود بنا کر دو گولی سوتے وقت دیں۔

مقوی دماغ و البصر: دماغ کی کمزوری خصوصاً ضعف بصر کو دور کرتا ہے۔ اس کے متواتر استعمال سے نظر از حد تیز ہو جاتی ہے۔

گھی ا سیر میں قند سیاہ پاؤ کوٹ کر ڈال دیں نرم آگ پر پکائیں۔ قند تہ نشین ہوگا پھر اوپر آنا شروع ہوگا حتیٰ کہ تمام اوپر آجائے اور اس کی چیپ دور ہو جائے اور لاکھ کی طرح ہو جائے۔ فوراً اتار کر گڑ بچے کھائیں گے اور گھی سالن وغیرہ میں ڈال کر کھائیں

درد کمر: دردِ کمر، بلغمی امراض اور دیگر دردوں میں مفید ہے۔

بیخ زرشک خشک کا سفوف بنا کر دو رتی تا ایک ماشہ مکھن میں رکھ کر دیں۔ یہ سخت

کنڈی ہوتی ہے۔

سیلان الرحم:۔ پانی کا سبز جالا جو بالعموم بند پانی پر جمع ہوتا ہے پاؤ بھر لے کر اس میں سنگِ جراحت ایک تولہ کی ڈلی دو ہفتہ بھگو رکھیں پھر گل حکمت کر کے دس سیر آگ دیں۔
اس سے نصف وزن ست مازو انگریزی ملا کر دو رتی دودھ سے دیں۔

بواسیر:۔ بواسیر کتنی پرانی کیوں نہ ہو آرام ہوگا۔ مسے خود بخود گر جائیں گے۔
سنبل سفید گل وسفید دودھ (کشمیری لوگ ساگ کھاتے ہیں) تین تولے کر سات عدد مرچ سیاہ ملا کر گھوٹ کر نہار منہ پلائیں۔ اگر زیادہ مل جائے تو ساگ پکا کر کھائیں۔ اگر اس کے ساتھ ابابیل کی بیٹھ ایک تولہ کی دھونی بعد رفع حاجت دیں تو بہت جلد اثر ہوگا۔

خارش تر:۔ گندھک۔ سیماب ایک ایک تولہ طوطیا ۱ ماشہ کھرل کر کے ۶ ماشہ روغن کنجد ۵ تولہ میں ملا کر مالش کریں۔

خارش خشک:۔ منسل ۶ ماشہ روغن تلخ ۵ تولے میں ملا کر پکائیں جب جلنے لگے تو ایک برتن پانی بھرے ہوئے میں ڈال دیں۔ سرد ہونے پر تیل اٹھا کر شیشی میں بند کریں اور مالش کریں۔

بسور:۔ ویزلین ایک اونس تیزاب گندھک ۳ قطرے ملا کر لگایا کریں۔ چند روز میں شفا ہوگی۔

جوہر شنگرفی:۔ آتشک اور جملہ امراضِ بلغمی دمہ کو مفید ہے۔
سم الفار ۳ تولہ رسکپور ایک تولہ طوطیا ۳ تولہ شیر ملیٹھ میں کھرل کر کے گولیاں بنا کر بدستور جوہر حاصل کریں۔ دو چاول ہمراہ مسکہ دیں۔

جوہر حسنی:۔ آتشک۔ قروح خبیثہ۔ ناسور ہر قسم اور جذام کو مفید ہے۔
شنگرف۔ کبریت۔ دار چکنہ۔ رسکپور۔ سم الفار ہر ایک ۲ تولہ۔ سیماب مصفیٰ ۴ ماشہ جو کوب کر کے دو پیالوں میں بند کر کے جوہر لیں اور دوبارہ دو آتشہ جوہر لیں۔
خوراک دو برنج ہمراہ مسکہ دورانِ استعمال نمک سے پرہیز کریں۔ تین دن کھا کر تین دن ناغہ کرنا چاہیئے۔

کہ درد بواسیر: بواسیر میں درد دور اسکین حاصل ہوئی۔

غنچہ بھنگ لے کر تھوڑے پانی میں پکائیں جب گل جائے آتار کر گھونٹ لیں۔ اس میں زردی بیضہ مرغ ایک عدد روغن گل ۲ تولہ افیون خام ۲ رتی حل کر کے لگا کر لنگوٹ باندھیں۔ باندھتے ہی تڑپتا مریض راحت و تسکین محسوس کرے گا

دیگر: اول افیون گھول کر مقام درد پر لگائیں اور اوپر دہی کا پنیر اور بھنگ کا نغدہ باندھ کر لنگوٹ کو کس کر باندھیں۔

رسوح البواسیر: نرکچور لے کر باریک کر کے پانی ملا کر گولی بقدر نخود بنا کر صبح و شام پانی سے دیں۔

اسہالی بواسیر: گل گیندا کی پنکھڑیاں صاف کر کے اس کے ہم وزن رسونت مصفیٰ ملا کر خوب کوٹ کر گولیاں بقدر نخود بنا کر دو گولی یا زیادہ دیں۔ بواسیری اسہال بند کرنے میں عجیب ہے۔

کثیر الفوائد گئو دنتی: گئو دنتی عمدہ لے کر آب برگ نیم دوگنا میں ڈال کر دھوپ یا آگ پر خشک کریں۔ بعدہٗ نغدہ میں رکھ کر آگ دیں کشتہ ہو گا۔ جسے بطریق ذیل دیں۔ دردِ سر میں شربت صندل سے دیں جریان میں زلال منڈی بوٹی سے دیں۔ بخاروں میں ہمراہ آب تمر ہندی موسم گرما میں اور ہمراہ چائے یا دودھ موسم سرما میں دیں سوزاک میں شربت بزوری یرقان میں شربت بزوری یا دودھ دیں۔

ذیابیطس: کندر گوند منقہ سے بیج نکال کر نصف ماشہ بھر دیں اور زلال قشر فالسہ سے دیں۔ دن میں تین بار دیں۔

سرفہ سیاہ: جو کھار اصلی ایک تولہ۔ فلفل دراز ۴ تولہ انار دانہ ۸ تولہ قند سیاہ ۱۶ تولہ خوب کوٹ کر یک جان کر لیں ۱/۲ ماشہ سے ۳ ماشہ دن میں کئی بار دیں۔

دیگر: برگ پیپل۔ برگ چھترا۔ بھکنڈا ایک ایک چھٹانک ہر سہ نمک۔ اجوائن دیسی ایک ایک تولہ مٹی کے برتن میں بند کر کے راکھ کریں۔ ایک رتی سے ۴ رتی پانی سے دیں۔

دیگر: اونٹ کا پیشاب قدرے کف نڈملا کر چمچہ چمچہ دیں۔

سفوف حابس: کثرت طمث پہلی ہی خوراک سے درست ہو جاتا ہے علاوہ ازیں سیلان الرحم کو بھی مفید ہے۔

رسونت۔ مرچرس۔ فوفل جہازی۔ سنیا سپاری۔ دم الاخوین۔ سنگ جراحت ایک ایک تولہ۔ اکسیر سیلانی ۲ تولہ نشاستہ سفید ۲ تولہ سفوف بنا کر ۶ ماشہ دودھیا چاولوں کی پیچھ سے دیں۔

اکسیر سیلانی: سیلان الرحم کی حکمی دوا ہے۔ مفرح قلب ہے اور عام بخاروں میں مفید ہے۔

سنگ جراحت ورقیہ کو تین ہفتہ ٹب میں بھگو رکھیں بعدہٗ اس برتن کو گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر چاولوں کی پیچھ سے کھرل کر کے قرص بنا کر ۵ سیر آگ دیں۔ پھر آب گھیکوار سے کھرل کر کے ۵ سیر آگ دیں۔ اس کے ہم وزن کشتہ قلعی بنا کر مندی میں تیار کردہ بحساب فی تولہ ۳ ماشہ کشتہ نقرہ ایک ماشہ سفوف بنا کر ½ ماشہ تا ایک ماشہ ہمراہ بارتنگ دیں یا دودھ سے دیں۔

اکسیر ذیابیطس: ذیابیطس کے علاوہ تمام امراض بلغمی کے لیے مفید ہے۔ کم از کم سو سال سے ہمارا خاندانی ہے۔

شنگرف رومی۔ سم الفار سفید۔ فلفل دراز۔ بیش مدبر ایک ایک تولہ۔ آب اورک سالم بوتل میں کھرل کر کے مروارید ۳ ماشہ، کشتہ فولاد۔ کشتہ نقرہ ایک ایک تولہ ملا کر ایک گولی صبح و شام ہمراہ زلال قنتر فالسہ دیں۔

معجون ماسک البول: مذکورہ گولیوں کے ہمراہ یہ معجون بھی دی جاتی ہے۔ جس سے حبوب مذکورہ کا فائدہ چار چند ہو گا۔

فلفل گرد۔ زنجبیل ہر یک ۱۰ ماشہ۔ کندر۔ قسط شیریں۔ سعد۔ بلوط۔ دار فلفل ہر یک ۱ تولہ باریک کر کے مشک، عنبر ہر ایک ۳ ماشہ شہد دو چند ملا کر ورق نقرہ ۶ عدد آمیز کر کے ۳ ماشہ

صبح وشام ہمراہ آبِ تازہ دیں۔

حب شنگرفی:۔ یہ بھی مذکورہ دواؤں کے ہمراہ دینے سے کورس پورا ہو جاتا ہے ممسک اور قابض ہیں۔

سوہاگہ بریان ا ماشہ۔ شنگرف رومی ۲ ماشہ۔ افیون خام ۴ ماشہ باریک کرکے پانی سے گولی بقدر دانہ موٹھ بنا کر سوتے وقت پانی سے دیں۔ یہ دوا پیچش۔ اسہال میں بھی بے حد مفید ہے اور ممسک اثرات رکھتی ہے۔

عرق چوب چینی مرکب خالص:۔ مصفی خون اور آتشک کو مفید ہے۔

تخم نیم۔ برگ نیم۔ برگ بکائن۔ تخم بکائن۔ پوست ہلیلہ۔ پوست بلیلہ۔ آملہ مقشر۔ سرپھوکہ شاہترہ۔ برگ سنا۔ برگ حنا۔ کاسنی۔ کشنیز۔ برادہ صندل سفید۔ برادہ صندل سرخ۔ چرائتہ، عشبہ۔ عناب۔ افتیمون۔ تخم کشوث ہر ایک ۵ تولہ چوب چینی ۲۰ تولہ۔ شیر گاؤ ۳ سیر ملا کر ۱۵ سیر عرق کشید کریں۔ خوراک ۵ا تولہ دیں۔

بال گرنا:۔ آب گندنا کے ہموزن روغن کنجد ملا کر نرم آگ پر رکھیں کہ صرف تیل رہ جائے جہاں سے بال گرتے ہوں خصوصاً سر میں لگائیں۔ گنج تک کو مفید ہے۔

بوائی پھٹنا:۔ سردی کے موسم میں خاص کر نمازیوں کے ہاتھ پاؤں پھٹ جاتے ہیں۔

گل روغن ۵ تولہ آب مولی ۱۰ تولہ ملا کر آگ پر رکھیں جب صرف تیل رہ جائے تو ۶ ماشہ موم سفید مصفی ملا کر فوراً آگ سے اتار لیں۔ اور پھٹی ہوئی جگہ پر لگائیں۔ فوراً زخم مل جائیں گے۔

جوئیں پڑنا:۔ آب مولی ۲ تولہ سیماب ۶ ماشہ خوب کھرل کریں اور ۲ ماشہ کے قریب گندھک ملائیں جب پانی تقریباً ختم ہو جائے تو اس میں کچا سوت بھگو کر سکھا لیں۔ اس سوت کے ٹکڑے کاٹ کر گلے میں ڈالیں جو کہ ناف تک آئے، اور کمر میں باندھیں۔ اس کی بو سے تمام جوئیں فرار ہو جائیں گی

آتشک:۔ آتشک خواہ کتنا پرانا ہی کیوں نہ ہو تمام بدن پر بتاشوں کی طرح چھالے پڑ گئے ہوں تو بھی آرام آجاتا ہے۔

بندق ہندی کو کوئلوں پر جلائیں۔ کوئلہ ہونے پر برتن میں دم کریں اور باریک کرکے پہلے ہفتہ

پلہ ماشہ حلوہ یا مکھن میں دیں اور نمک سے پرہیز کریں ہفتہ کے بعد ایک ناغہ کرائیں اور دوسرے ہفتہ میں ایک ماشہ دیں پھر ناغہ کر کے تیسرے ہفتہ ۱ ماشہ دیں اس عرصہ میں آرام ہوگا۔ عورتوں کو خصوصیت سے مفید ہے۔

اکسیر بندق:۔ مغز تخم بندق باریک کر کے ہم وزن کھانڈ ملائیں اور سفوف و گولیاں بنائیں۔ جریان میں بقدر نخود گولی دو عدد صبح و شام پانی سے دیں۔ پہلے ہی دن احتلام نہ ہوگا۔ ایک ماشہ سفوف رات کو پانی سے کھلائیں دائمی قبض دور ہو گی۔ نزلہ کے لیے ایک گولی صبح و شام چائے سے دیں۔ تصفیہ خون کے لیے صبح و شام دو گولی عرق منڈی و چرائتہ سے دیں درد شکم کے لیے دو گولی عرق سونف سے دیں۔ ذکاوت حس میں دو گولی یا ایک ماشہ سفوف پانی سے دیں۔

لعوق شفا:۔ ہر قسم کی کھانسی کو اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ صدہا مریضوں پر تجربہ شدہ ہے۔

گل بنفشہ۔ خطمی خبازی گاؤزبان۔ پرسیاؤشان ایک ایک تولہ عناب ولایتی ۵۰ عدد سپستاں ۵ تولہ۔ بیدانہ ۲ تولہ کو کنارہ عدد جملہ ادویہ کو ایک سیر پانی میں خوب پکائیں۔ اور چھان لیں اور اس میں مغز فلوس ۲ تولہ کو مل کر چھاننی سے چھان لیں۔ کپڑے سے نہ چھانیں اس میں ایک سیر مصری ملا کر قوام کریں۔ تخم خشخاش جو مقشر ۱۰-۱۰ تولہ۔ مغز بادام ۵ تولے گھوٹ کر ملا کر اتار لیں اور کتیرا۔ صمغ عربی۔ رب السوس ہر ایک ۶ ماشہ باریک کر کے ملائیں خوراک ایک تولہ سے پانچ تولہ تک رات کو چٹائیں۔

سنون: دانتوں کی بہت سی امراض کو مفید ہے۔ دانت صاف کرتا ہے۔ اور مسوڑھوں کا مردہ گوشت صاف کر کے زندہ گوشت پیدا کرتا ہے۔

پھٹکری کسی برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب شگفتہ ہونی شروع ہو تو اس میں سرکہ انگوری ڈالتے جائیں حتیٰ کہ دو گنا سرکہ ختم ہو جائے۔ رات کو دانتوں پر ملیں اور رال ٹپکائیں۔ سرد پانی اور سرد ہوا سے بچیں۔

مرگی:۔ چھوٹے شیر کا پس افگندہ خشک کر کے پاس رکھیں اور دورہ کے وقت اس کی دھونی دیں۔ ہوش میں آ جائے گا۔ متواتر چند روز لیا کریں۔ پھر دورہ نہ ہوگا۔

دردِ گوش: کان میں پھنسی۔ زخم، ورم اور درد کو مفید ہے۔
برگ نیم گھوٹ کر ٹکیہ بنا کر تلخ روغن میں جلائیں اور صاف کر کے دو تین قطرے کان میں ڈالیں۔

ثقلِ سماعت: زتن جوت روغن تلخ میں جلا کر صبح و شام کان میں ڈالیں۔

سرمہ: از حد مقوی بصر ہے۔ بہت کام کی چیز ہے۔
سرمہ سیاہ ۵ تولہ برادہ مس ۵ تولہ کوزہ میں بند کر کے پژاوہ میں آگ دیں۔ ایک حصہ میل کے مانند سکہ تہ نشین ہوگا۔ اسے الگ کر کے باقی کو کھرل کر کے سیماب ایک تولہ ملا کر روح گلاب سے خوب کھرل کریں اور دو دو سلائی لگائیں۔

کرم دندان: باؤبڑنگ لے کر اسے نرم نرم چوٹیں لگا کر چھلکا دور کریں۔ اور بیجوں کی ململ کے کپڑے میں چھوٹی چھوٹی پوٹلی بنائیں اور اس میں سوئی سے سوراخ کریں۔ ایک پوٹلی کرم خوردہ دانت کے پاس رکھ کر سو جائیں صبح کھول کر دیکھیں۔ پوٹلی میں کرم نظر آئیں گے۔ اسی طرح چند روز کرنے سے کرم دور ہوں گے۔

اسہال: الائچی خورد۔ طباشیر۔ مصطگی رومی ہم وزن باریک کر کے ۳ ماشہ استعمال کریں۔

دیگر: رسونت مصفیٰ۔ گل گیندا ہموزن لوہے کے ہاون دستہ میں خوب کوٹیں۔ کہ گولی بندھ سکے۔ گولی بقدر نخود بنا کر دو تین گولی استعمال کریں۔

دیگر: الائچی خورد۔ بادیاں۔ پودینہ سبز ایک ایک تولہ جوش دے کر سکنجبین ملا کر پلائیں، صفراوی اسہال دور ہوں گے۔

دیگر: کوڑ سک۔ اجوائن۔ فلفل سفید ہموزن باریک کر کے ۲ ماشہ میں ملا کر دیں۔

ہیضہ: مغز تخم لیموں۔ پیپتہ ہموزن آبِ لیموں سے کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

دیگر: سُرخ مرچ کا ایک بیج موم سفید میں لپیٹ کر مریض کو دے دیں۔ قے فوراً بند ہو جاتی ہے۔ بدن گرم ہوگا، اور صحت ہوگی۔

دوار:۔ آنکھوں کے آگے اٹھتے وقت اندھیرا چھا جانا اور سر کا چکرانا وغیرہ کو مفید ہے۔
مغز کشنیز۔ مغز بادیان ہموزن شکر تری۔ ہموزن ملا کر سفوف بنا کر ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ تازہ دیں۔

دیگر:۔ ورق نقرہ ایک دفتری کو کوزہ مصری ۳ ماشہ کے ہمراہ اس قدر کھرل کریں کہ چمک نہ رہے۔ ایک رتی صبح و شام دودھ سے دیں۔

دردکمر:۔ گوند چھوہارہ ۶ ماشہ دودھ میں پکا کر پلائیں۔

دیگر:۔ سمبجری گوند گھی میں بریاں کر کے حل کریں۔ اس گھی کی کوئی مٹھائی بنا کر استعمال کریں۔

افیون خوردہ:۔ مغز پنبہ دانہ بار بار دینے سے افیون کا زہر دور ہو گا۔

برص:۔ گردہ بز میں شگاف دے کر ان میں قدرے کبریت دھوڑ کر سیخ آہنی میں پرو کر مثل کباب کوئلوں پر بھونیں۔ اس میں سے جو رطوبت ترشح ہو گی۔ اسے برص کے داغوں پر لگائیں۔

دیگر:۔ ایک سانپ کے پیٹ میں شاہترہ خشک یا تر بھر کر سی دیں اور مثل کباب کوئلوں پر بھونیں شاہترہ نکال کر مقام برص پر ضماد کریں۔ دو تین روز میں فائدہ ہو گا۔

خنازیر:۔ ایک ہزار پایہ نصف پاؤ روغن تلخ میں کانسی کے برتن میں نیم کے ڈنڈہ سے جس کے منہ میں تانبہ کا پیسہ لگا ہو۔ ایک ہفتہ رگڑیں تاکہ ہزار پایہ تیل میں بالکل ناپید ہو جائے۔ اسی طرح بچھو سیاہ اور چھپکلی سے بھی تیار کر سکتے ہیں۔ بیرونی طور پر لگانے سے خنازیر ختم ہو جاتی ہیں۔ مجرب المجرب ہے۔

دیگر:۔ خارپشت کی کھال خشک شدہ تیل میں جلا کر لگائیں۔

دیگر:۔ خارپشت (جنگلی چوہا) کے منہ میں دو تولہ سیماب مصفیٰ بھر دیں اور کوزہ میں بند کر کے کافی آگ دیں کہ سب راکھ ہو جائے۔ بیخ مدار و گل مدار جلا کر ہم وزن اس میں شامل کر کے ۴ رتی ہمراہ پانی دیں۔

مسہل اخلاط ثلاثہ :- برگ سنا۔ گل بنفشہ ہر ایک ۲ تولہ مغز کدو ۳ تولہ۔ ہر سہ کو گھوٹ کر ایک پاؤ مصری ملا کر شربت بنائیں۔ دو تولہ پلانے سے ایک اجابت ہو جاتی ہے۔

دیگر :- اَرد ترید سفید۔ ہلیلہ زرد۔ ہموزن باریک کر کے روغن بادام سے چرب کر کے ایک ماشہ ہمراہ دودھ دیں۔

ریح البواسیر :- کچھ پانی میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر سفوف پوست آملہ ایک ماشہ کے ہمراہ صبح و شام پانی سے دیں۔

سنگ گردہ و مثانہ :- تخم شلغم ۱ تولہ میں ایک بوتل آب مولی ڈال کر دھوپ میں رکھ دیں، خشک کریں۔ باریک کر کے دو ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری دیں۔ چند روز میں پتھری ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہو گی۔

دیگر :- شورہ قلمی۔ ابہل۔ گیرو ہموزن باریک کر کے ایک ماشہ سادہ پانی سے دیں۔

دردِ گردہ :- بیخ حنظل سبز ۴ سیر لے کر کثیر پانی میں جوش دیں اور خوب مل کر چھان لیں تاکہ تمام اثر نکل جائے۔ اس پانی کو آگ پر رکھ کر پکائیں اور گولی بقدر نخود بنا کر اور ہمراہ شربت مصری استعمال کریں۔ اگر اس میں ترید سفید۔ غاریقون۔ سقمونیہ دو دو تولہ شامل کر کے گولیاں بنائیں تو اور مفید ہو گا۔

دھند غبار :- جگر گوسفند کو بطور کباب کوئلوں پر بھونیں۔ اس پر چرکے دے کر زنجبیل کی چٹکی دیں جو پانی قطرہ قطرہ نکلے۔ حاصل کر کے آنکھ میں ٹپکائیں۔

سبل :- قرۂ چشم پر سرخ رنگ کی پھولی ہوئی رگوں کا جال بن جاتا ہے۔ آب بیٹھہ سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔

پھولا چشم :- شیشہ نمک کی سلائی بار بار آنکھوں میں پھیریں۔

لعاب دہن کا جاری رہنا :- مصطگی رومی۔ دانہ الائچی خورد تین تین ماشہ باریک کر کے مربہ آملہ کے ساتھ کھائیں۔

مقوی دندان: پھٹکری ایک تولہ توا پر ڈال کر آگ پر رکھیں۔ پھولنے پر قطرہ قطرہ سرکہ ڈالتے جائیں پھر باریک کر کے بطور منجن ملیں۔ مقوی و مجلی دندان ہے۔

شہیقہ: جنگلی کبوتر کا پیٹ صاف کر کے اس میں چاروں نمک بھر دیں اور کوزہ میں بند کر کے آگ دیں سرد کر کے باریک کر کے چٹکی چٹکی بچہ کو دیں۔

حکیم محمد یوسف حسن لاہور

کشتہ فولاد برنگ سرخ: خون پیدا کرنے کے علاوہ اس قدر مشتہی ہے کہ اگر تھوڑی دیر خوراک نہ کھائی جائے تو معدہ میں تکلیف محسوس ہوتی ہے۔

وقت دیکھنے والے کلاک کی بیکار کمانیاں ۱/۲ سیر چینی کے برتن میں رکھ کر تیزاب گندھک ایک تولہ۔ آب ہاضمی سندھی ایک بوتل میں ڈال کر سرپوش دے کر رکھ چھوڑیں۔ تین ماہ کے بعد حل ہو کر بصورت مسکہ ہوگا۔ اسے کوزہ میں بند کر کے پندرہ سیر اوپلہ کی آگ دیں برنگ سرخ کشتہ ہوگا۔

کشتہ شنگرف برنگ سرخ: امراض باردہ و ضعف باہ میں نہایت مفید ہے۔

گندھک آملہ سار ایک تولہ پگھلا کر شنگرف ایک تولہ پر چڑھائیں پھر اوپر دوسرا غلاف لوبان کوڑیہ ایک تولہ کا دیں تر کٹائی خوردہ ایک پاؤ کا نغدہ بنا کر اس میں رکھ کر مضبوط گل حکمت کر کے خشک کریں ۱/۲ ۱ سیر چپہ اوپلہ اور ۱/۲ ۱ سیر بھوسی چاول ملا کر کسی مٹکہ میں درمیان شنگرف رکھ دیں۔ مٹکہ میں ہوا کے لیے چند سوراخ کر دیں اور دہکتا ہوا انگارہ رکھ دیں۔ مٹکہ اوپر سے بند کر دیں۔ دو دن کے بعد یہ آگ سرد ہوگی۔ شنگرف نکال کر ملاحظہ کریں بے دود ہوگا ورنہ ایک آنچ اور دیں۔ بے دود ہونے پر ایک یوم شہد میں پکائیں۔ اور ایک مسکہ میں دیں مفوسیوں کے لیے کار آمد ہے۔

اکسیر پینس :- یعنی ناک کی بدبو خواہ بوجہ آتشک ہو۔ نہایت پرانے جوتے کو جلا کر اس کی نسوار دیں۔ نصف گھنٹہ کے بعد ناک سے کرم خارج ہونے شروع ہوں گے اور صحت ہوگی۔

کشتہ سکہ ماسک البول :- ماسک البول اعلیٰ درجہ کا ہے۔

سکہ آدھ پاؤ کڑاہی میں ڈال کر پگھلائیں اور بیخ مدار پھیرتے جائیں۔ پھر دس منٹ کے بعد جڑ بدل دی جائے۔ صبح و شام تک گہرے زرد رنگ کا کشتہ ہوگا۔ ایک رتی مسکہ یا بالائی میں دیں۔

اکسیر آتشک :- سم الفار۔ کتھ۔ قرنفل ایک ایک تولہ آب لیموں ۱۰ عدد میں کھرل کرکے گولی بقدر دانہ مونگ بنا کر بعد نفعیتہ ہر روز ہمراہ مسکہ دیں۔ وجع المفاصل اور بڑھاپے کی کمزوری میں مفید ہے۔

اکسیر حیض کشا :- حیض کی بندش اور تنگی کو دور کرتی ہے۔

شنگرف ا تولہ نمک لاہوری ۲ تولہ خوب کھرل کریں دو رتی دودھ سے دیں۔

اکسیر یرقان :- قلمی مصفیٰ ۵ تولہ پارہ مصفیٰ ۵ تولہ گرہ کرکے قلمی شورہ ایک پاؤ کے ہمراہ خوب کھرل کرکے کوزہ میں ڈال کر سرپوش رکھ کر دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد کرکے نکال کر دو تین بار پانی سے دھو ڈالیں۔ ½ ماشہ ہمراہ شربت بزوری دیں۔

کشتہ سم الفار :- ایک توا پر ۱۵ تولہ سندھور بچھا کر اوپر سم الفار تین تولہ کی ڈلی رکھ دیں۔ اوپر اسی قدر سندھور اور ڈال کر اچھی طرح دبا دیں۔ تھوڑا سندھور الگ رکھیں تاکہ اگر دھواں نکلے تو وہاں سے بند کر دیں۔ چولہے پر چڑھا کر دو گھنٹہ نرم آگ جلائیں۔ اس کے بعد کچھ اور تیز کر دیں اور شام تک آگ جلائیں۔ شام کے وقت تمام کوئلے نیچے اکٹھے کرکے اوپر آہنی پیالہ سے ڈھک دیں صبح سرد ہونے پر نکالیں۔ وزن تقریباً دگنا ہوگا۔ اسے آب تھوہر میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر خشک کرکے ایک پاؤ نغدہ میں رکھ کر دو سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ کھرل کرکے باریک کپڑے میں چھان کر محفوظ رکھیں۔ ایک دو برنج ہمراہ مسکہ۔ ضعف باہ۔ سلسل بول وغیرہ کو مفید ہے۔

اکسیر شباب :- یہ گولیاں سرعت انزال کو مفید ہیں۔ بوجہ بڑھاپے کے اسہال۔ کمزوری۔

سرعت اور اسی قسم کے دیگر امراض میں مفید ہے۔

سیماب مصفیٰ۔ سم الفار۔ افیون ہر ایک ۵ تولہ کتھ ۵ تولہ عرق لیموں ایک بوتل میں کھرل کر کے آب برگ پان ایک بوتل میں کھرل کریں۔ اور گولی بقدر دانہ ماش بنا کر ہمراہ مسکہ دیں۔ اور دودھ گھی بکثرت استعمال کرائیں۔

یاقوتی یوسفی:- جب دماغ کمزور ہو۔ اعصابی خرابیاں ہوں۔ کمی بھوک ہو۔ حافظہ کمزور ہو۔ دل کمزور ہو۔ اور ان وجوہات سے ضعف باہ ہو۔ یہ یاقوتی مفید رہے گی۔

مغز چلغوزہ۔ مغز اخروٹ۔ کہربا۔ ہر ایک ۳ تولہ مغز بادام ۲ تولہ بیخ زعفران۔ فلفل دراز۔ زنجبیل۔ کشتہ عقیق۔ کشنیز خشک ایک ایک تولہ۔ گل بابونہ۔ ثعلب دو دو تولہ۔ بہمن ۳ تولہ۔ کچلہ مدبر ۳ تولہ مویز منقی ۵ تولہ جملہ ادویہ باریک کر کے شہد دوگنا ملا کر معجون بنائیں ورق طلا ۳ ماشہ بھی ملائیں۔ خوراک ۲ ماشہ ہمراہ دودھ دیں۔

معجون مولد و مغلظ منی:- ثعلب۔ شقاقل۔ موصلی سفید ہر ایک ۵ تولہ۔ مغز پنبہ دانہ ۱۰ تولہ مصطگی۔ دانہ الائچی خورد ۲-۲ تولہ صمغ عربی ۳ تولہ شہد دو چند معجون بنا کر ایک تولہ روزانہ کھائیں۔

دافع احتلام:- کہربا شمعی۔ بسد۔ دم الاخوین۔ گل ارمنی۔ کشتہ جست ہر ایک ایک تولہ طباشیر۔ کشنیز بیخ بند۔ بزر البنج۔ صمغ عربی گل سپاری تخم خرفہ۔ تخم سپاری۔ گل نیلوفر۔ گلنار فارسی ہر ایک ۱½ تولہ مصری ۱½ سیر باریک کر کے ایک تولہ شام کو ہمراہ دودھ تازہ دیں۔

اکسیر شباب:- نہایت مقوی۔ مبہی۔ ممسک اور مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔

سم الفار ایک تولہ افیون ۲ ماشہ زعفران ۲ ماشہ کستوری۔ عنبر تین تین ماشہ شیر برگد تازہ ۲ تولہ میں کھرل کر کے دو ٹکیہ بنائیں۔ ایک بڑے سفید پیاز میں ایک ٹکیہ رکھ کر دوسری دوسرے پیاز میں رکھ کر اور اردگرد دو عدد پیاز کا نغدہ رکھ کر مضبوط کپڑوٹی کر کے صبوسی چاول میں رکھ کر بھڑتہ کریں کہ سرد کر کے نکال کر ہر دو ٹکیہ کوٹ کر گولی بقدر مونگ بنا کر ہمراہ دودھ دیں۔

حب گھوڑ چڑھی:- اس کے اجزاء پر جس قدر معلوم ہو سکتا ہے کہ اس کے فوائد کثیر ہیں۔ اس کے بنانے میں جس قدر احتیاط اور وزن کا پورا رکھنا ادویات کو اچھی طرح مدبر کرنا وغیرہ

ملحوظ رکھیں گے۔ اسی قدر زیادہ فوائد اس کے مشاہدہ میں آئیں گے۔ تجربہ کار طبیب بعد اخراج مادہ یا ویسے ہی حسب ضرورت اس سے کام لے سکتا ہے۔ گنٹھیا۔ نقرس۔ دردکمر۔ حبس البول عقر۔ ضعف باہ۔ آتشک۔ سوزاک۔ سنگ مثانہ۔ کمی اشتہا۔ دفع نیش عقرب و مار ہر قسم۔ صرع۔ بدہضمی دردشکم۔ سنگرہنی۔ دردسر۔ اسہال۔ خارش۔ برص۔ جریان شبکوری اور دیگر بے شمار امراض پر اس کا فائدہ مسلمہ ہے باوجود ان خوبیوں کے اطبار محنت سے جی چراتے ہیں۔ اوران کے مطلب اس سے خالی نظر آتے ہیں۔ صفتہ؛

سیماب مصفیٰ۔ گندھک آملہ سار مصفیٰ۔ ہڑتال ورقیہ مصفیٰ۔ میٹھا تیلیہ مدبر۔ مغز جمالگوٹہ مدبر۔ زردچوب۔ سہاگہ۔ زلبی۔ سم الفار سفید۔ نربچلہ۔ ترکٹہ۔ منہل کچلہ مدبر تخم۔ دھتورہ سیاہ برھل سیاہ ہم وزن لے کر لوہے کے کھرل میں آب بھنگرہ سے کھرل کرکے گولی بقدر دانہ مونگ بنائیں اور بدرقہ مناسب سے استعمال کریں۔

اکسیر شباب:۔ محرک بھی اور ممسک بھی اور مقوی اعضائے رئیسہ بھی۔

ورق طلا۔ شنگرف ایک ایک تولہ خوب کھرل کرکے ایک دن شیر برگد سے لگاتار کھرل کریں اور دو یوم شیر مدار سے مسلسل کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر خشک کریں اور دو تین برگ مدار لپیٹ کر ہنڈیا میں پانچ سیر ریت کے درمیان رکھ کر منہ بند کرکے ایک یوم نرم آگ جلائیں۔ سرد کرکے نکال کر باریک کرکے چند بیدستر مایہ شتر اعرابی۔ کافور بھیم سینی۔ مشک۔ مروارید۔ زعفران۔ عنبر۔ طباشیر۔ مغز تخم تمر ہندی۔ ایک ایک تولہ مارفیا ۲ ماشہ ملا کر شیر برگد میں کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

کشتہ ابرک:۔ روزانہ بخار و تپ رلعہ کو مفید ہے۔

ابرک محلوب کو آب برگ دھتورہ میں کھرل کرکے گولی بنا کر ثمر دھتورہ میں رکھ کر ۲ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ دو تین آنچوں میں کشتہ ہوگا۔ ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسب بوقت صبح دیں۔

مقوی قلب و دافع اختلاج قلب:۔ یشب سبز کو عرق گلاب میں اکیس بار بجھاؤ دیں اس میں پوست بیرون پستہ۔ نارجیل دریائی۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ زہر مہرہ ایک

ایک تولہ ورق نقرہ ۶ ماشہ ورق طلاء ۳ ماشہ مروارید ۲ ماشہ کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر ہمراہ شربت صندل وغیرہ دیں۔

کشتہ قلعی :۔ مقوی باہ و مقوی جسم۔ دافع جریان و سرعت انزال۔

ایک سیر بنولوں کو دھوپ میں خشک کر کے چکی میں پسوا کر زرد رنگ کا آٹا پا ۱ پاؤ حاصل کریں۔ اور اس میں ایک پاؤ آب گھیکوار ملا کر درمیان ۵ تولہ قلعی مصفیٰ کے پانچ ٹکڑے رکھ کر کوزہ میں بند کر کے گل حکمت کر کے آٹھ سیر آگ دیں۔ سرد کر کے نکالیں کشتہ ہوگا۔ اگر آگ کی کمی بیشی سے ناکامی ہو تو از سر نو عمل کریں۔

کشتہ روپیہ :۔ اعلیٰ درجہ کا مصفیٰ خون۔ مقوی۔ مبہی اور محرک باہ۔ آتشک کے بعد کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

نغدہ بوٹی جل نیم ۵ تولہ میں ایک روپیہ رکھ کر اوپر نغدہ سنیا ناسی ۵ تولہ دے کر گل حکمت کر کے دو سیر آگ دیں۔ چھ سات آنچوں میں سفید مائل بہ خاکستری کشتہ ہوگا۔

کشتہ پلیسہ :۔ وبائی امراض کا حکمی علاج ہیضہ۔ طاعون۔ سرسام۔ وجع المفاصل اور درد پشت کو مفید ہے۔

پیسہ ایک عدد آگ میں سرخ کر کے ۳۴ بار ٹھنڈا تھوہر کے دودھ میں بجھاؤ دیں اس کے بعد نصف گز ڈنڈے میں رکھ کر کپڑ مٹی کر کے ۱۰ سیر آنچ دیں۔ اسی طرح پانچ آنچوں میں پیسہ کشتہ ہوگا

کشتہ سونا :۔ مقوی اکسیر الاجسام۔ بڑھاپے۔ کثرتِ جماع۔ جوانی و بچپن کی خرابیوں اور بدعنوانیوں کی کمزوریاں۔ کثرت کار و غذا کی کمی و مختلف امراض کے حملوں سے پیدا شدہ نقاہت و کمزوری کو دور کرنے والا کشتہ ہے سل و دق میں اکسیر ہے جسم کو طاقت دے کر رنگ سفید و سرخ بناتا ہے۔ بھوک بڑھاتا اور کھانا ہضم کرتا ہے۔ جملہ جسمانی قوتیں پیدا ہوتی ہیں۔

برادہ سونا ۱ تولہ سیماب مصفیٰ ۱ تولہ عرق چولائی خاردار منقیٰ ایک پاؤ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر دو کٹھالیوں میں بند کر کے گل حکمت کر کے ایک پاؤ اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد کر کے مزید

ایک تولہ، پارہ ملا کر اور بدستور کھرل کر کے آگ دیں۔ اکیس آنچ میں کشتہ ہو گا۔ آخری آنچ ایک سیر اوپلہ کی ہونی چاہیئے۔

دردِ رحم:۔ بادبرنگ نمک لاہوری سمندر جھاگ گندہ بروزہ خشک ہموزن لے کر باریک کر کے بیر کی گٹھلی جتنی پوٹلیاں بنا کر ایک رحم کے منہ پر اور دو ارد گرد رکھیں۔ دورانِ استعمال زرد یا سفید رطوبت جاری ہو گی۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے درد رحم دور ہو گا۔ سیلان الرحم کا علاج کرتے وقت بھی پہلے تین چار یوم پوٹلیاں رکھیں اور پھر کوئی دوا استعمال کریں۔

حسن و خوب صورتی:۔ نہایت خوشبودار مفید اور ارزاں چیز ہے۔ چہرہ کے کیل داغ دھبے آہستہ آہستہ دور کرتا ہے۔ رنگ و روغن نکھارتا ہے۔

نشاستہ ۱۰ تولہ زنک اکسائڈ ۲ تولہ۔ کھریا مٹی سفید۔ مغز بادام۔ آرد چاول برادہ صابن ولایتی ہر ایک ۵ تولہ صدف سوختہ بورہ ارمنی ہر ایک ایک تولہ سفوف کتیرا۔ گل سرخ۔ صندل سفید بورکس ہر ایک ۲ تولہ ولایتی کستوری ایک ڈرام سفوف بنائیں۔ بوقت ضرورت ۶ ماشہ ہتھیلی پر ڈال کر چند بوند پانی ڈال کر تر کر کے مثل ابٹنہ چہرہ پر ملیں اور نیم گرم یا سرد پانی سے دھو ڈالیں۔

کشتہ شنگرف:۔ بھوک پیدا کرتا ہے اور کثیر مقدار میں دودھ ہضم کرنے میں مجرب ہے۔ ایک تولہ شنگرف کو ایک لیموں کاغذی میں شگاف دے کر اندر کر دیں۔ تاکہ ڈلی وسط تک چلی جائے۔ پھر ایک دوسرے لیموں کو کاٹ کر اندر سے تھوڑا خالی کر کے ٹوپی کی طرح اوپر چڑھائیں اور دو تین کپڑ مٹی کر کے خشک کر کے مینگنی بکری ۲ سیر میں رکھ کر آگ دیں۔ سرد ہونے پر دوسرے لیموں میں عمل کریں۔ سات بار کریں اور باریک کر کے ایک رتی استعمال کریں۔

کشتہ سم الفار:۔ خاکستر برگِ کیلہ مصفیٰ نصف سیر ایک کوزہ جس میں خلا نہ رہے کے درمیان سم الفار بلوری ایک تولہ رکھ کر گل حکمت کر کے خشک کریں اور دس سیر اوپلہ کی آگ دیں شگفتہ کشتہ ہو گا۔ ایک چاول مکھن سے دیں زیادہ طاقت ور ہے۔

کشتہ جست خوراکی:۔ برائے امراض چشم۔ دھند غبار چشم میں مفید ہے۔

جست ایک تولہ پارہ ۲ تولہ گرہ کریں اور آگ پر رکھ کر گرم کریں اور چوب بکائین سے
زور زور سے ہلاتے رہیں اور مصری ۴ تولہ کی پھلکی دیتے جائیں ختم ہونے پر جست کشتہ ہوگا۔

ہر پہلو سے کارآمد اور مجرب ہے۔

سانپ کاٹے کا بے نظیر علاج :- اس سے بڑھ کر آج تک کوئی دوا ایجاد نہیں ہوئی۔
ایک سیر میتھی کو پانچ سیر پانی میں خوب جوش دیں۔ جب ایک سیر رہ جائے تو چھان کر ۱/۲ سیر
سنکھ کو اس میں دس دفعہ بجھاؤ دیں۔ اب ایک ہنڈیہ میں نصف تخم میتھی بھر کر سنکھ رکھ دیں
اور ہنڈیہ کو تخم میتھی سے پر کر کے گل حکمت کر کے ۵ سیر آگ دیں۔ سنکھ کا کشتہ محفوظ کریں ۱/۲ ماشہ
سانپ کاٹے کو دیں اور زخم پر بھی لگائیں۔ ایک گھنٹہ کے بعد آرام ہوگا۔ اگر تخم میتھی کی بجائے
ناگرموتھہ استعمال کریں تو زیادہ مفید ہوگا۔

بواسیر کا لاجواب نسخہ :- خونی اور بادی بواسیر کے لیے از حد مفید ہے۔
قند سیاہ کہنہ۔ بندق ہندی ہر ایک ۱۰ تولہ رسونت مصفیٰ ۵ تولہ سب کو یک جان کر کے
گولی بقدر دانہ نخود بنا کر صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔ ترش۔ سرخ مرچ اور قابض اشیاء سے پرہیز
کریں۔

حب اسرار عنبری :- اگر تیس سال سے اوپر عمر کا آدمی مہینہ بھر میں ۲۸ گولیاں یعنی ہر ساتویں
روز ناغہ کر کے تین ماہ تک استعمال کرے تو اس پچیس سال قوتِ باہ قائم رہے گی۔
عنبر ۳ ماشہ سم الفار۔ کتھ سفید چھ چھ ماشہ برگ پان ۱۰۰ عدد پہلی تینوں دواؤں کو ایک ایک
برگ پان ملا کر کھرل کرتے جائیں۔ پھر آب برگ پان میں کھرل کر کے گولی بقدر دانہ ماش بنا کر ہر روز ایک
گولی دیں۔

ممسک بیرونی :- از حد مقوی بمطلب اور ممسک ہے اس سے بے حد قوت پیدا ہوتی
ہے اور حرکت کے بعد قوت بڑھتی ہے۔ اور تیز تر ہوتی جاتی ہے اور لطف کی بات یہ ہے کہ
بیخ ممسک بھی دگنی ہو جاتی ہے۔ صبح کو اکثر سوزش معلوم ہوتی ہے۔ روغن چنبیلی ایک دو روز
لگائیں۔ احتیاط اس قدر ہے کہ ایک گھنٹہ سے زیادہ نہ باندھیں عجیب زبردست چیز ہے۔

اور کئی بار کی مجرب باوجود عمل کرنے کے قوت اور بڑھ جاتی ہے۔

پوست بیخ کنیر سفید۔ شنگرف رومی ہر ایک ۴ ماشہ ان کو پاؤ سیر شراب دوآتشہ یا ایک آتشہ میں کھرل کرکے گولی بقدر نخود بناکر ضرورت کے وقت شراب میں گھس کر لگا یا کریں اور برگ پان باندھیں جب سوزش شروع ہو برگ پان اتار کر جماع میں مشغول ہوں۔

طلائے عجیب:۔ کئی سال تجربہ کے بعد بہت ہی محنت اور روپیہ کے صرف کے جونسخہ ہرے تجربہ میں مفید ثابت ہوا۔ وہ بغیر کسی کمی بیشی کے درج کرتا ہوں۔ یہ اکسیر ہے گو ہر مکرد ہے۔ سم الفار ۲ تولہ پارہ ۴ تولہ خوب کھرل کریں خراطین۔ بیر بہوٹی دو دو تولہ ملاکر ایک دن کھرل کریں۔ پھر زردی بیضہ مرغ ۴ عدد تھوڑی تھوڑی شامل کرکے دو ہفتہ کھرل کریں اور گولیاں بناکر پتال جنتر سے تیل نکالیں۔ صاحب نسخہ نے تحریر فرمایا ہے کہ تیل نکالنے میں احتیاط کریں ورنہ ادویہ کوزہ میں جل جائیں گی۔ حسب قاعدہ مالش کرکے برگ پان باندھیں۔

امساک کی گولیاں:۔ ایک روز گولی کھانے سے کئی دن تک قوۃ باہ ازحد بڑھ جاتی ہے اور امساک کی قوت روز بروز زیادہ ہوتی ہے۔ سرعت انزال کے مریض کو چوتھائی گولی ہر روز کھلائیں اور ایک ہفتہ کے بعد دو چار دن ناغہ کریں۔ چار ہفتوں میں مدت العمر کمزوری باہ اور سرعت کا منہ نہ دیکھیں گے۔ دودھ گھی ہضم ہوگا۔ بھوک لگے گی خون صاف ہوگا۔

سم الفار، پارہ مصفیٰ۔ افیون مصری خشک ایک ایک تولہ باہم ملاکر کم از کم دو ماہ کھرل کریں تاکہ پارہ غائب ہو جائے۔ اور بھورے رنگ کا سفوف باقی رہ جائے۔ پھر اسے آب پان میں آٹھ یوم کھرل کریں۔ ایک تولہ دوا میں عقرقرحا خولنجان۔ دارچینی۔ بسباسہ۔ خراطین سیاہ مغز بادام مقشر ایک ایک تولہ زعفران ۶ ماشہ ملاکر دو یوم آب پان سے کھرل کرکے گولی بقدر نخود بناکر مرغن غذا کے بعد ایک گولی دودھ سے کھاکر دو گھنٹہ بعد مشغول ہوں گولیوں کے فائدہ میں جو کچھ لکھا ہے اس میں ایک حرف بھی مبالغہ نہیں چار گنا سے سولہ گنا تک امساک ہوتا ہے۔

حکیم محمد عبدالخالق راولپنڈی

مرہم بواسیر:۔ مسوں پر لگانے سے درد ٹیس کم ہونے کے علاوہ مستے خشک ہوکر گر جائیں گے مریض تڑپ رہا ہو۔ ادھر لگایا ادھر آرام نہایت مجرب ہے۔

کارک بوتل ۶ ماشہ لے کر روغن زرد ۲ تولہ میں جلالیں جب خوب جل جائیں تو خانہ زنبور ۴ ماشہ کافور ۳ ماشہ افیون ۱۔ ماشہ ملا کر دستہ سرب سے خوب رگڑیں۔ بس مرہم تیار ہے۔

حب سرفہ:۔ ہر قسم کی کھانسی کو رفع کرتی ہے۔

میعہ سائلہ ۴ ماشہ۔ رب السوس ولایتی ۹ ماشہ افیون زعفران مُرمکی ہر ایک ۲ ماشہ گولی بقدر دانہ ماش بنا کر استعمال کریں۔

سیلان الرحم:۔ یہ مختصر سی دوا بے حد فائدہ مند ثابت ہوئی ہے پہلے ہی دفعہ فائدہ ہوتا ہے اگر شدتِ مرض ہو تو اس دوا کا شیاف یا پوٹلی استعمال کرنی چاہیئے۔

جوہر مازو گیلک ایسڈ ایک رتی دن میں چار بار ہمراہ آب سرد دیں۔

کالی کھانسی:۔ چاروں اجوائن۔ چاروں نمک ہر ایک ۴ تولہ فلفل دراز ایک تولہ برگ مدار برگ چھچڑا ہر ایک ۱۵ عدد سب کو جوکوب کر کے کوزہ میں بند کر کے دس سیر آگ دیں۔ سرد کر کے ½ ماشہ تا ۳ ماشہ شہد یا گرم پانی سے دیں۔

عرق حیرت: جو اپنی نظیر نہیں رکھتا نوبتی بخار۔ پرانے بخار حمی الشقہ کو تیر بہدف ہے۔ ان مریضوں کو جو کونین کھا کر تنگ آگئے ہوں۔ اس کا معجزہ دیکھیں۔

سم الفار سفید جو کھار اصلی ایک ایک ماشہ قطرہ قطرہ پانی ڈال کر اس قدر کھرل کریں کہ تہ نشین نہ ہو تین پاؤ پانی یا عرق گاؤزبان ملا کر تین قطرہ مناسب عرق یا پانی سے دیں۔ تین بار دن میں دیں۔

کشتہ شاخ گوزن:۔ امراضِ صدر میں مفید ہے۔

بارہ سنگھا کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے شیر مدار میں اکیس روز تر رکھیں اور خشک

ہونے پر ململ کے کپڑے میں لپیٹ کر کوئلوں میں جلائیں۔ سرد ہونے پر شیر مدار سے کھرل کر
کے قرص بنا کر آگ دیں۔ تین آنچ میں سفید کشتہ ہوگا۔

خارش تر:۔ طوطیا ۲ ماشہ آہک آب رسیدہ۔ مرداسنگ۔ مہندی۔ کمیلہ ایک ایک تولہ
کشتہ سفیدہ ۵ تولہ روغن حنا میں ملا کر مالش کریں پہلی بار اثر ظاہر کرے گا۔

برئی ستنکر ناس: یہ ایک ویدک نسخہ ہے درد سر ہر قسم شقیقہ۔ نسیان۔ لقوہ کو مفید
ہے۔

تخم حنظل۔ ہلدی۔ پیپل۔ کبابہ۔ سنڈھ۔ تخم کرفس۔ سلاجیت۔ بڑ نگ کابلی۔ تخم املتگن
ہموزن باریک کر کے نسوار لیں۔

کحل عجیب:۔ ضعف بصر۔ پھولا۔ ناخونہ کو مفید ہے۔ تخم سرس تخم کھرنی۔ سمندر جھاگ اصلی چینی
کا نکڑا جست شگفت۔ بیتز ابیت۔ رتن جوت۔ جوہر نوشادر سرمہ سیاہ ہموزن آب سونف وعرق
لیموں میں کھرل کر کے سرمہ بنائیں اور لگائیں۔

نکسیر:۔ کافور ۳ رتی افیون ۲ رتی آب لید خر میں حل کر کے کپڑے کی دو بتیوں کو اس میں تر کر
کے ناک کے اندر رکھائیں فوراً بند ہوگی۔ گدھے کی لید سے نفرت ہو تو کچے انار کا پانی یا آب شاہترہ
میں یہ عمل کریں۔

مقوی باہ ممسک:۔ تخم ترب نیم بریان مغز نارجیل منقشر ایک ایک تولہ۔ اجوائن خراسانی
۱ ماشہ۔ شہد خالص ۲ تولہ زردی بیضہ مرغ ۴ عدد۔ زردی آگ پر رکھیں ذرا غلیظ ہونے پر شہد
اور دوائیں ملا کر نصف صبح نصف دو ساعت قبل از مباشرت کھائیں انتشار و امساک پیدا
ہوگا۔

کشتہ سرمہ سفید:۔ تپ محرقہ صفراوی امراض حرارت۔ جگر۔ سوزاک اور سوزش بول کو مفید ہے۔
سرمہ سفید حسب ضرورت لے کر دس روز آب پیٹھہ میں کھرل کر کے قرص بنائیں اور ایک
پیٹھہ میں ڈال کر گل حکمت کر کے اس قدر آگ دیں کہ پیٹھہ جل جائے۔ اور قرص شگفتہ ہو
جائے۔ دو رتی ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

کشتہ مرجان :- دافع جریان کہنہ و نو سوزاک و مقوی جگر ہے۔

ایک پاؤ نغدہ بھنگ میں ۵ تولہ مرجان رکھ کر کوزہ میں بند کر کے ۵ اسیر آگ دیں۔ ایک رتی ہمراہ مسکہ دیں۔

کشتہ سنگجراحت :- استحاضہ۔ بول الدم نفث الدم۔ قے الدم۔ بواسیر خونی و سوزاک کے لیے اکسیر ہے۔

سنگجراحت ایک تولہ بھنگ ۱۰ تولہ کے نغدہ میں رکھ کر ۱۰ اسیر آگ دیں۔ ایک ماشہ دہ بدر قہ مناسب دیں۔

حب کندر :- برائے اوجاع الرحم۔ کچھ۔ کندر۔ ایلوا۔ سنبل الطیب ہموزن سفوف بنا کر ہمراہ جوشاندہ عنب الثعلب دیں۔

بواسیر خونی :- رسونت مصفیٰ۔ کتھ گلابی ہموزن لعاب اسپغول سے کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر دو گولی صبح و شام ہمراہ باسی پانی دیں۔

بواسیر ہر قسم :- تخم شبت ۳ تولہ موبز منقیٰ۔ رسونت ہر ایک ۵ تولہ آب ترب ایک پاؤ میں مقل ازرق ۱ تولہ حل کر کے چھان کر ادویہ ملا کر کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر تین گولی صبح و شام دیں۔

داد چنبل :- پوست ناریل ۲ سیر ٹکڑے کر کے ہنڈیا میں ڈال کر اوپر رسکپور ۳ ماشہ کیلہ ۳ ماشہ ڈال کر ناریل کے درمیان ایک پیالہ رکھ کر بصورت بھاپ جنتر روغن حاصل کریں اور اسے داد پر لگائیں۔

بلغمی امراض صدر :- حیرت انگیز فوائد ہیں۔ بیر بہوٹی پاؤں الگ کر کے پان میں رکھ کر کھلائیں یا گڑ و منقہ میں رکھ کر کھلائیں سینہ کی تمام بلغمی امراض کو مفید ہے۔

دمہ :- گل مدار ناشگفتہ۔ اجوائن دیسی ہر ایک ۵ تولہ خوب کوٹ کر شکر سرخ ۱۰ تولہ ملا کر سفوف بنائیں۔ ایک دو ماشہ پانی سے دیں امراض معدہ میں بھی مفید ہے۔

مسہل :- بے ضرر مخرج اخلاط ثلاثہ ہے۔ جمالگوٹہ مدبر ایک ہفتہ آب لیموں میں کھرل کرکے گولی بقدر دانہ ماش بنا کر حسب برداشت طبیعت پانچ چھ، ہمراہ دودھ دیں۔

حکیم سید علی اکبر آزاد چاندپوری

ضیق النفس :- دمہ کے لیے جب مزاج چاہے تجربہ کر دیکھیں۔ اڑوسہ کی جڑ صاف کرکے ایک ایک انگل کے برابر ٹکڑے بنا کر بطریق معروف چوبکشید کریں۔ تین قطرہ صبح۔ دوپہر و شام تھوڑے دودھ میں ملا کر دیں۔ ایک ہفتہ کے بعد صبح و شام۔ تیسرے ہفتہ صرف صبح دیں۔ چوتھے ہفتہ آرام ہوگا۔

سوزاک :- سوزاک کے لیے تجربہ شدہ ہے۔ پھٹکری بریاں ۳ تولہ قلمی شورہ ۱۰ تولہ شکر خام ہموزن باریک کرکے ۴ ماشہ چار گھنٹہ کے بعد لسی کے ساتھ دیں۔

استسقاء :- استسقا کے لیے بہترین دوا ہے۔ سالٹ ۶ تولہ شورہ قلمی ۳ تولہ عرق بادیان ایک بوتل حل کرکے ۵ تولہ تین تین گھنٹہ کے وقفہ سے دیں۔

بواسیر ریحی :- برگ صد برگ سبز ۹ ماشہ فلفل سیاہ ۵ دانہ پانی میں گھوٹ کر صبح و شام پلائیں۔

امراض دماغ :- بادیان نفشہ ۹ ماشہ گل منڈی ۵ ماشہ نبات سفید ہموزن باریک کرکے ۵ ماشہ پانی سے دیں۔

استحاضہ :- سنگجراحت ۲ ماشہ صبح و شام پانی سے دیں۔

اکسیر احمر :- موسم سرما کا عجیب تحفہ ہے۔ صددرجہ مقوی باہ و ممسک ہے۔ سم الفار سفید ۲ تولہ سالم ڈلی کو آب بیخ اونٹ کٹارا۔ رتنی جوت۔ زعفران ہر ایک ۳ ماشہ مشک ۲ ماشہ پوٹلی بنا کر دس سیر دودھ بھینس میں ۲۴ گھنٹہ پکائیں اسی دوران دودھ کی مقدار کم نہ ہو اس میں پانی ڈالتے جائیں۔ اس کے بعد اسے جامن لگا کر دہی اور دہی بلو کر گھی حاصل کریں۔ گھی سے ۲ قطرہ تک دودھ میں ملا کر دیں۔

دیگر :- پوست بیخ اونٹ کٹارا سبز کا چوبہ بطریق معروف نکال کر دو قطرہ دودھ میں ملا کر دیں۔

ممسک: کائپل۔ شنگرف۔ ریگ ماہی۔ زعفران ہر ایک ۳ ماشہ ورق نقرہ۔ ورق طلا، مشک، افیون ایک ایک ماشہ۔ آب ادرک ۳ تولہ میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر وقت سے پہلے استعمال کریں۔

حیض کشا: درخت ببول کا بندہ جو کانٹوں سے بنا ہوتا ہے۔ توڑ لیں اور اس میں اسے ایک کیڑا لمبا نکال کر بیچ میں سے کاٹ کر اگلا حصہ گڑ میں رکھ کر پانی سے دیں تھوڑی دیر میں مدتوں کا رکا ہوا حیض جاری ہوگا۔ ایک ہی بار کے استعمال سے حیض بکثرت جاری ہوگا۔ جس وقت بند کرنا ہو پچھلا حصہ قند سیاہ میں لپیٹ کر پانی سے دیں فوراً بند ہوگا۔ میرا خاندانی راز ہے۔

بواسیر: تخم بکائن کا نمک ½ ماشہ حلوہ میں رکھ کر دیں ہر قسم کی بواسیر کو اکسیر صفت ہے۔

مرگی: کھٹمل بہت سے پکڑ کر ایک شیشی میں بھر دو اوپر تھوڑا سا روغن کنجد ڈال کر دو ہفتہ تیز دھوپ میں رکھیں۔ اس کے بعد چھان کر مریض کے ناک میں تھوڑا لگایا کریں۔ بطور طلا بھی کارآمد ہے سستی کو دور کرتا ہے۔

احتلام: صبح و شام سلاد کا ساگ کھانے سے احتلام نہیں ہوتا۔

شبکوری: قبل از وقت طلوع آفتاب آب پیاز مریض کی ناک میں ٹپکائیں۔ ایک دن میں صحت ہوگی۔

باؤ گولا: زنجبیل۔ فلفل دراز ایک ایک تولہ ہینگ۔ نوشادر۔ ہر ایک ۶ ماشہ آب گھیکوار گولی بقدر نخود بنا کر تین گولی دن میں چار بار پانی دیں۔

سوزاک: اصل السوس۔ حب کا کنج۔ طباشیر۔ افیون۔ بیخ کرفس۔ کربان کوڑیہ۔ صندل سفید۔ الائچی خورد۔ خار خسک۔ خیارین ہر ایک ۹ ماشہ۔ قلمی شورہ ۳ تولہ سفوف بنا کر روغن صندل میں چرب کر کے ہموزن شکر ملا کر ایک ماشہ لسی سے دیں۔

سنگ گردہ مثانہ: گل سرکنڈا ایک سیر پانی تین سیر میں پکائیں جب ایک سیر رہ جائے تو اتار کر چھان کر روزانہ ۵ تولہ پئیں۔ بلا اپریشن پتھری خارج ہو جائے گی۔

اکسیر چشم: سرمہ سیاہ۔ آب گل گل بکاولی میں کئی دن کھرل کریں۔ اور ضعف بصر و دیگر امراض چشم میں استعمال کرائیں۔ سو فی صدی فائدہ ہوگا۔ اور نظر ہمیشہ تیز رہے گی۔ بلکہ بنی ہوئی

آنکھ میں بھی ڈالنے سے نظر تیز ہو جاتی ہے۔ اگر ان پھولوں کا پانی آشوب چشم میں ڈالیں تو سخت قسم کا آشوب بھی ایک دن میں دور ہو گا۔

کشتہ طلا: سونے کے باریک باریک پترے برنگ گچنار کے پانی میں سات بار بجھا دیں۔ اور اسی کے نغدہ میں ½ سیر رکھ کر ۱۲ اسیر اوپلہ کی آگ دیں اعلیٰ درجہ کا کاسنی رنگ کا کشتہ ہو گا۔

کشتہ نقرہ: چاندی کے موٹے پترا پر ۵ تولہ جالگوٹہ چڑھا کر بھنگ ½ سیر نغدہ میں رکھ کر ۱۵ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ پہلی مرتبہ ورنہ دوسری مرتبہ کشتہ ہو گا۔

کشتہ فولاد: برادہ فولاد ایک تولہ تند سرکہ ۱۰ تولہ میں کھرل کر کے گولی بنا کر تیس سیر آگ دیں۔ تین آنچوں میں سرخ کشتہ ہو گا۔

کشتہ مس: پیسہ موٹا خالص کو ستیاناسی کے نغدہ میں رکھ کر دو سیر شوتر لپیٹ کر تیس سیر آگ دیں عمدہ کشتہ ہو گا۔

کشتہ قلعی: برنج قلعی ۱۰ تولہ چولائی خاردار ½ سیر کے نغدہ میں رکھ کر ۱۵ سیر آگ دیں۔ عمدہ کشتہ ہو گا۔

کشتہ پارہ: پارہ ایک تولہ عرق برگ عنفوان ۳ تولہ میں کھرل کر کے گولی بنا کر دس سیر آگ دیں کشتہ ہو گا۔

کشتہ شنگرف: خاکستر پودا مرچ سرخ ایک سیر۔ ہنڈیا میں بچھا کر اوپر شنگرف رکھ دیں اور دو سیر خاکستر بچھا کر آگ پر رکھیں اور یہاں تک آگ جلائیں کہ خاکستر پر دانہ بھن جائے سرد کر کے نکالیں کشتہ ہو گا۔ اسی طرح سے سم الفار کا کشتہ بھی ہو جاتا ہے۔

کشتہ طلا مرکب: مقوی باہ منعش حرارت غریزی مقوی اعضائے رئیسہ و شریفہ۔ مسک مَنی خون، دافع بواسیر و جریان و سیلان الرحم۔ صنعت، برادہ طلا۔ برادہ نقرہ۔ برادہ قلعی۔ مروارید ہر ایک ۳ ماشہ سم الفار۔ شنگرف ہر ایک ۳۔ ماشہ۔ آب گھیکوار ایک پاؤ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر کوزہ میں بند کر کے ۱۵ سیر آگ دیں سیاہی مائل ہو گا۔ دوبارہ آب افیون ۹ ماشہ سے کھرل کر کے پھر

آگ دیں۔ سیاہی کم ہوگی سہ بارہ آب ستیاناسی ½ پاؤ میں کھرل کر کے آگ دیں کچھ سرخی آئے گی۔
چوتھی بار آب چلائی خار دار میں کھرل کر کے آگ دیں۔ سفیدی مائل ہوگا۔ پانچویں بار صرف عرق گلاب میں
کھرل کر کے بیس سیر آگ دیں۔ سفید براق کشتہ ہوگا۔ طبیعت خوش ہوگی اور کمزوریوں کے لیے آب
حیات ثابت ہوگا۔

کشتہ نقرہ مرکب :- برائے اکسیر جریان۔ برادہ نقرہ۔ برادہ قلعی۔ بیخ مرجان ہر ایک ۶ ماشہ آب
برگ صد برگ ایک پاؤ میں کھرل کر کے بھنگ نصف سیر میں رکھ کر بیس سیر آگ دیں کشتہ ہوگا۔

کشتہ سمیات :- برائے استیصال مواد سوداوی خصوصاً آتشک و نامردی۔
سم الفار۔ رسکپور۔ شنگرف ایک ایک تولہ۔ سپرٹ ریکٹی فائڈ میں خوب کھرل کر کے
آگ دیں۔ تین بار میں کشتہ ہوگا۔ اگر وزن کم ہو تو سم الفار ڈال کر وزن پورا کریں۔

زجیر صادق : پانی ½ سیر دیگچی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب جوش آ جائے تو کتھ سفید۔ دارچینی
ہر ایک ۱۔ تولہ باریک کر کے ڈال دیں اور فوراً اتار کر منہ بند کر کے ½ ۱ گھنٹہ رکھ چھوڑیں۔ بعدہٗ
چھان کر دو تولہ دن میں چار بار پلائیں۔

اکسیر خارش :- روغن کنجد ایک پاؤ کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب خوب گرم ہو جائے تو دال
سفید ۳ تولہ باریک کر کے ڈال دیں۔ اور نیم کے ڈنڈے سے ہلاتے رہیں اور ٹھنڈے پانی کے
چھینٹے دیتے جائیں جب مکھن کی طرح گاڑھا ہو جائے تو نیچے اتار کر ایک سو ایک بار پانی سے دھوئیں
اگر گندھک و پارہ۔ بنفشل ایک ایک تولہ باریک کر کے ملائیں۔ ضرورت کے وقت بدن پر
مل کر ایک گھنٹہ کے بعد نیم کے جوشاندہ میں سوڈا ملا کر نہائیں۔ اس کے بعد صابن بھی استعمال
کر سکتے ہیں۔

قرص کافور :- برائے مفید سل و دق۔ نفث الدم۔ اسہال خونی۔ خفقان گرم۔ حمیات حادہ
وغیرہ۔ طباشیر۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ بباسہ۔ ہر ایک ۹ ماشہ۔ گل سرخ۔ رب السوس ہر ایک ۲ تولہ ۳
ماشہ۔ مغز چہار۔ مغز کدو۔ تخم خرفہ ہر ایک ۱۔ تولہ۔ کافور ۳ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ لعاب بہی دانہ
میں کھرل کر کے قرص بقدر ۱ ماشہ بنا کر یعنی قرص ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

حکیم محمد ظفر الدین ناصر دکن

اکسیر حمیات: یہ دوا بخار کی حالت میں دی جاتی ہے۔ پندرہ بیس منٹ سے لے کر ایک گھنٹہ تک حرارت کم ہو کر بخار اتر جاتا ہے۔ صنعت: نوشادر ایک تولہ قلمی شورہ ۳ ماشہ گل ارمنی ۱½ ماشہ باریک کر کے دو رتی ہمراہ پانی ایک گھنٹہ کے وقفہ سے دیں۔ ایک دو خوراکوں میں بخار ضرور کم ہو گا۔

معجون مویز الملوک: ایک خوش ذائقہ ملین یمسہل۔ مقی ہے تھوڑی مقدار میں ملین زیادہ مقدار میں مسہل اور جب سینہ بلغم سے پُر ہو۔ سانس میں تنگی ہو تو مقی ہے۔ قے ہو کر سینہ صاف ہو جاتا ہے۔ بچے سے بوڑھے تک کو مفید ہے۔ مغز جمالگوٹہ مدبر۔ سہاگہ سفید۔ سونف دو دو تولہ۔ نوشادر گل سرخ چار چار ماشہ مویز منقی ایک پاؤ باہم کوٹ کر یک جان کریں۔ ایک ماشہ سے دو ماشہ تک دیں۔

اکسیر زحیر: زحیر صادق۔ اسہال کبدی۔ نزف الدم پرانی پیچش اور سنگرہنی کا بے خطا مجرب علاج ہے۔ ایک ہی خوراک سے شفا ہو جاتی ہے۔ تجربہ پر حقیقت روشن ہو گی۔ پھٹکری سفید ۳ ماشہ سنگجراحت ایک ماشہ باریک کر کے ایک پاؤ دودھ میں ملا کر جلدی سے پلا دیں بس صحت ہو گی۔ دوسری خوراک کی ضرورت نہیں پینے میں جلدی کریں ورنہ دودھ پھٹ جائے گا۔ غذا صرف دودھ۔

چودھری ہزارہ خاں

کشتہ روپیہ: پیپلا صل عمدہ ۵ تولہ میں ایک روپیہ رکھ کر کوزہ میں بند کر کے دس سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ بعدہٗ نکال کر ترشی کی مدد سے ایک ماشہ پارہ چڑھا کر اسی نغدہ میں رکھ کر آگ دیں اس طرح بارہ آنچ دیں آخری آنچ بغیر سیماب کے دیں نہایت اعلیٰ کشتہ ہو گا۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ ہے۔ بقدر ایک چاول ہمراہ کچھ

دیگر: برادہ چاندی ایک تولہ آب گلاب میں ایک دن کھرل کریں گولی بنا کر ایک پاؤ نغدہ گل سرخ میں رکھ کر ۵ سیر آگ دیں۔ گلابی رنگ کا کشتہ ہو گا۔

دیگر:۔ برادہ چاندی کو شیر مدار سے کھرل کر کے گولی بنا کر نغدہ کو نیل مدار میں رکھ کر ۵ سیر آگ دیں کشتہ ہوگا۔ اعلیٰ مقوی ہے۔ بقدر ایک چاول ہمراہ مکھن۔

دیگر:۔ روپیہ چاندی کو شیر مدار میں دس بجھاؤ دیں بعدہٗ لودھ پٹھانی ۵ تولہ میں رکھ کر آگ دیں سات آنچوں میں کشتہ ہوگا۔ سالم الحروف شگفت کشتہ ہوگا۔ جاذب سیماب مقوی ہوگا۔ ایک رتی ہمراہ مکھن۔

دیگر:۔ حسن دھوپ اصلی ۲ تولہ کے درمیان روپیہ رکھ کر ۵ سیر آگ دیں ایک ہی آنچ میں سالم الحروف کشتہ ہوگا۔

دیگر: اسی طرح ہڑتال ورقیہ میں رکھ کر آگ دیں کشتہ ہوگا قوت باہ کے لیے لاثانی ہے ایک رتی مسکہ سے دیں بلکہ مادرزاد نامرد بھی درست ہو سکتا ہے۔

دیگر: ایک روپیہ کو آب برگ انار ترش میں ۲۱ اکیس بجھاؤ دیں اور پھر ہر چار اجوائن کے ۵ تولہ نغدہ میں رکھ کر چار اوپلوں کی آگ دیں سات آنچوں میں شگفت سالم الحروف ہوگا۔

کشتہ فولاد:۔ مقوی باہ ہے ضعفِ دل گردہ و مثانہ۔ دماغ کے لیے نہایت مفید ہے عظم طحال کو دفع کرتا ہے خون صالح پیدا کرتا ہے۔

برادہ فولاد ۵ تولہ گندھک۔ نوشادر دو دو تولہ سرکہ جامن عرق گھیکوار ایک ایک پاؤ کھرل کرکے خشک ہونے پر کوزہ میں بند کر کے بیس سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔ خوراک ایک رتی ہمراہ مناسب سے دیں۔

کشتہ قلعی:۔ جریان کے لیے نہایت مفید ہے۔ نغدہ اندرانی سفید پھول والی ½ سیر میں ایک تولہ قلعی رکھ کر دس آگ دیں ڈلی کشتہ ہوگی۔ ایک رتی ہمراہ مکھن۔

کشتہ ابرک سیاہ: تپ کہنہ۔ گرمی۔ جگر و مثانہ و بواسیر کو مفید ہے۔ ابرک حسبِ ضرورت آب مولی میں کھرل کر کے چھ سیر آگ دیں۔ تین آنچ کے بعد آبِ ادرک سے کھرل کر کے چار آنچ دیں۔ پھر آب گھیکوار سبز سے کھرل کر کے آگ دیں۔ عمدہ کشتہ ہوگا۔ ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسب۔

کشتہ سنکھ:۔ سنکھ دس تولہ کے ٹکڑے کر کے نمک کے پانی سے خوب صاف کر کے

ایک سیر باتھو کے نغدہ میں رکھ کر ایک من آگ دیں بعدہٗ ایک پاؤ برانڈی میں کھرل کرکے آگ دیں۔ سانپ کاٹے کا تریاق ہوگا ½ ماشہ پانچ منٹ کے وقفہ سے دیں اور لحاف اوڑھالیں تاکہ پسینہ آجائے ڈنک پر بھی لگائیں۔

کشتہ سم الفار:۔ سم الفار سفید ایک تولہ آب بیخ مدار میں پانچ روز کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر خشک کرکے خاکستر چوب کنجد ½ سیر کے درمیان رکھ کر کوزہ میں بند کرکے چار پہر نرم آگ جلائیں۔ کشتہ ہوگا۔ جذام اور بلغمی دمہ کو مفید ہے۔ بلغمی دمہ والے کو ہمراہ بالائی سوتے وقت دیں۔

نسخہ عجیب و غریب: رسکپور۔ سم الفار۔ شنگرف۔ لوبان کوڑیہ اصلی ایک ایک تولہ علیحدہ علیحدہ آب برگ مدار میں پانچ پانچ یوم کھرل کرکے علیحدہ علیحدہ ٹکیاں بنا کر خشک کریں۔ ایک مینڈک کلاں کا پیٹ چاک کرکے چاروں ٹکیہ ڈال دیں اور ہر ٹکیہ کی پہچان رکھیں پیٹ مضبوط دھاگہ سے سلائی کرکے مینڈک کو کپڑ وٹی کرکے دس سیر اوپلہ کی آگ دیں اور سرد کرکے الگ الگ باریک کرکے محفوظ رکھیں۔

کشتہ رسکپور: بواسیر کہنہ سوزاک و آتشک کو مفید ہے۔ ایک رتی مکھن سے دیں ترشی وغیرہ سے پرہیز کریں۔

کشتہ سم الفار جملہ امراض بلغمی و بادی۔ جذام۔ فالج۔ سنگرہنی تپ دق کے لیے نصف رتی مکھن سے دیں۔

کشتہ شنگرف امساک کے لیے قبل از وقت ایک رتی منقہ میں رکھ کر دیں۔

لوبان کوڑیہ دمہ کے لیے ایک رتی منقہ میں رکھ کر دیں۔

حکیم مولوی محمد حسین لاہور

فواق:۔ مور کے پر جنت ناریل ہموزن کی راکھ شہد ملا کر کھلائیں فوراً آرام ہوگا۔

دردِ کان:۔ چونا۔ خرمہرہ زرد قدرے مریض کے کان میں ڈال کر آب لیموں ڈالیں فوراً آرام ہوگا۔

دردِ گردہ:۔ مکھن میں نمک ڈال کر ہمراہ روٹی کھلائیں۔ آرام ہوگا۔

مفید دندان :- شب یمانی سرکہ میں بریان کرکے منجن بنائیں۔ دانتوں کا ہلنا۔ مسوڑھوں سے خون جاری ہونا اور سرد پانی نہ پی سکنا کو مفید ہے۔

استحاضہ :- پوست خشخاص کی راکھ ۱ ماشہ ہمراہ عرق بید مشک دیں دو خوراک میں آرام ہوگا۔

نامردی :- سم الفار سفید۔ سم الفار سیاہ گھونگھچی ایک ایک تولہ باریک کرکے پوٹلی بنا کر آٹھ سیر دودھ میں جوش دیں کہ ایک سیر دودھ خشک ہو۔ اتار کر ضامن لگا کر دہی بلو کر مکھن نکال کر گرم کرکے گھی بنائیں ایک تنکہ لگا کر چٹائیں اور ایک گھنٹہ کے بعد نہلائیں ایک ہفتہ میں صحت ہوگی۔

سوزاک و قرحہ کہنہ :- بیروزہ ۱ تولہ طباشیر۔ الائچی خورد ہر ایک ۲ ماشہ باریک کرکے سفوف بنائیں۔ رسکپور۔ کتھ گلابی ہر ایک ۲ ماشہ شیر بکری ایک سیر میں کھرل کرکے گولی بقدر دانہ موٹھ بنائیں ایک گولی ۲ ماشہ سفوف میں رکھ کر دودھ گاؤ سے دیں۔ دوران استعمال نہانا منع ہے۔

مقوی باہ :- پترہ چاندی ۱ تولہ کو دو تولہ ہڑتال ورقیہ کے درمیان دو ڈولوں میں رکھ کر ۵ سیر آنچ دیں سرد کرکے نکال کر باریک کریں ½ رتی مسکہ سے دیں۔

ممسک :- افیون۔ گانجہ بیخ کنیر سفید کا چھلکا۔ چرس ہم وزن عرق پیاز میں گولی بقدر مٹر بنا کر ایک گھنٹہ پیشتر ایک گولی دودھ سے دیں۔

خارش :- پارہ۔ گندھک ایک ایک تولہ مردا سنگ ۹ ماشہ۔ ملوطیا ۲ ماشہ۔ کافور ۳ ماشہ باریک کرکے مکھن گاؤ اکیس بار دھو کر ملا کر بدن پر ملیں بعد دو گھنٹہ کے دھوئیں۔ دن میں تین بار لگائیں۔ ہر قسم کی خارش دور ہوگی۔

حکیم شمس الحق امرتسری

کشتہ ہڑتال ورقیہ :- ہڑتال، پارہ ایک ایک تولہ لے کر آب برگ تلسی میں دو ہفتہ کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر خشک کرکے راکھ پیپل کے درمیان رکھ کر پیپل کی لکڑی ۲۴ گھنٹہ جلا کر سرد کریں۔ سفید کشتہ ہوگا۔

کشتہ شنگرف :- مقوی باہ صد درجہ۔ مجرب اکیس دن میں نامرد عنین از کار رفتہ کو مرد کامل بنانے والا ہے۔ اس سے زیادہ کوئی مقوی نسخہ نہ ہوگا۔

ایک تولہ آب گھیکوار یا شیر
شنگرف ۲ تولہ سیماب ۹ ماشہ گوگرد ۶ ماشہ سوہاگہ سیاہ ۵
آگ دیں کشتہ ہوگا۔
مدار میں کھرل کرکے خول بیضہ میں بند کرکے گل حکمت کرکے صبح تا شام
رکھ کر منہ بند کرکے اوپلوں کی نرم آگ پر
دیگر:۔ بلادر ایک سیر کوٹ کر ایک ہنڈیا میں ۵ تولہ شنگرف درمیان
بے حد مقوی باہ ہے۔
رکھیں آٹھ یوم کے بعد نتھار لیں اور باریک کرکے ایک چاول مکھن سے لیں۔
تلسی کھرل کرکے خشک کریں۔
کشتہ نقرہ:۔ برادہ نقرہ ا تولہ کر اول شیر مدار پھر شیر زقوم پھر آب
جو عام جسمانی امراض کو دفع کرتا ہے
پھر ہاتھی سنڈھی کے نغدہ میں رکھ کر ۵ سیر آگ دیں کشتہ ہوگا
تمام کمزوریوں کو دور کرتا ہے۔
قوت پیدا کرتا ہے۔ امساک بے نظیر پیدا کرتا ہے
۶ تولہ نغدہ بنا کر درمیان روپیہ
کشتہ نقرہ:۔ پرسیاؤشان ہزار دانی۔ گل دھاوا ہر ایک
تین بار میں کشتہ ہوگا۔
یا پترہ چاندی رکھ کر دس سیر آگ دیں۔
درمیان رکھ کر دو عدد اوپلہ کی
دیگر: اٹ سٹ۔ بستبا ناسی ہر دو پاؤ کا نغدہ کرکے
مفرح و تقویت باہ پیدا کرتا
آگ دیں۔ چار آنچ میں کشتہ ہوگا۔ مقوی دل و جگر دماغ ہے۔
ہے۔
شربت خس گڑھل والا:۔ تبرید و تسکین کرتا ہے گرمی میں عجیب تحفہ ہے۔
گل گڑھل ۱۰۰ عدد خس خوشبودار ۳ تولہ گل نیلوفر۔ صندل سفید۔ گاؤزبان ہر ایک ۲ تولہ۔
حسب طریق ایک سیر کھانڈ ملا کر شربت بنائیں اور روح کیوڑہ ۸ تولہ ملا کر استعمال کریں۔
شربت لیموں:۔ آب لیموں ۲۰ تولہ آب کشنکل ۱۵ تولہ مصری ایک سیر حسب دستور شربت
بنا کر استعمال کریں۔ یہ معدہ کو قوت دیتا ہے اور بھوک لاتا ہے۔ صفرا کی حدت زائل کرتا ہے۔
قے کو رفع کرتا ہے۔ صفراوی بخار کو خاص طور پر مفید ہے۔
شربت سنگترہ: ۱۵ آب سنگترہ۔ آب فالسہ آب تمر ہندی ہر ایک ۵ تولہ مصری ایک سیر
ملا کر شربت بنائیں اور روح کیوڑہ اور بیدمشک ملا کر استعمال کریں۔ مقوی قلب اور مسکن ہے۔
شربت ابریشم: دافع خفقان اور اختلاج قلب ہے۔ معدہ اور جگر کی گرمی زائل کرتا ہے۔
ابریشم مقرض ۱۰ تولہ۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ کاسنی۔ بیخ کاسنی ہر ایک ۲ تولہ شیرہ خارخسک
کاہو۔ خرفہ۔ مغز کدو ایک ایک تولہ مصری ایک سیر ملا کر شربت بنائیں۔

ضماد لذت :۔ بیر بہوٹی۔ خانہ زنبور۔ روغن کنجد میں ملا کر لیپ کرنا۔ چند دنوں میں سستی کو رفع کرتا ہے اور اعلیٰ درجہ کا لذت اور حظ پیدا کرنے کا موجب ہے۔

طلا مطول :۔ پوست ریٹھہ۔ شہد ملا کر ضماد کریں ایک گھنٹہ کے بعد نیم گرم پانی سے دھوئیں۔

تریاق ضعف قلب :۔ ضعف جگر و قلب کا دافع خفقان اور اختلاج قلب کو مفید ہے۔

عقیق ۲ تولہ حل بہ روح بید مشک۔ زہر مہرہ خطائی۔ طباشیر۔ زیرہ سفید۔ ورق نقرہ۔ ہموزن سفوف بنا کر ۱ ماشہ ہمراہ عرق کاسنی و مکو۔ گذر دیں۔

سل :۔ سل کہنہ و جدید، کھانسی کو مفید ہے۔

غری السمک۔ کشتہ سرطان۔ گل مختوم۔ گل ارمنی مازو۔ کشتہ ابرک ایک ایک تولہ سفوف بنا کر ایک ماشہ ہمراہ عرق سرطان دیں۔

سیلان الرحم :۔ بارہ سنگا ۵ تولہ برگ بھنگ میں رکھ کر آگ دیں ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت انجبار دیں نیز نزلہ کھانسی کو بھی مفید ہے۔

ممسک :۔ عاقرقرحا۔ دارچینی۔ تالمکھانہ۔ اوٹنگن۔ سرپالہ۔ برگ قنب۔ اجوائن خراسانی۔ ہر ایک ۲ ماشہ شیر برگد ۳ تولہ ملا کر گولی بقدر نخود بنا کر تین گولی صبح دوپہر شام ہمراہ شیر گاؤ۔

خنازیر :۔ ورم لوزتین۔ گلنگر کے پتر کوٹ کر سفوف بنا کر ایک رتی صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔

دیگر :۔ راکھ کچھو۔ راکھ مچھندر ہم وزن سفوف بنا کر دو رتی صبح و شام دوپہر ہمراہ شربت عناب دیں۔

عقر :۔ حب اسپ سوار سے جلاب دے کر اس کے بعد یہ نسخہ تین دن استعمال کریں۔ تخم مولی۔ تخم شبت۔ بادبرنگ۔ سونف۔ بسنندلوکہ۔ گیورہلدی۔ تخم گاجر ایک ایک تولہ نیم کوب کرکے ایک سیر پانی میں رات کو کوری ہنڈیا میں تر کریں۔ صبح جوش دیں۔ نصف رہنے پر ۱ تولہ قند سیاہ ۱ تولہ گھی ملا کر پلائیں۔ حیض کے آخری دن یہ نسخہ ضرور استعمال کریں۔

کشتہ قلعی: جریان۔ احتلام۔ سرعت اور گرمی کو مفید ہے۔
قلعی ایک تولہ کے خورد ٹکڑے کر کے کھٹکل کے نغدہ میں رکھ کر دس سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ ہوگا۔

کشتہ سرمہ سفید: سوزاک کا حکمی علاج ہے۔ سرمہ سفید ۵ تولہ لے کر برگ نیم سبز ۲۵ تولہ میں رکھ کر دس سیر آگ دیں۔ ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت فالسہ۔

تریاق الحمی:۔ گلو سبز ۱۰ تولہ فلفل سیاہ ۶ ماشہ چرائتہ ۲ تولہ جوکوب کر کے ایک سیر پانی میں جوش دیں کہ ایک پاؤ پانی رہ جائے تو صاف کر کے مغز کرنجوہ ۱۰ تولہ ملا کر گولی بقدر دانہ نخود بنا کر دو گولی ہر ایک بخار میں مفید ہے۔

دافع حمیات: برگ بھنگ۔ کشتہ گئو دنتی ہم وزن سفوف بنا کر ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری۔

انفلوانزا:۔ گل بنفشہ۔ گل گاؤزبان۔ گل سرخ۔ اصل السوس۔ تخم خیارین تخم قرطم۔ بادیان ہر ایک تین ماشہ انجیر ۵ دانہ عناب ۵ دانہ سپستان ۹ دانہ جوش دے کر مصری ملا کر پلائیں۔ مجرب المجرب ہے۔

حیض کشا: کلونجی ۳ ماشہ حیض کے دنوں میں صبح و شام ہمراہ مطبوخ مغز پنبہ دانہ دیں حیض فراغت سے آئے گا اور درد وغیرہ دور ہوگی۔

دردِ دندان: بورک ایسڈ ۲ ماشہ روغن لونگ ا تولہ ملا کر درد دانت۔ کرم دانت وغیرہ کو دور کرنے میں مسیحائی اثر رکھتا ہے۔ احتیاط سے صرف خراب دانت پر ہی لگانا چاہیئے۔

آتشک: ہر قسم کے آتشک کے لیے یہ نسخہ اکسیر ثابت ہو چکا ہے۔ ولایتی کتھا لی کنند کسی سنار سے لے کر باریک کر کے ایک ماشہ صبح و شام دیں۔ آتشک کے لیے تریاق اعظم ثابت ہوا ہے۔

مرہم ذبل:۔ سندھور ۵ تولہ روغن گنجد ۱۰ تولہ چربی گردہ بکرا ۱۰ تولہ طوطیا ۲ ماشہ۔ کڑاہی میں تیل ڈال کر گرم کریں چربی ملا کر یک جان کریں۔ بعدہٗ طوطیا اور سندھور ڈال کر خوب ملائیں یک جان

ہونے پر اتار لیں۔

پڑبال :۔ ایک کپڑے کو پانی میں بھگو کر صابون اچھی طرح لگا کر سکھا لیں بعدہٗ نیلا تھوتھا پانی میں حل کر کے اس کپڑے کو تر کر کے سکھا لیں اور اس کپڑے کو جلا کر بطور سرمہ لگائیں اکثر امراض کو مفید ہے۔

سوزاک :۔ گندہ بیروزہ پاؤ بھر پوٹلی میں باندھ کر پانی سے بھرے ہوئے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ بیروزہ پوٹلی سے باہر آجائے گا اتار لیں۔ اور تہ نشین حصہ کو نکال کر خشک کریں پھر اسے باریک کر کے دانہ الائچی خورد۔ ملیاشیرہ۔ مصطگی۔ ملٹھی ایک ایک تولہ ملا کر ۳ ماشہ ہمراہ شربت بزوری دیں۔ گرمی مثانہ کو بھی دور کرتا ہے۔

کشتہ سم الفار :۔ بلغمی امراض۔ اوجاع مفاصل ضعف باہ کو مفید ہے۔ سرخ مرچ خام! بنگ سبز ۸ تولہ کا شیرہ نکال کر ایک سم الفار کے ہمراہ کھرل کریں اور قرص بنا کر برگ ارنڈ ۸ تولہ کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے ۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں سفید کشتہ ہوگا۔

جالا پھولا :۔ لوڑھ بھی۔ طوطیا گجراتی۔ پھٹکری بریاں۔ ہلدی ہم وزن سرمہ بنا کر استعمال کریں۔

خضاب :۔ مرداسنگ ایک تولہ چونہ آب نارسیدہ ۵ تولہ۔ ملتانی مٹی ۵ تولہ باریک کر کے پانی میں گھول کر بالوں پر لگائیں۔ پانچ دس منٹ میں بال سیاہ ہوں گے۔ خضاب کے بعد دھو کر تیل لگائیں۔

سرعت دور : گلنار فارسی۔ سربالہ۔ ہر ایک چار ماشہ۔ تخم تمر ہندی کلاں۔ سمبھلی خشک ایک ایک تولہ کوزہ مصری ہموزن باریک کر کے سفوف بنا کر ۲ ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت خشخاش دیں۔

ممسک : کئی بار کا آزمودہ ہے۔ ایام سرما کا تحفہ ہے۔ "نانک نخورد" کا مصداق ہے۔

مازو۔ اسپند۔ مصطگی۔ زعفران۔ ناگ کیسر۔ جوزبویہ۔ بسباسہ۔ موچرس۔ اجوائن خراسانی سپاری۔ ہر ایک ۳ ماشہ افیون ۳ ماشہ شیر برگد میں گولی بقدر نخود بنا کر ۳ تا ۴ گولی ہمراہ دودھ دیں۔

حکیم جان محمد امرتسری

کشتہ ہڑتال ورقیہ :۔ ہڑتال ورقیہ ایک تولہ کو آب بوٹی سونچل ایک پاؤ میں چار یوم کھرل کرکے قرص بناکر خشک کرکے بعدہ بوٹی مذکور ۱۰ تولہ میں رکھ کر گل حکمت کرکے ۲ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہوگا ایک چاول ہمراہ بدرقہ مناسب برائے تپ کہنہ و سرفہ کہنہ استعمال کریں۔

دیگر :۔ ہڑتال ورقیہ ایک تولے کو ایک یوم شیر عشر میں کھرل کرکے قرص بناکر سایہ میں خشک کرکے ۱۰ تولہ سوتر خام لپیٹ کر آگ لگائیں۔ خوراک ایک چاول برائے امراض باردہ و امراض جلدی استعمال کریں۔

دیگر :۔ ہڑتال مدبر ایک تولہ میں آب گندنا اس قدر ڈالیں کہ چھپ جائے اوپر سرپوش کاغذ لگا کر آگ پر رکھیں کہ پانی جل کر خشک ہو جائے۔ فوراً اتار کر باریک کرکے رکھیں۔ بخار کھانسی خرابی خون وغیرہ کو مفید ہے۔

دیگر :۔ مغز کرنجوہ۔ پھٹکری سفید دو دو تولہ علیحدہ علیحدہ باریک کرکے کوزہ میں نصف مغز کرنجوہ۔ بعدہٗ نصف پھٹکری بچھا کر ہڑتال کی ڈلیاں رکھ دیں۔ اس پر باقی پھٹکری و مغز کرنجوہ ڈال کر کوزہ بند کرکے گل حکمت کرکے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں ۱/۲ رتی ہمراہ مسکہ دیں۔ چالیس یوم میں جذام برص۔ آتشک خرابی خون کو فائدہ ہوگا۔

دیگر :۔ ہڑتال ورقیہ ایک تولہ کو آب گھیکوار میں تین یوم کھرل کرکے اور قرص بناکر سایہ میں خشک کرکے ڈھاک یا پیپل کی راکھ میں رکھ کر صبح تا شام آگ جلائیں۔ برنگ سفید ہوگا۔ امراض بالا میں مفید ہے۔

کشتہ خبث الحدید :۔ عرصہ سے میرے زیر استعمال ہے ضعف جگر۔ ضعف معدہ سوالقنیہ استسقاء اسہال مزمن کے لیے مفید ہے۔

سار لوہا جو لوہار کی بھٹی پر بکثرت مل سکتا ہے۔ ایک پاؤ لے کر باریک کرکے کوزہ گلی میں ڈال کر آب نرسپلا ۲۰ تولہ ڈال کر آگ پر خشک کریں۔ پھر سرکہ انگوری میں ایک پاؤ جذب کریں۔

بعدہٗ آبِ گھیکوار سے کھرل کرکے چند قوی آنچیں دیں کہ سرخ ہو جائے - پھر اس میں شہد مکھی ایک ایک پاؤ ملا کر ایک آنچ اور دیں اور باریک کرکے محفوظ رکھیں بقدر ضرورت خارجی استعمال کریں اور ایک قطرہ بتاشہ میں دیں۔

کشتہ مس :- تار تانبہ مصفیٰ ایک تولہ جنگلی پیاز میں رکھ کر آگ دیں۔ اسی طرح آٹھ آنچ دیں کشتہ برنگ سفید ہوگا۔ قوت باہ کو مفید ہوگا۔

آتشک :- کتھ۔ کیلا ایک ایک تولہ رسکپور۔ دارچکنہ ۶-۶ ماشہ۔ رسونت مصفیٰ ۱۰ تولہ عرق گلاب میں رسونت حل کرکے اور دوائیں ملا کر پانچ چھ گھنٹہ کھرل کرکے آٹھ گولی بقدر نخود بنا کر صبح و شام ہمراہ لسی دیں۔ سوائے شراب کے اور کوئی پرہیز نہیں۔

دیگر :- سم الفار بلوری ایک تولہ آب لیموں کاغذی ۳۰۰ عدد میں کھرل کرکے آٹھ گولی بقدر مسور بنا کر مسکہ سے دیں۔ آتشک، خنازیر، نامردی، جذام کو مفید ہے۔

موسمی بخار :- کتھ چار تولہ سم الفار چھ رتی گل سرخ چار تولہ علیحدہ علیحدہ باریک کرکے تیس گھنٹہ کھرل کریں۔ ایک رتی قبل از نوبت دینے سے حکماً بخار کو روکتی ہے۔ پرانے بخاروں میں مفید ہے آتشکی مادہ کے قلع قمع کے لیے متواتر دو ماہ کھلائیں۔

دیگر : صندلین، مغز مہرہ، کافور، گیرو، ہموزن سفوف بنا کر بحالت تپ دیں ایک ماشہ ہمراہ بقدر

دیگر : برگ بھنگ ۳ تولہ، کافور ایک تولہ گولی بقدر نخود بنا کر دو گولی قبل از نوبت دیں۔

سل دِق :- سرطان خشک مغسول ۱ ہمراہ نمک، سنگ پشت کچھوا مغسول، شاخ مرجان صدف مرواریدی۔ سنگ جراحت کشتہ ابرک سیاہ۔ ملکہ ایک تولہ مطبوخ بانسہ ½ سیر، مطبوخ گلو ½ سیر میں کھرل کرکے نغدہ بنا کر کوزہ میں بند کرکے چھ سیر آگ دیں۔ ½ ماشہ ہمراہ عرق بانسہ دیں۔

خنازیر :- بیخ گل عباسی ۳ تولہ مرچ سیاہ دو تولہ گولی بقدر نخود بنا کر صبح ہمراہ پانی دیں۔

اکسیر تپ : یہ نسخہ عرصہ بائیس سال سے ہزاروں مریضوں پر تجربہ شدہ ہے۔ مرچ سیاہ، کونین، گیرو۔ مغز کرنجوہ دو دو تولہ برگ بھنگ چار تولہ خوب کھرل کرکے یک جان کریں۔ ایک ماشہ قبل بخار ہمراہ پانی یا بدرقہ مناسب سے دیں۔

دیگر : کشتہ سفید اصلی ۲ تولہ ورق گل گلاب ایک تولہ سم الفار ½ رتی متواتر ایک یوم

کھرل کر کے ایک رتی قبل بخار دیں علاوہ ازیں آتشک کہنہ۔ جذام۔ برص۔ خارش فالج۔ خنازیر ضعف باہ وغیرہ کو مفید ہے۔

دیگر:۔ ست گلو۔ کشتہ ابرک سفید۔ لوبان کوڈیہ۔ شورہ قلمی ہموزن سحق بلیغ کر کے ملا ئیں تپ مباری کے لیے بدرقہ مناسب سے دیں۔

اکسیر دق وسل:۔ یاقوت احمر ۵ تولہ۔ برگ اڑوسہ ایک پاؤ کے نغدہ میں رکھ کر دو پیالوں میں بند کر کے ایک من پختہ آگ دیں بشگفت کشتہ ہوگا۔ اسے عرق اڑوسہ میں آٹھ یوم کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔ دو رتی ہمراہ عرق برگ اڑوسہ سے دیں۔

حکیم مولوی کریم بخش

نزلہ ۔ تخم دھتورہ۔ اجوائن خراسانی۔ زنجبیل ہموزن۔ گولی بقدر نخود بنا کر ایک گولی کھانے سے دس منٹ کے اندر نزلہ بند ہو جاتا ہے۔

مسہل: حب الملوک مدبر۔ مرچ سیاہ۔ زنجبیل۔ مغز کرنجوہ۔ ہموزن سفوف بنا کر دو رتی سے چار رتی ہمراہ چھاچھ دیں۔

سوزاک کا کاجل:۔ جوان بھینس کے سینگ کا برادہ کسی کپڑے میں بطور بتی بنا کر تیل سرسوں کے ہمراہ چراغ جلائیں اور کاجل اتار کر دیں۔ اندری جلاب دے کر دو روز کا وقفہ کر کے رات کو آنکھوں میں لگائیں اور چار گھڑی شمع یا چراغ کے سامنے بیٹھ کر اسے غور سے دیکھتے رہیں۔ پھر سو جائیں۔ صبح پیشاب بکثرت جاری ہو کر آرام ہوگا

آتشک کے لیے حقہ:۔ شنگرف۔ رسکپور۔ دار چکنا۔ ماجو۔ سوہاگہ۔ ہر ایک چار ماشہ پیس کر پانی کے ساتھ پانچ قرص بنا دیں۔ رات کے وقت ایک ایک قرص بتدریج نئے حقہ میں جس میں پانی نہ ڈالا گیا ہو پیویں۔ جب سب قرص ختم ہو جائیں۔ چوزہ مرغ کا شوربہ ایک پاؤ روغن زرد کے ساتھ بنا کر نوش کریں۔ ایک ہی روز میں شفا ہوگی۔ اس علاج سے امراض خون۔ وجع المفاصل۔ خنازیر وغیرہ کو فائدہ ہو جاتا ہے۔

گنگا سیماب :- سونا ایک حصہ۔ چاندی دو حصہ تانبہ تین حصہ، لوہا چار حصہ جست پانچ حصہ سکہ چھ حصہ قلعی سات حصہ۔ پارہ آٹھ حصہ۔ تمام دھاتوں کو پگھلا کر اسی مرکب سے کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں اس میں سیماب پانچ تولہ ڈال کر بیضہ زاغ کی رطوبت سے کھرل کریں۔ کہ منعقد ہو جائے تو سیاہ دھتورہ کے پھل میں بند کر کے آگ میں بھرتہ کریں۔ اسی طرح سات بار کریں۔ پھر ایک کھوا لا کر منہ کے راستہ اس کے پیٹ میں داخل کریں۔ اور منہ سی کر نمناک زمین میں دفن کریں۔ ہفتہ کے بعد نکال کر دوسرے کچھوے میں داخل کر کے دفن کریں۔ سات کچھوؤں کے بعد گنگا تیار ہے۔

محکم دندان : پوست ہلیلہ سبز ایک تولہ نمک سنگ تین ماشہ باریک کر کے دانتوں پر ملیں۔

خناق :- پوست ریٹھا باریک کر کے تھوڑے سے پانی میں حل کر کے پلا دیں۔

کھانسی نزلہ :- افیون ایک ماشہ۔ ست ملٹھی ایک تولہ۔ مغز بادام پانچ تولہ کھرل کر کے ایک ماشہ دیں۔

دمہ :- اجوائن ایک پاؤ۔ برگ دھتورہ ایک سو عدد۔ پانی دو سیر میں پکائیں۔ جب پانی خشک ہو جائے۔ اجوائن کی پوٹلی نکال کر خشک کر لیں۔ ایک ماشہ صبح ہمراہ تنبر تازہ دیں۔

نفث الدم : پھٹکڑی شگفتہ ایک تولہ۔ رسونت چار تولہ کے زلال سے کھرل کر کے ½ ماشہ کی گولی بنا کر ہمراہ کشنیز دیں۔

مقوی معدہ ہاضم :- نمک لاہوری دو تولے۔ الائچی خورد پانچ عدد۔ سفوف بنا کر ایک تولہ تیزاب گندھک ملا کر یکذات کریں۔ بقدر دو رتی کھائیں۔

قبض :- سقمونیا ایک تولہ۔ مغز بادام۔ منقہ دو دو تولہ گولی بقدر نخود بنا کر ایک دو گولی دیں۔

ورم طحال :- رائی تین حصہ۔ سوہاگہ ایک حصہ سفوف بنا کر تین ماشہ صبح و شام دیں۔

ورم جگر :- افسنتین ایک تولہ۔ نوشادر تین ماشہ۔ سفوف بنا کر ½ ماشہ پانی سے دیں۔

جلق :- روغن جمالگوٹہ ایک حصہ۔ روغن لونگ تین حصہ ملا کر مالش کریں۔

طلا مقوی :- مغز پنبہ دانہ کو پوٹلی میں باندھ کر پانی کے ہمراہ جوش دیں۔ جب اچھی طرح جوش آ جائے پوٹلی نکال کر شکنجہ میں دبائیں۔ تیل خارج ہوگا۔ جس میں پانی ملا ہوگا۔ جسے دھوپ

میں خشک کریں ۔اس میں عنبر ملا کر کمر کے مقام پر جہاں نخاع نناسل واقع ہے ۔ مالش کر دیں. مردمی کمزوری دور ہوگی ۔

نفخ الطحال وسو القنیہ :۔ ریوند چینی یشورہ قلمی ۔سوڈا بائیکارب ہر یک یک تولہ ۔نوشادر چھ ماشہ سفوف بناکر صبح و شام ہمراہ پانی دیں ۔خوراک ۲ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسب ۔

ریح البواسیر :۔ مقل ارزق ۔ رسونت ۔مغز تخم نیم ۔ثمر بکائن ۔صبر زرد ایک ایک تولہ نمک سیاہ نوشادر ۔سوہاگہ بریاں ۔ اجوائن ۔زیرہ سیاہ ۔نرکچور ۔اجمود ۔مصطگی ۔تخم گندنا ۔صعتر ۔ہر یک چھ ماشہ موبز منقیٰ ۱۰ تولہ باریک کرکے عرق گندنا میں گولی بقدر کنار دشتی بنا کر صبح و شام ہمراہ پانی دیں ۔

دیگر :۔ پوست ہلیلہ زرد ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۔ہلیلہ سیاہ ۔پوست بلیلہ آملہ مقل ارزق ۔ ہر یک چھ ماشہ ۔کچور ۔انیسوں ۔ریوند چینی ۔تخم گندنا ۔ہر یک پانچ ماشہ ترنجبین خراسانی دو تولہ باریک کرکے آب گندنا سے کھرل کرکے بقدر نخود بنا کر ایک گولی سے شروع کرکے بیس گولی تک روز اور پھر ایک کم کرکے ایک گولی پر آجائیں ۔

چندرا ودے رس :۔ برائے تقویت باہ اعضائے رئیسہ و انعاش حرارت غریزی ۔سیماب پارہ تولہ کو صاف کرکے ورق طلا تین تولہ میں ملا کر کھرل کریں ۔ پھر مروارید ایک تولہ شنگرف چھ ماشہ ملا کر آٹھ یوم عرق لیموں سے کھرل کرکے پتلی پتلی ٹکیاں بنا کر کوزہ گلی میں بند کرکے گجپٹ کی آگ دیں سرد کرکے ۲ ماہ محفوظ رکھیں بعدہٗ استعمال کریں ۔ خوراک ایک چاول ۔

کشتہ نقرہ :۔ برادہ نقرہ ایک تولہ ابرک سفید محلوب ۲ تولہ ہر دو تین روز آب لیموں اور ایک روز آب گھیکوار سے کھرل کرکے گولیاں بقدر نخود بنا کر خشک کرکے کوزہ میں بند کرکے ۵ سیر آگ دیں ۔اگر چمک رہے تو دوبارہ آب لیموں سے کھرل کرکے تکرار عمل کریں کشتہ ہوگا ۔جریان تپ دق کو مفید ہے ۔

کشتہ قلعی :۔ قلعی مصفیٰ پارہ ایک ایک تولہ گرہ کرکے ایک پاؤ گوند کتیرا میں فاصلہ پہ ذرا ذرا رکھ کر پارچہ لپیٹ کر ایک سیر پارچہ لپیٹ کر آگ دیں ۔ سرد کرکے خام حصہ الگ کر دیں ۔ باقی جریان کے لیے اکسیر ہے ۔

دردمسہ بواسیر:- مغز تخم نیم۔ کافور ہموزن کھرل کرکے گولیاں بنا کر بذریعہ پیال جنتر روغن کشید کریں اور زردی بیضہ مرغ میں ملا کر مسوں پر ضماد کریں۔

دیگر:- افیون ۱ حصہ مازو ۲ حصہ باریک کرکے مسکہ گاؤ شستہ ۵ حصہ ملا کر مسوں پر لگائیں۔

دافع مسہ بواسیر:- سم الفار۔ دار چکنہ۔ ہڑتال ورقیہ ہر ایک ۳ ماشہ رسکپور ½ تولہ باریک کرکے تیزاب گندھک ایک تولہ ملائیں اور دھوپ میں رکھیں کہ خشک ہو۔ سلائی کے ساتھ مسوں پر لگائیں اور آب نیم انگارے پر ڈال کر دھونی لیں اگر سوزش ہو تو برگ بھنگ کا نغدہ باندھیں ایک ہفتہ کے عمل سے مسے گر جائیں گے۔ بعدہٗ یہ مرہم لگائیں۔ مردا سنگ۔ سندھور۔ رال ہموزن باریک کرکے مکھن ملا کر لگائیں۔

پنڈت ہنس راج

دافع مسہ بواسیر:- بیخ حنا ۲ تولہ پانی میں پیس کر قرص تیار کریں اور مسوں پہ باندھیں نہایت تیز لگے گا۔ دو گھنٹہ کے اندر اندر مسوں کو نیست و نابود کر دے گا۔

حکیم ساون سنگھ

بواسیر ہر قسم:- قند سیاہ کہنہ۔ دال نخود بریاں ہر ایک ۲ تولہ چونہ ان بجھا ۳ تولہ۔ سب کو ہاون دستہ میں ڈال کر چار ہزار چوٹ لگائیں اور ذرا سا پانی ملا کر گولی بقدر کنار دشتی بنا کر صبح و شام پانی سے دیں۔

دیگر:- پوست ہلیلہ کلاں۔ برگ نیم۔ مغز تخم نیم۔ برگ سرنا۔ گل سرخ۔ مغز تخم بکائن ہموزن باریک کرکے بقدر ۶ ماشہ ہمراہ پانی دیں ایک ہفتہ میں مرض دور ہوگی۔

حکیم محمد ابراہیم

ریٹھہ کی اکسیر:- پوست ریٹھہ باریک مثل غبار کریں اور تین تین ماشہ کی پڑیہ بنا لیں ایک پڑیہ ۲ تولے پانی میں حل کرکے چند قطرے ناک میں ٹپکائیں اور باقی پلائیں۔ ایک ہفتہ میں مرگی کا قلع قمع ہوگا۔ ایک پڑیا پلانے سے سانپ کا کاٹا فوراً درست ہوگا۔ اسی طرح زہر سم الفار د

افیون والے کو استعمال کرنے پر زہر دور ہو گا۔

سنگ مثانہ: شورہ قلمی ½ پاؤ کے درمیان حجر الیہود ۵ تولے رکھ کر آب مول ۲ سیر ڈال کر برتن گل میں ڈال کر گل حکمت کر کے ۵ سیر آگ دیں۔ اسی طرح پانچ آنچ دیں۔ ایک رتی جوکھار میں ایک رتی ملا کر سات روز تک پانی سے دیں تمام پتھری ایک ہفتہ میں آرام ہوگا۔

مسہ ہائے بواسیر: ہزار پایہ خشک شدہ بقدر ½ ماشہ کی دھونی سے مسہ بواسیر آسانی سے گر جاتے ہیں۔

مولوی احمد حسین خاں دکن

کشتہ سم الفار: نہایت مقوی باہ، مسمن بدن و مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ دودھ گھی جس قدر خواہش ہو کھائیں ہضم کر لیتا ہے۔

سہاگہ۔ شورہ ایک ایک تولہ کھرل کریں ایک بالشت طویل اور روپیہ برابر گول مٹی کا بوتہ بنا کر خشک کریں اس میں نصف دوا ڈال کر ایک تولہ سم الفار رکھیں۔ بقیہ نصف دوا اوپر ڈال کر منہ بند کر کے ایک سیر اوپلہ صحرائی کی آگ دیں سرد کر کے نکالیں۔ چرخ خوردہ برآمد ہو گا۔ باریک کر کے ایک چاول مکھن ۵ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم عبدالغفور فراز خواجوی

حب ممسک: سیماب۔ افیون۔ ہر ایک ۹ ماشہ عرق برگ تنبول ۱۵ عدد میں سحق بلیغ کریں۔ اس میں عقرقرحا۔ پوست بیخ مولٹھ۔ اجوائن خراسانی۔ جوزبویہ۔ خولنجان۔ قرنفل۔ ہمہ ۳ ماشہ ملا کر گولی بقدر نخود بنا کر دو گھنٹہ پیشتر ہمراہ دودھ دیں۔

حب آتشک: شنگرف۔ رسکپور۔ لونگ ہمہ ۶ ماشہ مغز جمالگوٹہ پتہ دور کردہ ۱۴ عدد جملہ ادویہ کھرل کر کے انڈہ سے سفیدی دور کر کے بھر دیں۔ دوسرا خول اوپر دے کر گل حکمت کر کے بھوبل میں پکائیں اور نکال کر کوٹ کر گولی بقدر نخود بنا کر ہموزن روغن زرد ۵ تولہ دیں۔ غذا چپاتی ہمراہ دال مونگ دیں۔

ابو الحکمت حکیم غلام محمد ناظم لاہوری

معجون پنبہ دانہ: - مولد و مغلظ منی۔ مانع سرعت جریان۔ احتلام اور مبہی باہ ہے خوش ذائقہ قلیل القیمت وکثیر المنفعت ہے۔

آرد تخم پنبہ دانہ (بنولہ) ۱۰ تولہ زردی بیضہ مرغ ایک درجن روغن زرد ایک پاؤ میں بھونیں اور قند سفید ایک سیر عرق پیاز ایک پاؤ میں قوام کرکے ملائیں اور ریباسہ۔ موصلی سفید و موصلی سیاہ ستاور ہر ایک ۵ تولہ سفوف بنا کر ملائیں اور سوتے وقت بقدر برداشت استعمال کریں۔

مقوی عجیب: آرد نخود بریاں۔ آرد پنبہ دانہ ہر ایک ۴ تولہ زردی بیضہ مرغ ۴ عدد گھی ½ پاؤ میں بھونیں اور شہد ½ پاؤ آب پیاز۔ آب ادرک۔ آب انگور۔ آب پودینہ ہر ایک ۴ تولہ ملا کر شربت بنا کر ملائیں۔ جب حلوہ کی طرح ہو جائے تو آرد تخم خرما ۴ ماشہ ملا کر شام کو پیٹ بھر کر کھلائیں اور جس وقت پیاس لگے۔ دودھ پلائیں اور جب رات کو پیاس لگے۔ دودھ ہی پلائیں صبح غذا گوشت روٹی کھلائیں ہفتہ عشرہ میں قوت باہ میں اس قدر اضافہ ہوگا کہ طبیعت قابو میں نہ رہے گی۔

حب مقوی: جو محرک باہ ہونے کے علاوہ ممسک بھی ہے اور پہلے ہی روز اثر دکھاتی ہے بچھناگ سیاہ ۵ تولہ پوٹلی بنا کر گوبر بھینس میں تین پہر پکائیں۔ پھر صاف کرکے ایک سیر گندم سرخ کے ہمراہ اس قدر پکائیں کہ گندم گداز ہو جائے۔ بعدہٗ نکال کر نیم کوفتہ کرکے دو سیر دودھ گاؤ میں ڈال کر پکائیں اور ساتھ ہی بادبرنگ فلفل سیاہ ہر ایک ۵ تولہ کتھ سفید مصطگی دانہ الائچی سفید ہر ایک ۲ تولہ باریک کرکے ملائیں۔ جب دودھ گاڑھا ہو جائے۔ تو گولی بقدر دانہ نخود بنا کر دودھ یا مکھن سے دیں ہفتہ عشرہ میں جوانی از سر نو عود کر آئے گی۔ غذا مرغن دودھ گھی عام استعمال کرائیں۔

اکسیر قوت باہ: جو گئے گذرے مریضاں کے حق میں درحقیقت اکسیر اور پیران ہشتاد سالہ کے لئے آب حیات ہے۔

نقرہ گاؤ جوان ایک عدد سم الفار سفید شنگرف، رال، گندھک آملہ سار، قرنفل، جائفل

خراطین مسقولہ بیربہوٹی۔ عاقرقرحا ہرایک ایک تولہ باریک کرکے زہرہ میں کھرل کرکے خشک کریں۔ پھر شیر مدار میں کھرل کرکے خشک کریں اور کوزہ میں بند کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر جو کچھ نکلے محفوظ رکھیں۔ مایوس العلاج مریضان باہ اور کہن سال عیش پرستوں کو ایک دو رتی پان میں رکھ کر کھلائیں اور پیاس لگے تو دودھ پلائیں اور غذا مرغن دیں۔

مقوی باہ : نہایت ہی زوداثر ہیں ایک ہفتہ میں بوڑھا جوان اور جوان نوجوان ہو جاتے ہیں۔ تازیست دوسری دوا کی ضرورت نہ رہے گی۔

بچھناک مدبر۔ گندھک مدبر۔ شنگرف۔ نارجیل دریائی۔ فلفل سفید۔ عاقرقرحا۔ ایک ایک تولہ آب ادرک۔ آب مولی۔ ہرایک ۵ تولہ۔ آب برگ تنبول ۵۰ عدد میں کھرل کرکے گولی بقدر دانہ نخود بنا کر ایک گولی ہمراہ مسکہ یا بالائی دیں۔

مقوی باہ :- تقویت اعصاب۔ مانع درد اعصاب اور ممسک ہے۔

کچلہ مدبر۔ عاقرقرحا۔ جندبیدستر۔ بسباسہ۔ قرنفل۔ بزرالبنج ہرایک ۱ تولہ زنجبیل۔ دارفلفل۔ فلفل گرد دو دو تولہ۔ سورنجان شیریں ۱ تولہ زعفران ۶ ماشہ کستوری ۲ ماشہ عرق کیوڑہ میں کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر ہمراہ دودھ دیں۔

مقوی باہ :- تمام نسخہ جات سے نہایت ہی اعلیٰ مقوی و مشتہی ہے۔ میرا دعویٰ ہے کہ اس سے بڑھ کر آسان سستا اور زوداثر طبی نسخہ دنیا میں نہیں۔

سم الفار سفید۔ سم الفار زرد۔ سم الفار سرخ ایک ایک تولہ یا سم الفار ۳ تولہ۔ قرنفل۔ عاقرقرحا جاوتری۔ جائفل۔ فلفل دراز ایک ایک تولہ سب کو ایک سو ایک عدد برگ تنبول کے پانی سے کھرل کریں۔ پھر مسکہ گاؤ ۵ تولہ ملا کر تین یوم کھرل کریں۔ ایک برتن قلعی شدہ پر باریک کپڑا باندھ کر اوپر دوا پھیلا دیں اور ٹکڑا ابرک یا ڈھکنا قلعی شدہ رکھ کر منہ بند کرکے برتن کو زمین میں دفن کر دیں مگر منہ باہر رہے۔ تین سیر گوئے اوپر جلائیں۔ تمام تیل نیچے برتن میں ہوگا۔ اسے محفوظ رکھیں اور برگ تنبول میں مصالحہ خاص لگا کر ایک قطرہ ڈال کر کھلائیں۔ غذا مرغن استعمال کریں۔

مصالحہ خاص :- جائفل۔ جاوتری۔ لونگ۔ دارچینی۔ دانہ الائچی خورد ایک ایک تولہ دس طلائے

سات عدد ورق نقرہ ۲۱ عدد زعفران ۶ ماشہ باریک کرکے رکھیں اور بقدر دو تین ماشہ ایک پان میں رکھ کر کھائیں۔

موسم سرما کا تحفہ مجرب المجرب:- جو نہایت آسان ہے خوش ذائقہ ہونے کے علاوہ اس قدر میٹھی ہے کہ آدمی اپنی طبیعت پر قابو نہیں رکھ سکتا۔

شنگرف رومی ایک تولہ زردی بیضہ مرغ ۱۲ عدد باہم خوب کھرل کریں اور گھی ایک پاؤ میں بریاں کریں اور ایک پاؤ کھانڈ ملالیں اور زعفران ۱ ماشہ جوزبویہ ۳ ماشہ کھرل کرکے ملالیں مغز بادام بھی شامل کر سکتے ہیں۔ خوراک بقدر برداشت طبیعت استعمال کریں۔

طلاشباب:- جس کے استعمال سے کمی لاغری سستی دور ہو جاتی ہے جلق اغلام سے جو شکایتیں ہوں ہفتہ عشرہ میں دور ہو جاتی ہیں۔ ہمارا دعویٰ ہے کہ اس طلا کے استعمال سے ہر ایک مایوس العلاج نامرد بھی مرد کامل بن جاتا ہے۔

مغز پستہ۔ مغز چیپال ایک ایک پاؤ زردی بیضہ مرغ ۵۰ عدد باہم ملاکر روغن گندہ ۸ سیر میں جلاکر روغن تیار کریں۔ اس میں روغن سم الفار بذریعہ آب بھی ملائیں اور استعمال کریں۔

اکسیر یا اعادہ شباب:- جو پیران ہشتاد سالہ کو بھی جوان کر دیتا ہے۔

پارہ نقرہ۔ پارہ ایک ایک تولہ آب زلال پوست ہلیلہ زرد ۴ تولہ کھرل کرکے خشک کریں اور قرص بناکر ایک پاؤ نغدہ کبن میں رکھ کر آگ میں دفن کریں تاکہ پارہ نہ اڑے۔ اگر پارہ کا وزن کم ہو تو اور ڈال لیں اور آب کبن مزدق سے ۴ پہر کھرل کرکے نغدہ میں رکھ کر تشویہ دیں اکیس بار تکرار عمل کریں بعد ازاں دو او پلہ وزنی ایک پاؤ میں کاک کرکے دو تولہ سفوف ہر چہار اجوائن اوپر دو تولہ سفوف چہار چینی اس پر قرص رکھ کر اسی قدر سفوف چہار چینی و اجوائن بچھا کر اور بند کرکے آگ دیں۔ کشتہ کا وزن ہوگا ½ رتی زردی بیضہ مرغ سے دیں۔

چہار اجوائن:- اجوائن دیسی۔ اجوائن خراسانی۔ اجوائن جنگلی۔ دل اجوائن۔

چہار چینی:- چوب چینی۔ دار چینی۔ کباب چینی۔ ریوند چینی۔

دیگر:- مذکورہ بالا عمل سے آسان تر مجرب المجرب بارہا کا آزمودہ اور اسرار مکنونہ سے ہے۔

ے: نسخہ بتایا میں نے تلفکر کمال سے کاغذ پہ لکھ دیا ہے کلیجہ نکال کے

کشتہ نقرہ خواہ کسی طریقہ سے ہو سیماب مصفیٰ ایک ایک تولہ آب لیموں سے کھرل کر کے قرص بنائیں۔ برگ حنا ایک سیر پانی ۴ سیر میں بھگوئیں ہفتہ عشرہ کے بعد مل کر چھان کر لیں اور قرص مذکورہ پر بذریعہ چوبہ جذب کریں۔ بعد ازاں ۱/۲ پاؤ تک سفید کو ۲۴ گھنٹہ آب تازہ میں تر کر کے نغدہ بنائیں اس میں قرص رکھ کر دو او پلہ وزنی ایک سیر میں آگ دیں کشتہ ہو گا۔ خوراک ۱/۲ رتی ہمراہ زردی بیضہ مرغ دیں۔

دیگر: کشتہ فولاد ۵ تولہ میں سنگرف ۶ ماشہ ملا کر روغن بیضہ مرغ دو تولہ میں کھرل کر کے ایک ایک تولہ کے قرص بنا کر مٹی کی رکابیوں میں بند کر کے دو سیر آگ دیں سرد کر کے جدید شنگرف ۶ ماشہ ملا کر اور روغن بیضہ مرغ سے کھرل کر کے آنچ دیں دس آنچ میں تیار ہے۔ جب چاہیں ضعیف العمر کو ۱/۲ رتی ہمراہ مسکہ دیں۔

معجون مقوی: ممسک۔ مولد و مغلظ منی اس کے استعمال سے جریان پیشاب بھی دور ہو جاتا ہے۔
درونج عقربی۔ شقاقل مصری۔ بہمن سرخ و سفید۔ خولنجان۔ بادرنجبویہ۔ گاؤ زبان۔ بسباسہ۔ زنجبیل۔ دانہ الائچی کلاں۔ دانہ الائچی خورد۔ قرنفل۔ زعفران۔ مصطگی۔ دار چینی۔ جوز بویہ۔ تودری سرخ و سفید ہر ایک ۵ تولہ شہد سہ چند قند سفید ایک چند برگ بھنگ ۱۰ تولہ معجون بنا کر ۶ ماشہ تا ایک تولہ استعمال کریں۔

سفوف مقوی باہ: برائے حار مزاجان۔ مانع سیلان منی احتلام وغیرہ نوجوانوں کو اکسیر صفت قدرتی امساک پیدا کرتا ہے۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ مصطگی۔ دار چینی۔ سنبل۔ چوپ چینی۔ تالمکھانہ۔ گوکھرو۔ سنگھاڑہ۔ سپستان ہر ایک ۲ تولہ کشتہ سہ دھاتہ بذریعہ کوکنار ۲ تولہ مصری ہموزن سفوف بنا کر بوقت صبح ایک تولہ ہمراہ دودھ ۱/۲ سیر۔

روغن گندھک: ضعف باہ میں داخلی و خارجی مفید ہے۔ اور برص کا عظیم علاج ہے۔ مغز حب الملوک ۵ تولہ گندھک آملہ سار ۵ تولہ خوب کھرل کر کے یکجان کریں۔ پھر آب مرد تلخ و ندہ ۱۰ تولہ میں کھرل کر کے شیشی میں بند کر کے لید اسپ میں ۲۵ یوم دفن کریں تا کہ بہ جہت

مزاج پکڑ جائے اس کی گولیاں بنا کر تپال جنتر سے تیل نکالیں سرخ رنگ کا تیل جو اوپر ہوگا۔ روغن گندھک ہوگا اور نیچے روغن حب الملوک ہوگا۔ ہر دو کارآمد ہیں۔

کشتہ نقرہ: پترہ نقرہ ایک تولہ کے زیر و بالا سفوف سم الفار و گندھک ایک ایک تولہ دے کر کوزہ میں بند کر کے ایک پاؤ اوپلہ کی آگ دیں۔ چرخ خوردہ کشتہ ہوگا۔ اگر کچھ کسر رہ جائے۔ تو تجدید ادویہ شامل کر کے ایک آنچ اور دیں کشتہ ہوگا۔ ½ رتی دیں یہ کشتہ ممسک ہونے کے علاوہ مصفی خون ہے بلکہ یوں سمجھنا چاہیئے کہ مریضان آتشک کے حق میں اکسیر کے برابر ہے۔

کشتہ فولاد: اس کے استعمال سے اشتہا از حد بڑھ جاتی ہے۔ معدہ کی تمام خرابیاں دور ہوں گی جس قدر روغن غذا کھائی جائے گی۔ سب ہضم ہوکر جزو بدن بن جائے گی۔ ضعف جگر اور خون کی خرابیاں ہفتہ عشرہ میں دور ہوں گی

برادہ فولاد۔ گندھک۔ نوشادر ایک ایک تولہ کھرل کر کے گودہ گھیکوار دو تولہ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے کوزہ میں بند کر کے دو تین سیر اوپلہ کی آگ دیں سرد کر کے مزید گندھک و نوشادر ملا کر بدستور کھرل کر کے آگ دیں۔ تین بار میں اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہوگا۔

کشتہ قلعی پارہ: قلعی مصفیٰ۔ پارہ مصفیٰ ایک ایک تولہ گرہ کر کے شیر برگد سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے ۵ تولہ نمدہ ریش برگد میں رکھ کر تشریہ کی آگ دیں کشتہ ہوگا۔

اطریفل کشنیز مرکب: قبض کشا۔ مانع تبخیر۔ دافع بلغم۔ مقوی دماغ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ مقشر۔ ہلیلہ سیاہ ایک ایک تولہ برگ سنا۔ کشنیز خشک ہر ایک ۲ تولہ کوٹ کر روغن بادام سے چرب کر کے شہد سہ چند ملا کر سوتے وقت ایک تولہ استعمال کریں۔

برص:۔ گندھک آملہ سار۔ باپچی۔ تخم خرما ہر ایک ۳ ماشہ کا زلال پیوپ او رثقل گھس کر داغوں پر لگائیں۔

دیگر:۔ تخم مولی ۱ تولہ۔ سم الفار ۱ ماشہ باریک کر کے سرکہ کے ہمراہ داغوں پر لگائیں۔

مغلظ منی: آرد ببولہ ۲ تولہ ایک پاؤ دودھ میں جوش دے کر نیم گرم پلائیں۔

خنازیر:۔ جب پھوٹ چکی ہوں۔ سیاہ سانپ کی راکھ روغن کنجد میں ضماد کریں اور کشتہ مس بذریعہ

زرنیخ ½ رتی دیں جو خنازیر پھوٹی نہ ہوں۔ ریوند چینی پانی میں گھس کر لیپ کریں۔

حکیم سید محمد ریاضت حسین وسیم شاہ آبادی

کشتہ طلا: سونے کی اشرفی کو ایک پاؤ برگ تازہ منڈی بوٹی میں رکھ کر کوزہ میں بند کر کے گل حکمت کر کے دس سیر آگ دیں۔ اسی طرح پانچ بار میں نہایت عمدہ کشتہ ہوگا جو دق وسل و سرفہ۔ دمہ۔ صرع ضعف باہ ضعف بصارت کی ہر حالت میں مفید ہے۔

کشتہ نقرہ: پترہ نقرہ کو آب برہم ڈنڈی میں ایک سو بار بجھا دیں۔ اس کے بعد ½ پاؤ نغدہ برگ سداب (سداب آستی) میں رکھ کر ۵ سیر آگ دیں سات آنچوں میں اعلیٰ کشتہ ہوگا جو ضعف باہ جریان سرفہ بلغمی۔ دمہ ضعف اعضائے رئیسہ۔ دق سل میں مفید ہے۔

کشتہ مرجان: شاخ مرجان ۲ تولہ کو ۴ تولہ نبات کے درمیان کوزہ میں بند کر کے دس سیر آگ دیں نہایت عمدہ کشتہ ہوگا۔ جو سرفہ تر۔ دمہ۔ ضعف دماغ۔ کمی اشتہا و طحال و جریان کو ازبس مفید ہے۔

کشتہ قلعی: قلعی دو تولہ پارہ ایک تولہ باہم گرہ کر کے آب لیموں کاغذی میں کھرل کر کے گولی بقدر دانہ مونگ بنا کر خشک کریں۔ ایک ٹاٹ پر نغدہ برگ نیم بچھا کر گولیاں چن دیں اور اس پر اور نغدہ بچھا کر لپیٹ کر سوتری سے خوب کس کر باندھ دیں اور گل حکمت کر کے خشک کریں اور گڑھے میں بارہ سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد کر کے گولیاں نکالیں اعلیٰ کشتہ ہوں گی۔ اسی طریق سے پترہ قلعی کے ورق مانند چاول کتر کر رکھنے سے بھی کشتہ ہو جاتا ہے۔ رقت۔ سرعت۔ احتلام۔ جریان ضعف معدہ کی ہر حالت میں مفید ہے۔

کشتہ سرب: سرب مصفیٰ گلا کر چٹکی چٹکی برگ نیم یا برگ چرچٹہ کی مے کر ملاتے جائیں۔ اور آگ تیز رکھیں۔ نہایت عمدہ سفید کشتہ ہوگا۔ بادگولا۔ بواسیر۔ سل رقت منی درد شکم کو مفید ہے۔

کشتہ ہڑتال ورقیہ: ہڑتال کے ٹکڑے بقدر دانہ نخود ایک تولہ آب ڈھاک میں ایک ہفتہ تر رکھیں پھر نکال کر خشک کر کے ایک ہنڈیا میں خاکستر ڈھاک کے درمیان رکھ کر ہنڈیا کو سر بند کر دیں اور آگ پر رکھیں۔ اور تمام دن آگ جلائیں اگر کسی جگہ سے دھواں نکلے تو دبا دیں۔ کشتہ ہوگا جو جذام

برص۔ سرخبادہ۔ یرقان۔ خارش۔ قوبا و اورام بھگندر کو مفید ہے۔

کشتہ پارہ سنگھا: سینگوں کو ٹکڑے کر کے آہک آب نا رسیدہ کے درمیان رکھ کر اس پر مناسب پانی ڈالیں جب خوب پک کر سرد ہو جائے تو اور پانی ڈال کر بیس بائیس روز محفوظ رکھیں۔ پھر گل حکمت کر کے ایک یوم خوب تیز آگ دیں سرد کر کے نکالیں اعلیٰ کشتہ ہوگا جوذات الجنب وجع المفاصل۔ بخار۔ کھانسی۔ دمہ۔ درد کمر کو مفید ہے۔

مرہم ناسور: ایک تولہ ریت بھڑ بھونجے سے لے کر سرمہ کی طرح باریک کر کے مغز انڈا ۱ تولہ ملا کر اس قدر کھرل کریں کہ مرہم بن جائے۔ یہ مرہم بد گوشت کو گلا کر انگور لاتا ہے اور پھر رفتہ رفتہ زخم مندمل کر دیتا ہے یہ ایک کثیر النفع اور قلیل الاجزا مرہم بارہا کا آزمودہ ہے۔

دیگر: زریں گل یعنی بھڑ بھانبڑ جس کو سنسکرت میں سیرن پشپ کہتے ہیں (مقصد ستیاناسی سے ہے۔ مؤلف) یہ ایک کانٹا دار درخت پھول کٹوری کی طرح زرد رنگ شاخ و برگ و ثمر خار دار دودھ زرد رنگ جو ایک ہی بار لگانے سے آشوب چشم کو فائدہ دیتا ہے۔ اس کی جڑ ایک تولہ مرچ سیاہ ۲ عدد کے ساتھ پانی میں گھوٹ کر پلانا درد شکم اور سوء ہضم کو مفید ہے۔ اس کے بیج و برگ کوٹ کر پاؤ پانی حاصل کریں۔ اس میں ۵ تولہ گھی ملا کر اس قدر پکائیں کہ صرف گھی رہ جائے اس میں موم سفید ۲ ماشہ دم الاخوین ۲ ماشہ ملا کر اتار لیں زخم کو آب دہی سے دھو کر اس مرہم کا پھایہ لگایا کریں بہت جلد آرام ہوگا۔

سرفہ رطب: میرے تجربہ میں یہ سعال مرطوبی کے لیے اکسیر ثابت ہوا ہے۔ اس کے علاوہ مقوی معدہ و ہاضم طعام دافع ریاح و ہیضہ مقوی دماغ و دافع سستی اعضا مقوی و ممسک ہیں۔

افیون ایک تولہ عرق گلاب ۱۰ تولہ میں حل کریں۔ زعفران ۶ ماشہ تخم کرفس ۹ ماشہ [illegible] ۹ ماشہ فلفل سیاہ۔ جند بیدستر۔ ماشہ الائچی کلاں۔ صمغ عربی۔ خولنجان۔ دارچینی۔ عاقرقرحا ہر ایک ۳ ماشہ فرفیون ۲ ماشہ ادویہ باریک کر کے محلول افیون میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر صبح و شام پانی سے دیں۔

نفث الدم: حب نفث الدم۔ سرفہ اور کسی قدر خونی بواسیر میں مفید ہے۔

کہربا۔ اقاقیا۔ خرفہ۔ مازو۔ شاخِ گوزن سوختہ۔ پرسیاوشاں۔ کشنیز خشک بریاں۔ تخم خشخاش۔ بیخ انجبار۔ سرمہ اصفہانی نشاستہ گندم دم الاخوین۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ گلنار۔ ہموزن باریک کرکے لعاب اسبغول سے قرص بناکر صبح شام ۹ ماشہ پانی سے دیں۔

سرفہ گرم وخشک:۔ مغز بادام۔ مغز تخم کدو۔ مغز خربوزہ۔ صمغ عربی۔ کتیرا سفید باقلا۔ مغز تخم بہیدانہ۔ ترنجبین شکری السمک۔ شکر تیغال۔ نشاستہ ہموزن سفوف بناکر لعاب بہی دانہ سے گولی۔ کنار وشتی بناکر منہ میں رکھ کر چوسیں۔

معجون آتش نارسیدہ:۔ کدو دانہ کیچوہ وغیرہ کو مار کر نکالتی ہے۔ بڑنگ کابلی۔ اجوائن خراسانی۔ درمنہ ترکی۔ خاکستر سم گاؤ ہموزن شہد ملاکر معجون بنالیں۔ صبح شام ۷ ماشہ ہمراہ جوشاندہ بڑنگ کابلی دیں۔ تین چار یوم میں صحت ہوگی۔

معجون غریب الفوائد:۔ معدہ کو تقویت دیتی ہے۔ دردِ پشت عرق النسا۔ وجع المفاصل وجع کعب۔ کزاز۔ وجع الفواد کو دور کرتی ہے۔ طاقت مردمی پیدا کرتی ہے۔ بالوں کی سیاہی کو قائم رکھتی ہے۔ سرعت کو مفید ہے۔ بالچھڑ۔ ترکچور۔ نانخواہ۔ زیرہ رومی۔ زیرہ دیسی۔ جاوتری۔ سورنجاں۔ پوست ہلیلہ۔ پوست بلیلہ۔ سعدکوفی۔ گل سرخ۔ موصلی سفید۔ سہوسپل۔ ستاور۔ مصطگی۔ زعفران۔ قرنفل۔ جوزبوا ناگرموتھہ ہر ایک ۳ تولہ شہد ۲۰ تولہ سفوف بناکر معجون بنائیں اور ۹ ماشہ روزانہ ہمراہ عرق پودینہ و بادیان دیں۔

جوارش عجیب النفع:۔ جو کہ مقوی معدہ۔ ہاضم۔ دافع حباحات۔ خارش خشک وتر۔ مقوی دماغ دافع نسیان و بواسیر۔ مقوی باہ و بصر و حافظہ ہے۔ کئی سو برس سے میرے بزرگوں کے تجربہ میں مفید و مؤثر ثابت ہوتی ہوئی اس فقیر تک پہنچی ہے۔

آملہ ملک تخم دور کردہ ۸۰ تولہ شہر یزہ ۴۰۰ تولہ میں جوش دے کر مَل کر چھان لیں پھر اس میں ۵۰۰ تولہ قند ملاکر آگ پر رکھیں جب شہد سے کچھ پتلا قوام ہو جائے تو اس میں قاقلہ صغار۔ مرجان ورقی نقرہ۔ طباشیر۔ عود۔ سماق۔ زرشک۔ مصطگی۔ زعفران کشنیز۔ فادزہر معدنی۔ صندل سفید گل مختوم۔ تخم کدو۔ تخم خرفہ۔ مغز بادام۔ صمغ عربی۔ صمغ ڈھاک موصلی سفید۔ ثعلب مصری۔ بشتاقاں مصری

ستاور چوب چینی ۔ چرائتہ شیریں ۔ تخم خیارین ۔ کہربا تخم ملیون ۔ گل سرخ مکہ دو تولہ مایہ شتر اعرابی ایک تولہ ۔ مربہ آملہ ۔ مربہ ہبی چار چار تولہ خمیرہ گاؤزبان ۲ تولہ ملا کر جوارش بنائیں اور صبح و شام ایک تور استعمال کریں ۔

شب کوری :۔ چرک گوش مردم دو رتی پانی میں گاڑھا حل کر کے غروب آفتاب سے ایک ساعت قبل اور غروب آفتاب کے ایک ساعت بعد عدد ۵ انگشت سے آنکھوں میں تین دن لگائیں ۔

کایا پلٹ پیاز :۔ برائے تولید منی و مقوی باہ ۔ سفید پیاز اسی عدد چھیل کر تیلی سے چودہ پندرہ جگہ سوراخ کریں پھر چار برتنوں میں چار جگہ شہد خالص ڈال کر بیس بیس پیاز ڈالدیں کہ شہد چار انگل اوپر رہے ۔ اسے چالیس یوم کے بعد ایک پیاز کتر کر اسی شہد میں چپڑ کر کھائیں ۔ ۸۰ دنوں میں حالت بدل جائے گی ۔

سوزاک :۔ روغن بلسان ۔ دم الاخوین ۔ جوکھار چار چار ماشہ ۴۸ تولہ پانی میں خوب حل کر کے ۲۴ حصہ کر کے ایک ایک حصہ صبح دوپہر و شام ۔

روغن خنازیر :۔ چار عدد چھپکلی ایک سیر روغن کنجد میں جلا کر پارچہ بیز کریں اور شب و روز میں دو دم اور اس کے ارد گرد لگائیں ۔

تپ ربعہ : مکڑی بڑے پاؤں والی (عنکبوت دراز پا) کے زوائد کو دور کر کے بیچ کا ذرا سا جسم گرد میں پوشیدہ کر کے صبح مریض کو نگلوائیں ۔ باری کے روز یہ عمل کریں دوسری باری میں بخار دور ہوگا ۔

مقوی و دبہی : تخم سرس باریک کر کے ایک پاؤ دودھ میں ۳ ماشہ ڈال کر پلائیں ۔ غذا مرغن دیں ۔

سفوف چٹکی بچوں کے ضعف ہضم اور اصلاح معدہ کے لیے مفید ہے ۔

تخم بادیاں ۔ پوست ہلیلہ سیاہ ۔ پودینہ خشک ۔ فلفل سیاہ ۔ نمک طعام ۔ نرکچور ۔ سوہاگہ بریاں ہم وزن سفوف بنا کر چٹکی بھر دیں ۔

تریاق معدہ : نوشادر ۔ دار فلفل نمک سیاہ ۔ الائچی سفید ہموزن سفوف بنا کر ۳ رتی آب تازہ

سے دیں۔

شیعرہ چشم:۔ طلوع آفتاب سے قبل یا بعد آم کی نرم کونپل بمعہ برگ توڑیں۔ پھر برگ کو شاخ کی جڑ سے اکھاڑیں۔ اس سے زرد رطوبت نکلے گی۔ گوہانجنی پر لگائیں دو دن میں آرام ہوگا۔

دیگر:۔ عرق وار چینی میں روئی تر کر کے صبح و شام لگائیں اگر ابتدا میں استعمال کریں گے۔ تو دو یوم میں ورم ناپید ہوگا اور اگر پختہ ہونے پر لگایا گیا تو پک کر پھوٹ جائے گا۔

روغن کثردم: روغن چنبیلی میں دو عدد کثردم سیاہ کو جلا کر چھان لیں اور ڈنک کی جگہ پر لگائیں۔

دیگر:۔ ڈنک کی جگہ پچھ لگا کر آب گرم سے دھوئیں اور مل مل کر خون نکالیں اور روغن جمالگوٹہ گھس کر لگائیں۔

مار گزیدہ:۔ کونپل ارنڈ ایک تولہ پانی میں پیس کر پلائیں دو چار دست اور قے ہو کر آرام ہوگا۔

خارش چشم:۔ راکھ شاخ حرمل سرمہ کی طرح صبح و شام لگائیں۔

قلاع: برگ املی پانی میں پیس کر غرارے کرائیں۔ تین چار دن میں صحت کامل ہوگی۔

مسہل: برائے امراض بلغمی۔ وجع المفاصل۔ عرق النساء۔ وجع کعب۔ درد کمر وغیرہ۔ ایارج فیقرا۔ غاریقون شحم حنظل ایک ایک تولہ کوٹ کر شہد میں معجون بنا کر ۶ ماشہ آب نیم گرم سے کھائیں۔ نہایت آسانی سے بلا تکلیف خوب دست آئیں گے۔ مادہ خوب خارج ہوتا ہے۔

کشتہ قلعی: قلعی کو ایک بار آب لیموں ایک بار آب برگ املی اور ایک بار آب برگ جنگ میں بجھا دیں پھر روپیہ کے برابر چوڑا کر کے ½ پاؤ سنکھا ہولی بوٹی میں رکھ کر ۵ سیر آگ دیں۔ عمدہ کشتہ ہوگا۔ مقوی بدن۔ دافع جریان ہے۔

سرمہ لولوی:۔ برائے خارش چشم۔ ناخونہ۔ باہمنی۔ ککرے۔ ضعف بصر وغیرہ۔ طوطیا۔ زاج بریان ہر ایک ۹ ماشہ مروارید ۳ ماشہ نبات سفید ۵ ماشہ سرمہ بنا کر سکہ کی سلائی سے لگائیں۔

بخار لازمی غیر لازمی: سقمونیا ۲ ماشہ عرق گلاب خالص ۲ تولہ میں ملا کر پلائیں۔ دو تین دست آ کر بخار دور ہوگا۔ چار پانچ روز ایسا ہی کریں۔

چنبل لوطہ :- ایک پاؤ روغن کنجد خالص میں چھپکلی جلا کر روغن صاف کرلیں اور اس میں ایک تولہ گندھک ملا کر زخم کو صاف کرکے پر مرغ سے لگائیں ۔

نفث الدم :- خاکستر استخوان مرغ ۔ دم الاخوین ہموزن سفوف بنا کر ۲ ماشہ صبح وشام ہمراہ پانی

ورم طحال :- شاخ جھاؤ ایک تولہ نیم کوب کرکے پانی میں جوش دے کر چھان کر ۶ ماشہ سرکہ انگوری ملا کر نہار منہ نوش کریں ۔

مچھروں کا بھگانا :- اگر سیاہ بکری کے پیٹہ میں روغن زیتون ملا کر پلنگ کے پایوں میں مل کر اسی پلنگ پر آرام کریں تو مچھر پاس نہیں آئیں گے ۔

مکھی مار :- مکان کے در ۔ دریچے ۔ روشن دان بند کرکے اس میں برگ کدو کو اس قدر جلائیں کہ تمام مکان دھوئیں سے بھر جائیں ۔ تمام مکھیاں مر جائیں گی ۔

چوہوں کا بھگانا :- نیل گائے کے بال یا جھبڑ یلے پاخانہ یا ہڑتال کی اسی طرح دھونی دیں کہ مکان دھوئیں سے بھر جائے ۔ تو چوہے فرار ہوں گے ۔

ام الصبیان :- جدوار خطائی ۲ رتی عود صلیب ۲ رتی تھوڑے عرق بادیان میں حل کرکے پلائیں اور حلتیت وجند بیدستر و عقرقرحا و تخم سرس ہم وزن باریک کرکے شیشی میں ڈال کر سونگھیں ۔

ناسور :- بارود ۲ تولہ روغن کنجد ۵ تولہ میں حل کرکے باریک پچکاری سے قعر زخم تک پہنچائیں ۔ اس سے زخم صاف ہو کر بہت جلد مندمل ہو جاتا ہے ۔

پیچش :- کافور ۔ پوست ہلیلہ زرد ۔ مازو ۔ پوست آملہ ایک ایک تولہ زعفران ۲ ماشہ ۔ عرق گلاب سے کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر صبح وشام آب سرد سے دیں ۔

ممسک :- جوزبویہ ۔ قرنفل ۔ زعفران ۔ افیون ۔ اسپند ہم وزن لعاب بیدانہ میں گولی بقدر نخود بنا کر ایک گھنٹہ قبل کھائیں ۔

حب مسہل :- مخرج مادہ ہمہ اقسام بغصارہ ریوند ۔ دانہ ہیل خورد ۔ صبر ۔ مصطگی ہموزن عرق گلاب میں کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر دو گولی عرق گلاب سے دیں ۔

معجون مبہی مقوی :- کائپھل ۔ جائفل ۔ ہلیلہ زرد ۔ کبابہ ۔ فلفل سیاہ ۔ قرنفل ۔ فلفل دراز ۔ تیج پوست

ہلیلہ کابلی ۔ اندرجو۔ قاقلہ صغار۔ قاقلہ کبار۔ دارچینی۔ خولنجان۔ فلفل سفید۔ ترہ تیزک۔ کلونجی۔ بسباسہ۔ تودری سفید ہم وزن کوٹ کر سفوف بنا کر تین گنا شہد ملا کر معجون بنائیں۔ ۳ ماشہ دودھ سے دیں۔

دیدان شکم: صبر سقوطری۔ حب الرشاد ہموزن ملا کر شہد سے معجون بنا کر بقدر کوکن بیر ہمراہ جوشاندہ بادٔ برنگ دیں۔

شافہ مدر حیض: نوشادر۔ فرفیون۔ شب یمانی۔ سعد کوفی ہم وزن باریک کر کے آب گندنا میں گوندھ کر صاف کپڑے پر لگا کر بطور شیاف چند روز تک استعمال کریں۔

تریاق اربعہ: برائے جمیع امراض باردہ وسموم۔ جنطیانہ (اپکھان بید) حب الغار (تخم جوانسہ) زراوند طویل۔ مرمکی ہم وزن باریک کر کے سہ گنا شہد ملا کر ۳ ماشہ ہمراہ آب گرم دیں

افیون خوردہ: برگ صدبرگ (گیندہ) خشک کر کے سفوف بنا کر ۶ ماشہ ہمراہ روغن بیدانجیر ۲ تولہ اور شیر گاؤ ۱۲ تولہ ملا کر دیں۔

طلائے شاہی: یہ طلا کثرت مباشرت۔ اغلام وجلق وغیرہ سے نامردوں کو مفید ہے۔ بنا کر اس کی جادو اثری ملاحظہ کریں۔ سم الفار سفید۔ سم الفار سیاہ۔ سم الفار زرد ہر ایک ایک تولہ سم اسپ۔ مٹھا تیلیہ۔ کچلہ۔ گھونگچی سفید۔ بالچھڑ۔ برہمی۔ خراطین۔ مورچہ صحرائی۔ مگس عسل۔ جونک خشک۔ بیر بہوٹی چرک گوش مرد۔ ہر ایک دو تولہ۔ بیخ کنیر سفید۔ شنگرف۔ زرنیخ طبقی۔ خون خصیہ خر۔ عطر موتیا۔ ایک ایک تولہ۔ چربی ریچھ۔ چربی شیر۔ چربی مگرمچھ ہر ایک ۳ تولہ۔ موم ۵ تولہ۔ سانڈہ ۲ عدد جملہ ادویہ باریک کر کے آپس میں ملا کر آتشی شیشی میں تیل نکالیں اور عضو پر لگا کر برگ پان باندھیں۔ اگر بثور نکلیں۔ تو روغن چنبیلی لگائیں

طلائے بے نظیر: ایستادگی وسختی وغیرہ کے علاوہ قوت باہ اس درجہ پیدا کرتا ہے کہ پرہیز مشکل ہو جاتا ہے۔ most

عرق نرگس۔ عرق پیاز۔ عرق پیاز عنصل۔ عرق لہسن ایک ایک تولہ روغن جمالگوٹہ ۴ تولہ۔ زہرہ مرغ سیاہ ۴ عدد۔ زہرہ کنجشک نو۔ ۲۰ عدد مورچہ سرخ ۸۰ عدد زنبور سرخ۔ ۴ عدد۔ مویزج۔ عقرقرحا۔ دارچینی۔ فلفل دراز۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ حجر الیہود ہر ایک ۱۶ ماشہ۔ شراب خالص وتند ۱/۲ سیر میں اس

قدرکھرل کریں کہ گولیاں بن جائیں۔ گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کر کے روغن زرد میں کھس کر عضو پر لگا کر برگ پان باندھیں۔

حکیم علیم الدین بھاگووالیہ ایڈیٹر المعالج

اکسیر بخار نوبتی: تخم دھتورہ حسب خواہش لے کر ایک کوزہ میں بند کر کے تھوڑی سی آگ میں احراق کر لیں اور باریک کر کے سفوف رکھیں تیجا چوتھا بخار کے لیے اکسیر ہے۔ ایک ماشہ ہمراہ پانی نوبت سے ایک گھنٹہ پیشتر دیں۔

درد کمر:- بیخ اکسن بوٹی کو سایہ میں خشک کر کے باریک پیس لیں سفوف مذکور ایک تولہ سوجی ۲ تولہ روغن زرد ۳ تولہ کھانڈ بقدر ضرورت ملا کر حلوا بنا لیں اور روزانہ کھائیں۔ ایک ہفتہ میں صحت ہو گی۔

لیپ بے نظیر:- استرخاء عضو اور کمزوری کے لیے عمدہ چیز ہے۔

ہیراہینگ ۱ تولہ شراب برانڈی درجہ اول میں خوب کھرل کر کے نیم گرم لیپ کر کے اوپر برگ پان باندھیں۔

اکسیر جریان: مدتوں کا تجربہ شدہ جریان کے لیے اکسیر صفت ہے۔ جس کے استعمال سے صدہا مریض فائدہ حاصل کر چکے ہیں۔ جریان کے لیے اس سے بہتر شاید کوئی نسخہ ہو۔

مغز املی۔ ست برگ برگد۔ ست بھوپھلی۔ موچرس ہر ایک ۵ تولہ۔ کشتہ سہ دھاتہ ۴ تولہ کشتہ قلعی ایک تولہ۔ تخم جوز ماثل ۲ تولہ ایک ہفتہ شیر برگد سے کھرل کر کے گولی بقدر کوکن بیر بنا کر صبح و شام دودھ گاؤ سے دیں۔

دودھ افزا:- عورتوں کے لیے دودھ بڑھانے میں خاص تجربہ کی چیز ہے۔

مغز بادام ۴ تولہ چہار مغز۔ زیرہ سفید دو دو تولہ منقہ ۵ دانہ بادیان ۳ ماشہ برنج ساٹھی ۳ تولہ سوائی کی طرح گھوٹ کر گھی کا تڑکا لگا کر حریرہ بنائیں اور کھانڈ ملا کر پلائیں

اختلاج القلب:- زہر مہرہ۔ مروارید۔ کشتہ عقیق۔ کشتہ یشب۔ دانہ الائچی خورد۔ مغز کنول گٹہ ورق نقرہ ہموزن عرق کیوڑہ میں کھرل کر کے تین رتی خمیرہ گاؤزبان سے دیں۔

تریاق الحمٰی: ہر قسم کے بخار کے لیے اکسیر الاثر اور بے نظیر دوا ہے۔ بہت کم خطا کرتی ہے۔ ست گلو۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خورد۔ کشتہ ابرک سفید۔ کشتہ ہڑتال گئودنتی۔ زہر مہرہ خطائی۔ فنیین۔ ہر ایک ایک تولہ کونین خالص ۶ ماشہ باریک کرکے ۴ رتی صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

حکیم عبدالعزیز کامل لاہور

سعال و سرفہ: شکر تیغال۔ نشاستہ۔ کتیرا ہر ایک ۳ تولہ تخم خشخاش۔ رب السوس۔ مغز بہدانہ۔ ہر یک ۴ تولہ مغز بادام ۶ تولہ صمغ عربی ۳ تولہ کوفتہ بیختہ لعاب اسپغول یا بہی دانہ سے گولی بقدر کوکن بیر بنا کر منہ میں رکھ کر چوسیں۔

ضیق النفس: خون خرگوش تازہ بتازہ جس کی حرارت زائل نہ ہوئی ہو ایک تولہ تک پلائیں چند روز ناغہ کرکے پھر پلائیں۔

درد ریاحی: دال عدس مقشر سرکہ میں گھوٹ کر لیپ کریں اور اوپر سے ضوائی دھواں کا سینک دیں۔ بلغمی اور ریاحی دردوں کے لیے مفید ہے۔ نمونیا کے لیے بھی آزمایا گیا ہے۔

ذیابیطس: آٹھ عدد بیضہ مرغ سالم دھوکر برتن شیشہ میں ڈال کر آب لیموں اس قدر ڈالیں کہ بیضوں سے ایک انگشت اوپر آجائے۔ آٹھ دس دن کے بعد بیضے نرم ہو جائیں گے۔ اس میں روغن زیتوں ولایتی ۸ اونس شہد ۸ اونس شراب ثمری اکیس ایک اونس ملا کر چھان لیں۔ ایک اونس بوقت صبح پلائیں۔

حکیم ڈاکٹر غلام جیلانی مصنف مخزن حکمت

جوش خون: حابس الدم ہے۔ کتیرا۔ صمغ عربی۔ نشاستہ۔ کہربا۔ گل ارمنی دم الاخوین ہم وزن سفوف بنا کر ۲ ماشہ شربت خشخاش دو تولہ میں ملا کر کھلائیں۔ اوپر سے لعاب بہی دانہ ۳ ماشہ شیرہ تخم خرفہ ۵ ماشہ عرق بارتنگ ۱۲ تولہ میں نکال کر شربت انجبار ۲ تولہ ملا کر دیں۔

سرفہ سیاہ: برگ کیلہ خشک ایک تولہ۔ رب السوس۔ نمک سیاہ۔ ہر ایک ۶ ماشہ مرچ سیاہ سہاگہ بریاں پھٹکری بریاں ایک ایک ماشہ کاکڑا سنگی ۳ ماشہ سب ادویہ کو کوزہ میں بند کرکے جلا کر ایک رتی پانی سے یا مسکہ میں دیں۔ بڑوں کو ایک ماشہ تک دے سکتے ہیں۔

حکیم شہزادہ غلام محمد سرگودھا

جملہ امراضِ چشم: آنکھوں کے اکثر امراض ضعف بصر ابتدائی موتیا بند وغیرہ کو مفید ہے۔

آب انار ترش ایک پاؤ کوزہ مصری ۲ تولہ میں ملا کر کھلے منہ شیشی میں ڈال کر پندرہ یوم دھوپ میں رکھیں اس کے بعد مقطر کر کے سلائی سے آنکھوں میں سوتے وقت لگائیں اور صبح بھی لگائیں۔ جہاں آنکھوں کے علاج میں کسی صورت کامیابی نہ ہو۔ اس کا استعمال کرائیں۔

دیگر: آب ترنگ مقطرہ تولہ شورہ قلمی۔ نمک شیشہ ایک ایک ماشہ ڈال کر رکھ چھوڑیں اور سلائی سے لگائیں۔ نہایت مقوی بصر اور تمام امراض کا بلا خوف و خطر واحد علاج ہے۔ ہمراہ ڈراپر بھی ایک قطرہ ڈال سکتے ہیں۔

دیگر: غبار۔ بیاض سبل اور ابتدائی موتیا کو مفید ہے۔ کوئلہ کیکر ۱۲ ماشہ فلفل سفید ۳ ماشہ بلوطیا ۲ ماشہ خوب باریک کر کے صبح و سوتے وقت سلائی سے لگائیں۔

نکسیر: برگ کیکرہ تولہ باریک کر کے ایک پاؤ پانی کے ہمراہ رات کو شبنم میں پیالہ مٹی میں ڈال کر رکھیں۔ صبح چھان کر کھانڈ ملا کر پلائیں۔ سات روز متواتر استعمال سے تمام عمر نکسیر نہ پھوٹے گی۔ ہر قسم کی امراضِ خون کو مفید ہے۔

دیگر: صدف زندہ لے کر پانی سے دھو کر ریت صاف کریں اور چاقو سے منہ کھول کر نوشادر باریک کر کے بھر دیں اور کوزہ میں بند کر کے ۲۰ سیر آگ دیں ایک رتی ہمراہ مسکہ دیں۔

شہیقہ: سیاہ لکڑی شیشم جلا کر کوئلہ بنائیں ایک رتی شکر ملا کر بدرقہ مناسب سے دیں۔

بواسیر: گل گینداہ تولہ کھرل کر کے سیماب ایک تولہ ملا کر اس قدر کھرل کریں کہ سیماب ناپید ہو جائے گلیسرین حسب ضرورت ملا کر مرہم بنائیں اور رفع حاجت کے بعد مسوں پر لگائیں۔

دیگر: گل گیندا اور برگ خرفہ سرکہ میں جوش دے کر بھپارہ بعد فراغت رفع حاجت لیں۔

حکیم دلبر حسن بھٹی ٹینہ

تپ تجاری و تپ ربعہ: دھتورہ سبز کی کونپل ½ ۱ عدد گڑ میں لپیٹ کر دو گھنٹہ پہلے کھلائیں بخار قطعی رک جائے گا۔

ہو کر درست ہو جاتے ہیں

اکسیر آتشک: یہ نسخہ بالکل گئے گزرے اور سڑے ہوئے مریض درست ہو جاتے ہیں دو تین سو سال سے ہمارے خاندان میں مستعمل ہے۔

رسکپور۔ دارچینی۔ قرنفل ایک ایک تولہ لوہے کی کڑاہی میں لوہے کے دستہ سے شیر بکری میں کھرل کرکے تین سیر شیر جذب کریں۔ گولی بقدر کنار دشتی بنا کر حلوہ میں ایک گولی بقدر شام دیں۔ گوشت اور بینگن سے پرہیز کریں۔

اکسیر یرقان: اس نسخہ کے پندرہ یوم کے استعمال سے پرانا سے پرانا یرقان دور ہو جاتا ہے۔ میرا خاندانی سو فیصدی مجرب ہے۔ دھڑکا۔ ضعف جگر۔ کوتاہ دمی ضعف معدہ اور اورام دست و پا کو بھی مفید ہے۔ پوست ہلیلہ زرد، پوست آملہ، خبث الحدید ایک ایک پاؤ باریک کرکے دہی ملا کر رکھ چھوڑیں۔ ہر روز ہلاتے رہیں۔ ایک ماہ کے بعد سایہ میں خشک کرکے ترکٹہ ½ پاؤ ملا کر ۳ ماشہ ہمراہ دہی صبح دیں۔

کشتہ شنگرف: مقوی باہ رعشہ۔ فالج۔ استرخا اور بلغمی امراض کے لیے مفید ہے۔

شنگرف رومی ایک تولہ کو ۲ سیر پختہ مخموم ایک پوٹلیہ میں رکھ کر ہنڈیہ میں بند کرکے گل حکمت کرکے ۲۴ گھنٹے چولہا پر رکھیں نہایت عمدہ کشتہ ہوگا۔ دو چاول مکھن یا بالائی سے دیں۔

کشتہ سنگ جراحت: استحاضہ اور بخار کو مفید ہے۔

سنگ جراحت کو دودھ میں پیس کر ٹکیہ بنا کر آگ دیں کشتہ ہوگا ۲ ماشہ ہمراہ شربت انجبار دیں بخار کے لیے عرق گاؤزبان سے دیں۔

کشتہ حجر الیہود: درد گردہ و سنگ گردہ کو مفید ہے۔ حجر الیہود کو تین یوم عرق گھیکوار میں کھرل کرکے سایہ میں خشک کرکے کوزہ میں بند کرکے آگ دیں کشتہ ہوگا۔

کشتہ ہڑتال گئودنتی: کھانسی۔ نزلہ۔ بلغم۔ گنٹھیا۔ درد ریح اور بلغمی امراض کو مفید ہے۔ ہڑتال کے سالم ٹکڑے کرکے گھیکوار کے نغدہ میں رکھ کر آگ دیں۔ خوراک ایک رتی دیں۔

کشتہ نقرہ: ضعف باہ۔ جریان۔ سرعت انزال کو مفید ہے اور ایک اوپلہ کلاں میں گڑھا کرکے اس میں فلفل موبہ ۲ تولہ۔ گوکھرو ۲ تولہ باریک کرکے رکھ کر اوپر پترا نقرہ اور اس قدر سفوف رکھ

کر دو سرا اوپلہ دبے کر اور دو دیگرے اوپلے رکھ کر آگ دیں۔ بہتر ہ پر سیماب ایک ماشہ بھی چڑھالیا کریں۔ چودہ آنچ میں کشتہ ہوگا۔

حکیم اکبر حسین الہ آبادی

سرمہ ضعف بصر: پھٹکری ۳ تولہ ونغار کلاہ وار ۔ انزل زنگ سلفاس ۹ ماشہ۔ آب ستیاناسی ۸ تولہ میں کھرل کر کے رکھیں اور سوتے وقت لگائیں ۔

اکسیر سوزاک ؛ ۔ میرا دعویٰ ہے کہ بیس سالہ سوزاک اس دوا سے رفع ہوگا ۔

گرجن آئل ،صندل آئل خالص ہموزن لے کر ست لوبان خانہ ساز پیالہ تام چینی میں ڈال کر بھوبل میں رکھ کر آمیز کریں اور گولی بقدر کوکن بیر بنا کر بعد مسہل صبح ۔ دوپہر شام ہمراہ شیر گاؤ دیں سوزاک جدید ایک ہفتہ میں سوزاک قدیم تین ہفتہ میں کمل کر دور ہوگا ۔

طلائے اکبر ؛ ۔ قابل راجہ نوابان ۔ بادشاہان جس کا اثر پہلے دن ظاہر ہوتا ہے ۔

روغن جا لگدھ ۔ روغن پستہ ۔ روغن پنبہ دانہ ۔ روغن بیضہ مرغ ہر ایک ۳ تولہ فاسفورس ۲ گرین پارہ ۔ گندھک دو دو تولہ پوست کنیر سفید ۔ بیر بہوٹی ہر ایک ۲ تولہ ۔ دارچینی ۔ زعفران ۔ مشک ۔ عنبر ہر ایک تین تین ماشہ مکھی سبز پر بریدہ ۱۲ عدد تمام ادویہ ملا کر خوب کھرل کریں اور لگائیں ۔

اکسیر اکبر ؛ مولد خون ۔ مبہی ۔ مقوی ۔ ممسک ۔ محرک ۔ مقوی اعضائے رئیسہ ۔ دافع جریان و احتلام سرعت ۔ مقوی دل ، دماغ ، جگر ، گردہ ، معدہ ۔

مروارید ۔ نمرد ۔ یاقوت تین تین ماشہ ۔ روح گلاب ۔ عرق بید مشک سے کھرل کر کے سفوف بنائیں ۔ ورق طلا ۔ ورق نقرہ تین تین ماشہ ۔ زعفران کشتہ ابرک سفید ہر ایک ۳ تولہ مشک عنبر ہر ایک ۲ ماشہ اسٹرکینا ایک ماشہ ۔ اسگند ناگوری ۔ ثعلب مصری کشتہ فولاد کشتہ شنگرف ۔ مایہ شتر اعرابی ۔ ست لوبان ۔ ریگ ماہی ہر ایک ۱۰ ماشہ ۔ مصطگی رومی ۔ ست بھنگ ۔ خراطین مصفیٰ ایک ایک تولہ باریک کر کے دو رتی سے ۶ رتی ہمراہ ۔ رب سیب ۔ رب انار دیں ۔

طریقہ کشتہ شنگرف ؛ نمک چکنی ایک پاؤ میں دو تولہ چورہ ہڑتال ورقیہ میں شنگرف ایک تولہ رکھ کر گل حکمت کر کے ۱۵ سیر آگ دیں کشتہ ہوگا ۔

طریقہ کشتہ ابرک :- عرق آملہ سبز میں ابرک گرم کر کے بجھا دیں ۲۱ بار کے بعد نغدہ آملہ میں رکھ کر ۱۰ سیر آگ دیں۔

کشتہ فولاد :- برادہ فولاد ایک تولہ شیر مدار میں تین بار تر و خشک کریں۔ بعدہٗ آٹھ برگ مدار لپیٹ کر ۵ سیر آگ دیں کشتہ ہوگا۔

حب اکسیر :- ممسک و مقوی کچلہ دو تولہ ریت گرم میں بریاں کریں اور چھلکا قریت دور کر کے آب کریلہ خام ½ سیر شاہ دیک ۳ عدد مشک ۳ ماشہ کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر صبح و شام مکھن سے دیں۔ امساک کے لیے دو گولی وقت سے پیشتر۔ کیمیا عشرت سے سہ گنا مفید ہے اور نا قابل ضبط طاقت پیدا کرتی ہے۔

سرعت انزال :- سپستان خام ۱۰ تولہ کشنیز خشخاش۔ پوست خشخاش ہر یک ۵ تولہ شکر موزون سفوف بنا کر ۹ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ کم از کم دو صد اشخاص پر تجربہ شدہ ہے۔

ممسک :- اس سے سہ گنا امساک ہوتا ہے تیس چالیس اشخاص پر تجربہ کیا جا چکا ہے۔

خشخاش سیاہ۔ عاقرقرحا۔ ریگ ماہی تخم ریحان ہر ایک ۲ تولہ شکر تری ۸ تولہ سفوف بنا کر دو گھنٹہ قبل ایک تولہ ہمراہ دودھ ½ سیر دیں۔

حب سبز :- جس کی کم از کم دس ہزار اشخاص نے بعد تجربہ تصدیق کی ہے تمام امراض چشم کا حکمی و شرطیہ علاج ہے۔ صفتہ: زبدالبحر۔ پھٹکری سفید۔ قلمی شورہ۔ نمک سنگ۔ نوشادر۔ طوطیا۔ ناخون فیل ہر ایک ۵ تولہ صمغ عربی ۱۰ تولہ۔ زعفران ایک تولہ۔ آب ستیاناسی ایک پاؤ۔ آب نیم ½ پاؤ۔ آب سرس ½ پاؤ میں کھرل کر کے گولیاں بنائیں۔ لوہے کے برتن میں ایک قطرہ پانی میں گھس کر سلائی سے صبح و شام لگائیں۔

دق و سل :- یہ نسخہ مشیر الاطبا سے لے کر تجربہ کیا گیا۔ میرے تجربہ میں ۱۰۰ اشخاص کو صحت ہوئی۔ گوایاکول کاربونیٹ ایک گرین۔ آیوڈوفارم ایک گرین۔ کونین ہیبرومائیڈ ½ گرین۔ ایکسٹریکٹ کینے بس انڈیکا ½ گرین یہ ایک خوراک ہے۔ ایسی ایک گولی دن میں تین بار ہمراہ شیر گاؤ دیں۔

بچوں کے قے دست کھانسی بخار :- بہترین نسخہ ہے روزانہ دس بیس بچوں کو مفت دی جاتی ہے اور ہزارہا بچوں پر تجربہ ہو چکا ہے۔ اتیس۔ کاکڑا سینگی۔ فلفل دراز ہم وزن باریک کر کے بوقت ضرورت شہد میں ملا کر چٹائیں۔

اکسیر قوت :- قوت باہ کے لئے بہترین شے ہے ایک ہفتہ میں ناقابل برداشت تحریک پیدا ہوتی ہے۔ قرنفل۔ ہڑتال ورقیہ۔ سم الفار۔ سیماب مصفیٰ۔ بیر بہوٹی ہر ایک دو تولہ زعفران۔ گندھک آملہ سار مصفیٰ ۳ تولہ سب کو باریک کر کے زردی بیضہ مرغ ۲۵ عدد میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر خشک کر کے پتال جنتر سے تیل نکالیں ایک قطرہ یا زیادہ حسب قوت مریض دیں۔

حب بخار تجاری و ربعہ :- صدہا اشخاص پر تجربہ شدہ ہے۔
زنجبیل۔ مغز کرنجوہ۔ تخم دھتورہ ہموزن باریک کر کے گولی بقدر مرچ سیاہ بنا کر باری کے دن ہلکا سا مسہل لے کر تین گولی ہمراہ آب سادہ دیں پھر پا گھنٹہ بعد دو گولی اور دیں۔ غذا نہ دیں۔ باری ٹل جائے گی۔

حب بخار :- صفراوی۔ بلغمی۔ سوداوی۔ نوبتی۔ تیجا۔ چوتھیہ۔ لازمی سب پر تجربہ ہے۔ خصوصاً ملیریا کا تریاق ہے۔ مرچ سیاہ ۲ تولہ مغز کرنجوہ ۵ تولہ۔ آب دھتورہ ۱ تولہ میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر ایک گولی قبل از نوبت دیں اور ایسے صبح شام دیں۔

طلائے اکبر :- خاص میرا ایجاد کردہ ازحد مفید ہے۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ۔ ہموزن روغن نکالیں اور بحساب فی تولہ فاسفورس ایک رتی زعفران ۳ رتی مگس سبز سر بریدہ ۵ عدد خوب کھرل کر کے استعمال کریں۔

سم الفار قائم برائے جذام و ضعف باہ :- ایک پرانی اینٹ میں اتنا گڑھا کریں کہ سم الفار ۵ تولہ ڈلی آجائے اوپر تانبہ کی ایک کٹوری دے کر لب مضبوط بند کر کے اینٹ کو چولہا پر رکھیں نیچے دو انچ چوب بیری جلائیں۔ کٹوری پر بول خر میں پارچہ تر کر کے رکھیں بصورت مجبوری بول گائے بھی کارآمد ہے۔ چار یوم کے بعد سرد کر کے سم الفار ملاحظہ کریں شگفتہ اور بعض دفعہ مثل موم ہوگا۔ قائم اور قابل استعمال ہے۔

مسہل عجیب :- ہر شخص جانتا ہے کہ کریلا گرم و خشک ہے۔ لیکن اس کے اوپر کا چھلکا اگر چھیل کر نچوڑیں تو پانی بکثرت نکلتا ہے۔ اس پانی کو ناک بند کر کے ایک پیالہ بھر کر پی لیں۔ کئی اجابتیں بلا تکلیف ہوں گی۔ کسی قسم کی گرمی یا تکلیف نہ ہوگی۔

معجون مغلظ مقوی دماغ و مقوی باہ :- ثعلب مصری، مغز تخم تنبول، موصلی سفید، مغز بادام، پستہ، مکھانہ ۵ تولہ، شقاقل مصری ۲ تولہ سفوف بنا کر ایک پاؤ دودھ میں جوش دے کر ایک تولہ ڈال کر چمچہ سے ہلائیں اور نیچے اتار کر کھانڈ ملا کر کھایا کریں۔ اگر کشتہ فولاد ایک رتی، کشتہ سم الفار ایک چاول شامل کر لیا کریں تو زیادہ مفید ہے۔

بواسیر خونی و بادی :- ریشہ ناریل (جٹ ناریل) جلا کر اس کی راکھ میں ہموزن شکر سرخ ملا کر ایک تولہ صبح ہمراہ پانی دیں ۱۲ یوم میں بواسیر کا قلع قمع ہو جاتا ہے۔

دمہ :- ایک پھل دھتورہ کلاں لے کر سوراخ کر کے نصف تخم نکال دیں۔ اس کے اندر شیر مدار، کالی کنبلی خوردہ ایک ایک تولہ، افیون ۳ ماشہ داخل کر کے گل حکمت کر کے چولہے میں دبائیں۔ سرد کر کے نکال کر باریک کر کے ایک چاول صبح و شام ہمراہ برگ تنبول دیں۔

ہیضہ :- ہیضہ کی اس حالت میں جب کہ یاس اور ناامیدی تک نوبت پہنچ گئی ہو۔ دانت اور ناخن سیاہ ہو گئے ہوں، مریض بے ہوش ہو تو مچھی بوٹی ۲ ماشہ، مرچ سیاہ ۵ دانہ، پندرہ منٹ کے فاصلے سے گھونٹ کر پلاتے رہیں۔ چار یا پانچ دینے سے تمام عوارضات اسہال، قے، کرب، پیاس، بے چینی وغیرہ دور ہوں گے۔ یہ بوٹی سم الفار، سنکھیا وغیرہ کے لئے بھی تریاقی اثر رکھتی ہے۔

عرق بخار :- نوشادر ٹھیکری، ان بجھی ہر ایک ۱۰ تولہ علیحدہ علیحدہ باریک کر کے پیالہ چینی میں ڈال لیں اور سرکہ تیز کردہ ایک پاؤ آہستہ آہستہ اس پر ڈالیں۔ جھاگ اٹھے گی۔ جب جھاگ بند ہو جائے تو دو سیر پانی ملا دیں اور منتظر کر کے ہر تین گھنٹے کے بعد ۲ تولہ پلائیں۔ دو تین خوراک میں بخار اتر جائے گا۔ اس دوا سے پسینہ خوب آتا ہے اور پیشاب کھل کر آتا ہے اور خون صاف ہو جاتا ہے۔ یہ جاڑے کے موسمی بخاروں کو بہت مفید ہے۔

حب سبز:- تمام امراض چشم کا حکمی علاج ہے۔ آشوب۔ رتوندہ۔ روز کوری۔ بسلاق۔ خارش سبل۔ ناخونہ۔ سیلانِ اشک اور جالا کو مجرب المجرب ہے۔ عینک کی عادت بالکل جاتی رہتی ہے۔

زبدالبحر۔ شورہ قلمی۔ پھٹکری۔ نمک لاہوری۔ طوطیا سبز۔ صدف اصلی۔ نوشادر۔ ناخن خیل۔ برگ نیم۔ گوند ببول ایک ایک تولہ آب بادیاں سبز۔ آب سرس۔ آب ستیاناسی ہر ایک دس دس تولہ میں یکے بعد دیگرے کھرل کرکے گولیاں بنائیں وقت ضرورت پانی میں گھس کر سلائی سے دن میں دوبارہ لگائیں۔

اکسیر دق: برگ مور پنکھی جس کا پتہ مور کے پَر کی طرح ہوتا ہے ایک تولہ مرچ سیاہ ۱۱ عدد گھوٹ کر مریض کو استعمال کرائیں۔ چالیس یوم میں صحت کلی ہوگی۔ گیارہ مریضوں پر تجربہ کیا گیا۔

کشتہ طوطیا سبز:- طوطیا ڈلی ایک تولہ چار یوم شیر مدار میں تر رکھیں بعدہٗ چار یوم بول گاؤ میں رکھیں۔ اس کے بعد مچھی سرخ گل ۵ تولہ کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے ایک سیر آگ دیں۔ تین آنچوں میں طوطیا سفید کشتہ ہوگا۔

کشتہ نقرہ:- جس طرح پارس کے اتصال سے دوسری اشیاء سونا بن جاتی ہیں اسی طرح اس کشتہ کا استعمال انسان کو ہمیشہ جوان رکھتا ہے۔ دل جگر۔ معدہ۔ شانہ۔ دماغ گردہ کو حیرت انگیز قوت دیتا ہے۔ اس کے استعمال سے پیری میں شباب کا لطف حاصل ہوتا ہے۔ لفظی تعریف نہیں بلکہ میرا دعویٰ ہے کہ میری تحریر سے دس گنا فوائد ظاہر ہوں گے صدہا اشخاص پر تجربہ ہو چکا ہے۔

پترہ نقرہ ایک تولہ نغدہ سنگرہ سفید ایک پاؤ میں رکھ کر بیس سیر آگ دیں۔ اسی طرح دو آنچیں دیں۔ اس میں سم الفار فارِ ایک ایک ماشہ ملا کر آب گھیکوار سے چار گھنٹہ کھرل کرکے گولی بنا کر نغدہ سنگرہ میں دس سیر آگ دیں۔ اسی طرح دس آنچیں دیں ایک چاول ہمراہ مکہ ایک ہفتہ استعمال کریں بعدہٗ چار دن ناغہ کرکے دوبارہ ایک ہفتہ استعمال کریں۔ اس قدر قوت باہ پیدا ہوگی کہ برداشت مشکل ہوگی۔ چہرہ کا رنگ سرخ مثل خون کبوتر ہوگا۔ جملہ اعضا نے رئیسہ مضبوط ہوں گے۔

پھولا چشم:- طوطیا بریاں۔ سرمہ سفید۔ سرمہ سیاہ۔ مصری۔ نوشادر۔ سمندر جھین۔ پھٹکری بریاں ہموزن شیرہ گاؤ میں چودہ یوم کھرل کرکے گولیاں بنا کر شیشی میں رکھیں۔ شہد خالص گھس کر آنکھ میں لگائیں۔

خنازیر:- تین تعویذ خالص سونا کے بنوا کر ہر ایک میں دو رتی سم الفار ڈالی کر بند کر کے گلے میں ڈالیں کہ تعویذ خنازیر سے ساتھ مس کرتے رہیں۔

صرع: آب برگ عشق پیچہ بوقت دورہ یا بلا دورہ ناک میں ٹپکائیں اور اس پہ مداومت کریں۔

مقوی حافظہ: حافظہ قوی ہوگا دماغی محنت کرنے کی طاقت پیدا ہوگی۔ وکیلوں طالب علموں دماغی دماغی کام کرنے کو مفید ہے۔ وہ حضرات جو مقویات کھا کر پریشان ہوں۔ تھوڑے دنوں اس نسخہ شفا کا تجربہ کریں۔ تخم کاسنی سفوف بنا کر ۳ ماشہ ہمراہ دودھ علی الصبح نہار منہ تین ہفتہ استعمال کریں۔

طلائے طلسمی: ایک بہترین طلا ہے۔ جائفل ۲ عدد قرنفل ۵ چھٹانک۔ بیر بہوٹی ۱ تولہ مغز بھلاوہ ۵ تولہ سم الفار ۳ تولہ شیر مدار ۱/۴ پاؤ میں کھرل کر کے گولیاں بنا کر بذریعہ پاتال جنتر روغن نکالیں۔ اور دو ہفتہ کے بعد استعمال کریں۔

سرسام:- خانہ عنکبوت کی موٹی بتی چھوٹی انگلی کے برابر بنا کر مٹی کے دیا میں روغن کنجد جلا کر کانسی کی تھالی میں کاجل حاصل کریں اس کا کاجل آنکھ میں لگانے سے عرصہ ڈیڑھ گھنٹہ میں مریض کی حالت درست ہو جاتی ہے جب کہ مریض کی حالت خراب ہو اور ہذیان یا بکواس کر رہا ہو۔ اگر بخار چڑھنے سے قبل بخار کے مریض کو آنکھ میں لگا دیا جائے تو بخار نہ آئے گا۔

زخم پھوڑا پھنسی:- جس زخم یا پھوڑے سے مواد آرہا ہو اور پیپ جاری ہو۔ جس قدر کہنہ اور بوسیدہ جوتا دستیاب ہو اس کو جلا کر خاکستر باریک کر کے زخم پر چھڑکیں۔

جریان سرعت:- مغز تمر ہندی بریاں مقشر ایک پاؤ، مغز تخم سرس ۱/۴ پاؤ باریک کر کے ہموزن شکر سفید ملا کر ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ یا پانی سے دیں۔

ضماد مقوی درازی و فربہی:- کاڈلیور آئل ۲ تولہ زعفران ۶ ماشہ رائی بنارسی، ہیرا ہینگ روغن دارچینی۔ روغن لونگ، عقرقرحا ہر ایک ۳ ماشہ سب کو مسلسل ۱۲ گھنٹہ کھرل کر کے ضماد کریں۔

ذیابیطس:- کھلی بادام شیریں ایک تولہ صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔

ریگ گردہ و مثانہ:- مرغ سفید رنگ کے پنجے جلا کر خاک کریں ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی دیں دو تین روز میں کنکر خارج ہوگا۔

کرم شکم :- تمر ہندی سات یا دس گرہ چھیل کر شہد میں ملا کر معجون اور سوتے وقت کھلائیں تمام کرم شکم مر کر نکل جائیں گے۔

سلسل بول :- سردیوں میں تین روز نخود بھگوئیں اور بعد تین تولہ یومیہ کھا کر اوپر سے تھوڑا سرکہ پی لیں۔

عسر البول :- پیشاب درد تکلیف سے تھوڑا تھوڑا آتا ہو۔ آرد گندم ۵ تولہ آرد حلبہ ۲ تولہ گھی شکر نصف نصف چھٹانک حریرہ بنا کر پیویں۔

بہرہ پن :- چھوٹی چھوٹی مچھلیاں۔ روغن کنجد میں بریاں کریں جب خوب بریاں ہو جائیں تو پانی ڈال دیں۔ بعد نصف گھنٹہ کے جو تیل اوپر آ جائے۔ اس کو لے کر کان میں ڈالیں۔

مقوی باہ :- اول روز ہی اثر ظاہر ہوگا نعوذ۔ انتشار قوت عود کر آئے گی۔ پوست بیخ کینٹ زنجبیلہ شنگرف رومی ہر ایک ۲ تولہ ایک بوتل شراب برانڈی میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر سایہ میں خشک کر کے شراب برانڈی یا عرق ادرک میں گھس کر ضماد کریں۔

نافع بواسیر :- پوست ریٹھہ نیم کوفتہ لوہے کی بھٹی کی راکھ باؤبڑنگ۔ مین پھل ایک ایک چھٹانک پانی ۵ سیر میں ڈال کر نرم آگ پر پکائیں جب نصف رہ جائے تو اس کا بھپارہ دیں۔ اور دن میں دو بار دیں۔

دافع قے :- مکھی کی بیٹھ ایک رتی پانی کے ساتھ کھلائی جائے قے فوراً رک جائے گی۔

چھپاکی :- برگ پودینہ سبز ۹ ماشہ شکر سفید ایک تولہ پانی میں گھوٹ کر پلائیں فوراً آرام ہوگا۔

دردِ شقیقہ :- ستیاناسی کے تمام سبز دانے کپڑے میں رکھ کر جس طرف درد ہو۔ اس طرف نتھنے میں نچوڑیں اگر تمام سر میں ہو تو دونوں نتھنوں میں ڈالیں۔

دردِ باؤ گولا :- پوست بیخ مدار ایک تولہ قند سیاہ ۳ تولہ ملا کر تین گولی بنا کر تین تین گھنٹہ کے وقفہ سے دیں تو درد جاتا رہے گا۔

حکیم محمد حیات فیصل آباد

کشتہ طلا: سونے کا باریک پترہ بنا کر آب لیموں کاغذی میں ایک سو بجھاؤ دیں۔ پھر ایک چھٹانک اجوائن میں پانچ سیر کی اکیس آگ دیں کشتہ ہوگا۔ مجرب ہے ½ چاول ہمراہ مسکہ دیں۔

کشتہ نقرہ: پترہ نقرہ کو آب برگ مدار میں دس بار بجھاؤ دیں۔ فندق معہ مغز و پوست ایک تولہ آب برگد میں گھوٹ کر نغدہ بنا کر ایک سیر پارچہ لپیٹ کر محفوظ الہوا جگہ آگ لگائیں کشتہ ہوگا۔

کشتہ مس: تانبہ کے باریک پترے کرکے آگ میں سرخ کرکے سات مرتبہ شیر مدار میں بجھاؤ دیں پھر آب دھتورہ میں سات بار بجھا دیں۔ پھر نمک چکنی کے نغدہ میں رکھ کر ایک من آگ دیں کشتہ ہوگا

کشتہ سرب: سرب مصفیٰ کڑاہی میں پگھلا کر پٹھہ گھیکوار سے رگڑتے جائیں۔ کشتہ ہوگا۔ سوزاک کے لیے مفید ہے۔

کشتہ سم الفار: سم الفار ایک تولہ کی ڈلی پر شیرہ برہمی بوٹی تین بوتل کا چوپہ دیں اور فضلہ اکٹھا کرکے نیچے اوپر دے کر کوزہ میں بند کرکے تین سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ شگفتہ کشتہ ہوگا۔ ضعف باہ کے لیے نہایت اکسیر ہے۔ نصف رتی سے ایک رتی مسکہ سے دیں۔

کشتہ جست: دو تولہ جست کا برادہ کرکے پیالہ چینی میں رکھ کر ایک لیموں صبح ایک شام نچوڑ دیا کریں اور ملا دیا کریں۔ سات یوم میں شگفتہ کشتہ ہوگا۔ جو آنکھوں کو قوت بصارت دیتا ہے

کشتہ مرکب: برادہ نقرہ، برادہ فولاد ایک ایک تولہ، شنگرف رومی ۶ ماشہ آب گھیکوار سے تین یوم کھرل کرکے قرص بنا کر خشک کرکے کوزہ میں بند کرکے آٹھ سیر اوپلوں کی آگ دیں اسی طرح ہر بار شنگرف شامل کرکے سات آنچیں دیں۔ کشتہ ہوگا۔ کمی اشتہا، ضعف کرہ باہ۔ درد پشت، نقائص منی، بکثرت بول وغیرہ کو مفید ہے۔

کشتہ قلعی: قلعی ۵ تولہ کرنجوہ ۵ تولہ کوٹ کر ورق قلعی پھیلا کر تین پاؤ پارچہ کہنہ لپیٹ کر آگ لگائیں۔ ایک رتی ہمراہ مسکہ دیں۔

کشتہ نقرہ شنگرفی: شنگرف ۲ تولہ۔ ورق نقرہ ایک تولہ ہر ایک آب زقوم میں دو یوم کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر خشک کرکے ایک ایک برگ مدار لپیٹ کر ریت میں دبا کر ایک یوم آگ جلائیں کشتہ ہوگا۔ ضعف باہ دمہ وغیرہ کو مفید ہے۔

کشتہ ابرک :۔ ابرک محلول کو آب زرچوبہ میں کھرل کرکے قرص بناکر آگ دیں اسی طرح یہاں تک کھرل کرکے آگ دیں کہ ابرک کی چمک باقی نہ رہے۔ ضعف معدہ و دماغ۔ بخار ہر قسم اور کمزوری بدن کو مفید ہے۔

کشتہ ناقوس:۔ ناقوس۔ ہڑتال ورقیہ ہر ایک تین تولہ ہر دو کو آب مقطر کشکل میں کھرل کرکے کوزہ میں بند کرکے دو سیر آگ دیں۔ سفید کشتہ ہوگا۔ بخار، کھانسی کے لیے ہمراہ شربت بنفشہ دیں۔

کشتہ طوطیا :۔ شیر انجیر صحرائی میں طوطیا کی ڈلیاں تر کرکے تابہ آہنی پر نمک شیشہ باریک بچھائیں اور ڈلیاں چن دیں اوپر نمک بچھا کر ایک پہر نرم آگ جلائیں۔ طوطیا سفید کشتہ ہوگا۔

کشتہ سیماب :۔ سیماب مصفیٰ ایک تولہ کو آب برگ مدار زرد میں تین یوم کھرل کرکے نغدہ کرنیل نیم میں رکھ کر کوزہ میں بند کرکے دو سیر آگ دیں مثل بتاشہ سفید کشتہ ہوگا۔

کشتہ ہڑتال ورقیہ :۔ شیر برہمی بوٹی ایک بوتل میں ایک تولہ ہڑتال ورقیہ کھرل کرکے ٹکیہ بناکر دو سیر آگ دیں۔ سرد کرکے دوبارہ کھرل کرکے آگ دیں۔ سفیدی مائل کشتہ ہوگا۔ مقوی باہ۔ مولد مصفیٰ خون ہے۔

کشتہ سم الفار :۔ نغدہ برگ دھتورہ ایک سیر میں ایک تولہ سم الفار کی ڈلی رکھ کر ہنڈیا میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور تمام روز آگ جلائیں سرد کرکے باریک کرکے ایک رتی ہمراہ مسکہ دیں۔ آتشک کو مفید ہے۔

کشتہ نقرہ :۔ پترہ نقرہ کو گرم کرکے لوناسی کے پانی میں چند بار بجھاؤ دیں۔ اس کے بعد کپڑا شیر کاسنی وستار میں ترکرکے روپیہ پر لیپ کرکے اسی بوٹی کے نغدہ ایک پاؤ میں پارچہ لپیٹ کر ایک من آگ دیں کشتہ ہوگا۔ خوراک ایک رتی مسکہ میں دیں۔ جریان احتلام ضعف باہ کو مفید ہے۔

کشتہ فولاد :۔ مقوی باہ۔ مغلظ منی دافع کثرت بول ہے۔

برادہ فولاد ۵ تولہ شیر ثمر ببول ایک پیالہ میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں جب خشک ہوجائے تو باریک کرکے محفوظ رکھیں دو رتی ہمراہ مسکہ دیں۔

کشتہ تانبہ :۔ درد پسلی۔ کھانسی و وجع المفاصل کو مفید ہے۔ ہڑتال ورقیہ ۶ ماشہ باریک کرکے

ایک پیسہ پر لیپ کر کے دو سیر آگ دیں۔ خوراک ایک چاول شہد میں ملا کر دیں۔ کشتہ مذکور ۶ ماشہ گوندڈھاک ۱ تولہ شیر برگد ۲ تولہ میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر استعمال کرانے سے ضعف باہ اور سلسل البول کو فائدہ ہوگا۔

کشتہ شنگرف: آتشک۔ نامردی اور سوزاک کے لیے مفید ہے۔

شنگرف۔ ہڑتال ورقیہ۔ گندھک آملہ سار۔ پارہ ایک ایک تولہ کھرل کر کے گولی بنائیں۔ مغز کنول گٹہ۔ مغز تخم ریٹھہ۔ مغز جمالگوٹہ ایک ایک تولہ افیون ۳ ماشہ شیر مدار ۵ تولہ میں کھرل کر کے گولی پر ضماد کریں۔ ایک پاؤ نغدہ برگ کیکر میں رکھ کر کوزہ میں ریت کے درمیان رکھ کر چولہے پر رکھیں جب ریت پر دانہ بھن جائے۔ سرد کر کے بقدر ½ چاول مسکہ میں دیں۔

کشتہ سم الفار: حرمل سبز کے دو سیر نغدہ میں ایک تولہ سم الفار رکھ کر سات سیر آگ دیں۔

کشتہ قلعی: قلعی مصفیٰ سات سات بار آب تر پھلا۔ روغن تلخ۔ آب بھنگرہ۔ بول مادہ گاؤ۔ میں نمبروار بجھاؤ دیں اس کے بعد کڑاہی میں گلا کر ریوند چینی کی چٹکی دیں۔ کشتہ ہوگا۔

دیگر: قلعی مصفیٰ بطریق بالا پترہ کر کے ریزے کتر لیں اور جمالگوٹہ و تمر ہندی چکی میں پسوا کر اس میں ریزوں کو چن کر آگ دیں کشتہ ہوگا۔

کشتہ سونا مکھی: سونا مکھی ایک تولہ برگ مہندی ایک پاؤ کے نغدہ میں رکھ کر ۵ سیر آگ دیں۔ سرخ رنگ کشتہ ہوگا۔

کشتہ چاندی: عقرقرحا۔ گھونگچی سرخ دو تولہ جھنگ بوٹی ۸ تولہ ہر سہ کو شیر مدار میں کھرل کر کے نغدہ بنا کر درمیان چاندی کا باریک پترہ رکھ کر گل حکمت کر کے پانچ سیر آگ دیں تین تین آنچ میں کشتہ ہوگا۔

کشتہ سیماب: آب سنیاناسی و چیرچٹہ گل سفید کے چوپہ سے سیماب قائم النار ہو جاتا ہے۔

کشتہ مرجان: مرجان ۲ تولہ کو کھرل میں ڈال کر ایک پاؤ عرق گلاب میں کھرل کریں۔ کشتہ تیار ہے۔ جریان ضعف باہ کھانسی۔ دمہ میں تین رتی ہمراہ مسکہ یا بالائی دیں۔

کشتہ سم الفار: سم الفار ایک تولہ مٹی کے برتن میں رکھ کر آگ پر چڑھا دیں۔ اوپر ۵ سیر ...

اسپ مشکی کا چوبہ دیں۔ مثل بتاشہ شگفتہ ہوگا۔ بلغمی امراض اور قوتِ باہ کے لیے مفید ہے۔

حب سم الفار: ۔ سم الفار سفید ایک تولہ چالیس پہر شیر برگ میں کھرل کر کے گولی بقدر دانہ مونگ بنا کر ایک گولی ہمراہ مکھن برائے قوت باہ دیں۔

کشتہ طلا: ۔ سونے کا باریک پترہ بنا کر عرق لیموں میں یک صد بار بجھاؤ دیں۔ پھر پانچ تولہ اجوائن کے نغدہ میں رکھ کر ایک سیر کی آگ دیں۔ اکیس آنچ میں کشتہ ہوگا ضعف باہ امراضِ معدہ میں مفید ہے۔

کشتہ سرب: ۔ سرب مصفیٰ کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور پٹھہ گھیکوار سے حرکت دیتے رہیں۔ دو گھنٹہ میں سرب کشتہ ہوگا۔ سوزاک اور امراض مثانہ میں مفید ہے۔

کشتہ فولاد: ۔ برادہ فولاد ۲ تولہ نوشادر ۳ تولہ دونوں کو ملا کر برتن میں ڈال کر اوپر عرق لیموں ڈال دیں جب خشک ہو جائے تو اور عرق لیموں ڈالیں۔ اسی طرح تین بار کریں اور باریک کر کے محفوظ رکھیں۔ دو تین رتی برائے امراض معدہ، جگر، عام کمزوری، یرقان، ضعف جگر کو مفید ہے۔

کشتہ حجر الیہود: ۔ حجر الیہود ایک دانہ وزنی ۵ تولہ۔ آب اندرائن ایک سیر میں کھرل کریں پھر ٹکیہ بنا کر اس کے نغدہ میں رکھ کر دس سیر آگ دیں پھر مولی کے پانی میں کھرل کر کے آگ دیں ایک ماشہ ہمراہ شربت بزوری دیں۔ سنگ گردہ و مثانہ میں مفید ہے۔

کھانسی و بلغمی بخار: ۔ سم الفار ایک رتی مرچ سیاہ ۱۰۰ عدد میں کھرل کریں۔ گولی بقدر دانہ سرسوں بنا کر بعد غذا ایک گولی دیں۔

ذیابطیس: ۔ ذیابطیس حار کا مجرب علاج ہے۔

سرمہ سفید ۵ تولہ کو ایک ہفتہ آبِ لیموں میں کھرل کر کے رکھیں۔ ایک ماشہ ہمراہ آب سرد۔

قبض کشا: ۔ گل مدار ۲ تولہ فلفل سیاہ، نمک سیاہ ایک ایک تولہ سہاگہ۔ نوشادر ہر ایک ۳ ماشہ سقمونیا ۳ ماشہ نخودی گولیاں بنا کر دو گولی بعد غذا دیں۔

جریان: کشتہ قلعی، کشنیز، گوند ڈھاک۔ مائیں خورد۔ گوکھرو کلاں۔ ست اسبغول ہر ایک ۲ ماشہ شکر تمام کے برابر سفوف بنا کر ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ دیں۔

ضیق النفس: نمک سیاہ ۵ تولہ شیر مدار ایک پاؤ میں کھرل کر کے دس سیر آگ دیں۔ ایک ماشہ ہمراہ آب گرم دیں قے ہوگی اور بلغم نکل جائے گی۔

بواسیر: زخم حیات ۲ تولہ مرچ سیاہ ۵ عدد گھوٹ کر پلائیں چھ ہفتہ تک صحت ہوگی۔

سوزش بول: سرسوں کے پھول ایک تولہ بطور سردائی گھوٹ کر نبات سفید ملا کر استعمال کریں

رمد چشم: گل مدار سایہ میں خشک کر کے برتن میں جلا کر بطور نسوار لیں ایک ہی دن میں آرام ہوگا۔

ڈبہ اطفال: کاگ جنگا بوٹی کا کیڑا ایک عدد ہمراہ شکر سفید استعمال کریں۔

کثرت بول: پوست بیرون پیپل سفوف بنا کر ہموزن شکر سفید ملا کر ۳ ماشہ صبح شام ہمراہ دودھ گاؤ دیں۔

NO34

مقوی بصر: مصری کوزہ ۲ تولہ نمک سیندھا ایک تولہ کھرل کر کے صبح و شام لگائیں۔

ہچکی: زیرہ سفید، مصطگی ہر ایک ۴ ماشہ کلونجی ایک ماشہ سفوف بنا کر ایک گھنٹہ کے وقفہ سے ایک ماشہ دیں۔

صرع: ہڈی انسان سوختہ، عود صلیب ہموزن سفوف بنا کر ۲ ماشہ ہمراہ شربت بنفشہ۔

کھانسی: مغز بادام، آرو ملٹھی، سویز منقہ ایک ایک تولہ کوٹ کر گولی بقدر نخود بنا کر منہ میں رکھ کر چوسیں خشک کھانسی دو تین روز میں دور ہوگی۔

بخار ہر قسم: گلو تازہ ½ پاؤ چرائتہ ۲ تولہ، مرچ سیاہ ۵ تولہ عرق برگ تلسی ۳ تولہ جو کوب کر کے ½۱ سیر پانی میں بھگوئیں صبح جوش دے کر نصف رہنے پر مل کر صاف کریں، پھر عرق تلسی ملائیں۔ اور مغز کرنجوہ ۵ تولہ اضافہ کر کے آگ پر پکائیں اور گولیاں بقدر نخود بنا کر دیں۔

بخار نوبتی: سنڈھ، گوند ببول ہر ایک ۱۲ تولہ ریوند چینی ۳ تولہ تخم دھتورہ ۲ تولہ باریک کر کے پانی سے گولی بقدر نخود بنا کر بخار سے دو گھنٹہ پیشتر ایک گولی دیں۔

بخار کہنہ و کھانسی: ناقوس، ہڑتال ورقیہ تین تین تولہ آب کھنکل میں تین روز کھرل کر کے اور قرص بنا کر خشک کر کے کوزہ میں بند کر کے دو سیر آگ دیں۔ ایک رتی ہمراہ شربت بنفشہ دیں۔

بخار ہر قسم :۔ ست گلو ایک تولہ۔ طباشیر دانہ الائچی خورد، زہر مہرہ خطائی۔ کونین سلفٹ اینٹی فبرین ہر ایک ۶ ماشہ گوند کیکر کی مدد سے گولی بقدر نخود بنا کر دن میں تین بار دیں۔

کشتہ ابرک :۔ ابرک سیاہ محلوب کو آب بوٹی کاگ چنگا میں ایک ہفتہ کھرل کریں سبز رنگ کا کشتہ نہایت اعلیٰ ہوگا ہر قسم کے تپ دق و بخار میں مفید ہے۔

کشتہ جست :۔ برادہ جست حسب ضرورت لے کر آب لیموں میں رکھیں تاکہ خشک ہو جائے پھر اسے چھان لیں جو خام رہے اسے پھر آب لیموں میں تر رکھیں اور خشک ہونے پر چھان لیں۔ امراض چشم خارش۔ دھند۔ جالا۔ رمد۔ سوزش اور درد کو مفید ہے۔

داد :۔ تیزاب فاروقی ۵ تولہ میں کافور ایک تولہ ملا کر حل کریں اور روئی کے گالہ سے داد پر لگائیں۔

قبض کشا :۔ سناکی ایک تولہ مغز بادام ۲ تولہ دونوں کو خوب کھرل کر کے اور گلقند ۴ تولہ ملا کر جنگلی بیر جتنی گولی بنا کر دو گولی سونے وقت ہمراہ دودھ دیں۔

بواسیر :۔ دارچکنہ ۶ ماشہ رسونت خالص ۲ تولہ عرق مولی میں چھ گھنٹہ کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر دو گولی ہمراہ مسکہ دیں ہر قسم کی بواسیر کو آرام ہوگا۔

احتلام :۔ پوست انار کھانڈ ہموزن سفوف بنا کر ایک تولہ دودھ سے دیں۔

آبلہ پاؤں :۔ اگر سفر کرنے سے پاؤں میں آبلے پڑ گئے ہوں تو چاول پکا کر وہی ملا کر نغدہ باندھیں فوراً آبلہ دور ہوگا۔

اسقاط حمل :۔ برگ ببول ۱۰ تولہ پانی ½ سیر میں جوش دے کر نصف رہنے پر مصری ملا کر پلائیں ایام حمل میں خون آنے کو مفید ہے۔

اختلاج القلب حاملہ :۔ گل گلاب تازہ سبزی زیرہ دور کر کے عرق گلاب ایک پاؤ میں حل کر کے مصری ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔

بے ہوشی :۔ کائپھل۔ نوشادر باریک کر کے نسوار لیں یا بذریعہ نلکی پھونکیں۔

طلا خاص :۔ سم الفار سفید ۲ ماشہ سم الفار زرد ۳ ماشہ سم الفار سرخ ایک ماشہ ہڑتال ورقی

شنگرف گمو نگچی سفید زعفران ہر ایک ۳ ماشہ جائفل کلاں ایک عدد الائچی کلاں ۵ ماشہ پوست بیخ کیر سفید کٹھ تلخ مغز جمالگوٹہ دو دو تولہ زردی بیضہ مرغ ۴ عدد باہم ملا کر گولی بقدر کوکن بیر بنا کر سایہ میں خشک کر کے روغن نکالیں اور بطریق معروف استعمال کریں۔

نزلہ و زکام :۔ قرنفل ۳ عدد زعفران ۲ رتی کندر ۳ رتی تمباکو کڑوا ایک ماشہ باریک کر کے نسوار بنائیں اور استعمال کریں۔

شقیقہ :۔ سبز آملہ کا رس درد کے مخالف نتھنے میں ڈالیں۔

نسیان :۔ مغز پستہ۔ مویز منقہ ۳عدد، کندر ہموزن سفوف بنا کر ایک تولہ صبح و شام دیں۔

مرگی :۔ ہزار پایہ بڑا۔ تمباکو میں لپیٹ کر سایہ میں خشک کر کے اور باریک کر کے نسوار دیں۔

دیگر: پرانا چمڑا جلا کر بوقت دورہ نلکی سے ناک میں پھونکیں۔

دیگر: جونک خشک کی راکھ بقدر ایک رتی بوقت دورہ ناک میں پھونکیں اور اس کے بعد متواتر استعمال جاری رکھیں مرض جڑ سے جاتا رہے گا۔

دیگر: شیر کا پس افگندہ خشک کر کے اس کی نسوار دیں جادو اثر ثابت ہو گی

کابوس :۔ بادرنجبویہ ۱۰ ماشہ باریک کر کے شہد ملا کر چٹائیں۔ نہایت مفید ہے۔

دیگر: ہُدہُد کی ہڈی جلا کر ایک ماشہ ایک ہفتہ تک کھلائیں۔

سرمہ :۔ ضعف بصر، دھند، جالا، پھولا غبار۔ ککرے۔ موتیا بند میں مفید ہے عینک کی عادت جاتی رہتی ہے۔

غبار نیارہ جو سناروں کے ہاں سے بوقت سونا نکالنے کے میل وغیرہ سے حاصل ہوتا ہے۔ ایک تولہ لے کر تین تولہ آب لیموں سے کھرل کر کے صبح و شام لگائیں۔

دیگر:۔ نمک اسپند، شورہ مصفیٰ ہم وزن باریک کر کے بطور سرمہ لگائیں۔

ڈاکٹر سید علی کوثر چاندپوری

حب امساک :۔ سیماب مصفیٰ۔ افیون خالص ہر ایک ۱۰ ماشہ آب پان میں کھرل کر خشک کریں۔ سات بار کے بعد عقرقرحا۔ بذرالبنج۔ خولنجان۔ جوزبوا۔ قرنفل۔ بسباسہ ہر ایک ۳۰ ماشہ ملا کر گولی

بقدر نخود بنا کر بوقت ضرورت روٹی اور گھی کے چند لقمے کھا کر اور اس کے تین گھنٹہ بعد ایک گولی کھائیں اور دو گھنٹہ بعد جماع کریں۔

سرعتِ انزال:۔ تخم ہلیلہ نخود بریاں ہر ایک ۹ ماشہ مغز بادام شیریں ۵ عدد شکر تری ہموزن با یک کر کے روغن زرد ۲ تولہ پگھلا کر ڈالیں اور نہار منہ کھائیں ایک ہفتہ کے استعمال سے چار گھنٹہ کا امساک ہوگا اور اگر ہر ماہ پانچ یوم کھائیں تو امساک پر اتنی قوت حاصل ہو کہ جب تک خود نہ چاہیں انزال نہ ہوگا

کیمیائے عشرت:۔ نمک چکنی ۳ رتی۔ کائپھل۔ افیون ہر ایک ۶ رتی۔ قرنفل، مازو۔ ورق طلاء ورق نقرہ ہر ایک ۴ رتی زعفران ایک رتی دار چینی، مشک۔ ریگ ماہی ہر ایک ایک ماشہ سفوف بنا کر ½ ماشہ دودھ سے استعمال کریں۔ تھوڑی دیر کے بعد جماع کریں اگر سوزش معلوم دے۔ تو دودھ ہی پییں اعلیٰ درجہ کا ممسک و مقوی ہے۔

ممسک:۔ نخود بریاں مقشر ۴ عدد افیون بقدر دانہ نخود ہر دو کو پیس کر دونوں انگلیوں میں تھوڑی دیر پھرائیں پھر دو پیسوں کے درمیان گولی رکھ کر پیس تاکہ یکذات برنگ طاؤس ہو جائے۔ اس کی ۴ گولیاں بنائیں ایک گولی بعد طعام کھائیں اور امساک کا لطف حاصل کریں۔

ممسک و ملذذ:۔ لونگ حسب ضرورت لے کر زہرہ ماہی میں تر کر کے چالیس روز تر رکھیں بس کے بعد ایک قرنفل پان میں رکھ کر کھائیں۔ خوب امساک ہوگا۔ اگر نصف لونگ لعاب دہن میں گھس کر عضو پر مل کر جماع کریں تو بے انتہا لذت پیدا ہوگی۔

ممسک:۔ جائفل مصطگی۔ افیون ہر ایک ۳ ماشہ جو کوب کر کے چھوہارہ سے گٹھلی دور کر کے اس میں بھر دیں اور آٹا میں ملفوف کر کے دھاگہ باندھیں ایک سیر دودھ میں جوش دیں کہ دودھ کھویا ہو جائے چھوہارہ نکال کر اوپر کا سفید آٹا الگ کر دیں جب سیاہ آٹا آنے لگے۔ تو بعد چھوہارہ کوٹ کر زعفران، کشتہ سم الفار، مشک ہر ایک ½ ماشہ۔ کشتہ ہڑتال گئو دنتی ۳ ماشہ ملا کر گولی بقدر نخود بنا کر ایک گھنٹہ پیشتر ایک گولی کھا کر مشغول ہوں۔ جب انزال کرنا چاہیں سوہاگہ خام تھوڑا سا کھا لیں۔ مگر اس بعد غذا نہ کھائیں۔ صرف دودھ پییں۔

مقوی و ممسک:۔ سم الفار مدبر در شیر۔ دانہ الائچی سبز۔ جاوتری، اجوائن خراسانی مغز بادام

شیرین، قرنفل، مدبر درشر دھتورہ، افیون، مصطگی ہر ایک ۶ ماشہ، زعفران ۳ ماشہ، زردی بیضہ مرغ، ابلی ہوئی ۲ عدد حسب ترتیب ادویہ کھرل کرکے شہد ملا کر گولی بقدر ایک رتی بنا کر ہمراہ دودھ دیں۔ جب پیاس لگے دودھ ہی پیئیں ایک آدمی دس بارہ سیر دودھ آسانی سے ہضم کر سکتا ہے۔ غذا گوشت روٹی خوب گھی ڈال کر کھائیں۔

ممسک : جوزبوا، خولنجان، خصیۃ الثعلب ہر ایک ۱ ماشہ جاوتری، زرلبی ہر ایک ۳ ماشہ افیون ۵ ماشہ کوٹ پیس کر گولی بقدر نخود بنا کر ہمراہ دودھ دیں۔

دیگر : زرلبی، افیون، زعفران، دار چینی، جاوتری ہر ایک ۱ ماشہ، مغز بادام، جائفل، خولنجان، ثعلب مصری ہر ایک ۲ ماشہ برگ قنب ۳ ماشہ کوٹ چھان کر گولی بقدر نخود بنا کر استعمال کریں۔

سرعتِ انزال : مصطگی، خصیۃ الثعلب، لاکھ، جھڑبیری ہموزن شیر برگد میں گولی بقدر کوکن بیر بنا کر صبح و شام ہمراہ دودھ چالیس یوم میں صحت ہوگی۔

ممسک و مقوی : تخم و برگ و شاخ کھبذ سیاہ خشک کرکے ہموزن کھانڈ ملا کر دو تولہ روزانہ کھائیں۔ امساک طبعی پیدا ہوگا۔ اس کی مداومت بالوں کو سیاہ کرتی ہے۔

ممسک : مال کنگنی، منتشر، سمندر سوکھ، بیج بند، افیون، اسپند بریاں ہموزن باریک کرکے روغن گاؤ میں ملا کر گولی بقدر نخود بنا کر ایک تا دو گولی استعمال کریں۔

اعادہ شباب : نمک چکنی ۲ ماشہ ادرک ۷ ماشہ کھا کر اوپر سے دودھ پی لیں۔ دوسرے دن نمک چکنی کا وزن دگنا کر دیں۔ تیسرے دن تین گنا اور پھر اسی مقدار میں روزانہ کھائیں۔ چالیس یوم میں امساک بے حد پیدا کرتی ہے اور بوڑھا بھی جوان بن جائے گا۔

سرعتِ انزال :۔ مصطگی، طباشیر، دانہ الائچی خورد، ثعلب مصری ہموزن کھانڈ سب کے برابر سفوف بنا کر ۶ ماشہ ہمراہ دودھ بکری۔ اگر اس میں ہر خوراک میں ایک رتی کشتہ قلعی ملا لیا کریں تو اور بہتر ہوگا۔

حب امساک : گوند ڈھاک (کمرکس) باریک کرکے شہد ملا کر گولی بقدر کنار دشتی بنا کر ہمراہ دودھ دیں۔

دیگر: - افیون، جوزبوا، عقرقرحا، قرنفل، شنگرف ہموزن شہد سے گولی بقدر نخود بنا کر جماع سے پہلے ایک دو گولی دودھ سے دیں۔

دیگر: - مشک ۲ رتی زعفران۔ افیون ایک ایک ماشہ باریک کرکے چھوہارہ ایک عدد میں بھر کر اوپر شیر برگد ڈال دیں۔ جب خشک ہو جائے تو دوبارہ ڈال کر آٹا سے بند کرکے بھوبل میں پکائیں اور کوٹ کر گولی بقدر نخود بنا کر ایک گھنٹہ پیشتر دودھ سے دیں۔

مقوی باہ: - چھوہارے ۵ عدد دودھ میں اُبال کر چھوہارے کھالیں اور اوپر سے دودھ پی لیں۔

دیگر: - افیون، جوزبوا، بسباسہ، دارچینی، لونگ، تخم حرمل ہر ایک ۳ ماشہ گنید سیاہ ۱ تولہ شہد سے گولی بقدر کوکن بیر بنا کر دودھ سے کھائیں۔

نزول الماء: - منضج پلانے کے بعد مسہل سے دماغ صاف کریں جب اپارج کھلائیں اور تخم نیل باریک کرکے بطور سرمہ لگایا کریں۔

دیگر: - مروارید ۲ ماشہ۔ سرمہ اصفہانی ۴ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ فلفل سیاہ، مشک۔ ورق نقرہ ایک ایک ماشہ سرمہ بنا کر استعمال کریں۔

دیگر: - سندرپھل ایک عدد، شکر سفید ۱ تولہ۔ قرنفل ۵ عدد، ماشہ الائچی خورد ۸ عدد۔ سرمہ کی طرح کھرل کر کے لگا کریں۔

دیگر: - ہینگ ۶ ماشہ صعتر ایک تولہ، بادیان ۲ تولہ نیم کوب کرکے جوش دیں اور صاف کرکے شہد خالص ۲ تولہ ملا کر سوتے وقت لگایا کریں۔

مدر بول: - طین خراطین یعنی وہ مٹی جو خراطین کے سوراخ پر جمع ہوتی ہے۔ عرق گلاب میں حل کر کے مثانہ پر ضماد کریں دس منٹ کے اندر مثانہ پیشاب سے خالی ہو جائے گا۔

دیگر: - روغن بیدانجیر ولایتی ۳ تولہ گرم پانی میں ملا کر مریض احتباس البول کو پلائیں۔ پندرہ میں منٹ میں پیشاب خوب کھل کر آئے گا۔

حب مقوی خاص: - امساک پیدا کرتا ہے۔ باہ کو بڑھاتا ہے۔ دس بارہ سیر دودھ بخوبی ہضم ہو جاتا ہے۔ بارہا تجربہ میں آچکا ہے

سم الفار مدبر عدد شیر، دانہ الائچی خورد۔ جاوتری، اجوائن خراسانی۔ قرنفل مدبر۔ درنجم، دستوره مغز بادام، مصطگی، افیون ہر ایک ۲ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ زردی بیضہ مرغ ابلی ہوئی ۲ عدد وشہد سے گولیاں بقدر ایک رتی بنائیں۔ صبح ایک گولی دودھ سے دیں۔

سفوف غمناکی معین حمل:- خدا کے فضل سے حمل قائم اور لڑکا پیدا ہوگا۔

برادہ دندان فیل ۵ تولہ۔ سنگ جراحت۔ گوند ڈھاک۔ مائیں خورد ہر ایک ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۲ تولہ مصری کالپی ۳ تولہ سفوف بناکر ۵ ماشہ صبح وشام ہمراہ دودھ گاؤ تازہ دگائے کا بچہ اس کے ہمرنگ ہو) دیں۔ چوتھے روز مجامعت سے حمل قائم ہوگا۔

یہ دوا بعد فراغت حیض استعمال کرائیں اور شروع حیض میں کشمش سرخ۔ نارجیل سرخ۔ چھوہارا ابل سیاہ۔ گڑ پرانا ہموزن کوٹ کر کھلاتے رہیں۔

دیگر:- جائفل، لونگ۔ کافور۔ زعفران ہر ایک ۲ ماشہ ناگ کیسر ۲ تولہ کوٹ چھان کر پانی سے گولی بقدر نخود بناکر حیض آنے کے تیسرے دن شروع کریں ایک گولی صبح دودھ سے دیں سات یوم دیں۔ پانچویں۔ چھٹے۔ ساتویں روز مجامعت کریں حمل ہوگا۔

شافہ غمناکی:- واسطے تعین حمل اور اولاد نرینہ۔

کونپل سرس۔ سمندر جھاگ۔ باؤ برنگ۔ جائفل۔ الائچی۔ ناگ کیسر ہموزن کوٹ چھان کر پانی میں گوندھ کر شافہ ۳ ماشہ تیار کریں اور اندر رکھیں چند یوم میں تمام امراض دور ہوں گے۔

غمناکی لاثانی حب:- جس عورت کے لڑکیاں ہوتی ہوں۔ یہ گولیاں بہت مفید ہیں۔

نیخ مرجان۔ صدف صادق۔ زہر مہرہ خطائی ہر یک ۳ ماشہ مروارید ۱ ماشہ۔ ورق نقرہ ۲۲ عدد نارجیل دریائی ۲ ماشہ کھرل کرکے گولی بقدر نخود بناکر حمل کے دوسرے ماہ سے ایک گولی روزانہ دیں۔ لڑکا ہوگا۔

جریان کہنہ:- اندر جو شیریں۔ سمندر پھل۔ تخم کرنجوہ۔ تخم پیاز۔ تخم اٹنگن۔ عقرقرحا۔ ریوند چینی کمد ۱۰ ماشہ باریک کرکے بیس پڑیہ بنائیں۔ ایک بیضہ مرغ کی سفیدی دور کرکے ایک پڑیہ ڈال دیں اور بھوبل میں نیم برشت کرکے کھائیں۔ بیس یوم میں صحت ہوگی۔

مسہل:- شبنم خوسر میں بادیان تر کرکے خشک کرکے قدرے مصری ملا کر روغن ارنڈ میں چرب

کر کے گولی بقدر مرچ سیاہ بنا کر رات کو گرم پانی سے دیں۔ صبح دو اسہال ہوں گے۔

مقوی باہ :- زعفران، دار چینی، جائفل، افیون، مشک، بجورتی، جائنگرف، قرنفل ایک ایک ماشہ مروارید ۳ ماشہ سم الفار ۲ ماشہ ایک ایک رتی کی گولیاں بنا کر بعد غذا ایک گولی دیں۔

وجع المفاصل : گوگل سیاہ، قند سیاہ کہنہ، گنبد سیاہ ہموزن اول گوگل چار پہر تک کوٹیں۔ پھر قند سیاہ ملا کر چار پہر کوٹیں اور پھر گنبد ملا کر کوٹیں گولی بقدر کنار بنا کر دو گولی ہمراہ روغن گاؤ دیں۔

سیلان الرحم :- گل انبہ۔ گل فوفل۔ پوست بیرون پستہ ہم وزن کوٹ کر شکر سفید ملا کر ۹ ماشہ ہمراہ دودھ دیں تین روز میں آرام ہو گا۔

گل چشم : شیشہ نمک ۸ تولہ نوشادر ۲ تولہ طوطیا ۲ تولہ نمک باریک کر کے پیالی میں رکھیں اور اس پر نوشادر و طوطیا جو کوب کر کے بچھائیں اور دوسرا پیالہ اوندھا کر کے جوہر حاصل کریں۔ اور آنکھوں میں لگائیں۔

ناروا :- گندا بیروزہ ۹ ماشہ روغن گاؤ ۲ تولہ گرم کر کے باہم ملا کر پلائیں اسی روز تکلیف جاتی رہے گی۔ تین روز تک پلائیں۔ پانی ہو کر بہہ جائے گا اور پھر مرض نہ ہو گا۔

ضیق النفس :- سرطان بحری، ترلہ، بیخ کوکنار ۳ تولہ نوشادر ا تولہ سپاری چکنی ۲ تولہ۔ کوزہ میں بند کر کے آنچ دیں پھر نکال کر پیس کر طبا شیر۔ کافور تین تین ماشہ ملا کر ۲ ماشہ بوقت صبح ترش دہی ت دیں اگر پیاس معلوم دے تو دہی ہی پلائیں نایاب اکسیر ہے۔

دیگر :- شیشہ نمک ۲ تولہ کو سالم ناریل میں ڈال کر شیر مدار ۸ تولہ ڈال کر اور سینپٹ کر کے ۱۰ سیر اوپلے کی آگ دیں۔ ایک رتی ہمراہ حلوہ گڑ۔ آرد گندم و گھی دیں۔ سوائے اس حلوہ کے اور کوئی غذا نہ دیں۔

شب کوری : خون کبوتر خشک کر کے حل کر کے آنکھ میں لگائیں۔

برص : ہلیلہ سیاہ، پوست ہلیلہ زرد صبر سقوطری ۲ انزروت۔ مقل۔ سکنج، عدس۔ تخم حنظل ہر ایک ۵ تولہ صعتر فارسی ۳ تولہ باریک کر کے عرق بادیاں سے گولی بقدر کنار کشتی بنا کر ایک دو گولی صبح و شام پانی سے دیں۔

تریبنہ :- تودری سرخ۔ تودری سفید شقاقل ایک ایک تولہ۔ قرنفل ۶ ماشہ برگ شمدلوی ۳ تولہ

برادہ عاج ۶ تولہ مصری کوزہ ۱۲ تولہ سفوف بناکر ۶ ماشہ ہمراہ دودھ گائے جس کا بچھڑا نر ہو حیض سے پاک ہونے کے بعد تین یوم تک پھر دوسرے ماہ دیں۔

بخار و کھانسی کہنہ :- گلو سبز، کاسنی ایک ایک تولہ، دانہ بکر ۳ ماشہ اجوائن ۲۰ دانہ گھوٹ کر شیرہ نکال کر شربت شفا ملا کر پلائیں۔ تین ہفتہ میں مرض جڑ سے جاتا رہے گا۔

فتق :- ریوند چینی، امرکی دو دو ماشہ سفیدی بیضہ مرغ میں حل کر کے لیپ کریں اور لنگوٹ باندھیں ریوند چینی۔ گل انار، تبسکر تری ہم وزن ملا کر کھائیں۔

درد کمر ریحی :- مدھانی گل مدار ابال کر اچار بنا کر استعمال کریں۔

سنگ گردہ و مثانہ :- مولی کو کھرچ کر اندر سے صاف کر کے اس میں تخم شلغم بھر کر اوپر آرد گندم لیپ کر کے بھوبھل میں پکائیں۔ سرخ ہونے پر آٹا اتار کر کھلائیں۔

دردِ گردہ :- ایک خرگوش صبح ذبح کر کے پیٹ صاف کر کے قلمی شورہ بھر دیں اور پیٹ کو سی دیں اوپر کپڑا لپیٹ دیں اور دس سیر پانی میں پکائیں۔ جب نصف رہ جائے۔ توسر د کر کے شورہ نکالیں۔ قائم النار ہوگا۔ دو ماشہ نمک پانی میں دیں فوراً آرام ہوگا۔

ناسور :- سنکھ جلا کر اس کی راکھ ناسور پر چھڑکیں۔

نارو : جنگلی کبوتر کی بیٹھ۔ گڑ ہم وزن ملا کر گولی بقدر کنار دشتی بنا کر ہر روز کھلائیں۔

ہچکی : پرانی رسی چھپر حقہ میں رکھ کر پیویں۔

مضیق : پوست درخت کریر پانی میں جوش دے کر سہ بار پارچہ اس میں تر و خشک کریں اور اس میں سے قدرے عورت شافہ کرے مانند باکرہ ہوگی۔

کشتہ پارہ : زرد چوب کپڑ چھان کر کے آب برگ سنبھالو میں خمیر کر کے دو لوتہ بنا کر سیماب رکھ کر گل حکمت کر کے آگ دیں کشتہ ہوگا۔

کثرت الطمث :- گندھک مدبر۔ دار ہلدی ہر ایک ۵ تولہ گوند کتیرا۔ ست نیم۔ ست گلو۔ ہر ایک ۶ ماشہ دودھ بکری میں ملا کر گولی بقدر نخود بنا کر دن میں چار بار دیں ایک ماہ لگاتار استعمال کریں۔

دق معوی :۔ پیٹ کی خنازیر کے لیے ۹۵ فیصدی مجرب ہے۔ چرائتہ۔ گندھک برگ نیم
گلو سبز۔ اجوائن دیسی۔ رسونت۔ کالی زیری ہم وزن آب برگ نیم کے جوشاندہ سے کھرل کر کے بیس گنا
جوشاندہ ملادیں۔ اور چھان کر دھوپ میں خشک کر کے گولی بقدر نخود بنا کر دن میں چار بار پانی سے
دیں۔
باؤ گولا :۔ مرکی ۵ تولہ کشتہ فولاد ۲ تولہ گندھک ۳ تولہ ہینگ ۶ ماشہ آب گھیکوار میں کھرل کر کے
گولی بقدر نخود بنا کر صبح شام پانی سے دیں۔
لجاسیر :۔ پھٹکری سرخ ۵ تولہ کھرل کر کے توا پر رکھیں نیچے نرم آگ جلائیں اور آب مولی ایک
سیر کا چوبہ دیں ایک رتی پانی سے دیں۔
اکسیر ہیضہ :۔ افیون ایک ماشہ چونہ ۳ ماشہ دونوں کو ملا کر تین گولیاں بنا کر ایک گولی کھا کر اوپر سے
چاولوں کا نوالہ گھی ملا کر دیں۔
چلن اطفال :۔ کاکڑا سنگی۔ اتیس۔ پیپل۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خورد۔ ناگر موتھہ ہموزن باریک کر کے
ذرا بھر شہد میں پانی میں دیا کریں۔
شبکوری :۔ تازہ نمک چکنی کا عرق اور روغن بنفشہ ہموزن ملا کر چند قطرے ناک میں ٹپکائیں۔
تریاق درد گردہ :۔ لوٹ بھی۔ نوشادر برج سیاہ، نمک سیندھا، نمک سیاہ۔ سہاگہ۔ قلمی شورہ ہینگ
نمک تب۔ جوکھار۔ جو ہر نوشادر ہموزن ہر ایک ۴ ماشہ سرکہ انگوری ۸ تولہ باریک کر کے ملا کر لعوق
بنائیں ۳ ماشہ ہر نصف گھنٹہ کے بعد دیں۔
اکسیر الحمیات :۔ ہر قسم کے بخاروں کے لیے شرطیہ حتمی علاج اور لاجواب اکسیری نسخہ ہے۔
کرلا۔ زہر مہرہ۔ بست گلو۔ فلفل سیاہ۔ طباشیر۔ الائچی سبز۔ مغز کرنجوہ۔ کونین۔ بینگ جراحت گیرد
ہر ایک ۶ ماشہ تخم دھتورہ ایک رتی ملا کر لعاب اسپغول سے گولی بقدر نخود بنا کر ایک دو گولی ہمراہ
عرق گاؤزبان دیں۔
اکسیر عمدہ :۔ برائے نقرس۔ وجع المفاصل۔ امراض باردہ کو نافع ہے۔ قبض کشا۔ معدہ کو درست
رکھتا ہے۔ سقمونیا معنی ۱ تولہ۔ برگ سنا۔ بادیان۔ سورنجاں شیریں۔ اجوائن دیسی۔ ہینگ ہر ایک ۶ ماشہ

آب گھیکوار میں کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر ایک دو گولی سوتے وقت عرق بادیاں سے دیں۔

استسقاء:۔ عصارہ غافث، عصارہ ریوند، غاریقون۔ تربد مجوف۔ گل سرخ معنی ہر ایک ایک ماشہ، ریوند چینی، سنا مکی، پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک ۲ ماشہ سفوف بنا کر ہمراہ شیر بز روزانہ اسی قدر دیں۔

برص:۔ گیری ۱ تولہ باپچی ایک پاؤ۔ گندھک ۵ تولہ پیس کر یک جان کر کے داغوں پر لیپ کریں۔

درد نیم سر:۔ کوار گندل کی جڑ سر سے باندھیں۔ آرام ہو گا۔

ورم رحم:۔ املتاس ۲ تولہ کف دریا ایک تولہ۔ روغن گل ۳ چار تولہ شہد ۲ تولہ عرق مکو میں ملا کر صبح شام روئی تر کر کے رحم میں رکھیں۔

اکسیر ممسک بدرجہ اول:۔ اسٹرکنیا۔ مارفیا۔ کیلومل ایک ایک رتی۔ کونین ۱۲ رتی ملا کر ایک رتی بعد غذا شام ہمراہ دودھ دیں اور خوب دودھ پیویں۔ دو گھنٹہ کے بعد مشغول ہوں۔

طلاء عمدہ:۔ مجلوق۔ نامرد کا مکمل اور مجرب علاج ہے۔

شیر مدار، شیر زقوم۔ روغن بلادر۔ شہد روغن زرد ہموزن کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔ عضو کی پشت کو کھردرے کپڑے سے رگڑ کر لگائیں اوپر سے برگ پتر باندھیں تیسرے دن آبلہ پیدا ہو گا سوئی سے چھید کر پانی نکالیں اور روغن بیضہ مرغ لگائیں۔ بالکل درست ہو گا۔

قبض کشا:۔ سونف دیسی ۲ تولہ سہاگہ بریاں ۹ ماشہ اجوائن ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ ۳ تولہ ایلوا ۵ تولہ۔ آب گھیکوار آب لیموں میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر رات کو سوتے وقت دو گولی گرم پانی سے دیں۔

معجون مقوی باہ:۔ مولد و مغلظ منی و مفرح قلب ہے۔

آب پیاز سفید ۵ تولہ شہد ۳۰ تولہ ملا کر آگ پر رکھیں جب آب خشک ہو جائے۔ تو سنبل ہندی، عود ہندی ہر ایک ۹ ماشہ عقرقرحا۔ دار فلفل، الائچی خورد۔ جندبیدستر ہر ایک ۱۴ ماشہ مشک ۲ ماشہ باریک کر کے معجون بنائیں۔ ایک ہفتہ کے بعد ہر روز بقدر ۲ تولہ استعمال کریں۔

حکیم سید علی شاہ پلول

تریاق رعاف:۔ موئے گوش شتر سوختہ کی نسوار استعمال کرائیں اور پوست آملہ کی ٹکیہ سر پر رکھیں بے خطا علاج ہے۔

مسہل:- شیر تھوہر میں بادیاں بھگو کر خشک کر لیں ایک دانہ سے ایک دست ہوگا۔ اور کوئی نقص نہ ہوگا۔

فواق:- کنہ بان مونج، کاغذ سیالکوٹی۔ ۸ ماشہ حقہ میں رکھ کر پلائیں صدہا بار کا آزمودہ ہے۔

صرع:- کن سلائیاں (برساتی کرم) تازہ لے کر کپڑے پر ضماد کر کے خشک کریں۔ قدرے پارچہ کاٹ کر جلا کر مصروع کو سنگھائیں۔

یرقان اصفر: گھونگچی سفید کی دال پیس کر نسوار بنائیں اور تین روز نسوار دیں۔ غذا مرغن دیں۔

حکیم حیدر دورحوی

حبوب قبض کشا:- ہر قسم کی قبض کے لیے نہایت اعلیٰ ہیں۔ کوئی گھبراہٹ نہیں ہوتی ہر موسم اور ہر مزاج کے لیے قابل استعمال ہیں۔

مصبر، شحم حنظل یا پوست بیخ حنظل ہموزن۔ آب گھیکوار میں کھرل کر کے گولیاں بنائیں سوتے وقت دو گولی آب گرم سے دیں۔ صبح اجابت ہوگی۔

حکیم مرزا خورشید علی خان کمیدان

اکسیر البدن:- شہد خالص ۹ ماشہ گلاس میں ڈالیں اس میں بکری کا دودھ ۱ پاؤ دوہیں اور اسی وقت پلائیں۔ ہر روز دودھ کی مقدار بڑھائیں اور تین پاؤ تک چالیس یوم استعمال کریں۔ ناغہ نہ کریں۔ اگر درمیان میں کسی قسم کا قراقر یا اسہال کی شکایت ہو تو کوئی خیال نہ کریں۔ خود بخود دور ہوگی چالیس یوم کے بعد طاقت پیدا ہوگی۔

مقوی باہ:- قند سیاہ ایک تولہ مصری ۶ ماشہ ہر روز استعمال کریں۔ خوب طاقت پیدا ہوگی۔

دیگر:- السی ۱/۲ سیر بھون کر اسی قدر قند سیاہ ملا کر خوب کوٹیں کہ یک جان ہو جائیں۔ ایک ایک تولہ کے لڈو بنائیں سوتے وقت ایک لڈو کھائیں اس کے بعد پانی ہرگز نہ پئیں۔ ماس کے بعد حسب برداشت دو لڈو کھائیں اس کے استعمال سے ساٹھ برس کا بھی پٹھہ جوان معلوم ہوگا۔ جو موسم سرما میں اسے استعمال کرے گا۔ اس کی قوت کبھی کمزور نہ ہوگی۔

سوزاک:- قلمی شورہ ۱۰ تولہ گندھک آملہ سار ۱۰ ماشہ کوری ہنڈیہ میں پانی ڈال کر پکائیں جب

پانی خشک ہو جائے۔ تو باریک کر کے ۳ ماشہ دودھ کی لسی سے دیں۔

دیگر: مصطگی خوب باریک کر کے ۳ ماشہ بالائی دار دہی ایک پاؤ میں ملا کر کھائیں۔ پہلے ہی روز میں فائدہ ہوگا۔

دیگر: رال مدبر در شیر بگد۔ گوند کتیرا ایک ایک تولہ دیسی کھانڈ ۲ تولہ سفوف بنا کر ایک تولہ مصری کے شربت سے دیں پرانے سے پرانا سوزاک دور ہوگا۔

دیگر: جونک خشک ایک عدد فلیتہ میں لپیٹ کر رائی کے تیل میں جلا کر کاجل حاصل کریں۔ اور مریض کی آنکھوں میں لگائیں۔

یرقان کا مجرب علاج: کیلا ایک عدد چھیل کر طول میں سے دو کر کے دو ماشہ چونا چان والا لگا کر رات بھر رکھ چھوڑیں اور صبح چونہ صاف کر کے کھالیں پہلے ہی روز افاقہ ہوگا۔

پارہ خوردہ: بھوسہ گندم چار پانچ سالہ کہنہ پانی سے دھو کر سایہ میں خشک کر کے بقدر ۳ ماشہ رات کو پانی میں بھگوئیں صبح چھلنی سے زلال ہو کر پی لیں ایک ہفتہ میں پارہ بدن سے نکل جائے گا۔ اور اس سے پیدا شدہ عوارض دور ہوں گے۔

ڈبہ اطفال: پھل املتاس خام ۹ ماشہ نمک سانبھر ۳ ماشہ املتاس پانی میں بھگو کر چھان کر نمک ملا کر نیم گرم پلائیں درد دور ہوگا۔

حکیم مولا بخش

کشتہ شنگرف: اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ دافع فالج لقوہ رعشہ ہے۔

شنگرف ۲ تولے کر ایک ہفتہ شیر زقوم ڈنڈا میں تر رکھیں۔ بعدہٗ آب گھیکوار میں چھ پہر اور چھ پہر شیر مدار میں کھرل کر کے قرص بنا کر سایہ میں خشک کر کے برگ دھتورہ سیاہ ۱/۲ پاؤ کے نغدہ میں رکھ کر مضبوط کپروٹی کر کے دس سیر جنگلی بکری کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں کشتہ سفید ہوگا۔ ایک چاول ہمراہ مسکہ دیں۔

سوزاک: قلمی شدہ۔ پھٹکری سفید نیم کوفتہ زیرہ سفید ہموزن مٹی کے کوزہ میں ڈال کر کھلا منہ تنور میں رکھیں۔ جب آگ لگ کر بجھ جائے۔ باریک کر کے ۱ ماشہ صبح و شام دودھ بکری سے دیں۔

حکیم محمد امیر علی غمناک

اکسیر سرفہ۔ دمہ۔ نزلہ حار وغیرہ:۔ خشخاش ½ پاؤ رات کو پانی میں بھگوئیں۔ صبح ٹھنڈے کونڈے میں خوب گھوٹ کر شیرہ نکالیں۔ اس میں مصری کوزہ ½ پاؤ ملا کر آگ پر رکھیں جب حلوہ کی مانند ہو جائے تو اتار کر سنوف ملٹھی ۴ تولہ مغز بادام ۲۰ عدد ڈال کر خوب ہلائیں اور دھوپ میں خشک کر کے بوقت خراش حلق وضرورت تھوڑا سا کھائیں۔

حب ممسک نادر الوجود: قرنفل گل مدار، پوست بیخ کنیر سفید، لودھ پٹھانی دو دو تولہ بسلاجیت پھان بید مصطگی ایک ایک تولہ سمندر سوکھ۔ جاوتری۔ قرنفل۔ زعفران کمد ۶ ماشہ شیر برگد میں کھرل کر کے گولیاں بنائیں اور ایک گھنٹہ پیشتر دو گولی دودھ سے دیں۔ کسی قسم کی تلخی اور جماع کے بعد کسی قسم کی کمزوری نہ ہوگی بلکہ دوبارہ خواہش ہوگی۔

حکیم ابوالولد مائل بھوپال

تپ شکن:۔ لوبان کوڑیہ باریک کر کے ایک رتی دودھ سے دیں۔ نہایت زود اثر اور کامیاب دوا ہے بخار کا آمد دیتی ہے اور دورہ کو روک دیتی ہے۔

کثرت بول ذیابیطیس:۔ گلو خشک باریک کر کے ایک کف دست تازہ پانی سے دیں بھروسہ کی چیز ہے۔

شیر ہاضم:۔ ان بجھا چونہ ½ سیر پانی میں بھگو کر تین یوم کے بعد مقطر لے کر سوڈا خوردنی ایک تولہ۔ کیسہ سبز ۲ ماشہ ملا کر اتنا کھرل کریں کہ سارا پانی جذب ہو جائے۔ گولی بقدر مرچ سیاہ بنائیں۔ جس شخص کو دودھ ہضم نہ ہوتا ہو یا نزلہ وغیرہ کی شکایت ہو جاتی ہو۔ اس کے لیے بہت مفید ہے۔ دودھ زیادہ ہضم ہوگا۔ بچوں کی بدہضمی میں دودھ مادر میں دیں۔

مرہم شفا:۔ چھاجن۔ داد۔ خارش تر۔ گنج وغیرہ کو مفید ہے۔ پھٹکری ۱ حصہ باریک کر کے اجوائن سم ۲ حصہ ملا کر توا پر رکھ کر جلالیں نیم بریان ہو اور کپڑ چھان کر کے ویزلین میں ملالیں۔ چوبیس گھنٹوں میں ایک بار لگائیں۔

عرق مقوی:۔ ضعف عام بالخصوص ضعف باہ کے لیے بھروسہ کی چیز ہے۔ بواسیر کو مفید ہے۔

مغز ریٹھہ سفید ۳ ماشہ نبات سفید ۲ تولہ مغز بادام ۲ عدد پانی میں گھوٹ کر چٹنی بنائیں اور چٹائیں۔

حب کاموز: ضعف باہ۔ وجع المفاصل۔ نزلہ سعال بخار وغیرہ میں مفید ہے جز لویہ۔ جاوتری فلفل دراز، قرنفل کمد ۳ ماشہ سم الفار ۲ رتی الگ الگ باریک کر کے پانی میں کھرل کر کے گولی بقدر باجرہ بنا کر دو گولی صبح و شام دودھ سے دیں۔

حکیم محمد لطیف

طلائے الفت: دنیا بھر میں ملذذات کی تلاش کرنے پر بھی اس کا ثانی انشاء اللہ کوئی ملذذ نہ ہوگا۔ یہ طلاء بے حد ملذذ اور منزل ہے۔ سفید مرغ کے پتہ میں گل مولسری بھگوئیں۔ تیسرے روز ان کو مل کر چھان لیں ۲ ماشہ میں عطر گلاب عطر کیوڑہ عطر حنا۔ زعفران۔ عطر مولسری بیر بہوٹی ایک ایک ماشہ عطر عنبر خراطین مصفی ہر ایک ۳ ماشہ کستوری، افیون ہر ایک ۲ ماشہ عطر اگر عرق۔ موم دیسی ہر ایک ۲ ماشہ، سب کو ملا کر رکھیں اور بوقت ضرورت کام میں لائیں۔

تریاق جریان: یہ عجیب و غریب و اکسیر صفت دوا ہر قسم کے جریان، سرعت قوت۔ احتلام، ضعف باہ و اعضائے رئیسہ، بدہضمی، مراق، بدخوابی، ضعف مثانہ، نسیان درد سر دکر۔ قبض پیشاب کا بار بار آنا وغیرہ کو دور کر کے قدرتی طاقت و امساک پیدا ہوتا ہے۔

بہمنین۔ تودرین بجو صلیب ہر ایک ۴ تولہ شالم۔ تخم کونچ۔ تالمکھانہ۔ بہی دانہ۔ تخم بالنگو موچرس ہر یک دو تولہ سپاریاں، صمغ بھلا ہی ہر ایک ۳ تولہ کمر کس ا تولہ مغز املی ایک پاؤ تمام کو کوٹ کر شیر برگد میں کھرل کر کے قرص بنا کر سایہ میں خشک کر کے باریک کریں۔ اسی میں کشتہ قلعی کشتہ فولاد انگریزی کشتہ عقیق دو دو تولہ ملا کر صبح ہمراہ دودھ دیں۔

طریقہ کشتہ قلعی: ۳ تولہ سالم ڈلی قلعی کو گورکھ پان کے نغدہ میں رکھ کر آگ دیں۔ ایک تولہ خام رہے گی۔ اور دو تولہ زرد رنگ کا کشتہ ہوگا۔

کشتہ عقیق: گورکھ پان کے نغدہ میں دو تولہ عقیق رکھ کر ۶ سیر اوپلہ کی آگ دیں شگفت کشتہ ہوگا۔

روغن مطول: یہ روغن بغیر کسی آبلہ کے اعصاب میں جذب ہو کر کجی لاغری کو رفع کر کے حیرت انگیز طوالت دنوں میں بخشتا ہے۔ پندرہ بیس روز میں جملہ شکایات رفع ہو کر کامل فائدہ ہو جاتا ہے

جلق اغلام کے مریضوں کے لیے از بس مفید ہے۔ سم الفار۔ سیماب۔ گھونگی سفید۔ شنگرف۔ ہڑتال پوست بیخ کنیر۔ افیون خام۔ کچلہ۔ لونگ۔ جائفل۔ بیر بہوٹی۔ خراطین مصفیٰ ایک ایک تولہ۔ جوزمائل ۲ تولہ زردی بیضہ مرغ ۲۰ عدد میں خوب حل کرکے پتال جنتر سے روغن نکالیں۔ اس میں مشک ۳ ماشہ زعفران ۶ ماشہ حل کرکے عضو پر لگائیں۔ برگ ارنڈ باندھیں۔

مقوی دماغ بوجہ جلق: شیر گاؤ ایک سیر میں ثعلب۔ ناریل دریائی چھ چھ ماشہ باریک کرکے ڈال کر آگ پر رکھیں جب دودھ گاڑھا ہو کر نصف رہ جائے مصری ملا کر مغز بادام ۷ عدد کتیرا ۴ ماشہ، نشاستہ ۴ ماشہ مصری ایک تولہ کے ہمراہ دیں۔

استسقاء ہر قسم: تبد سفید مقشر مجوف کوفتہ بیختہ شیر زقوم سہ دھارا میں کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر ہر روز ہمراہ دودھ اونٹنی دیں یا عرق مکو سے دیں۔ بول و براز بکثرت خارج ہوگا اور شکم روزمرہ انگشت کم ہوگا۔

اکسیر فالج لقوہ: امراض باردہ۔ سیماب۔ شنگرف۔ سم الفار سفید ایک ایک تولہ چار پہر شیرہ تھوہر سے کھرل کرکے گولی بقدر دانہ مونگ بنا کر ہر روز ماء العسل سے دیں۔

اکسیر جگر: ریوند خطائی۔ نوشادر ایک ایک تولہ قلمی شورہ ۲ تولہ باریک کرکے ½ ماشہ پانی سے دیں۔ جگر کی خرابی اور کہنہ بخار کو مفید ہے۔

حکیم مولوی قادر بخش ساہیوال

نسوار: اس سے بہتر کوئی نسوار نہ ہوگی۔ دردِ سر۔ امراض چشم۔ زکام بگڑا ہوا۔ سرسام وغیرہ ۲۵ امراض پر مفید ہے۔ نمک چکنی۔ کائپھل۔ جٹا بانسی۔ تخم سرس ہر ایک ۵ تولہ۔ کلاہ قرنفل کافور۔ الائچی خورد مرچ سیاہ ہر ایک ایک تولہ باریک کرکے نسوار بنائیں۔

طلا سستی و نامردی: ایک روہو مچھلی دو سیر بختہ شکم صاف کرکے گندھک ایک پاؤ بھر دیں اور شکم سی کر اور کھلے منہ ہنڈیا میں رکھ کر یں اور ہنڈیا کے پیندے میں تین سوراخ کر دیں اور درخت سے لٹکا لیں۔ پندرہ روز کے بعد دیکھیں کہ کیڑے پڑ گئے ہیں ان کو چن کر شیشی میں ڈال کر کھچڑی میں دم پخت کریں۔ شیشی کا منہ کھچڑی سے باہر رہے۔ تیل ہوگا۔ اسے عضو پر لگائیں اور پان پر لگا کر کھلائیں۔

ادرارِ حیض:- سوہاگہ۔ نوسادر۔ بادیاں ہر ایک ہیرا کسیس ۲ ماشہ کونین ۳ ماشہ کافورا ماشہ شہد سے گولی بقدر کنار دشتی بنا کر صبح و شام پانی یا گرم دودھ سے دو گولی دیں۔

محافظ حمل: اسقاط حمل کے لیے بار ہا کا تجربہ شدہ ہے۔ چاکسو باریک کر کے گولی بقدر کنار دشتی بنا کر آغاز حمل سے صبح و شام پانی سے دیں۔ بچہ صحیح سالم ہوگا۔

سیلان الرحم: چھلکا کیکر ½ سیر چکنی سپاری ۵ تولہ ½ ۱ سیر پانی کے ہمراہ بھگوئیں چار پہر کے بعد جوش دیں جب تھوڑا پانی رہ جائے اتار کر سپاری نکال کر خشک کر کے ہموزن گل دھاوا ملا کر سفوف بنائیں۔ ۲ ماشہ صبح شام دودھ سے دیں۔

مضیق:- پھٹکری مازو مائیں۔ گل دھاوا۔ ہیرا کسیس ہموزن باریک کر کے ایک دو رتی صبح و شام اندر رکھیں۔

عقر و اولاد نرینہ: پر اسپ زجو پاؤں اسپ پر ہوتے ہیں۔ وہاں بال نہیں ہوتے۔ سیاہ چمڑا ہوتا ہے۔ ۳ ماشہ پر طاؤس کا چاند باریک کردہ بقدر دانہ نخود شہد یا گڑ میں ملا کر آغاز حمل سے ہفتہ تک استعمال کرنے سے لڑکا ہی پیدا ہوگا۔ بانجھ پن کے لیے بعد حیض استعمال کرائیں۔

حافظ الجنین: جن کے بچے پیدا ہوتے ہی مرجاتے ہوں یا پیدا ہو کر کچھ عرصہ میں مرجاتے ہوں۔ یا عورت کا حمل گر جاتا ہو یا وہ حاملہ نہ ہوتی ہو تو اس کا استعمال کریں۔ کبھی خطا نہیں کرتی۔ حمل کے تین ماہ بعد شروع کریں۔ مروارید۔ کہربا۔ کشنہ لبید۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ طباشیر۔ مازو۔ درونج عقربی عود صلیب۔ بیخ انجبار۔ گل ارمنی مکد ۲ مثقال مغز تربوز۔ مغز خرفہ۔ عود خام ہر ایک ۵ مثقال۔ ورق طلا۔ ورق نقرہ ہر ایک ۲۰ عدد عنب الثعلب ۲ درم شربت عوزہ ۵، مثقال مصری ۱۰۵ مثقال شہد ۵۰ مثقال بسباسہ۔ دانہ الائچی خورد۔ دارچینی ہر ایک ۲۰ مثقال ابریشم خام مقرض، مثقال معجون حسب طریقہ تیار کر کے بقدر ½ مثقال روزانہ کھلائیں۔ جب بچہ پیدا ہو تو ایک ہفتہ استعمال بند رکھیں پھر بدستور استعمال جاری رکھیں بفضلہ بچہ پیدا ہو کر زندہ و سلامت رہے گا۔

بچھو گزیدہ:- برگ کسونڈی دو تین تولہ گھوٹ کر آگ پر گرم کر کے باندھیں بیس منٹ میں بالکل آرام ہوگا۔

بواسیر خونی:- برگ کسونڈی ایک تولہ مرچ سیاہ ۲ عدد گھوٹ کر پانی ملا کر چھان کر پلائیں تین یوم

میں خون بند ہو گا۔

نوٹ: اس کے تخم نمناک زمین پر لگانے سے عمدہ پیڑ ہو جاتا ہے اور درخت کپاس کے برابر پودا ہو جاتا ہے۔

قوت باہ:۔ سو فی صدی مجرب ہے ایک ہفتہ استعمال کرا کر دیکھیں کہ کتنی قوت پیدا کرتا ہے اور ناقابل برداشت قوت پیدا ہوتی ہے۔ اعضائے رئیسہ کے لیے پوٹلی کا نسخہ ہے۔ اجوائن خراسانی ۲ تولہ سیماب ایک تولہ اس قدر کھرل کریں کہ آپس میں حل کر یکجا ہو جائے اور پارہ غائب ہو جائے۔ اس میں ثعلب مصری بسفائج مصری اندر جو شیریں۔ نرد چوب خام ہر ایک ۲ تولہ جدزبلوریہ ۶ ماشہ جو کوب کر کے ملائیں۔ کندش ۲ تولہ زعفران ۶ ماشہ مشک ۲ رتی عنبر ۲ رتی کرم مخمل ۲ ماشہ بغیر کوٹے چھانے ملا کر ایک پوٹلی میں کس کر باندھیں۔ کپڑا موٹا اور سفید ہو۔ اس پوٹلی کو کھولتے ہوئے دودھ میں ایک منٹ لٹکائیں پھر پوٹلی نکال کر سنبھال رکھیں اور دودھ پی لیں۔ دوسرے روز پوٹلی دو منٹ اسی طرح ہر روز ایک منٹ معیار بڑھائیں۔ آٹھویں دن آٹھ منٹ جوش دیں۔ آٹھ روز میں قدرتی اور دائمی امساک اور قوت پیدا ہو گی۔

حکیم عبد الرحمن صدیقی امروہوی

تریاق طاعون: جس سے کمال فائدہ پہنچتا ہے۔ کافور ۲ ماشہ ست اجوائن۔ ایک ماشہ ٹنکچر آئیوڈین ایک ماشہ شیشی میں بند کریں۔ روغن ہو گا۔ دو گھنٹے کے بعد دو قطرہ ایک تولہ پانی سے دیں۔ اور گلٹی پر بھی لگائیں بطور حفظ ماتقدم ایک قطرہ روزانہ دیں۔

روغن حیات:۔ جو طاعون کو ہمیشہ فائدہ دیتا ہے۔ بارہا امتحان کیا گیا۔ کاربالک ایسڈ۔ کافور ہموزن شیشی میں ڈال کر گرم پانی میں رکھیں۔ تاکہ حل ہو جائے دو تولہ عرق کافور میں ملا کر شربت صندل ملا کر دیں۔

عرق کافور:۔ گل نیلوفر۔ خس ہندی۔ گل گاؤزبان۔ بادرنجبویہ۔ ریوند چینی۔ دانہ الائچی خورد۔ جدوار خطائی۔ گل سرخ ہر ایک ۱۰ تولہ زرشک ۳ تولہ طباشیر ۸ تولہ۔ صندل سفید ایک پاؤ۔ آلو بخارا۔ بادیان پودینہ خشک ہر ایک ۱/۲ سیر۔ دس سیر پانی میں ڈال کر بطریق معروف عرق کشید کریں اور نیچے کافور

کی پوٹلی سہ تو ار رکھیں تاکہ عرق کافور پہ سے ٹپک کر آ ے

ریح البواسیر: عرق گکروندہ جوش دے کر گاڑھا کر لیں جو ۵ تولہ ہو۔ اس میں مرچ سیاہ ۶ ماشہ بھنگ ۳ ماشہ ملاکر آب گکروندہ تازہ میں دو یوم کھرل کر کے گولی بقدر کنار صحرائی بناکر صبح و شام استعمال کریں اور اوپر سے لعترجرب کھائیں۔

دیگر: جو مطلق خشکی نہیں کرتی اور قبض و ریاح کو مفید ہے۔ رسونت مصفیٰ ۲ تولہ۔ زرکچور۔ بتل ازرق۔ تخم بکائن۔ تخم گندنا۔ صبر زرد۔ مصطگی رومی ہر ایک ۴ ماشہ۔ مویز منقیٰ ۲ مغز بادام ایک ایک تولہ آب گکروندہ میں کھرل کر کے گولی بقدر کنار دشتی بناکر صبح شام استعمال کریں۔

بواسیر: جو بواسیر کے مسوں کو گرانے کے لیے ہمیشہ معمول ہے۔ مغز کرنجوہ۔ موصلی سیاہ۔ پوست بلیلہ زرد۔ چرائتہ۔ گلو۔ قسط شیریں۔ پوست کڑو۔ زمین قند۔ پوست چیتہ۔ نمک لاہوری ہم وزن باریک کرکے ۹ ماشہ ہمراہ دہی دیں۔ غذا دہی چاول، ایک چلہ میں سے درخت کے پھل کی طرح پختہ ہو کر گرنے لگیں گے۔

حب بواسیر: مغز چاکسو۔ مغز تخم نیم ہر ایک ۵ تولہ باریک کر کے ایک پوٹلی میں باندھ کر ۱/۲ سیر آب گکروندہ میں لٹکا کر پکائیں۔ آگ نرم جلائیں جب تمام پوٹلی کا اثر پانی میں آجائے تو پوٹلی نچوڑ کر پھینک دیں اور پانی کو پکا کر گولی بقدر نخود بناکر بوقت صبح تازہ پانی کے ہمراہ تین تین گولی دیں۔

بواسیری مسوں کا تیر بہدف علاج: جس سے کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔

سم الفار ۳ ماشہ پیس کر گدھی کے دودھ ایک سیر میں جوش دیں۔ بعدہٗ تین روز اسی دودھ میں تر رکھیں پھر نکال کر نصف مسور کے برابر مسہ پر دن میں ایک بار اور رات کو ایک بار لگائیں۔ تمام مسوں کو جذب اور خارج کرتی ہے دو تین ہفتوں میں آرام آ جاتا ہے۔ اطریفل وغیرہ سے طبیعت کو نرم رکھیں۔

لیڈی ڈاکٹر گوہر بیگم

بواسیر ہر قسم: کئی بار کا مجرب لاثانی خونی و بادی بواسیر کے لیے ہے۔

سفوف پوست انار ۹ ماشہ بوقت صبح ہمراہ پانی دیں اور باسی پانی میں سفوف ذیل گھول کر

مقام مقعد اور اس کے آس پاس لیپ کرکے برگ ارنڈ باندھ کر لنگوٹ کس دیں۔ رات کو لیپ کریں۔ تین روز میں عجیب فائدہ نظر آئے گا۔ سفوف یہ ہے۔ انبہ ہلدی۔ ترنج عمدہ ترکی۔ طوطیا ہموزن سفوف بنائیں۔ رات کو کبھی کبھی مربہ ہلیلہ کلاں یا سفوف ہلیلہ کا استعمال جاری رکھیں۔

ابُو سعید حکیم نوابُ الدّین

کشتہ سونا: تپ دق کے پہلے دوسرے درجہ میں حکماً فائدہ بخش ہے۔ ایک دو نہیں سینکڑوں مریض فائدہ حاصل کر چکے ہیں۔ بڑھاپے کی حالت میں جوانی کے عالم کو دوبارہ زندہ کرتا ہے بڑے درجہ کا ممسک اور غایت درجہ کا مقوی باہ ہے۔ امراض مخصوصہ مردمان کے تمام عوارضات میں کلیۃً اور شرطیہ فائدہ بخش ہے۔ جریان زکام۔ دائمی نزلہ ضعف معدہ اور ضعف جگر کا تیر بہدف تحفہ ہے۔ بغرضیکہ مطلب کا چلتا ہوا معجزہ نما نسخہ ہے۔

برادہ طلا ورق نقرہ ہر ایک ۹ ماشہ سم الفار سفید۔ یاقوت۔ زمرد ہر ایک ۶ ماشہ پختہ کھرل میں چار یوم آب برگ تلسی سیاہ میں کھرل کریں بعدہٗ شیر زقوم میں ایک ہفتہ آب برگ چھوئی موئی میں دو ہفتہ اور آب برگ نیم میں چار یوم کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے برگ چھوئی موئی کے نغدہ ایک پاؤ میں رکھ کر پندرہ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد کر کے دو یوم آب روح کیوڑہ میں کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

کشتہ شنگرف: ایک ماہ کا مل استعمال سے سرخ و سفید بنا دیتا ہے۔ وجع المفاصل اور تمام بلغمی امراض میں کلی فائدہ بخش ہے خصوصاً ضیق النفس میں ایک بے عدیل شئی ہے۔ جریان ضعف دماغ نزلہ زکام میں تیر بہدف تحفہ ہے۔ چند دنوں میں بڑھاپے کے اثرات دفع کر کے جوانی کے عالم کو دوبارہ ہیجان میں لاتا ہے۔ آزمائیں اور زندگی کا لطف حاصل کریں۔

ترکیب: شنگرف رومی ۲ تولہ کو آب تھوہر میں ایک ہفتہ کھرل کر کے سم الفار سفید ۶ ماشہ برادہ نقرہ ۹ ماشہ ملا کر چار یوم آب تھوہر میں کھرل کر کے ایک پاؤ منڈی تازہ کے نغدہ میں رکھ کر بیس سیر آگ دیں سرد کر کے دو چاول ہمراہ مسکہ دیں۔

سفوف ذیابیطس مجرب المجرب :۔ ہمارے خاندان میں پشتوں سے سینہ بسینہ چلا آرہا ہے۔ تیر بہدف ہے کشتہ صدف صادق کشتہ مرجان کشتہ قلعی کشتہ نقرہ ہزار دانی والا ہر ایک ۳ ماشہ۔ سفوف خشت پاہ صد سالہ۔ ست گلوخستہ جامن ہر ایک ۲ تولہ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ تخم خشخاش۔ تخم خرفہ۔ تخم کاہو۔ گلنار فارسی۔ گل سرخ۔ گل ارمنی۔ ملٹھی مقشر۔ صمغ عربی۔ کیترا ایک ایک تولہ افیون ۹ ماشہ تمام ادویہ باریک کرکے محفوظ رکھیں بقدر ۳ ماشہ صبح وشام ہمراہ آب تازہ یا شیرہ مغز بادام، عدد دیں۔ ترشی۔ میٹھی اور زمین کے نیچے پیدا ہونے والی اشیا سے پرہیز کریں۔

حکیم حکم شاہ وزیر آبادی

بواسیر خونی وبادی : بوست ہلیلہ زرد ۵ تولہ سوہاگہ سیاہ ایک تولہ ہر دو کو کھرل کرکے گولی بقدر کنار دشتی بنا کر صبح کے وقت ہمراہ پانی استعمال کرائیں اور مکھن میں ملا کر مسوں پر لگائیں۔

آبلہ دہن :۔ گاؤزبان سوختہ کتھ سفید ہموزن باریک کرکے منہ میں چھڑکیں۔

مردمی :۔ ضعف باہ۔ جریان۔ سرعت۔ درد کمر کو مفید ہے آزمودہ ہے۔

عروسک تازہ ساٹھی چاول ۵ تولہ دونوں کو ملا کر شیشی میں بند کرکے ۱۵ یوم رکھیں۔ پھر خشک ہونے پر کھرل کرکے تین رتی ہمراہ دودھ صبح وشام دیں۔ ۱۰ یوم میں فائدہ ہوگا۔

روغن درد ہر قسم :۔ روغن سرسوں ۱۰ تولہ سپرٹ میتھیلیٹڈ۔ روغن تارپین ہر ایک ۵ تولہ کافور ۹ ماشہ شیشی میں ڈال کر ۲ گھنٹہ دھوپ میں رکھیں۔ حل ہونے پر استعمال کریں۔

ملین :۔ مصبر۔ ریوند عصارہ۔ تنکار بریاں۔ مصطگی ہم وزن گولی بقدر نخود بنا کر بوقت خفتن دو گولی ہمراہ شیر گرم دیں۔

دیگر :۔ سقمونیا مشوی۔ تربد مجوف۔ کالا دانہ ایک ایک تولہ بادیاں ۳ ماشہ پوست ہلیلہ زرد ۶ ماشہ گولی بقدر نخود بنا کر ہمراہ پانی۔

مقوی باہ :۔ درد کمر، جریان اور سرعت کو دور کرکے قوت پیدا کرتا ہے۔ ریشہ برگد۔ بوپھلی۔ اسگند مصری ہم وزن کوٹ چھان کر ۶ ماشہ صبح وشام ہمراہ دودھ تازہ دیں۔

ہیضہ :۔ پوست بیخ مدار۔ فلفل دراز۔ ست لیموں نمک سونچل مرچ سفید۔ کچور ہموزن

باریک کرکے ایک رتی پندرہ منٹ کے وقفہ سے دیں۔

سُرخی چشم :- بورک ایسڈ ۱/۲ رتی دن میں دو دفعہ ڈالیں۔

حکیم ایس جے رام انند کیرت پوُری

آتشک :- مغز جمالگوٹہ مدبرہ تودری سپید، سنڈھ چھ چھ ماشہ برگ سنا ۲ تولہ مرچ سیاہ سوہاگہ بریان ایک ایک تولہ مغز کرنجوہ ۴ ماشہ تین یوم آب گھیکوار میں کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر رات کو سوتے وقت دو گھنٹہ بعد غذا آب گرم سے دیں۔ صبح دست ہوں گے چند ایام میں جسم صاف ہو گا۔

اکسیر النساء :- عورتوں کی رحم کی خرابیاں بے قاعدگی حیض۔ درد کمر۔ باؤ گولا وغیرہ امراض میں مفید ہے۔

ایلوا۔ ہیرا کسیس :- زعفران سنڈھ۔ مرکی مکد ۶ ماشہ شہد سے گولی بقدر نخود بنا کر ہمراہ عرق کو ۵ تولہ شہد ۲ تولہ دیں۔

شیخ محمد فیروز الدّین لاہور

اکسیر باہ :- جوٹی کا نسخہ اور غلط ثابت کرنے پر یک صد روپیہ انعام۔ از حد مقوی باہ ہے۔ اگر تندرست استعمال کرکے خاموش رہ سکے تو لکھیئے۔ جوزماثل ۱۰۰ عدد شیر گاؤ میش ۴ سیر میں ڈال کر خوب پکائیں اور ضامن لگا کر دہی اور بلو کر مکھن حاصل کریں گرم کرکے گھی بنالیں ایک پختہ اینٹ میں خلا کرکے اس کے اندازہ کے مطابق کٹوری سی بنالیں۔ اس خلا میں سم الفار دودھیا رکھ دیں۔ اوپر کٹوری سی مٹی رکھ کر چاروں طرف سے بند کر دیں اور اینٹ کو چولہا پر رکھیں نیچے تیز آنچ چوب بیری جلائیں۔ اور کٹوری پر آب زقوم سے تر کردہ پارچہ رکھیں خشک ہونے پر آب مذکورہ ڈالتے رہیں تاکہ پارچہ تر رہے چار گھنٹہ میں جوہر کٹوری میں لگیں گے۔ اسے محفوظ رکھیں گھی مذکورہ ۱۰ تولہ جوہر مذکورہ ۲ تولہ ملا کر آتشی شیشی میں ڈال کر مہر سلیمانی کرکے رکھیں اکیس یوم لید اسپ کے گڑھے میں دفن کر دیں۔ سرخ رنگ روغن تیار ہو گا۔ تین قطرے سادہ پان میں لگا کر استعمال کریں۔

حکیم گوپال داس لسانی

بواسیر، آتشک، سوزاک : ثمر درخت کریر ایک سیر کو گھوٹ کر نغدہ بنا کر درمیان ایک تولہ طوطیا رکھ کر گل حکمت کر کے دس سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سفید کشتہ ہوگا۔ ایک چاول ہمراہ مسکہ دیں۔ اور غذا مرغن استعمال کرائیں۔

سید اعجاز حسین بھوپال

کشتہ چاندی : برائے دمہ کھانسی لواسیر ہر قسم وغیرہ ورق یا برادہ نقرہ ایک تولہ آب زقوم ایک پاؤ میں کھرل کر کے گولی بنائیں۔ یا چکد شتی دو تین سیر وزنی میں رکھ کر اوپر اسی وزن کا یا چکد شتی دے کر آگ دیں کشتہ ہوگا ½ رتی ہمراہ مسکہ یا بالائی دیں۔

کشتہ نقرہ جاذب سیماب : چاندی ایک تولہ پترہ کر کے انار وانہ ترش کے زلال میں چالیس بار بجھاویں۔ پھر نغدہ زقوم ایک پاؤ میں رکھ کر پانچ چھ سیر آگ۔ اگر کوئی خامی رہے تو دوبارہ جدید نغدہ میں رکھ کر آگ دیں کشتہ ہونے پر آب ہرن کھری میں کھرل کرنے سے ۴ تولہ اور آب لیموں میں کھرل کرنے سے ۱۱ تولہ جاذب سیماب ہوگا۔

سفوف ذیابطیس : مجرب آزمودہ نایہ ناز نسخہ ہے۔

موصلی دکھنی۔ آملہ خشک۔ گوکھرو۔ ست گلو۔ مصطگی رومی۔ سلاجیت۔ طباشیر۔ گل منڈی مومیائی۔ صمغ عربی ایک ایک تولہ کوئیں کی اینٹ ۲ تولہ سفوف بنا کر ہمراہ پانی دیں۔

لیے نسخ البواسیر : رسونت زرد مقل ارزق۔ تخم گندنا سبز یا عرق بادیاں میں کھرل کر کے گولی بقدر دانہ نخود بنا کر دو گولی سوتے وقت ہمراہ آب تازہ دیں اور بوقت صبح یہ نسخہ دیں۔ رسونت مقل مغز نیم ایک ایک ماشہ باریک کر کے جوارش جالینوس ۶ ماشہ میں ملا کر کھائیں اوپر سے شیرہ۔ بادیاں شیرہ افیون تخم کثوث مکدہ ۴ ماشہ عرق بادیان ۱۲ تولہ میں نکال کر خیرہ بنفشہ ۲ تولہ ملا کر صبح پلائیں۔

حکیم مولا بخش لکنوی

درد حیض : عورتوں کے ماہواری درد کے علاوہ باؤ گولا۔ درد معدہ اور سنگرہنی کہنہ کے لیے مفید ہے۔

ہینگ۔ زنجبیل۔ مصطگی۔ فلفل سیاہ نمک سینھا۔ سوہاگہ ایک ایک ماشہ۔ مغز جاگلوٹہ

مدبر ۱۵ عدد معصری ہموزن تمام ادویہ باریک کر کے آب سونف سبز میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود
بنا کر صبح و شام ہمراہ عرق سونف دیں۔ چھاچھ سے پرہیز کریں۔

بیاض چشم :- پھولا چشم خواہ کس قدر بھی کہنہ ہو آرام ہو جاتا ہے۔
پھٹکری سفید ۲ تولہ کو سفید گدھے کے پیشاب ½ پاؤ میں کھرل کر کے خشک کریں۔ صبح و شام
لگائیں مجرب و آزمودہ ہے۔

حب گوہر :- مقوی اعضائے رئیسہ و باہ، اکسیر اعظم ہے دل کو منور کرتی ہے۔
مروارید ایک رتی ورق نقرہ ۵ عدد کشتہ فولاد ۲ ماشہ ایکسٹریکٹ ڈمیانہ ایک گرین ایکسٹریکٹ
کوکا ½ گرین ایکسٹریکٹ نکس وامیکا ایک گرین عرق گلاب میں حل کر کے گولی بقدر ایک گرین بنا
کر صبح و شام ایک گولی ہمراہ دودھ دیں۔

قبض دائمی :- مصطگی رومی عصارہ ریوند مصبر، آرد تربد سفید ہموزن عرق گلاب میں کھرل کر کے
گولی بقدر نخود بنا کر چار گولی ہمراہ دودھ گرم بعد غذا صبح یا شام استعمال کریں۔

سرمہ :- برائے دھند۔ جالا۔ پھولا۔ ضعف بصارت۔ ناخونہ۔ نزول الماء وغیرہ کو مفید ہے۔
سرمہ سیاہ ۲ تولہ۔ مروارید۔ شورہ قلمی ایک ایک تولہ سرخ چینی، اقاقیا، صبر زرد، ریا، نوشادر
طباشیر، عقرقرحا، میل فضہ، مکو ۳ ماشہ مصری خانہ زنبور۔ جوکھار ہر ایک ۳ ماشہ تخم سرس۔ نمک سفید۔
پھٹکری سفید ہر ایک ۶ ماشہ طوطیا ۲ ماشہ اکیس یوم ہمراہ شراب برانڈی کھرل کریں اور صبح شام لگائیں۔

سید واجد علی شاہ

گنج سر :- پٹرول کو روئی کے پھایہ سے سر پر لگائیں سر پر سوزش ہوگی۔ نصف گھنٹہ کے بعد روغن
چنبیلی لگائیں سوزش کم ہوگی۔ دن میں دو بار لگائیں رات کو بکری کا باریک قیمہ سر پر مثل ٹوپی کے
چڑھا دیا کریں۔ ہفتہ عشرہ میں بالکل صحت ہوگی۔

پنڈت سائیں داس ہوشیار پور

اکسیر سگ گزیدہ :- ذرا ریح ہندی جسے تیلنی مکھی اور انگریزی میں کینتھریڈس کہتے ہیں۔ پنجاب
میں اکرو مکھی بھی کہتے ہیں۔ حلوا کدو کی بیل پتوں اور پھولوں پر بکثرت جمع رہتی ہے۔ سبز رنگ اور

کر کے نزدیک زرد رنگ کی لکیر ہوتی ہے وقت پر اکٹھی کر کے رکھ لیں۔ جب کسی کو دیوانہ کتا کاٹ کھائے آٹھ یوم کے بعد ایک عدد مکھی پیس کر ۶ ماشہ کھانڈ میں ملائیں اور سرد پانی سے کھلائیں۔ ایک برتن گلی میں ایک سیر دودھ گاؤ میں سات آٹھ سیر پانی بھر کر رکھ لیں ایک گھنٹہ کے بعد مریض کو پیاس کی شدت ہوگی۔ اس وقت کچی لسی پلائیں۔ پیشاب بکثرت آئے گا اور پیشاب کے راستہ جراثیم بمع خون وغیرہ خارج ہوتے رہیں گے کوئی اندیشہ نہ کریں۔

حکیم قمر الدین

اکسیر ہیضہ:۔ ہیضہ کے لیے بلا مبالغہ اکسیر اعظم ہے قے دست نہ ہوں گے۔ معدہ کی بارد و مرطوب امراض میں بھی مفید ہے۔ پوست بیخ مدار خشک۔ مرچ سیاہ ہموزن خوب باریک کر کے پانی میں گولیاں بقدر نخود بنا کر سایہ میں خشک کر کے پانی میں گولیاں ۴ گولی ہمراہ عرق بادیان وگلاب و سکنجبین۔

اکسیر اطفال: بچوں کے قے۔ دست کی نسی و بخار میں مفید ہے۔
اتیس۔ کاکڑا سینگی۔ فلفل دراز ہم وزن باریک کر کے بلحاظ عمر شہد میں ملا کر چٹائیں۔

حکیم عبدالقادر

عرق ذیابیطس اس کے استعمال سے شکر آنا موقوف ہو جاتا ہے۔ پیاس کی شدت دور ہوگی پیشاب کی مقدار میں نمایاں فرق ہوگا۔ برگ نیم۔ گل منڈی۔ چوب چینی ایک ایک سیر کوٹ کر اکیس سیر پانی میں ۲۴ گھنٹے بھگو کر ۱۹ بوتل عرق کشید کریں اور مریض کو بجائے پانی کے یہی عرق پلائیں۔ چالیس دن میں شفا کلی حاصل ہوگی۔

حکیم چمن لال لاہور

سفوف ذیابیطس:۔ لاعلاج مریض پر تجربہ ہو چکا ہے۔
گنگسی بوٹی ایک تولہ ست گلو۔ کشتہ قلعی کشتہ مرجان۔ کشتہ صدف۔ تخم سروالی۔ موصلی سفید۔ مغز چلغوزہ۔ برگ جامن۔ گل ارنی۔ صندل سفید۔ اصل السوس مقشر۔ گلنار۔ گل سرخ۔ برنج کشنیز۔ تخم خرفہ۔ تخم خشخاش۔ جفت بلوط۔ صمغ عربی۔ زعفران مکدہ ۳ ماشہ کافور ایک ماشہ سفوف بنا

کو ہمراہ شربت انار ترش بقدر ۵ تولہ استعمال کریں۔

حکیم صاحب رام

کشتہ طوطیا :- آتشک و سوزاک کے لیے مفید ہے۔ مویز منقیٰ ۲ تولہ۔ کافور ایک تولہ کوٹ کر درمیان ایک تولہ طوطیا رکھ کر کوزہ میں بند کرکے ایک سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔

حکیم احمد دین معالج بواسیر سیالکوٹ

برص :- مار سیاہ جلا کر خاکستر کریں۔ گونگچی بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔ ہر دو کو ملا کر داغوں پر لگائیں۔ بہت جلد صحت ہوگی۔

حکیم ابوالنور عبدالغفور شوق

حب ممسک :- موچرس باریک کرکے شیر برگد میں تر و خشک کریں۔ چالیس بار تر و خشک کے بعد چار چند شیر برگد سے کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر بوقت عصر ہمراہ دودھ دیں۔

بواسیر :- رسونت زرد۔ جدوار خطائی ہر ایک ۳ تولہ جوکوب کرکے مولی کلاں میں بند کرکے گل حکمت کریں۔ بھوبھل میں پکائیں۔ تین بار پکائیں اور گولی بقدر نخود صبح شام ہمراہ پانی گرم دیں۔

اسہال :- رال۔ گل دھاوا۔ جائفل ہموزن سفوف بنا کر ۳ ماشہ ہمراہ آب تازہ دیں۔

پنڈت سائیں داس ہوشیارپور

درد کمر :- پہلے ہی روز فائدہ ہوگا۔ چاہے کتنا پرانا کیوں نہ ہو۔ کوکنار ایک پاؤ کو تین سیر پانی میں بھگوئیں۔ چار یوم کے بعد مل کر چھان لیں۔ اس میں چھوہارے چالیس عدد ایک ہفتہ تک بھگوئیں تاکہ پھول جائیں اور جو پانی باقی بچے اس میں ایک سیر مصری ملا کر قوام کریں۔ اور چھوہارے اس میں ڈال کر اتار لیں اور مرتبان میں رکھیں ایک عدد ہر روز استعمال کریں۔ دو سے زیادہ نہ استعمال کریں۔

گنٹھیا ریحی :- سردی کی وجہ سے جوڑ متورم ہو جاتے ہوں اور درد رہتا ہو۔ یہ نسخہ اکسیر ہے۔ بڑھ کر فائدہ کرے گا۔ قرنفل ۳ تولہ دھوپ میں خشک کرکے خوب باریک کرکے چھان لیں۔ باریک حصہ کو روغن کنجد ۱۰ تولہ میں حل کریں اور اعضائے ماؤفہ پر مالش کریں اور موٹا حصہ بقدر ۲ ماشہ ہمراہ

روزگرم دودھ سے دیں ایک ہفتہ میں صحت ہوگی۔

حکیم دوست محمد اٹامرؒ

گولیاں برائے طاعون:۔ زہر مہرہ خطائی۔ صندل سفید۔ تباشیر۔ تخم فرنج مشک۔ کثیرا۔ گلِ مختوم۔ کافور ۲ ماشہ کہربا۔ زعفران۔ مروارید مکد ۳ ماشہ جدوار اصلی ایک تولہ روح کیوڑہ میں کھرل کرکے گولی بقدر دانہ نخود ایک عدد۔ دو گھنٹے کے وقفہ سے عرق کاسنی عرق گلاب بیدمشک ہر ایک ۲ تولہ سے دیں بطور حفظ ماتقدم دو گولی ہر روز ہمراہ شربت عناب دیں۔

حب ممسک:۔ نایاب گولیاں۔ صدری نسخہ جس کا مزید بیان اخلاق سے بعید ہے بے نظیر ہے۔ یاقوت ۸ ماشے بیخ انگ درخت کیکر ایک تولہ چوب عود خام ۶ ماشہ۔ عقرقرحا۔ الائچی دانہ خورد۔ بنبہ دانہ تین تین ماشہ۔ نشادر، مروارید دو دو ماشہ باریک کرکے شہد ملاکر گولی بقدر ایک ماشہ بناکر ایک گھنٹہ پیشتر دودھ سے دیں۔

نسوار مرگی:۔ استخوان کچھوا سوختہ استخوان انسان۔ سرگین یوزنہ تخم کورنج ۳ ماشہ مرچ سیاہ ۱۰ ماشہ کرم بینی شتر ۲ عدد ٹڈا مدار ۲ عدد باریک کرکے نسوار بنائیں۔ ہر تیسرے دن ایک چاول سنگھائیں چند یوم میں ایک قسم کا کیڑا ناک سے خارج ہوگا جس سے مرض ہمیشہ کے لئے دور ہوگا۔

ضیق النفس کا مجرب المجرب نسخہ: علاوہ دمہ کے پرانی کھانسی اور نزلہ کو مفید ہے۔

لوبان کوڑیا ایک پاؤ سم الفار اجوائن دیسی دو دو تولہ۔ دارچینی۔ جاوتری۔ میعہ سائلہ ایک ایک تولہ بذریعہ بھاپ جنتر روغن حاصل کریں دو بوند منقی میں رکھ کر صفراوی مزاج کو ہمراہ مکھن تازہ دیں۔

حب بواسیر خونی و بادی:۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی چاکسو۔ قشر چونہ سنگ مرمر۔ تخم گندنا۔ نرنشک ایک ایک تولہ۔ مغز تخم نیم ۲ تولہ شورہ قلمی ۵ تولہ جملہ اشیاء آب برگ صد برگ ایک پاؤ میں کھرل کرکے پھر آب پیلو میں کھرل کرکے گولی بقدر کنار دشتی بناکر ہمراہ مکھن ہر روز صبح نگل جائیں۔ مسے وغیرہ خشک ہو جائیں گے۔

شیخ غلام محمد راولپنڈی

کشتہ ابرک سفید:۔ محرقہ اور دیگر بخاروں میں مفید ہے۔ ابرک سفید محلوب کو آب مولی میں

کھرل کرکے ۵ سیر آگ دیں۔ سات آنچ میں اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہوگا۔ محرقہ بخار میں اگر زبان پھٹ گئی ہو۔ یا خشک ہوتی ہو تو سفیدی بیضہ مرغ میں شہد ملا کر چپڑتے رہیں۔

بخار توڑ:- فنسٹین۔ کونین سلفاس ہموزن کھرل کرکے دو رتی ہمراہ شربت بنفشہ و عرق گاؤزبان

حب سکیران:- یہ گولیاں قاطع بلغم مسکن غشا بلغمیہ مانع و حابسات نزلہ۔ حلق کی خراش دوغدہ کثرت چھینک۔ سرعت انزال۔ جریان اور ہیچش کو مفید ہے۔ تخم جوز ماثل۔ زنجبیل۔ اجوائن خراسانی ہم وزن شہد سے گولی بقدر نخود بنا کر صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

احتلام و جریان:- تقریباً پانچ صد مریضوں کو استعمال کرا چکا ہوں۔ تخم ریحان ۱ تولہ موصلی سفید۔ ریش برگد۔ گوند کیترا ایک ایک تولہ سمندر سوکھ ۶ ماشہ لسوڑہ کلاں ۵ دانہ مصری ہموزن جملہ ادویہ سفوف بنا کر ۶ ماشہ روزانہ ہمراہ شیر گاؤ دیں۔

پیچش: ہلیلہ سیاہ بریاں در بادام روغن یا روغن گاؤ۔ زیرہ سفید۔ گل مختوم ہموزن باریک کرکے ایک سے تین ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسب دیں ہزارہا مریضوں پر تجربہ ہو چکا ہے۔

ملیریا:- مغز کرنجوہ ۸ تولہ نوشادر دیسی ۲ تولہ شورہ قلمی ۲ تولہ گیرو ایک تولہ سفوف بنا کر ایک سے چار رتی ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

دیگر:- برگ بھنگ سبز۔ قند سیاہ ہموزن باریک کرکے گولی بقدر نخود بنا کر باری سے ایک گھنٹہ پیشتر ایک گولی دیں۔

مرہم:- پھٹکری سرخ۔ سہاگہ بریاں ہر ایک ۲۰ تولہ باریک کرکے روغن کنجد ایک سیر میں ملا کر سات یوم کھرل کریں ہر قسم کے زخموں اور پھوڑوں پر اس کا پھاہا لگائیں تمام مواد نکال کر زخم خشک کر دے گا۔

لعوق سرفہ اطفال: تر و خشک کھانسی اور درد سینہ کو مفید ہے۔ صمغ عربی۔ نشاستہ۔ ملٹھی ہر ایک ۲ تولہ ۱ ماشہ مغز بادام شیریں۔ حلبہ ہر ایک ایک تولہ ۱۰ ماشہ ملٹھی، حلبہ کا جوشاندہ بنا کر چینی کھانڈ ۸ تولہ ملا کر قوام کرکے باقی اشیاء ملا کر لعوق بنائیں اور بچہ کو چٹائیں۔

لعوق سرفہ عام:- سپستان۔ ملٹھی۔ ابریشم خام ایک ایک تولہ پوست خشخاش سیاہ ۳ تولہ باریک کرکے ایک سیر پانی میں جوشاندہ بنا کر مل کر چھان لیں اور تین پاؤ کھانڈ ملا کر قوام بنائیں

اور سرد کر کے رب السوس۔ گل گاؤ زبان۔ شکر تیغال۔ مغز کدو۔ طباشیر ایک ایک تولہ باریک کر کے ملائیں۔ رات کو بقدر ۱ تولہ چٹائیں۔

سفوف اسہال بچگان:۔ بچوں کے رنگ برنگ دستوں کو مفید ہے۔ طباشیر گل سرخ کتھ گلابی۔ کنول ڈوڈہ۔ زرورد۔ دم الاخوین۔ گل انار۔ کشنیز۔ زہر مہرہ خطائی۔ گل نیلوفر۔ خرفہ۔ صندل سفید صندل سرخ۔ رسونت۔ عدس مقشر۔ الائچی دانہ۔ کباب چینی۔ مازو۔ برگ موڑیوں۔ پھٹکری بریاں ہموزن باریک کر کے ایک رتی سے ایک ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

اکسیر آتشک: پرانے آتشک کے لیے جب کہ تپ دق بھی ہوگیا ہو۔ مریض مایوس اور لاغر ہو بمنزلہ اکسیر مفید ہے۔ رسکپور۔ برادہ نقرہ ایک ایک تولہ تین یوم خشک کھرل کریں اور جوہر حاصل کریں جوہر تہ نشین کو پھر کھرل کریں اور جوہر اڑائیں۔ تیسری بار کے جوہر محفوظ رکھیں ۱/۲ رتی ہمراہ مسکہ بالائے۔

دیگر: سم الفار۔ سیماب ایک ایک تولہ ہر دو کو اس قدر کھرل کریں کہ سیماب ناپید ہو جائے پھر آب حرمل سبز متقطر میں کھرل کر کے قرص بنا کر خشک کر کے خاکستر مدار ۲ سیر کے درمیان رکھ کر کوزہ میں گل حکمت کر کے بیس سیر آگ دیں۔ سیاہ رنگ کا کشتہ ہوگا۔ ۱ رتی ہمراہ مکھن دیں۔

اکسیر سم الفار: تپ محرقہ۔ موسمی۔ نائبہ۔ مزمنہ وغیرہ کو دور کرنے کے علاوہ مقوی باہ از حد ہے۔ کشتہ سم الفار۔ بل کتھ ایک ایک تولہ۔ پھٹکری شگفتہ۔ طباشیر۔ زعفران۔ ست لوبان ایک ایک ماشہ۔ مشک خالص ۳ رتی۔ ایکسٹریکٹ جنشن ۲ رتی۔ کشتہ فولاد ۳ ماشہ۔ شیر زقوم میں کھرل کر کے گولی بقدر مرچ سیاہ بنا کر صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔ اس سے تین چار سیر دودھ ہضم ہوگا۔

اکسیر بخار:۔ تپ ربع وصفراوی۔ تیجہ۔ نائبہ۔ و تپ بلغمی کو مفید ہے۔ طوطیا ۱ تولہ۔ ہڑتال ورقیہ ۲ تولہ چونہ صدف ۵ تولہ عرق گھیکوار میں ایک یوم کھرل کر کے قرص بنا کر خشک کر کے کوزہ میں بند کر کے ۲۰ سیر آگ دیں۔ ۱/۲ رتی کھانڈ میں ملا کر قبل بخار دیں۔ تپ ربعہ کے مریضوں کو چار خوراک متواتر دیں۔

حکیم محمد جمیل انصاری

حرق النار:۔ آگ یا گرم پانی سے جلے ہوئے پر آم کے اچار کا تیل لگائیں۔ اسی وقت تسکین ہوگی اور متواتر لگانے سے زخم بھی مندمل ہو جائے گا۔ بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔

مفید دندان :۔ دانتوں کے دائمی درد اور خون آنے کو مفید ہے ہلتے ہوئے دانتوں کو جما دیتا ہے آم کا تازہ پتہ چبا کر دانتوں پر مل کر تھوک دیں صبح و شام دونوں وقت۔ اگر تازہ پتہ نہ ملے تو سوکھا ہوا پتہ تھوڑی دیر بھگو کر چبائیں۔ چالیس یوم میں دانت ایسے مضبوط ہوں گے کہ عمدہ سے عمدہ منجن بھی اس کا مقابلہ نہ کر سکے گا۔

کشتہ قلعی :۔ قلعی ایک پاؤ یا نصف پاؤ لے کر مٹی کے کوزہ میں ڈال کر چولہا پر رکھیں جب قلعی پگھل جائے تو ایک تولہ گل ڈھاک ڈال کر لوہے کی کڑچھی کی الٹی طرف سے رگڑیں پھول جل کر خاک ہو جائیں گے۔ مگر رگڑتے جائیں اور ارد گرد کی سیاہ خاک قلعی پر اکٹھی کر کے رگڑتے رہیں طلوع شمس سے عمل شروع کریں اور بارہ بجے دوپہر تک خاک ہو گا۔ اسے ایک جگہ اکٹھا کر کے کوزہ مٹی معکوس سے ڈھک دیں اور ۲ گھنٹہ مزید آگ جلائیں تاکہ رنگت سفید ہو جائے۔ سرد کر کے باریک کپڑے سے چھال کر خام حصہ الگ کر دیں۔ خوراک بقدر ایک رتی ہمراہ مسکہ۔ جریان۔ احتلام و سرعت انزال کو از حد مفید ہے۔

کشتہ سم الفار و شنگرف :۔ ایک ہی طریقے سے ہر دو بافراط کشتہ ہوں گے۔

املتاس کے درخت کی پتلی پتلی ٹہنیوں کی چھال اتار کر خشک کر کے جلائیں۔ پاؤ بھر راکھ اکٹھی کر کے درمیان سم الفار یا شنگرف کی ڈلی کوزہ گلی میں رکھ کر کوزہ میں جگہ خالی نہ رہے۔ دبا کر ۵ گھنٹہ آگ پر رکھیں۔ راکھ میں سے اگر دھواں نکلے تو اسے خاکستر سے بند کر دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں۔ ہر دو کشتہ ہوں گے۔

کشتہ فولاد اکسیر جگر :۔ برادہ فولاد مٹی کے برتن میں ڈال کر آب سپلی نو رستہ لیکر اس قدر ڈالیں کہ دو انگل اوپر رہے پیالہ دھوپ میں رکھیں۔ تین چار گھنٹہ میں پھول جائے گا خشک ہونے پر باریک کریں۔ سیاہ رنگ کا کشتہ ہو گا۔

حکیم عبدالحفیظ کوہی

قبض دائمی :۔ برنج بادیاں ۵ تولہ گودہ گھیکوار سبز ۵ تولہ کھرل کر کے گولی بقدر کنار روغنی بنا کر صبح شام بعد از غذا دے دیں۔

دیگر: تخم پپیل املتاس ہم وزن نمک لاہوری ملاکر کوزہ میں بند کرکے تنور میں رکھ کر خاکستر بنا دیں۔ ۱/۲ ماشہ ہمراہ آب یا دودھ گرم دیویں۔

کشتہ طوطیا سفید: ایک کیمیاگر کا بمشکل بتایا ہوا۔ تخم ستیاناسی ۳ تولہ شیر دار ایک پاؤ میں دو یوم بھگو چھوڑیں تاکہ نرم ہو جائیں۔ اسے خوب گھوٹ کر دو ٹکیہ بنا کر درمیان طوطیا رکھ کر مضبوط کپڑوٹی کرکے ایک مٹکہ میں نصف تک ریت بھر کر رکھ دیں اوپر نغندہ رکھ کر اتنی ریت ڈالیں کہ تین انگل اوپر آجائے۔ اوپر ڈھکنا دے کر چولہا پر چڑھائیں اور اتنی دیر آگ جلائیں کہ اوپر ریت کے تنکہ جل جائے۔ سرد کرکے نکالیں باوزن سفید کشتہ ہوگا۔

حکیم عبدالکفیل رام پوری

کشتہ نقرہ: بترہ نقرہ کو ایک پاؤ بوٹی ہرن کھری میں رکھ کر گل حکمت کرکے ۱۰ سیر اوپلہ کی آگ دیں تین آنچ میں کشتہ ہوگا۔

کشتہ قلعی ڈلی: ایک عدد بلیلہ تازہ سے گٹھلی دور کرکے قلعی کی ڈلی رکھ دیں اور ایک سیر پارچہ لپیٹ کر آگ دیں کشتہ ہوگا۔

کشتہ اشرفی: اشرفی پر شیر ستیاناسی کا اس قدر ضماد کریں کہ وزن دوگنا ہو جائے۔ اسے کوزہ میں بند کرکے ۵ سیر آگ دیں کشتہ ہوگا۔

کشتہ سم الفار: ایک بڑا شلجم پتوں کی طرف سے کاواک کرکے سم الفار ۳ ماشہ ڈال کر گل حکمت کرکے دس سیر آگ دیں کشتہ ہوگا۔ بخاروں میں مفید ہے۔

حکیم رفیق احمد نجیب آبادی

کشتہ طلاء: ورقِ طلاء، سنگ یشب ایک ایک تولہ عرق گلاب میں چار پہر کھرل کرکے کوزہ میں بند کرکے ۵ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ اسی طرح اٹھارہ آنچیں دیں۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی و مفرح قلب ہے۔

برائے درازی و فربہی و رفع کردن کمی ولاغری: ایک ہفتہ کے استعمال سے باقی سارے طلاؤں کو بھلا دے گا۔ تخم دھتورہ سیاہ، چرس ہر ایک ۲ ماشہ۔ افیون، زنجبیل، خشک جائفل، برادہ دندانِ فیل، عقرقرحا ہر ایک ۲ ماشہ، زعفران ۳ ماشہ، بیر بہوٹی، برادہ کچلہ، گھونگچی سفید، مالکنگنی

ایک ایک تولہ۔ جاوتری ۶ ماشہ بیضہ مرغ میں کھرل کرکے پتال جنتر سے روغن کشید کریں اور فی تولہ تین ماشہ یعنی منٹ کروٹن ملاکر رات کو سوتے وقت مالش کرکے پان یا ارنڈ باندھیں۔

طلاء درویش معجز اثر مقوی باہ :۔ سم الفار سفید۔ سم الفار زرد۔ سم الفار سرخ۔ ہڑتال ورقیہ شنگرف رومی۔ رتک سفید مقشر ہر ایک ۲ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ جائفل کلاں ایک عدد۔ دانہ الائچی کلاں ۵ ماشہ۔ پوست بیخ کبر سفید۔ کمڈ تلخ۔ مغز جمالگوٹہ ہر ایک دو تولہ زردی بیضہ مرغ ۴۰ عدد۔ تمام ادویہ کوٹ کر زردی کے ہمراہ کھرل کرکے گولی کو کن بیر بنا کر سایہ میں خشک کرکے بذریعہ تپال جنتر تیل نکالیں۔ ہر روز تین قطرہ پان میں ڈال کر کھائیں اور اس کا طلا بھی کریں اور چند روز میں قدرت خداوندی کا تماشہ دیکھیں۔

ٹھنڈا سرمہ :۔ سرمہ سفید ایک تولہ کف دریا، شورہ۔ الائچی خورد۔ کباب چینی ایک ایک ماشہ کافور بھیم سینی ½ ماشہ پیپرمنٹ ۲ رتی کشتہ جست ۳ ماشہ عرق سونف ۲ تولہ میں کھرل کرکے سرمہ بنائیں نہایت مقوی بصر ہے۔

نسوار :۔ برائے درد سر اور دماغی مواد فاسدہ کو دور کرتا ہے۔

کونجی۔ کائپھل کشمیری پترہ۔ ترکنڈیاری ہم وزن باریک کرکے نسوار بنائیں۔

طلائے مجلوق : شنگرف۔ منسل۔ گندھک۔ ہڑتال ورقیہ۔ سرخ کاہی۔ سم الفار سرخ سم الفار سفید۔ زنگار خشک ہر یک یک تولہ دو یوم آب گھیکوار سے کھرل کرکے خشک کریں۔ اس میں بیر بہوٹی۔ مغز جمالگوٹہ۔ السی۔ مالکنگنی دو تولہ مکھن ۸ تولہ شامل کرکے دو یوم کھرل کرکے بذریعہ تپال جنتر روغن کشید کریں۔ اور استعمال کریں۔ کجی و لاغری دور ہوکر فربہی و درازی پیدا ہوگی۔

حکیم اللہ رکھا قریشی لاہور

کشتہ کوڑی زرد :۔ برائے سوزاک۔ کوڑی زرد ۷ عدد گھی میں بھونیں۔ جب کوڑیاں پھٹ جائیں روغن سے الگ کرکے خشک کریں۔ کشتہ ہوگا۔ اس میں کبابہ۔ الائچی خورد ایک ایک ماشہ ملاکر ایک پڑیہ مکھن سے دیں۔

دیگر : برائے دمہ۔ کھانسی۔ درد شکم۔ ضعف معدہ وغیرہ۔ کوڑی زرد ۵ عدد کوزہ میں

بند کر کے ۵ سیر آگ دیں اور باریک کر کے ایک ماشہ گائے کی لسی کے ہمراہ دیں۔

دیگر: برائے ضعف بصر۔ پھولا۔ جالا۔ ککرے۔ پڑبال۔ سرخی وغیرہ۔

چھوٹی کوڑیاں لے کر نیم کوب کر کے کانسی کے برتن میں ڈال کر آب لیموں میں بھگو دیں۔ برتن کو حفاظت رکھیں۔ جب پانی خشک ہو جائے تو اور ڈال دیں جب تمام کوڑیاں حل ہو جائیں اسی برتن میں نیم کے ڈنڈا سے جس میں پیسہ نصب کردہ ہو۔ رگڑیں۔ سلائی سے لگایا کریں۔

دیگر: برائے امراض معدہ۔ درد شکم لمال وغیرہ۔

کوڑی زردہ ۵ تولہ لے کر تین روز آب لیموں میں بھگو کر پھر گل حکمت کر کے ۵ سیر آگ دیں۔ کشتہ ہو گا۔ ایک رتی سے دو رتی تک دیں۔

کشتہ فلوس: ضعف باہ نزلہ زکام کو اکسیر ہے۔ ایک عدد فلوس کو ایک سو ایک بار آب بوٹی گل چین میں بجھا دیں۔ بعدہٗ جا لگوٹہ کے نغدہ میں رکھ کر ا سیر بارچہ لپیٹ کر آگ دیں سفید کشتہ ہو گا۔

کشتہ سم الفار: برائے گنٹھیا مجرب ہے۔

سم الفار ایک تولہ شورہ قلمی ۳ تولہ آب بوٹی ہاتھی سونڈی میں کھرل کر کے کوزہ میں بند کر کے ۵ سیر آگ دیں۔ موميہ ہو گا ایک برنج ہمراہ بالائی دیں۔

خلیفہ سردار علی بغدادی راولپنڈی

کثرت اسقاط: اصل السوس۔ لودھ پٹھانی۔ آملہ ہموزن سفوف بنا کر ۹ ماشہ ہر دو وقت ہمراہ شیر بکری ایک پاؤ شہد سے میٹھا کر کے پلائیں ایک ماہ استعمال کرائیں۔ بوقت اسقاط بھی استعمال کرنے سے اسقاط رک جاتا ہے۔

برص: حب النیل۔ چوک، بابچی۔ انبہ ہلدی۔ سوہاگہ۔ تخم مولی۔ بنداں۔ رال سفید۔ بھاڑنگی افسنتین یکدم ۳ ماشہ۔ جائفل۔ زعفران ہر ایک ۲ ماشہ سفوف بنا کر اور ادرک کے پانی میں حل کر کے دن میں تین بار داغوں پر لگائیں۔ دس سالہ مرض چند روز میں دور ہو گا۔

عرق شفار: اعلیٰ درجہ کا خون مصفی ہے۔

عناب ۱۰ تولہ شاہترہ - گلو سبز - سرپھوک - برگ حنا - برگ نیم - پوست نیم برادہ شیشم - منڈی
ہلیلہ سیاہ ہر ایک ایک پاؤ بسفائج ۵ تولہ صندل سرخ - صندل سفید - الائچی کلاں - گاؤزبان - پرسیاؤشاں
ہر ایک ۴ تولہ حسب طریقہ چودہ بوتل عرق کشید کریں اور دس تولہ عرق شربت عناب سے
میٹھا کر کے پلائیں -

عرق مسیحا :- یرقان - ورم باؤ گولا - امراض شکم و طحال - استسقاء - بواسیر - برص - جذام - خارش
کھانسی - دمہ - بھگندر - زحیر اسہال - کل امراض صدر و معدہ کو مفید ہے -
پوست ہلیلہ زرد ۱۲ تولہ - پوست آملہ ۸ تولہ برادہ آہن ایک پاؤ - سنڈھ - کھماں ہر
یک ۱۰ تولہ مرچ سیاہ ۵ تولہ ہلیلہ سیاہ - اجوائن دیسی - باؤبڑنگ - ناگرموتھہ ہر یک ۴ تولہ - قند
سیاہ کہنہ ۲ سیر شہد ایک سیر پانی ۱۶ سیر تمام ادویہ پانی میں بھگو کر سات یوم رکھیں - پھر عرق کشید
کریں اور ۵ تولہ ہر روز استعمال کریں - غذا نان گندم و گھی کے اور سب سے پرہیز کریں -

اکسیر دمہ :- فلفل سیاہ نمک سیاہ ہر ایک ۶ ماشہ سجی - فلفل دراز ہر ایک ۳ ماشہ کاکڑا سینگی
ایک تولہ - باؤبڑنگ ۹ ماشہ باریک کر کے دہی ۱/۲ سیر میں ملائیں اور برگ مدار ۴۰ عدد پر لیپ
کر کے ہنڈیا میں بند کر کے آگ دیں - سرد کر کے باریک کر کے ایک سے چار رتی تک ہمراہ مسکہ
یا بالائی دیں -

اکسیر آتشک :- رسکپور - الائچی خورد ایک ایک تولہ - برگ پان ۱۵ عدد مرچ سیاہ ۴۵ عدد
لونگ ۱۴ عدد باہم کھرل کر کے ۱۴ گولیاں بنائیں اور صبح و شام ایک گولی سات یوم تک استعمال
کریں مگر پہلے کوئی مسہل ضرور لیں -

دیدان الامعاء :- باؤبڑنگ ایک تولہ - پلاس پاپڑا ۹ ماشہ افسنتین ۹ ماشہ شحم حنظل ایک تولہ
باریک کر کے ۳ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۰ تولہ دیں - کل دیدان اسی وقت خارج ہو جائیں گے -

حکیم خاں احمد خاں گنج منڈی

ورم کشی :- بشرطیکہ تین روز میں دفع ہو جاتی ہے ہمیشہ کامیابی ہوئی ہے -
پوست بیخ گبنڈ تمباکو - پوست ناگدون ہر ایک ایک پاؤ سلٹھی ۲ تولہ پوست بیخ کنیر ۳ تولہ

بیخ گندیاری ۵ تولہ جملہ ادویہ کو تین سیر پانی میں جوش دے کر عصارہ حاصل کریں۔ اس میں مصری ملا کر بقدر ۳ ماشہ علی الصبح مریض کو دیں۔ دو منٹ کے بعد متلی ہو کر قے آئے گی بلغم خارج ہوگی۔ مریض کو کوئی تکلیف نہ ہوگی۔ جب منہ سے لعاب بہنا بند ہو جائے تو شربت انجبار وغیرہ پلائیں غذا نرم۔ تین دن استعمال کرائیں۔ مرض ہمیشہ کے لیے ختم ہوگا۔ بیخ اونٹ کٹارا۔ بیخ کینر سفید و سرخ۔ بیخ مدار۔ بیخ سرس بیخ لیکھرا۔ ہموزن باریک کر کے شہد سے گولی بقدر نخود بنا کر دو گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ دیں۔

سرمہ منور بصر:۔ دھند۔ غبار۔ پڑوال۔ آشوب۔ سیلان کے لیے عجیب الخواص ہے۔ رسونت دس تولہ کو ½ سیر آب سرس میں حل کر کے سرمہ اصفہانی ۵ تولہ کو اکتالیس بار بجھاؤ دیں۔ اس میں مغز سرس۔ سمندر جھاگ ۶-۶ ماشہ کاپر سلفیٹ۔ افیون خام دو دو ماشہ زنک سلفاس ۳ ماشہ ملا کر باریک کر کے رات کو سوتے وقت لگائیں۔

طلائے زنجفر:۔ یہ طلا بالکل مایوس اور از کار رفتہ نامرد کو مرد کامل بنانے میں کمال ہے۔ ایک ہفتہ میں کامل نفع بخشتا ہے۔ لطف یہ کہ آبلہ قطعاً نہیں کرتا۔ بلکہ رگوں میں جذب ہو کر ہمواری درازی۔ فربہی تمام صفات سے متصف کر دیتا ہے۔

زردی بیضہ مرغ ابلی ہوئی ۱۰ عدد متقل۔ ہڑتال ورقیہ۔ زنجفر ایک ایک تولہ گندھک ۲ ماشہ سر سیاہ سانپ ایک عدد کھرل کر کے بذریعہ نیپال جنتر تیل نکال کر استعمال کریں۔

حکیم سید بدر الاسلام شاہ کوٹ

کشتہ سیماب:۔ سیماب ۲ تولہ سم الفار ۱ تولہ ہر دو کو شراب دیسی ایک پاؤ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر نوشادر۔ سنگ جراحت ہر یک ۲ تولہ کے درمیان کوزہ میں رکھ کر دس سیر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ ہوگا۔

کشتہ تامبہ:۔ تانبہ کا باریک پترا ۲ تولہ لے کر ہر چہار اجوائن نیم نیم سیر میں رکھ کر ایک ایک من کی آگ دیں۔ چار آنچ میں سفید کشتہ ہوگا۔ آگ دیتے میں کوئی سی اجوائن پہلے رکھیں اس میں کوئی حرج نہیں۔

کشتہ نقرہ ۵: پترا نقرہ ایک تولہ کو آب لیموں یا آب ہرن کھری یا آب انا۔دانہ میں چالیس بار بجھاؤ دیں۔ بھر زقوم خاردار کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے آٹھ سیر آگ دیں کشتہ ہو گا۔

کشتہ ہڑتال ورقیہ: ہڑتال ایک تولہ ایک ہفتہ شیر مدار میں تر رکھیں۔ ساتویں روز تخم برگد ایک سیر پارہ لپیٹ کر آگ دیں سفید کشتہ ہو گا۔

کشتہ نقرہ :۔ روپیہ یا پترا نقرہ کو آب برہمی میں ایک سوا ایک بار بجھاؤ دیں اور ایک پاؤ نغدہ سداب (آتشی) میں رکھ کر بیس سیر آگ دیں سالم الحروف کشتہ ہو گا۔

اکسیر باہ :۔ شنگرف رومی ۱۰ تولہ کو ریشمی کپڑوں میں پوٹلی بنا کر بلادر ۵ تولہ شہد گھی ایک ایک پاؤ کے درمیان رکھ کر آگ پر رکھیں۔ جب تمام اشیاء جل جائیں شنگرف نکالیں۔ قرنفل ۲ ماشہ پانی کے ہمراہ کھرل کر کے مرہم کی طرح بنائیں اور دو عدد گنڈی میٹھا تیلیہ وزنی ایک تولہ پر لیپ کر کے ایک چھٹانک گھی میں پکائیں تاکہ میٹھا تیلیہ پکوڑا کی طرح نسواری رنگ کا ہو جائے میٹھا تیلیہ کھیل ہو جائے گا۔ اس میں شنگرف افیون۔ مرچ سیاہ مگھاں۔ سندھا ایک ایک تولہ ملا کر لوہار کی آئرن پر ذرا سا گھی لگا کر کوٹیں تاکہ یک جان ہو جائے گولی بقدر باجرا بنا کر ہمراہ مسکہ دیں۔

کشتہ پارہ: ایک تولہ پارہ کو ½ سیر بول شتر میں خوب کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر دو تولہ میٹھا تیلیہ کو شیر شتر میں نغدہ بنا کر درمیان رکھ کر مضبوط گل حکمت کر کے ۵ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ شگفت باوزن کشتہ ہو گا۔ طاقت کے لیے نہایت مفید ہے

کشتہ نقرہ: برادہ نقرہ ۳ تولہ آب انار کابلی ½ پاؤ میں کھرل کر کے مرہم سی بنا لیں۔ اور کوزہ میں بند کر کے ۵ سیر آگ دیں۔ سفید شگفت کشتہ ہو گا۔ ضعف جگر۔ جریان کے لیے مفید ہے۔ مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔

حکیم عبدالکریم کوٹلوی

حب مقوی باہ :۔ جو میں نے کئی بار بتائی ہیں۔ دودھ گھی ہضم کرنے میں اکسیر ہیں حرارت غریزی پیدا کرتی ہیں۔ رگوں پٹھوں کو قوت دیتی ہیں۔ کمر درد اور ضعف باہ کے لیے لاثانی ہیں

سم الفار ایک تولہ کتھہ سفید ۴ تولہ ہر دو کو آب لیموں ایک بوتل میں کھرل کر کے اس میں
کشتہ فولاد ایک تولہ زعفران مشک دو دو ماشہ عنبر اشہب ۲ ماشہ کھرل کر کے گولی بقدر دانہ ماش
بنا کر صبح ہمراہ مسکہ دیں اور غذا مرغن دودھ گھی استعمال کریں۔

معجون مقوی باہ ؛ مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ۔ ثعلب۔ زعفران۔ عقرقرحا ہر ایک ۲ تولہ مغز بادام
موصلی سیاہ ہر ایک ۳ تولہ قرنفل۔ جائفل۔ دارچینی ہر ایک ۱ تولہ اجوائن خراسانی۔ موچرس۔
جاوتری۔ بہمن سفید بہمن سرخ۔ ریگ ماہی ایک ایک تولہ ورق نقرہ۔ افتری۔ ورق طلاء ۵۰
عدد کستوری ۳ ماشہ کھانڈ ۲ تولہ شہد ۲۰ تولہ حسب طریقہ معجون بنا کر ۳ سے ۵ ماشہ ہمراہ دودھ
دیں۔

نسوار کریمی ؛۔ جو دانتوں کے درد اور شقیقہ کے لیے مجرب ہے۔
پوست ریٹھہ۔ کچور۔ کشمیری پتر۔ ہموزن باریک کر کے نسوار لیں۔

حب ہاضم ؛ گندھک مدبر ۹ تولہ۔ فلفل سیاہ ۵ تولہ نمک دیسی نمک سیاہ ایک ایک
تولہ۔ ست لیموں ۶ ماشہ ست پودینہ۔ ست اجوائن تین تین ماشہ آب لیموں سے کھرل کر کے
گولی بقدر دانہ نخود بنا کر رکھیں۔ پرانی بدہضمی۔ درد شکم ہیضہ کے لیے اکسیر ہے ہیضہ کے لیے گھنٹہ
گھنٹہ کے وقفہ سے دیں۔

حکیم نصیر احمد حاذق لاہور

سفوف مسہل ؛ سیماب مصفیٰ۔ مغز حب الملوک مدبر۔ گندھک۔ سوہاگہ۔ زنجبیل۔ چترا ہموزن
پارہ گندھک کی کجلی کریں اور باقی دوائیں ملا کر دو تین روز خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔ ½ ماشہ
سے ایک ماشہ کھانڈ میں ملا کر ہمراہ آب سرد دیں بلا تکلیف اسہال آئیں گے۔ اس جلاب کے
اندر خصوصیت یہ ہے کہ جب تک سرد پانی پلاتے رہیں دست آئیں گے۔ جونہی گرم پانی پلایا
فوراً ہی دست بند ہو جائیں۔

امیرانہ جلاب ؛۔ نہایت ہی بے نظیر مسہل ہے بلا گھبراہٹ دست شروع ہوں گے۔
مغز بادام۔ مغز بیدانجیر۔ مغز جمالگوٹہ پتہ دور کر کے گری کھوپہ ہموزن گھوٹ کر بطریق معروف

روغن نکالیں اور چار پانچ قطرے دودھ میں ڈال کر پیویں۔

مسہل تنقیہ بدن:۔ تمام اخلاط فاسدہ کو نکال ڈالتا ہے۔

کالادانہ ۳ ماشہ زنجبیل۔ فلفل گرد۔ الائچی دانہ ہر ایک ۵ رتی عصارہ ½ رتی آرد تربد ۱ ماشہ سقمونیا ۲ رتی کوٹ کر سفوف بنا کر ہمراہ آب تازہ دیں۔

عرق مصفی اعظم:۔ برہمی۔ جل نیم۔ گلو۔ منڈی اجوائن چرائتہ ایک ایک سیر پانی ۱۵ سیر میں بھگوئیں۔ صبح عرق کشید کریں۔ ۵ تولہ صبح و شام شربت عناب ملا کر پلائیں۔

اکسیر البدن مصفی عرق: چوب چینی ۵ تولہ عشبہ۔ عناب ایک ایک پاؤ منڈی ½ سیر بطریق معروف عرق کشید کریں۔ مصفی خون ہونے کے علاوہ مقوی بدن بھی ہے۔

حب آتشک:۔ رسکپور۔ دارچکنا ہر ایک ۶ ماشہ کیلہ۔ کتھ گلابی مصفیٰ ہر ایک دو تولہ جملہ ادویہ کو باریک کر کے رسونت ۵ تولہ عرق گلاب میں حل کر کے منقطر کریں اور ادویہ مذکورہ میں ڈال کر سحق کریں۔ گولی بقدر کوکن بیر بنا کر صبح و شام ہمراہ دہی استعمال کریں۔ غذا مرغن۔

عرق دافع جنون و مالیخولیا:۔ شاہترہ۔ پوست نیم۔ سرپھوکہ۔ نیلوفر۔ برادہ شیشم۔ مویز منقہ عناب۔ ہر ایک ایک پاؤ۔ چرائتہ۔ ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ پوست آملہ۔ گل سرخ۔ صندل۔ سفید و سرخ۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک نیم پاؤ۔ برگ حنا سبز ½ پاؤ۔ گل گڑھل ۲۰ عدد۔ منڈی ½ سیر۔ کاہو۔ بادرنجبویہ ہر ایک ½ پاؤ بسفائج۔ گل نافث ہر ایک ۳ تولہ گاؤزبان ایک سیر۔ افتیمون ۴ تولہ عرق کشید کریں۔ ۸ تولہ صبح و شام ہمراہ شربت عناب دیں۔

حابس دم: ہر قسم کے جریان خون کو بند کرنے میں اکسیر ہے۔

پھٹکری سفید۔ سرمہ سیاہ۔ سنگ جراحت ہر ایک ۳۰ ماشہ کہربا شمعی۔ صدف صادق۔ اقاقیا۔ ہر ایک ۱۰ ماشہ گوند ببول۔ گوند کتیرا۔ ہر ایک ۷ ماشہ باریک کر کے ۲ ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت انجبار۔

اکسیر سعال: رب السوس۔ شکر تیغال۔ گوند کتیرا۔ صمغ عربی۔ مویز منقی۔ خشخاش۔ مغز بادام ہر ایک ایک تولہ افیون ۲۰ ماشہ گولی بقدر نخود بنا کر ہمراہ شربت اعجاز دیں۔

روغن اوجاع:۔ عقرقرحا۔ اجوائن خراسانی۔ مالکنگنی۔ حرمل ہر ایک ۵ تولہ کوٹ چھان کر ۱½ سیر پانی

میں بھگوئیں۔ اور چار پہر آگ پر پکا کر ایک پاؤ حاصل کریں اور چھان کر روغن کنجد۔ روغن بید انجیر روغن السی۔ روغن تارامیرا ہر ایک ۵ تولہ ملا کر پکائیں کہ صرف تیل رہ جائے تو مالش کر کے روئی باندھیں۔

حکیم رحمت علی ہمایوں فیصل آباد

اکسیر طلائی :- قوت مردمی کے لیے عجیب الاثر ہے۔ مشک۔ عنبر۔ مروارید۔ ورق طلا۔ زہر مہرہ۔ زعفران یاقوت۔ ورق نقرہ ہر ایک ۲ ماشہ اسٹرکینا سلف ۲ ماشہ عرق کیوڑہ میں کھرل کر کے مثل سرمہ بنائیں خوراک ایک چاول ہمراہ مسکہ۔

سفوف مقوی اعضائے رئیسہ :- دل دماغ اور جگر کو قوت پہنچانے اور معدہ کو طاقت بخشنے میں اکسیر ہے۔ اس کے چند روزہ استعمال سے بھوک بڑھتی ہے اور خون پیدا ہوتا ہے۔ ہر بیماری سے صحت یاب ہونے کے لیے اس کا استعمال مفید ہے ہر مزاج اور ہر موسم میں قابل استعمال ہے۔

مروارید۔ لسبد۔ یشب۔ عقیق۔ زہر مہرہ۔ شاخ مرجان ایک ایک ماشہ۔ باریک کر کے مشک ۴ رتی۔ زعفران اصلی ۱۰ ماشہ ملا کر عرق کیوڑہ میں کھرل کریں۔ جب مثل سرمہ ہو تو طوطیا۔ دانہ الائچی خورد۔ دو دو ماشہ ملائیں ½ ماشہ شہد ۶ ماشہ میں ملا کر کھائیں۔

اکسیر نقرئی :- ضعف دماغ خفقان دل وغیرہ کے لیے مفید ہے۔

ورق نقرہ ۶ ماشہ کہربا شمعی۔ صدف صادق۔ مروارید۔ مرجان لسبد ہر ایک ۳۔ ماشہ عرق کیوڑہ عرق گلاب میں کھرل کر کے رکھیں ۲ رتی ہمراہ پانی دیں۔

حب مبہی و ممسک سم الفار ۳ ماشہ ورق نقرہ۔ زعفران۔ افیون۔ دانہ الائچی خورد۔ کافور ہر ایک ۶ ماشہ دو یوم شیر بڑ میں کھرل کر کے دو صد گولیاں بنا کر ایک گولی گھی یا مکھن سے دیں۔

اکسیر درد ریح :- فلفل دراز مرچ سیاہ۔ خولنجان۔ دانہ الائچی خورد۔ بالچھڑ ناگرموتھا۔ تخم کرفس۔ ایک ایک تولہ پودینہ۔ اجوائن۔ سداب۔ زیرہ سفید۔ گل سرخ۔ سورنجان شیریں۔ دار چینی۔ بسفائج ہر ایک دو تولہ۔ جاوتری۔ زیرہ سیاہ۔ جائفل قرنفل۔ عاقر قرحا ہر ایک ۶ ماشہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز فندق۔ مغز نارجیل مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ۔ مغز بادام ہر ایک ۳ تولہ افیون گل بابونہ ہر ایک ۹ ماشہ ہر چہار مغز ۳ تولہ باریک کر کے سہ چند شہد ملا کر چالیس یوم گندم میں دفن کریں۔ ۶ ماشہ ہمراہ دودھ

گرم دیں۔

اکسیر درد گردہ :- جوکھار۔ نوشادر۔ سہاگہ۔ نوشادر۔ مرچ سیاہ۔ نمک سینڈھا۔ نمک سفید ہینگ۔ قلمی شورہ ہموزن سرکہ قندولایتی سے لعوق بنائیں ۳ ماشہ ۵ منٹ کے بعد دیں۔ اوّل پہلی خوراک سے آرام ہوگا۔ ورنہ تین خوراک میں یقیناً فائدہ ہوگا۔ آرام ہونے کے بعد ہر روز کشتہ حجر الیہود ۲ رتی استعمال کرائیں۔ حجر الیہود کو آب گیکوار میں کھرل کرکے گل حکمت کرکے آگ دینے سے کشتہ ہوگا۔

اکسیر خناق : اس سے خناق کی گلٹی اگر کچی ہوگی تو دس منٹ میں پختہ ہوکر پھٹ جائے گی اگر پختہ ہوگی تو پانچ منٹ میں پھوٹ جائے گی مریض چاہے کتنا ہی تنگ، بے چین اور بے آرام کیوں نہ ہو۔ ½ گھنٹہ کے بعد آرام آجائے گا۔ یہ تریاق حیوان کے لیے بھی ویسا مفید ہے۔ حیوان کو دو رتی سفوف ½ پاؤ شہد ½ پاؤ پانی میں ملا کر حلق میں ڈالنا چاہیئے۔ سانپ سیاہ زندہ یا تازہ مردہ ایک عدد ہنڈیہ میں بند کرکے ۲۵ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد کرکے محفوظ رکھیں۔ ایک رتی زبان پر رکھ کر تھوڑا تھوڑا ایک تولہ شہد میں ملا کر ڈالتے جائیں۔

آتشک کا مکمل علاج :۔ رسکپور۔ دارچینی۔ قرنفل ایک ایک تولہ لوہے کی کڑاہی میں لوہے کے دستے سے دودھ بکری ۲ سیر میں کھرل کرکے اور گولی بقدر کنار دشتی بنائیں۔ صبح و شام حلوہ میں رکھ کر دیں۔ گوشت بینگن اور گڑ سے پرہیز کریں۔ نہ منہ آئے گا اور نہ قے۔ بالکل بے ضرر گئے گزرے اور سڑے ہوئے زخم درست ہو جائیں گے۔ فائدہ آہستہ آہستہ ہوگا۔ مگر ہمیشہ کے لیے صحت ہوگی۔

سرعت انزال کا مکمل علاج : نمک چکنی ۳ رتی ورق نقرہ ۱ رتی۔ افیون ۲ چاول۔ کانچھل ۲ رتی ریگ ماہی۔ دارچینی کستوری ایک ماشہ ورق طلا ۱ شنگرف۔ ماجو۔ لونگ۔ زعفران ہر ایک ۴ رتی سفوف بنا کر ۳ رتی صبح و شام دودھ سے دیں۔

اکسیر کالی کھانسی :۔ نشاستہ۔ صمغ سرخ۔ افیون۔ رب السوس ہموزن خوب باریک کر کے پانی میں ملا کر ثمر کے برابر گولیاں بنا کر دو تین گولی بمطابق عمر صبح شام ہمراہ پانی دیں۔ ۹۵ فی صدی

مجرب ہے پہلے ہی روز فائدہ ہوگا۔

کثرت طمث :۔ سو فی صدی مجرب نسخہ ہے۔

سیلکھڑی (سنگ جراحت) دودھ میں کھرل کر کے آدھی آدھی چھٹانک کے گولے بنا کر خشک کر کے دس پندرہ اوپلہ کی آگ دیں ۲ ماشہ صبح دوپہر۔ شام۔

تریاق اٹھرا :۔ سو فی صدی مجرب ہے ۱۲۷ مریضوں کا علاج کیا۔ کسی میں بھی ناکامی نہیں ہوئی باوضو ½ پاؤ سرو کے پتے لا کر بیس عدد مرچ سیاہ کے ساتھ خوب باریک کر کے قدرے پانی ملا کر ½ ماشہ کی گولی بنائیں۔ حمل کے تیسرے مہینے چالیس روز تک صبح و شام ایک گولی پانی سے جب بچہ پیدا ہو تو چالیس روز تک دوبارہ کھلائیں۔ بچہ زندہ سلامت رہے گا۔

دردِ کان :۔ کافور۔ روغن زرد ہموزن سحق کر کے پکائیں اور ایک دو قطرے نیم گرم کان میں ڈالیں۔ زخم۔ پھنسی۔ میل بہرہ پن اور کان بہنے کو مفید ہے۔

نفث الدم :۔ ہر قسم کی روانی خون قے۔ خونی دست۔ کثرت حیض کو بھی مفید ہے۔

گیرو۔ سنگ جراحت ہموزن باریک کر کے ۳ ماشہ ہمراہ آبِ کوکنار دن میں تین بار دیں۔

پیچش :۔ ہلیلہ سیاہ سونف۔ انار دانہ ہموزن خوب باریک کر کے ایک تولہ سرد پانی سے دیں۔ نوے فی صدی آرام ہوگا۔

دیگر : ہلیلہ سیاہ زیرہ سفید ایک ایک تولہ نمک سیاہ ۱ ماشہ باریک کر کے ۲ ماشہ دن میں چار بار آب دہی سے دیں۔ ہزاروں مریضوں پر تجربہ ہو چکا ہے۔

اکسیر داد :۔ شیشم کی سرخ لکڑی کا تیل بطریق ڈول جنتر لگانا مفید ہے۔

سیلان الرحم :۔ ست مازو ایک رتی صبح و شام مکھن میں دیں۔

نوبتی بخار :۔ تخم جوز ماثل کوزہ میں بند کر کے تھوڑی آگ میں جلا لیں پھر نکال کر باریک کر کے بخار سے ایک گھنٹہ پیشتر دو رتی دیں۔

قولنج :۔ جوکھار ایک تولہ مصری ایک پاؤ پانی میں حل کر کے پلائیں۔ دو گھنٹہ کے بعد ایک خوراک اور دیں۔

معرق:- پسینہ لانے کے لیے نہایت مفید ہے۔ اجوائن، قلمی شورہ۔ نوشادر ہر ایک ۴ رتی پوست بیخ مدار ۲ رتی باریک کرکے کھلائیں بہت زیادہ پسینہ آئے گا۔

مصفی خون:- گندھک مصفیٰ چار تولہ آگ پر رکھیں۔ پگھلنے پر سیماب ۳ ماشہ ملائیں۔ پھر شورہ باریک کرکے ۲ تولہ ڈال دیں۔ پھر گیری ۴ تولہ ملا کر نیچے اتار کر باریک کریں۔ ۶ ماشہ پانی سے دیں چار پانچ روز میں خون صاف ہو جائے گا۔

سنگرہنی:- سفوف کڑا چھال ۶ ماشہ دہی کے ساتھ دیں اور زیادہ تر دن بھر دہی دیں اور کچھ نہ دیں زیادہ بھوک کی صورت میں دہی چاول دے سکتے ہیں۔

حب قبض کشا:- مغز جمالگوٹہ مدبر ۳ ماشہ مغز ارنڈ مغز بادام ہر ایک ۶ ماشہ مصری ایک تولہ۔ باریک کرکے گولی بقدر نخود بنا کر سوتے وقت ایک گولی کھانے سے اجابت بافراغت ہوگی جلاب کے لیے تین چار گولیاں دیں۔

چورن ہاضمہ:- مرچ سیاہ۔ نمک سیاہ۔ نوشادر ہر ایک تین تولہ ست پودینہ۔ ست اجوائن ہر ایک تین ماشہ باریک کرکے ایک چٹکی دیں۔

نارو:- چونہ خوردنی ۲ ماشہ باریک کرکے ½ سیر دہی میں شامل کرکے کھڑے کھڑے پلائیں۔ دو دن میں اندر ہی اندر گل جائے گا۔

مسہ بواسیر:- مسوں پر کیسا ہی درد کیوں ہو۔ بیخ حنظل پانی میں گھس کر ضماد کریں فوراً تسکین ہو گی۔

اسہال مفرط:- مائیں کو باریک کرکے ۳ ماشہ پانی سے دیں۔

قلاع:- رال کتھہ۔ الائچی خورد ہموزن سفوف کرکے منہ میں چھڑکیں۔

پڑبال:- سرمہ سیاہ ا تولہ شورہ قلمی ۲ تولہ باریک کرکے آنکھوں میں لگائیں۔

موچ آنا:- قلمی شورہ۔ نوشادر ہموزن پانی میں حل کرکے کپڑا تر کرکے مقام موچ پر رکھیں ایک دو دن میں موچ، درد، ورم جاتا رہے گا۔

نارو:- سجی اور گوگل کا لیپ کرنے سے سب رشتہ نکل جاتا ہے کئی بار کا مجرب ہے۔

چیندرا ؛ موم ایک تولہ روغن کنجدہ تولہ چونہ قلعی ۴ ماشہ مرہم بناکر چیندرا پر لگا کر پٹی باندھیں تمام مواد خارج ہوکر چیندرا بالکل دور ہوگا۔

خروج مقعد ؛ کانچ نکلنے کے لیے یہ سفوف مفید ہے۔ مازو۔ گلنار۔ نپال۔ پھٹکری بریان چھلی ببول ہموزن باریک کرکے کانچ پر دھوڑیں چند بار میں اصل جگہ پر آجائے گی۔

سوزش مقعد ؛ بواسیر کی وجہ سے مقعد میں سخت خارش اور درد ہو۔ برگ کگروندہ پیس کر مقعد پر باندھیں فوراً درد سوزش دور ہوگا۔

دودھ کم کرنا ؛ کافور ۱ حصہ روغن تارپین ۶ حصہ حل کرکے چند بار پستانوں پر ملیں۔ دودھ خشک ہوگا۔

کایا کلپ ؛ سفید بالوں کو از سر نو سیاہ کرتا ہے عمر بڑھاتا جاتا ہے۔ بدن کو لحیم شحیم اور سرخ و سفید بناکر طاقتور بناتا ہے۔ روغن مالکنگنی خالص شہد۔ روغن گاؤ سیاہ رنگ ایک پہر کھرل کرکے چینی کے برتن میں بھر کر منہ کو لاکھ سے بند کرکے ایک مٹکہ میں گوبر بھر کر درمیان رکھ دیں چھ ماہ کے بعد نکال کر دو رتی صبح ہمراہ بالائی دیویں ہر سال موسم سرما میں تین ماہ کھائیں۔

خوش ایام ؛ بند حیض کو جاری کرتی ہیں۔ مجرب سقوطری۔ ابہل ایک ایک تولہ زعفران ہیرا کسیس تخم سداب ہر ایک ۶ ماشہ پانی کی مدد سے ایک گولی بقدر نخود بنا کر دو گولی ہمراہ آب تازہ صبح و شام دیں۔

حب مردمی ؛ قوت مردمی خون اور منی کو بڑھاتی ہے۔ مشتہی ہے کشتہ طلا۔ مغز کدو شیریں عنبر اشہب ہر ایک ۲ ماشہ مشک ۱ ماشہ عرق بید مشک میں کھرل کرکے گولی بقدر دانہ مونگ بنا کر صبح و شام ایک گولی دیں۔

حب ملیریا ؛ برگ نیم شگوفہ ارنڈ برگ تلسی۔ برگ سداب ہموزن باریک کرکے گولی بقدر نخود بنا کر دن میں تین بار ایک گولی پانی سے دیں۔

طلا سنیاسی ؛ پوست بیخ کبر سفید تازہ کو پیس کر قرص بنا کر روغن زرد میں بریاں کریں۔ بعدہٗ صاف کرکے پٹی روغن میں تر کرکے عضو پر باندھیں اور ایک ہفتہ تک استعمال کریں۔

حکیم محمد خاں مغموم میانوالی

شب کوری : دودھی خورد کے دودھ سے سلائی کے دونوں سرے تر کر کے مریض کی آنکھوں میں سلائی پھیریں کچھ دیر بعد آنکھوں میں درد اور تکلیف ہوگی کہ بیان سے باہر ہے۔ مگر اس درد کی فکر نہ کریں اور نہ ہی آنکھوں کو پانی سے دھوئیں بلکہ صبر کریں ایک پہر گزرنے کے بعد درد وغیرہ دُور ہوگا۔ صرف ایک دن لگانے سے تمام عمر شب کوری سے نجات ہوگی۔ یہ نسخہ آزمودہ اسرار صدریہ سے ہے۔

بواسیر :۔ نغدہ دودھی خرد ایک پاؤ میں سرخ پھٹکری ½ پاؤ رکھ کر کوزہ میں بند کر کے آگ دیں۔ سیاہ کشتہ پھینک دیں اور سفید باریک کر کے ۲ ماشہ گرمیوں میں مکھن سے اور سردیوں میں پتاشہ میں رکھ کر دیں اگر بواسیر خونی ہو تو کہربا ایک تولہ اضافہ کر کے دیں۔ میرا خاص صدری اور مجرب ہے۔

نرینہ اولاد:۔ کشتہ مرجان کشتہ مروارید کشتہ صدف مروارید۔ زہر مہرہ خطائی کشتہ سنگ یشب دودھی خرد ہم وزن سفوف بنا کر ایک رتی ہر روز گائے کے دودھ سے نہار منہ کھلانا شروع کریں اور آٹھ ماہ بلا ناغہ حاملہ استعمال کرے انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا۔

کشتہ سم الفار :۔ دودھی خرد کے ۵ تولہ نغدہ میں ایک تولہ سم الفار کی ڈلی رکھ کر کوزہ میں گل حکمت کر کے تین سیر آگ دیں کشتہ ہوگا۔ امراض بادی و ریحی کو مفید ہے۔ میرا صدری ہے۔

بال اُگانا :۔ گدھے کی سم۔ گائے کے سینگ دونوں کو جلا کر سرکہ میں پیس لیں اور مالش کریں۔

ذکاوت حس :۔ کشتہ پارہ۔ قلمی شورہ والا ایک تولہ پوٹاشیم برومائیڈ ۲ ماشہ ملا کر ۳۲ خوراک بنائیں اور ہمراہ لسی دو دفعہ دیں۔

شربت مفرح :۔ کاسنی۔ خس۔ مغز تخم کنول گٹہ۔ نیلوفر ہر ایک ۵ تولہ پانی میں بھگو کر دو بوتل عرق کشید کریں اس میں مصری ملا کر شربت بنائیں قلب و ارواح میں تسکین پیدا کرے گا۔

گھوٹہ :۔ تخم کاہو۔ مغز خیارین۔ مغز بادام۔ سونف۔ تخم خرفہ۔ تخم خربوزہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۵ عدد گھوٹ کر مصری ملا کر صبح شام پلائیں۔ گرمی و پیاس دور ہو کر آنکھوں میں نور اور دل میں سرور پیدا ہوگا۔

سفوف ہاضم: منفعت ہضم و اشتہا و درد شکم کو مفید ہے۔ نانخواہ۔ بادیان۔ زیرہ سفید۔ پوست بلیلہ زرد۔ آملہ۔ پوست بلیلہ۔ نمک لاہوری۔ سوہاگہ بریاں نوشادر ہموزن سفوف بنا کر ۲ ماشہ بعد غذا دیں۔

کثردم گزیدہ: نمک خوردنی قدرے پانی میں گھول کر مخالف کان میں ڈالنے سے فوراً آرام ہو جاتا ہے۔

کثرت احتلام: اگر سوتے وقت پاؤں کو سرد پانی سے دھو کر سوریں تو کثرت احتلام کو مفید ہے۔

مسہل: مغز جمالگوٹہ مدبر۔ ایک تولہ پستہ ۲ تولہ مویز منقہ ۵ تولہ خوب کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر گرم پانی سے دو تین گولی دیں خوب دست آئیں گے۔

خضاب شاہی: نوشادر ایک حصہ سنگ راسخ ۲ حصہ۔ مازو ۹ حصہ باریک کر کے پانی ملا کر لگائیں۔

مدر حیض: ریوند۔ زعفران۔ افسنتین ہر ایک ۳ ماشہ۔ ہیرا کسیس ۲ ماشہ گولی بقدر دانہ نخود بنا کر پانی سے دیں۔ اسی دن خون جاری ہوگا۔

خارش خصیہ: ہڑتال ورقیہ ۲ تولہ روغن کنجد ۲۰ تولہ میں ملا کر آگ پر پکائیں جب خوب پکنے لگے تو دیگچی میں آگ لگائیں اور منہ بند کریں اور آگ سے نیچے اتار لیں دوبارہ پھر آگ پر چڑھا کر آگ دیں لگائیں اور اتار دیں اسی طرح پانچ بار کریں۔ درد خارش کہنہ خاص کو خصیہ کی خارش کو آزمودہ ہے۔

اکسیر عجیب: حلق کے ابتدا میں اس کا استعمال مفید ہوتا ہے۔ ذکاوتِ حس کو دور کرتا ہے۔ پرانے جریان کو مفید ہے۔ افیون سلاجیت۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ قلعی ہر ایک ۳ ماشہ پوٹاشیم برومائیڈ ۶ ماشہ ایکسٹریکٹ کینے بس انڈیکا ۱ ماشہ گولی بقدر دانہ مونگ بنا کر ہمراہ پانی دیں۔

درد گوش: کچھ باریک کر کے روغن زرد آگ پر گرم کر کے ڈال دیں۔ اس گھی کو کان میں ڈالیں۔ درد دور ہوگا۔

ہیضہ: جب کہ مریض سرد ہو گیا ہو۔ نبض ساکت ہو چکی ہو اور زندگی سے مایوسی ہو تو حقہ کا سڑا ہوا پانی پلانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

مغلظ منی: ڈھاک کا گوند۔ تالمکھانہ۔ بیج بند۔ موصلی سفید۔ سمندر سوکھ۔ مغز بنولہ۔ گوکھرو کلاں تخم ہموزن سفوف بنا کر کھانڈ ملا کر ۶ ماشہ دودھ سے دیں جریان احتلام رقت کو مفید ہے۔

مقوی ممسک : تخم بریان مقشر، عقرقرحا دو دو تولہ پوست بیخ کو رنج، مغز بادام شیریں ہر ایک ۲ تولہ۔ جائفل، اسگندھ ناگوری تخم بھنگ ایک ایک تولہ۔ زعفران ۲ ماشہ باریک کر کے گولی بقدر گول بیر بنا کر دو گھنٹہ قبل شیر گاؤ سے دیں اور روزانہ ایک گولی دودھ سے دیں۔

نزلہ :- سونف ۲ تولہ۔ اصل السوس مقشر ۲ تولہ سفوف بنا کر ۵ ماشہ تازہ پانی سے دیں۔

قبض کشا :- ریوند عصارہ، ایلوا، مصطگی ہموزن باریک کر کے گولی بقدر نخود بنا کر صبح شام بعد غذا دو گولی پانی یا دودھ سے دیں۔

کشتہ نقرہ :- جریان، گرمی مثانہ، احتلام، معدہ، دل دماغ جگر اور گردہ کو طاقت دیتا ہے پوست انار خشک ایک پاؤ باریک کر کے ایک تولہ چاندی کا پترا رکھ کر بیس سیر آگ دیں۔ چاندی کشتہ ہوگی ایک رتی ہمراہ مسکہ یا بالائی دیں۔

کثرت بول :- مسور بھنا کر نصف شکر سرخ ملا کر سوتے وقت ایک چھٹانک چبائیں

کرم امعاء :- جس شخص کے براز میں باریک کرم نکلیں۔ ہینگ بقدر دو دانہ نخود مکھن میں رکھ کر صبح۔

آکلہ دہن :- طباشیر، کتھ سفید، مازو، الائچی خورد ہموزن سفوف بنا کر منہ کے چھالوں پر لگائیں۔

داد :- برگ مولی صبح شام رگڑیں۔

ہاضم :- دردِ شکم بادی اور خرابی ہاضمہ کو مفید ہے۔ سونٹھ ½ پاؤ کو دودھ میں تر کریں کہ ایک انگل اوپر رہے دوسرے دن دودھ بدل دیں ایک ہفتہ یہی عمل کریں پھر نکال کر جو کوب کر کے گھی میں بریان کریں کہ سرخ ہو جائے اور شہد ملا کر لعوق بنائیں اور صبح شام چٹائیں۔

نکسیر :- طلب الماء سبز ۲ تولہ شورہ قلمی ۳ ماشہ باریک کر کے ملا کر تالو پر رکھیں۔

سفوف لاجواب :- جریان، احتلام، سرعت اور ضعف باہ کو مفید ہے۔ ثعلب مصری، موصلی سفید، مغز تخم تر مہندی، نیم بریان، بہمن سفید، ستاور، سنگ جراحت ایک ایک تولہ، مغز بادام مقشر ۳ تولہ کشتہ مرجان، کشتہ قلعی بھنگ والا ہر ایک ۲ ماشہ کھانڈ ۳ تولہ سفوف بنا کر ۲ ماشہ صبح و شام دودھ سے دیں۔

سفوف مغلظ :- جریان احتلام سرعت کو مفید ہے گوند ڈھاک، تالمکھانہ، بیج بند، موصلی سفید،

سندرسوکھ۔ مغز پنبہ دانہ۔ گوکھرو کلاں۔ تخم ایک ایک تولہ دیسی کھانڈ ۸ تولہ سفوف بناکر ۹ ماشہ صبح وشام ہمراہ دودھ دیں۔

اکسیر دماغ: روغن گاؤ ۲ پاؤ کڑاہی میں ڈال کر برہمی بوٹی اس میں بھون کر الگ رکھیں۔ بعدہٗ پستہ۔ خشخاش سفید۔ مغز بادام۔ کشمش سبز ہرایک ۵ تولہ مغز چلغوزہ۔ مغز خیارین مغز کدو۔ بادیاں ہر ایک ۳ تولہ۔ مغز چرونجی۔ مغز تربوز۔ برنج کشنیز۔ دانہ الائچی خورد۔ ہرایک ۲ تولہ۔ خرما ۱۰ عدد الگ الگ باریک کریں۔ آملہ سبز ایک سیر کا پانی نکال کر شہد تین پاؤ ملا کر قوام کریں۔ اور تمام دوائیں ملاکر محفوظ رکھیں رات کو سوتے وقت دو تین تولہ دودھ سے دیں۔

کھانسی: پوست بیخ مدار جلاکر باریک کرکے بقدر ایک رتی بتاشہ میں کھلائیں۔

ضعف دماغ: نخود بریان مقشر۔ مغز بادام شیریں مقشر ہموزن کھانڈ ملاکر ۹ ماشہ صبح پانی یا دودھ سے دیں۔

تبخیر: بادیان۔ کشنیز خشک۔ الائچی خورد۔ مصری ہموزن کھرل کرکے یہ ناشتہ کھلائیں۔

قے وشدت پیاس: انار دانہ۔ سماق۔ پوست ترنج۔ زرشک۔ دانہ ہیل ہموزن باریک کرکے سکنجبین لیموں ملاکر چٹنی کے طور پر استعمال کریں۔ قے شدتِ پیاس کو مفید ہے۔

درد داڑھ: سونف ۱ تولہ چلم میں بھر کر تمباکو کی طرح پیئیں۔

حریرہ مولد منی: مادہ منویہ کی رقت اور قلت کو دور کرتا ہے قوت پیدا کرتا ہے۔

مغز پنبہ دانہ ثعلب دانہ۔ آرد سنگھاڑہ ہرایک ۳ ماشہ نبات سفید ۲ تولہ پانی میں پیس کر سبوس اسپغول ۵ ماشہ اور گھی گاؤ ایک پاؤ کا اضافہ کرکے آگ پر پکائیں۔ جب گاڑھا ہو جائے۔ تو اتار کر سرد کرکے کھائیں۔

حب فولاد: ریاح۔ نفخ۔ بواسیر قولنج ریحی کو مفید ہے۔ برادہ لوہا پاک وصاف کرکے آب برگ ہلہل میں چینی کے پیالہ میں ترکریں اور چالیس یوم دھوپ میں رکھیں۔ خشک ہونے پر اعلیٰ کشتہ ہوگا۔ اب برگ پان سے کھرل کرکے گولی بقدر نخود بناکر روزانہ دیں۔

اکسیر تشنگی: تخم خرفہ سیاہ کوٹ کر دہی میں تین مرتبہ تر وخشک کریں اور ۳ ماشہ روزانہ دیں۔

شدت پیاس دور ہوگی۔

دردِ سر حار: اگر لیموں کو ایک طرف سے کاٹ کر گرم کرکے پیشانی پر اور کنپٹی پر چند بار ملیں۔ تو تسکین ہوگی۔

علاج مجلوق: نارجیل کہنہ۔ مالکنگنی۔ مغز بینہ۔ بیر بہوٹی۔ تخم دھتورہ سیاہ۔ پوست کنیر سفید۔ قرحا۔ گھونگچی سفید۔ باوتری۔ قرنفل۔ دارچینی۔ کنجد سیاہ ہر ایک دو تولہ کوٹ کر چار پوٹلیاں بنائیں۔ روغن کنجد کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور پوٹلیاں ڈال کر یکے بعد دیگرے ٹکور کریں ہر آٹھ یوم تک دو پوٹلیاں استعمال کریں۔ بعدہٗ یہ تیل استعمال کریں۔ خراطین تازہ ۳ تولہ تھوم مقشر ۶ ماشہ روغن بلسان ۲ تولہ روغن تارامیرا ۳ تولہ میں ڈال کر لوہے کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں جلنے پر چھان لیں۔ اس میں مشک۔ لونگ۔ جاوتری ہر ایک ۲ ماشہ ملا کر خوب کھرل کریں اور استعمال کریں۔

وجع المفاصل: ایک ہی روز میں فائدہ محسوس ہوگا۔ عنبر زرد۔ تربد سفید مجوف ہر ایک دو تولہ۔ پوست بلیلہ زرد۔ بوزیدان۔ سورنجان شیریں ہر ایک ۸ ماشہ افیون ۵ ماشہ سقمونیا ۸ ماشہ مقل ارزق ۲ ماشہ باریک کرکے شہد سے گولی بقدر نخود بنا کر تین گولی تک دیں پانی گرم یا مناسب بدرقہ سے دیں۔

نسوار مرگی درد سر وغیرہ: خاکستر پاچکہ دشتی ایک عدد شیر مدار میں چند روز تر کرکے لونگ مرچ سیاہ ہموزن ملا کر نسوار بنائیں۔

حب بواسیر خونی بادی: مغز تخم نیم ہلیلہ پاؤ فلفل سیاہ مقل ہر ایک ۴ ماشہ گولی بقدر نخود بنا کر بقدر ۲ ماشہ ہمراہ شیرہ بویان دیں۔

حکیم علی سرمدی دہلوی

مالیخولیا تبخیری: آملہ خشک کشنیز خشک۔ برادہ صندل سفید تین تین ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں۔ صبح نتھار کر مصری ملا کر تخم ریحان ۸ ماشہ چھڑک کر استعمال کریں۔

محلل ریاح: ریاح غلیظ جو مالیخولیا مراقی میں سرد مواد پیدا ہونے سے ہو۔ بادیان۔ افتیمون۔ سعتر۔ مصطگی۔ عود غرقی الائچی خورد ہموزن سفوف بنا کر ایک ماشہ ہمراہ گلقند ۳ تولہ ملا کر دیں۔

حکیم محمد سعد اللہ انصاری

کشتہ نقرہ جاذب: دودھ پلمانی ایک پاؤ پیلا مولی ۵ تولہ آملہ ۔ بلیلہ ہر ایک ۲۰ تولہ ۔ سجی ۔ چونہ ہر ایک ۳ تولہ شورہ ۔ نوشادر دو دو تولہ سفوف بنا کر ایک تولہ دو اوپلہ پر بچھا کر پترہ رکھ کر ایک تولہ سفوف اور ڈال کر دوسرا اوپلا اوپر دے کر دو سیر کی آگ دیں ۔ سرد کر کے دو بارہ اور سہ بارہ اسی طرح پندرہ آنچوں میں کشتہ ہوگا ۔ درد کمر ۔ رقت منی وغیرہ کو بہت مفید ہے ۔

کشتہ طوطیا: ادرک تازہ سبز ایک پاؤ نغدہ میں ۲ تولہ طوطیا رکھ کر توا پر پکائیں ۔ جب ایک پہلو جل جائے تو دوسرا بدل دیں اور سرد کر کے دیکھیں ۔ طوطیا سفید کشتہ ہوگا ۔

کشتہ نقرہ: گل منیلان زرد دو تولہ کوٹ کر لوتہ کے درمیان ایک تولہ پترہ نقرہ رکھ کر دو ۲ سیر کوٹلوں میں آنچ دیں ۔ شگفتہ کشتہ ہوگا ۔

سید مسعود اللہ

کشتہ سم الفار: برائے ضیق النفس ۔ سوزاک ۔ بواسیر ۔ درد اعضا ۔ ضربہ سقطہ کو مفید ہے ۔
سیماب مصفیٰ ۳ تولہ خفہ نارجیل میں ڈال کر آب برگ مولی سے کسی لکڑی سے ایک پہر کھرل کریں ۔ اور کوزہ میں گل حکمت کر کے چھ سیر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ ہوگا ۔

حکیم محمد امام الدین نرساپوری

جریان: تخم برگد ۔ ببلی کیکر خام خشک در سایہ ۔ خار خشک ۔ ستاور ہر ایک ۴ تولہ ثعلب مصری موصلی سفید ۔ تالمکھانہ ۔ موچرس ہر ایک ۳ تولہ ۔ مغز تخم تمر ہندی ۵ تولہ سفوف بنا کر ہم وزن کھانڈ ملا کر ا تولہ ہمراہ دودھ بوقت صبح دیں ۔

دیگر: دار چینی ۔ سبوس اسبغول ۔ موصلی سفید ۔ موصلی سیاہ ہر ایک ۵ تولہ خرما فریہ ۴ عدد سکو باریک کر کے ہم وزن کھانڈ ملا کر ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں ۔

حکیم ایم بشارت سنیاسی

طحال: بار بار کا آزمودہ چوٹی کا نسخہ ہے ۔
نوشادر ۔ جوکھار ۔ مرچ سیاہ ۔ فلفل دراز ۔ الائچی سفید ۔ نمک سونچل ہر ایک ۲ تولہ ہر مچی ۶ ماشہ سفوف بنا کر بعد غذا ایک چٹکی ہمراہ ایک گھنٹہ پانی نہ پیویں ۔

حکیم سلطان محمد

ذات الجنب :۔ بانس کا گھن۔ طباشیر نقرہ بریان ہموزن باریک کر کے ۵ رتی تا ایک ماشہ دن میں تین چار بار دیں۔

دمہ کا تیر بہدف نسخہ :۔ ایک ناریل جت والا میں سوراخ کر کے آک کا دودھ بھر دیں۔ دوسرے دن پھر جس قدر دودھ جذب ہو سکے ڈال دیں۔ اسی طرح تین دن دودھ ڈالیں۔ بعدہٗ کپڑ مٹی کر کے سایہ میں خشک کر کے دس سیر اوپلہ کی آگ دیں سرد کر کے باریک کر کے رکھیں اور ایک رتی منقہ میں ڈال کر کھلائیں۔ ایک ہفتہ میں صحت ہو گی۔ اگر بلبھری کا علاج مقصود ہو تو اس میں شیر مدار کے ہمراہ پانچ تولہ ڈال دیں اور پھر آگ دیں اور ہمراہ زلال لودھ گورکھ پان سے دیں۔ جب پیاس لگے تو بھی پانی پلائیں۔

سرمہ ممیرا :۔ آنکھوں کی جملہ امراض کے لیئے اکسیر ہے۔ ہلدی کی گنڈی ۱۱ عدد ایک عدد تمہ پیٹر سے لگے ہوئے میں رکھ دیں۔ جب تمہ گل جائے۔ تو دوسرے تمہ میں رکھ دیں۔ اسی طرح چھ عدد تمہ میں رکھیں جست و پارہ ایک ایک تولہ گرہ کریں اور ہلدی مذکورہ کے ہمراہ آب مہوکرٹی میں کھرل کریں۔ پھر آب زنجوت کے پانی میں کھرل کر کے استعمال کریں۔

نکسیر کا مجرب علاج :۔ منڈی کشنیز خشک چھ چھ ماشہ۔ گاؤ زبان۔ صندل سفید ہر ایک ۳ ماشہ رات کو پانی میں بھگو کر صبح مل کر چھان کر شربت انار کے ساتھ پلائیں اور ناک میں یہ نسوار سونگھائیں۔ زہر مہرہ خطائی۔ نسلوچن۔ کتھہ سفید۔ الائچی کلاں سنگ جراحت ہموزن باریک کر کے سونگھائیں۔ اور سر پر لگائیں۔

وجع المفاصل :۔ بلادر۔ زنجبیل۔ کٹکی کلاں۔ سورنجان تلخ دو دو ماشہ ۱/۲ پاؤ تیل ملا کر جلائیں اور بعد ازاں کرات کو مالش کریں اوپر برگ دھتورہ باندھیں۔

کشتہ سم الفار :۔ سم الفار سفید بلوری ایک تولہ کو آب مرچ سرخ تازہ میں کھرل کر کے چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا کر خشک کر کے برگ ارنڈ میں لپیٹ کر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ ہوگا۔ برائے بخار سفوف طباشیر و الائچی خورد میں ملا کر دودھ سے دیں۔ نزلہ والے کو بھی دودھ سے دیں نزلہ دور ہوگا اور ناظر تیز

ہو گی۔ آتشک وسوزاک میں ایک چاول برگ بیری یا تلسی میں ملا کر دیں اور پھر دودھ پلائیں آتشک کہنہ وسوزاک کو اچار آم سے دیں۔ دمہ کے لیے ½ سیر دودھ خام سے کھلا کر ½ گھنٹہ بار دودھ گرم پلائیں۔ بلغم بذریعہ اسہال ہوگا۔ اس کشتہ کی تاثیر سرد ہے ہر ایک مزاج میں مفید ہے۔

بچہ زندہ رہنے کے واسطے :۔ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ مرچ سیاہ ۹ ماشہ زیرہ سفید مقشر زہر مہرہ خطائی۔ پوست سنگدانہ مرغ اندر حومقشر۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ ریش برگد ہرایک ۴ ماشہ سوہاگہ سفید۔ گل سرخ دو دو ماشہ زعفران ایک ماشہ تمام ادویہ عرق گلاب ایک پاؤ میں کھرل کریں۔ پھر عرق کیوڑہ میں پھر عرق کیلا میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر جب بچہ پیدا ہو تو دو گولی شام بچہ کی ماں کو اور بقدر دانہ ماش دودھ میں گھس کر بچہ کو دیں۔ چالیس یوم میں استعمال کرنے سے بچہ زندہ رہے گا۔

کشتہ مروارید :۔ جس کے اوصاف کشتہ الماس سے ملتے جلتے ہیں مروارید ناسفتہ کو شیر گاؤ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر گاؤ زبان کے نغدہ میں رکھ کر سمپٹ کر کے ۵ سیر اوپلہ کی آگ دیں ½ اور بقدر ایک چاول استعمال کریں۔

چنبل کا حکمی علاج :۔ تیل سرسوں ایک سیر خام وزن میں دو بالشت ڈنڈا تھوہر ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب تمام ڈنڈا جل کر کوئلہ ہو جائے تو لوہے سے تیل کے اندر رگڑیں اور صبح و شام چنبل پر لگائیں۔

کشتہ ابرک :۔ تمام بخاروں کو اکسیر ہے۔ کوزہ مصری ۲ ماشہ ابرک سفید ایک تولہ کونڈے ڈنڈے میں ہر دو کو اس قدر رگڑیں کہ چمک دور ہو جائے۔ کشتہ ہوگا۔

کشتہ فولاد شنگرفی :۔ برادہ فولاد کو آب برگ جامن میں پندرہ یوم برتن چینی میں رکھیں۔ اور برتن دھوپ میں رکھیں اگر آب خشک ہونے لگے تو اور ڈال دیں۔ جب خشک ہو جائے تو فولاد کا بارھواں حصہ شنگرف ڈال کر شیرہ کوار سے ۲ گھنٹہ کھرل کر کے کوزہ میں بند کر کے دس سیر آگ دیں۔ اسی طرح سات آنچیں دیں۔ ہر بار شنگرف ملائیں اعلیٰ قسم کا کشتہ تیار ہوگا۔ خوراک ½ رتی منقہ میں دیں۔

حکیم سکھا رام

کشتہ طوطیا برنگ سفید باوزن :۔ جو نہ دہی میں زنگار دے نہ زبان پر ترشی لائے۔

(۱) نیلا تھوتھا مصفیٰ مانند طبورے کر اس کو بریان کریں اور اس کا وزن ۲ تولہ ایک ماشہ لے کر ½ سیر پانی میں حل کریں۔ (۲) پوٹاشیم آئیوڈائڈ دو تولہ ۱۰ ماشہ لے کر ایک دوسرے برتن میں ½ سیر پانی میں حل کریں۔ (۳) ہر دو کو ملالیں تھوڑی دیر میں گاد تہہ نشین ہو جائے گی اور بھورے رنگ کا سیال اوپر ہوگا۔ اسے نتھار لیں۔ (۴) تہہ نشین میں پھر ایک سیر پانی ڈال کر خوب ہلائیں اور رکھ چھوڑیں گاد تہہ نشین ہوگا اور زرد رنگ کا سیال اوپر ہوگا۔ بدستور اسے نتھار کر نمبر ۲ میں ڈالیں (۵) تہہ نشین میں پھر ایک سیر پانی ملا کر بطریق بالا عمل کرتے جائیں۔ تین چار بار کرنے سے پانی سفید بے رنگ ہوگا اور نیچے طوطیا کا کشتہ ہوگا۔ اسے خشک کر لیں مطلوبہ کشتہ باوزن سفید موجود ہوگا۔ ہر پانی نتھار کر نمبر ۲ میں ملالیا کریں۔

نوٹ : پوٹاشیم آئیوڈائیڈ ایک قسم کا نمک ہے۔ جو ایک بحری نباتات سے تیار کیا جاتا ہے۔ اگر وہ بڑی مل جائے تو اس میں کشتہ طوطیا سفید ہو سکتا ہے۔

کشتہ تانبہ سفید بلا زنگار :۔ (۱) مندرجہ بالا طریقہ نمبر ۲ سے برادہ مس ۱۲ ماشہ کھرل کریں کشتہ سفید ہوگا۔ (۲) اگر کھرل کرنے کی زحمت نہ اٹھائی ہو تو مندرجہ ذیل حل نمبر ۳ میں ٦ ماشہ برادہ مس ڈالیں دو تین یوم میں سیال کا رنگ اڑ جائے گا بے رنگ سیال اوپر سے نتھار کر پھینک دیں نیچے تانبہ برنگ سفید کشتہ ملے گا۔ (۳) مندرجہ بالا ـــــ نمبر ۳ دراصل آئیوڈائڈ کا حل آبی ہے۔ اگر کشتہ نیلا تھوتھ بنائے بغیر کشتہ مس باوصاف بالا تیار کرنا ہو تو ۱۲ ماشہ آئیوڈین کو ایک سیر پانی میں حل کر کے شیشہ کے برتن میں ڈال دیں اور ٦ ماشہ برادہ مس ڈال دیں جب حل کا رنگ اڑ جائے تو اسے نتھار کر پھینک دیں۔ نیچے تانبہ کشتہ ہوگا۔

حکیم لالہ وزیر چند انند ا

امراض چشم :۔ ابتدا موتیا میں بھی مفید ہے۔ مرچ سرخ کا پرانا پودا جو بیس سالہ ہو کی جڑ پانی میں گھس کر سرمہ سے آنکھوں میں صبح و شام لگائیں۔

نسوار عجیب :۔ کائپھل باریک کر کے نسوار بنا کر استعمال کریں نزلہ زکام سر درد کو مفید ہے۔

ممسک:- بیج تلسی سیاہ کا چھلکا۔ برگ پان ہموزن یک جان کر کے شہد ملا کر بقدر دانہ نخود دو گولی دودھ سے دو گھنٹہ پیشتر دیں۔ عمدہ امساک ہوگا۔

بواسیر خونی:- نوشادر ۲ ماشہ جغرات مادہ گاؤ کے ہمراہ کھلائیں۔ دو تین دن میں آرام ہوگا۔

درد گردہ:- آب لید گھوڑی تازہ نچوڑ کر ایک دو تولہ ہمراہ ہینگ بقدر دانہ نخود دیں آرام ہوگا۔

پھولا چشم:- پھٹکری سفید ایک تولہ سبز گدھے کا پیشاب ایک پاؤ میں کھرل کر کے خشک کریں۔ اور بطور سرمہ لگائیں۔

بواسیر:- برگ گیندا ۲ تولہ مرچ سیاہ ۶ ماشہ بطور سردائی گھوٹ کر روزانہ نہار منہ کھلائیں۔

کشتہ پارہ:- نہایت مقوی باہ ہے۔ پارہ ایک تولہ شیر برگد ۲ تولہ میں کھرل کر کے گولی بنا کر ہینگ ۲ تولہ کو شیر بڑ میں نغدہ بنا کر اس میں رکھ کر سیاہ رنگ پارچہ لپیٹ کر تین سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ ایک رتی ہمراہ مسکہ دیں۔

کشتہ فولاد:- برائے جریان، تپ کہنہ اور حرارت جگر کو مفید ہے۔ پترا فولاد آگ میں سرخ کر کے آب تربوز میں چند بار بجھا دیں۔ جو ریزے پانی کی تہ میں جمع ہوں۔ تربوز کے پانی میں کھرل کر کے مثل غبار بنائیں۔ ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

کشتہ نقرہ:- اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ ہے۔ موچرس۔ بھنگ۔ اجوائن خراسانی ایک ایک تولہ باریک کر کے نغدہ بنا کر درمیان پترا نقرہ ایک تولہ رکھ کر چار پانچ سیر محفوظ الہوا جگہ میں آگ دیں۔ اگر کوئی خامی رہ جائے تو ایک آنچ اور دیں کشتہ اعلیٰ ہوگا۔ خوراک یک برنج ہمراہ مسکہ دیں۔

دیگر:- مقوی اعضائے رئیسہ و باہ ہے۔ گل دھاوا۔ ہنسراج بوٹی ہر ایک ۵ تولہ نغدہ بنا کر درمیان پترہ نقرہ رکھ کر ۵ سیر آگ دیں۔ پانچ آنچوں میں بے نظیر کشتہ ہوگا ایک چاول ہمراہ مسکہ دیں اوپر دودھ پئیں۔

کشتہ جست:- جریان ضعف باہ اور امراض آنکھ میں مفید ہے۔ جست مصفیٰ ایک تولہ گلا کر ایک تولہ پارہ ملائیں۔ کڑاہی میں رکھ کر مصری ایک تولہ کی چٹکی چٹکی ڈال کر کیکر کی سبز لکڑی تازہ سے ہلا کر راکھ کریں اور محفوظ رکھیں ایک رتی مکھن سے دیں اور آنکھوں میں لگائیں۔

کشتہ قلعی: جریان اور امراض چشم میں مفید ہے۔ قلعی ۲ تولہ پگھلا کر سوہاگہ شورہ قلمی ایک ایک تولہ باریک کردہ کی چٹکی دے کر اور چوب برگد سے ہلا کر کشتہ کریں اور استعمال کریں۔

دیگر: جریان اور کمزوریوں کو مفید ہے۔ قلعی ۲ تولہ پگھلا کر سات بار آب ترپھلہ اور روغن سرسوں میں بجھاویں اور ۲ تولہ کا پتر اکر کے گودہ کیلا ۱۰ تولہ ہلدی مہندی ہر ایک ۵ تولہ میں رکھ کر ۲ دو او پلہ گلال میں رکھ کر آگ دیں شگفت ہوگا۔ ایک رتی ہمراہ مسکہ دیں۔

انعامی نسخہ طلا: سوائے مادرزاد نامرد کے سب کو مفید ہے۔ سم الفار سفید شنگرف رومی ہڑتال ورقیہ۔ گندھک آملہ سار۔ زنجبیل۔ مالکنگنی۔ رتن جوت میٹھا تیلیہ۔ کچلہ۔ لونگ۔ جائفل۔ جاوتری زعفران دارچینی ایک ایک تولہ آب برگ دھتورہ۔ آب مدار۔ آب برگ ارنڈ ہر ایک سات تولہ۔ بال مرد برنگ سیاہ ۲ تولہ کوٹنے والی دواؤں کو کوٹ کر کڑاہی میں نیل کنجد ۱ سیر کے ہمراہ ڈال کر نرم آگ پر رکھیں کہ تیل رہ جائے اسے چھان کر روغن سانڈہ ۱۰ تولہ بیر بہوٹی سرخ رنگ قبرستان ۲۰۰ عدد ڈال کر اکیس یوم دھوپ میں رکھیں پھر صاف کر کے استعمال کریں۔

حکیم لالہ ہری رام

ضعف باہ: تعلب مصری بستاور۔ اسگند ناگوری موصلی موصلی سنبل موصلی سفید ہر ایک ۵ تولہ کافور بھیم سینی ۳ ماشہ شہد دو چند ملا کر ۳ تولہ بوقت صبح دودھ سے دیں۔

امراض چشم: ہزارہا بار کا مجرب نسخہ ہے۔ ککرے۔ روہے۔ پڑبال۔ ناخونہ۔ سرخی سفیدی۔ جالا پھولا موتیا ضعف بصر گوہانجنی۔ ورم۔ ڈھلکا۔ ناسور وغیرہ پرانے امراض کو از حد مفید ہے عینک کی عادت جاتی رہتی ہے۔ مامیران چینی۔ کافور بھیم سینی ایک ایک ماشہ عرق پیاز میں گس کر ایک تولہ شہد ملا کر رات کو سوتے وقت قطرہ قطرہ آنکھوں میں ٹپکائیں۔

روغن گندھک: گیہوں کی روٹی پکا کر ایک پتیلہ میں رکھیں۔ روٹی کے درمیان چینی کی پیالی رکھیں اور پیالی کے ارد گرد۔ گندھک روٹی پر ڈال دیں اور آگ پر رکھ کر ایک گول پیندے والا برتن اوپر رکھ کر لبوں کو گیہوں کا آٹا لگا کر بند کر دیں اور برتن میں پانی بھر دیں۔ جب وہ گرم ہو جائے تو نکال کر سرد پانی ڈال دیں۔ اس طرح پیالہ میں گندھک کا روغن اکٹھا ہوگا اور ہزارہا امراض کو مفید ہوگا ایک

دو قطرہ پتاشہ میں دیں۔

ضعف باہ۔ دماغ۔ ہاضمہ۔ معدہ۔ جگر۔ گردہ وغیرہ کو دور کرتا ہے۔ خرابی خون۔ کھانسی۔ نزلہ زکام ورم۔ تپ دق۔ سل۔ آتشک۔ سوزاک۔ بواسیر۔ ذیابیطس۔ استسقاء وغیرہ کو مفید ہے۔ خون صالح پیدا ہوتا ہے۔

مقوی ممسک:۔ سرعت انزال۔ جریان و احتلام۔ ضعف باہ کے لیے مفید ہے اسہال کو۔ قے ہیضہ۔ سنگرہنی۔ ضعف ہاضمہ کو بھی مفید ہے۔ کافور۔ افیون۔ بھنگ۔ مرچ سرخ۔ کونپل نیم۔ کستوری ہموزن آب برگ گولر سے کھرل کر کے گولی بقدر ایک رتی بنا کر صبح شام دودھ سے دیں۔

روغن گندھک:۔ ضعف باہ۔ سستی نامردی۔ کجی۔ لاغری۔ آتشک۔ جذام وغیرہ کے لیے نخہ بے بہا ہے۔ ایک اسی سالہ بوڑھے کو قابل اولاد بناتی ہے۔ گندھک آملہ سار۔ ۱ تولہ عنبر اشہب زعفران ایک ایک سیر۔ شراب دیسی ایک بوتل میں کھرل کر کے آتشی شیشی سے تیل نکالیں۔ ایک قطرہ پتاشہ میں ڈال کر ہمراہ دودھ دیں۔

روغن کافور:۔ ضعف باہ سستی۔ کجی۔ لاغری عضو کو مفید ہے۔ سنگرہنی۔ ہیچش۔ ضعف باہ و قلب ہیضہ۔ قے۔ سیلان الرحم۔ نیش عقرب و زنبور۔ داد چنبل۔ ناسور زخم و ورم وغیرہ کے لیے اکسیر ہے۔ اکسیر اجساد و اکسیر اجسام ہے۔ کافور۔ ۲ تولہ آب لیموں ایک سیر شراب دیسی ایک بوتل عنبر ½ سیر میں کھرل کر کے آتشی شیشی میں بذریعہ تیپال جنتر روغن نکالیں ایک قطرہ بطور طلا استعمال کریں اور خوراکی ایک قطرہ شہد میں ملا کر چٹائیں۔

حلوہ گھیکوار:۔ گودہ گھیکوار ایک سیر روغن گاؤ ایک سیر میں پکا کر خشک کریں۔ شہد ا سیر ڈال کر سنڈھ۔ فلفل دراز۔ مرچ سیاہ۔ زعفران۔ دارچینی ایک ایک تولہ کوٹ کر ملائیں۔ رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ دیں۔ مقوی باہ از حد ہے۔

امراض جلدی چنبل، داد، خارش:۔ اجوائن دیسی۔ ا تولہ شیرمدار۔ ۱ تولہ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر روغن سرسوں ایک پاؤ میں ڈال کر یہاں تک پکائیں کہ ٹکیہ جلنے کے قریب ہو جائے ٹکیہ نکال کر تیل کو محفوظ رکھیں۔ اس تیل کی خوب مالش کریں دو گھنٹہ کے بعد بیسن میں پانی ملا کر ادبٹنہ کی

طرح جلد کو صاف کریں۔ تین یوم میں مکمل صحت ہو گی۔

امراض نسواں: مغز بنولہ ۲ تولہ دودھ گاؤ ½ سیر میں ڈال کر پکائیں اور مصری ۳ تولہ ملا کر صبح نوش کریں۔ بند حیض جاری ہو گا۔ بے قاعدہ حیض جاری ہو گا۔ سیلان الرحم، کمر درد، سر درد کو مفید ہے۔

ملین: عصارہ ریوند۔ تربد سفید مجوف۔ روغن بادیاں ایک ایک تولہ خوب کھرل کریں گولی بقدر ½ ماشہ بنا کر ہمراہ سرد پانی یا شربت بنفشہ خلوص ۵ دیں۔ جلاب بلا تکلیف و مروڑ ہو گا۔

دیگر: زعفران ایک تولہ صبر سقوطری ۲ تولہ اجوائن خراسانی ٦ ماشہ روغن دار چینی ٦ ماشہ خوب کھرل کر کے گولی ½ ماشہ بنا کر ہمراہ گرم دودھ دیں۔

تپ دق و سل: ہڑتال ورقیہ ایک تولہ شیر مدار میں اس قدر کھرل کریں کہ خشک ہونے پر اس کا وزن ۲ تولہ ہو جائے۔ نیلا کپڑا کھدر نیا ایک سیر میں لپیٹ کر اوپر اس کے بان مونج دو سیر لپیٹ کر اوپر کوئلہ رکھ دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں یہ کشتہ سل و دق کے علاوہ ضعف باہ امراض ریاحی، وجع المفاصل وغیرہ کو مفید ہے۔ سل و دق کے لیے گل اڑوسہ ٦ ماشہ لوسٹ ڈوڈہ ۲ ماشہ کے خیساندہ کے ساتھ ایک رتی بتاشہ میں رکھ کر دیں۔

نسوار عجیب: صرع، سکتہ، بے ہوشی وغیرہ امراض کو اکسیر ہے۔ کافور، سوہاگہ، نوشادر، فلفل دراز، زعفران، پوست ریٹھہ ہموزن کھرل کر کے بوقت ضرورت نسوار لیں۔

بواسیر ہر قسم: رسونت ۵ تولہ کو آب مولی ایک سیر میں حل کر کے منقطر کریں۔ اس میں آب امبر بیلی آب گھیکوار ایک ایک سیر ملا کر نرم آگ پر پکائیں اور گولی بقدر نخود بنا کر دو گولی صبح و شام پانی سے دیں۔

داد چنبل: ملتانی مٹی ۳ تولہ طوطیا ایک تولہ کھرل کر کے پانی میں ملا کر لیپ کریں۔

مصفی خون: فساد خون، خارش خشک و تر، آتشک و جذام کو اکسیر ہے۔ برگ نیم، ثمر کیکر، برگ و بیخ و ثمر و گل و شاخ کنڈیاری۔ بیخ حنظل۔ قند سیاہ ہر ایک دس تولہ۔ مٹی کے برتن میں ۵ سیر پانی میں رات کو بھگوئیں۔ صبح جوش دے کر دو بوتل پانی حاصل کریں۔ دس تولہ بوقت

صبح پیویں ۔ روٹی بیسنی ہمراہ گھی باقی مکمل پرہیز۔

پنڈت ٹھاکر دت شرما موجد امرت دھارا

کشتہ پارہ سنگھا : ہیضہ میں دو تین خوراک میں مفید ہے۔ نمونیہ کے لیے اکسیر ہر قسم کی درد ول پرسوت کا بخار۔ کھانسی نزلہ زکام۔ دمہ اور گنٹھیا کو مفید ہے۔ پارہ سنگھا ٹکڑے کر کے اس پر آدھ پاؤ اجوائن اور آدھ پاؤ شورہ قلمی پانی میں پیس کر لیپ کر کے ایک سیر کوملوں میں رکھ کر خود ٹھنڈا ہونے پر نکال کر کوزہ میں ڈال کر شیر مدار ڈال کر لت پت کریں اور بند کر کے ۱۶ سیر آگ دیں نکال کر سم الفار ۲ ماشہ شامل کر کے دودھ آک سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے کوزہ میں بند کر کے دس سیر اوپلہ کی آگ دیں اسی طرح پندرہ آنچیں دیں خوراک ایک چاول ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

دمہ : جوہر پر سبز رنگ بورہ ۱/۲ سیر لے کر نمک خوردنی ۵ تولہ رکھ کر گجپٹ کی آگ دیں۔ نمک کشتہ ہوگا۔ ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

دیگر : تمباکو پشاوری تلخ جلا کر نمک بنائیں ۱/۲ رتی پانی میں یا شہد سے دیں۔

حکیم چودھری شوراج لکھنؤ

درد دانت : چند عدد مرچ سرخ پانی میں جوش دے کر کلی کرائیں فوراً درد رفع ہوگا اور چند روز کی مداومت سے ہلتے دانت و کرم خوردہ دور ہوں گے۔

سوزاک : برگ مہندی تازہ یا خشک جوکوب کر کے پانی میں بھگو کر شبنم میں رکھیں۔ صبح مل کر جوش دیں اور نصف پانی رہنے پر اتار کر مل چھان کر بوتل میں رکھیں۔ ۲ تولہ ہر روز شہد ایک تولہ ملا کر صبح و شام دیں۔

ہاتھ پاؤں پھٹنا : موم و تیل ہموزن پکا کر رکھیں رات کو لگائیں صبح پانی سے دھو ڈالیں۔

جریان احتلام : گوند کتیرا ۵ تولہ اجوائن خراسانی ۲ تولہ کشتہ قلعی ۳ ماشہ مصری ۷ تولہ سفوف بنا کر ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر تازہ دیں۔

لرزہ بخار : نوشادر ایک رتی مرچ سیاہ ایک عدد ملا کر قبل از نوبت دیں۔

درد دانت : چند عدد مرچ سرخ پانی میں جوش دے کر کلی کریں اور سفوف تمباکو خشک کر کے

سونگھیں تمام امراض دندان دور ہوں گے۔

قبض۔جلن، بھوک نہ لگنا، درد سر :- کوئلہ پتھر ایک ماشہ پتھر پر رگڑ کر ایک چھٹانک پانی میں حل کر کے صبح و شام استعمال کریں۔

روغن بخار :- ہر قسم کا بخار صرف آنکھ میں لگانے سے دور ہوگا۔ عرق برگ زرد ستیاناسی میں روغن گاؤ خوب لت پت کر کے مثل انجن آنکھوں میں لگائیں ۲ گھنٹہ میں بخار دور ہوگا۔

بخار :- پسینہ آکر بخار دور ہوگا۔ مونگ و چاول ہموزن ابال کر ایک پیالہ نیم گرم پی کر کپڑا اوڑھ لیں پسینہ تولیئے سے صاف کرتے رہیں پسینہ بکثرت آئے گا اور بخار دُور ہوگا۔

ملیریا :- گئو زبنی ایک تولہ ثمر دھتورہ ایک پاؤ میں رکھ کر ۵ سیر اوپلہ کی آگ دیں ۲ سے ۴ رتی دیں۔

دیگر :- صندلین۔ زہر مہرہ۔ گیری ہموزن سفوف بنائیں دو رتی بخار میں دیں۔

دیگر :- برگ بھنگ ۲ تولہ کافور ۲ تولہ گولی بقدر نخود بنا کر ۳ گولی قبل از بخار دیں۔

مُبارکی اطفال :- باجرا ۴ تولہ سفوف جائفل ۱ عدد کو دو سو تولہ پانی میں جوش دے کر چھان کر تین تولہ پانی پلاتے رہیں اور اس کے سوا کوئی دوا نہ دیں۔

تپ لرزہ :- مرچ سیاہ۔ آب برگ دھتورہ میں کھرل کر کے گولی بقدر مرچ سیاہ بنا کر قبل بوقت دیں۔

ڈاکٹر ایشر سنگھ بیدی

اچھا بیدی جلاب :- شنگرف۔ سوہاگہ، سنڈھ، پیپل ایک ایک تولہ مغز جمالگوٹہ مدبر ۳ تولہ باریک کر کے رکھیں ایک رتی سے تین رتی تک دودھ سے جتنے دودھ کے گھونٹ پیویں۔ اتنے جلاب آئیں گے۔

ملیریا ناشک :- ہر قسم کے بخاروں کے لیے مفید ہے۔ چرائتہ۔ اجوائن دو دو تولہ ایک سیر پانی میں رات بھگوئیں۔ صبح جوش دے کر نصف رہنے پر مل کر چھان لیں ۲۵ قطرے تیزاب گندھک اور ایک تولہ نوشادر ملا کر ایک چمچہ صبح ایک شام پلائیں۔

زکام ناشک :- گل کیکر سفید، کچور، کشمیری پٹھہ۔ بالچھڑ، اسطوخودوس۔ رب السوس ایک ایک تولہ

کافور ۶ ماشہ ثمر کٹیلی ۲ تولہ یا تخم سرس ۲ ماشہ باریک کر کے نسوار بنائیں۔

بواسیر ناشک :- ترپھلہ۔ گوگل۔ ہلدی۔ موم سفید ہموزن گولی بقدر مٹر بنا کر دو گولی خونی بواسیر کے لیے گھی سے اور بادی کو سیاہ مرچ کے سفوف سے دیں۔

سوزاک ناشک :- ست گلو۔ پھٹکری۔ شورہ قلمی۔ الائچی خورد ایک ایک تولہ۔ کتھ سفید ۲ ماشہ باریک کر کے قند سیاہ ملا کر گولی بقدر نخود بنا کر تین گولی دیں۔ دوسرے روز چار۔ اسی طرح سات یوم سات گولی دیں۔

بان گولی :- وبائی امراض خاص کر ہیضہ کو مفید ہے ناگرموتھہ ۲۰ تولہ فلفل دراز ہینگ کافور ہر ایک ۳ تولہ گوند ۲ ماشہ افیون ایک تولہ ناگرموتھہ میں تھوڑا تھوڑا کافور ڈال کر کوٹتے جائیں۔ افیون پانی میں حل کر کے ملا کر گولی بقدر نخود بنا کر گرم پانی سے دیں۔

ذیابیطس :- پیشاب کا بار بار آنا۔ کثرت پیاس۔ رات کو زیادہ پیشاب کو بھی مفید ہے۔ فلفل دراز فلفل سیاہ سنڈھ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ الائچی خورد۔ طباشیر ایک ایک تولہ خار خسک ۷ تولہ۔ گوگل مصفی ایک پاؤ۔ کو دودھ بکری میں صاف کر کے کوٹ کر اور ادویہ شامل کر کے کوٹتے جائیں۔ گولی بقدر بیر بنا کر ہمراہ پانی دیں۔

دمہ :- شیر گاؤ ۳ سیر میں سم الفار ۲ تولہ باریک کر کے ڈال دیں اور ایک زردی انڈہ ڈال کر نرم آگ پر پکائیں جب مثل ربڑی ہو جائے زردی کو خشک کر کے ایک چاول پان میں کھائیں چار یوم بیس برسوں کا دمہ دور ہوگا۔ گھی کا استعمال کرائیں ضعفِ باہ اور وجع المفاصل میں بھی مفید ہے۔

مدر حیض :- مصبر ایلوا افسنتین ہیرا کسیس ہر ایک ۶ ماشہ ریوند خطائی ۳ ماشہ مرکی ۳ ماشہ سم الفار ۲ رتی پوٹاس پرمیگنیٹ ۳ ماشہ زعفران ۶ ماشہ گڑ پرانا ایک تولہ سب ادویہ کو ملا کر گولی بقدر نخود بنا کر گرم دودھ سے ماہواری سے آٹھ یوم پیشتر دیں۔ اگر پوٹاس پرمنگنیٹ ½ رتی سے ایک رتی گڑ پرانا میں ملا کر کھلائیں تو بہت دنوں سے رکا ہوا خون جاری ہوگا۔

آتشک :- رسکپور۔ دانہ الائچی خورد۔ شاخ مرجان ایک تولہ شیر بنہ ½ ۱ سیر آب گلاب ۱ پاؤ میں کھرل کر کے گولی بقدر مونگ بنا کر ۳ گولی ہمراہ پانی دیں۔

دیگر :۔ ریکپور ایک تولہ ۔طوطیا ۳ ماشہ آب لیموں میں ایک یوم کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر روزہ میں ایک گولی دیں۔

سردار بوڑ سنگھ وید ترن تارن

حب مروارید :۔ ہزار ہا مریضوں پر تجربہ کیا جا چکا ہے۔ سو فی صدی مجرب ہیں۔ جن بچوں بخار، بچوں کو دانت نکلنے کے ایام میں سبز دست آتے ہوں بچہ سوکھ گیا ہو۔ یہ گولیاں دن میں تین بار عرق گاؤزبان وغیرہ سے دیں دستوں کا رنگ بدل کر رک جاتے ہیں اور دو ہفتہ میں پونڈ بھر وزن بڑھ جاتا ہے۔ بچوں کو یا بڑوں کو بخاروں میں دینے سے طاقت بحال رہتی ہے خصوصاً جب بخاروں میں دست شروع ہو جائیں یہ گولیاں اکسیر کا حکم رکھتی ہیں۔ آملہ خشک مقشر ۶ ماشہ مروارید ۱ ماشہ الگ الگ کھرل کر کے عرق بید مشک وکیوڑہ سے چار یوم کھرل کر کے گولی بقدر مونگ بنا کر ورق نقرہ لپیٹیں۔

محافظ بچگان :۔ بچوں کے دانت ۔ڈکار۔ قے۔ اسہال، بخار، پیاس وغیرہ کے لیے مفید ہے۔ زیرہ سفید۔ ناریل دریائی۔ طباشیر ہموزن عرق بید مشک ۔کیوڑہ ۔گلاب میں کھرل کر کے سفوف بنائیں ایک رتی سے تین رتی بدرقہ مناسب سے دیں۔

دمہ :۔ بوقت دورہ اس کے پلانے سے پانچ منٹ میں بلغم رقیق ہو کر نکلنی شروع ہو جاتی ہے بیسیوں بار تجربہ کیا جا چکا ہے۔ پوٹاشیم آیوڈائیڈ تین سے پانچ گرین ہمراہ پانی یا عرق پودینہ ایک اونس۔

داد :۔ کافور ایک تولہ کاربالک ایسڈ دو تولہ ملا کر دھوپ میں رکھیں حل ہونے پر روغن تارپین ۲ تولہ ملا کر لگایا کریں۔

حکیم فتح چند

حب شنگرفی :۔ برائے سرعت انزال وضعف باہ مفید ہے مصطگی ۔شنگرف ۔عقرقرحا ، جاوتری ۔ کشتہ قلعی ۔تخم دار چینی ۔جوز بوا ۔خولنجاں ایک ایک تولہ شیر برگد ۲ تولہ کھرل کر کے گولی بقدر دانہ نخود بنا کر ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

پنڈت بہاری لال راولپنڈی

بواسیر ہر قسم: رسونت مصفّا۔ گوگل۔ مغز تخم نیم مصبہ۔ مصفّی۔ مغز تخم بکائن پوست ہلیلہ زرد چہار کو مقشر ہموزن ہمراہ آب مولی کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر دو گولی صبح و شام ہمراہ آب برائے خونی بواسیر اور ہمراہ چھاچھ برائے بادی بواسیر دیویں۔

برائے مسہ بواسیر: مسے خواہ اندر ہوں خواہ باہر یکساں مفید ہے مردہ سنگ۔ پارہ مصفّا۔ رسکپور۔ کافور ہر ایک ۳ ماشہ مکھن ایک سو ایک بار دھویا ہوا ۳ تولہ ملا کر کسی باریک پارچہ پر لگا کر لگایا کریں۔

خون کی قے: برگ بانسہ کا جوشاندہ تھوڑا تھوڑا دن میں کئی بار پلائیں۔ دو تین روز میں خون قطعی بند ہو گا۔

اسہال کہنہ: روغن کنجد۔ آب خارخسک سبز ہموزن آگ پر پکائیں کہ صرف تیل رہ جائے۔ پھر کر دو گھونٹ دودھ دیں ۴ سے ۱۰ قطرہ تک ملا کر دن میں کئی بار دیویں۔

حکیم منشی کرم چند

اکسیر یرقان: زہر مہرہ سبز رنگ ۱ تولہ باریک کر کے ایک بوتل عرق بید مشک میں کھرل کریں عرق میں روح کیوڑہ بھی شامل کریں۔ ایک ماشہ ہمراہ ریوند چینی پانی میں رگڑیں کہ زرد ہو جائے اس میں رُب انار شامل کر کے استعمال کریں۔ صبح دوپہر شام استعمال کریں۔ ایک ہفتہ میں سخت یرقان نیست و نابود ہو گا۔ نیز تپ محرقہ شرطیہ دور ہو گا۔

اکسیر نمونیہ: کشتہ شنگرف پیازی مرچ سیاہ فلفل دراز افیون تخم جوز ماثل ایک ایک تولہ کھرل کر کے آب ادرک ایک پاؤ میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر چائے یا مناسب جوشاندہ سے دیں۔ دن میں تین بار دیویں۔ بیرونی طور پر گل روغن۔ روغن تارپین ہموزن ملا کر مالش کریں اور روئی اوپر باندھیں نمونیہ کے لیے انتہائی دوا ہے۔

کشتہ شنگرف پیازی: شنگرف ۲ تولہ عرق پیاز ایک بوتل میں کھرل کر کے خشک کریں۔ کشتہ تیار ہے جس قدر پرانا ہو گا مفید ہوتا جائے گا۔

۲۵-۷۷

وید جنار دھن داس گپتا

اکسیر بخار:۔ پوست آملہ چیتہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ فلفل دراز نمک سیندھا ہموزن سفوف بنا کر ۲ ماشہ ہمراہ عرق بادیاں دیں ہر قسم کے بخاروں کے لیے ہاضمہ بڑھاتا ہے۔

اکسیر اسہال:۔ ناگر موتھہ۔ اندرجو۔ بیلگری۔ لودھ پٹھانی۔ موچرس۔ گل دھاوا ہموزن سفوف بنا کر ۵ ماشہ چاول کے دھون سے استعمال کریں بارہا کا مجرب ہے۔

بواسیر خونی:۔ مغز تخم بکائین۔ رسونت۔ چاکسو۔ گوگل۔ دار ہلدی۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔ آب گلگوندہ میں کھرل کرکے گولی بقدر کنار دشتی بنا کر صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیں۔

مرہم بواسیر:۔ کافور ۶ ماشہ کتھہ ۲ تولہ سفوف کرکے مکھن شستہ میں حل کرکے استعمال کریں۔

لالہ امرت ناتھ گپتا حسرت چاندپوری

اکسیر بے ہوشی:۔ نمک طعام باریک کرکے پانی میں گھول کر ناک میں ٹپکائیں فوراً ہوش آئے گا۔

امساک:۔ بھوکا ونگ۔ باحتیاط کاٹ کر پیس کر اس کا پانچواں حصہ کھا کر مشغول ہوں۔

دوسری قسم:۔ کائپھل۔ فلفل گرد۔ نوشادر ہموزن باریک کرکے سنگھلائیں۔

درد گردہ:۔ ایک کھیرا چوبحل میں دبا دیں اور نچوڑ کر عرق نکالیں شربت بنوری ملا کر پلائیں اکسیر ہے۔

بواسیر:۔ برگ پودینہ خشک گندنا دشتی ایک ایک تولہ سفوف بنا کر ۳ ماشہ کھایا کریں مجرب ہے۔

دردِ معدہ:۔ ہینگ ورقی منقہ میں رکھ کر نگلوائیں بے حد مجرب و مفید ہے۔

یرقان:۔ مکھی ایک عدد تھوڑے گڑ میں رکھ کر نگلوائیں اور گیارہ دفعہ ایسا ہی کریں۔

منہ آنا:۔ بچوں کے ہونٹ اور زبان پر اکثر سفید باریک پھنسیاں معلوم ہوا کرتی ہیں نیلا کپڑا جلا کر چھڑکیں۔

بواسیر:۔ بیروزہ خشک تازہ پانی سے تینتیس ۳۳ روز تک ۳ ماشہ بوقت صبح دیں ہمارا تجربہ ہے کہ بواسیری عوارضات عود نہیں کرتے۔

درد گردہ:۔ جنگلی کبوتر کی سفید بیٹھ ۲ ورقی منقہ میں رکھ کر دیں۔

نزول الماء:۔ حقہ کی کیتھ۔ باسی پانی میں حل کرکے تھوڑی مقدار میں آنکھ میں لگائیں۔

امراضِ چشم: ہلدی ۲ تولہ ایک ہفتہ آب لیموں میں رکھیں۔ نکال کر عرق گلاب میں حل کر کے لگائیں
جالا پھولا کو مفید ہے۔
وَرم طحال: سوہاگہ۔ رائی۔ نوشادر ہموزن باریک کر کے ایک ماشہ روزانہ پانی سے دیں۔
سلسل بول: روغن مالکنگنی ۴ قطرہ بتاشہ میں رکھ کر کھلائیں بہت مفید ہے۔

حکیم شوُرام راولپنڈی

خنازیر: رسکپور ایک تولہ گل مدار ۲ تولہ دو یوم لگاتار کھرل کر کے کوکن بیر جتنی گولیاں بنا کر دو گولی صبح دودھ کی بالائی میں لپیٹ کر دیں اور پھر ½ سیر دودھ پیویں۔ اسی طرح شام کو بھی کھلائیں چودہ یوم میں بالکل صحت ہوگی
یرقان: الائچی خورد۔ طباشیر ایک ایک تولہ مصری کوزہ ۲ تولہ سفوف بنا کر ۶ ماشہ بوقت صبح دودھ بکری سے دیں سات یوم میں بالکل صحت ہوگی۔
پیچش: تخ۔ بیلگری۔ موچرس۔ مائیں ہموزن سفوف بنا کر ۶ ماشہ صبح و شام شربت انجبار سے دیں۔ چاول کھلائیں دو روز میں شرطیہ آرام ہوگا۔

چودھری دیبی پرشاد بلگرامی

آتشک: گل آبا کو چلم حقہ ۲ تولہ باریک کر کے ہمراہ ایک سیر دودھ گاؤ استعمال کریں۔ بذریعہ قے۔ زہر آتشک دور ہوگا۔ تین یوم میں صحت ہوگی۔ مریض دمہ ۔ اقسط ور کو بھی فائدہ مند ہے۔
درد پشت گنٹھیا: حلیت ایک تولہ مقل ۲ تولہ کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر ہمراہ آب گرم دیں
نمونیہ: ذات الجنب۔ ذات العرض۔ وجع المفاصل ضعف باہ دریا کو کوزہ میں بند کا مصداق ہے میٹھا تیلیہ ایک تولہ قرنفل۔ فلفل سیاہ دو دو تولہ ہر سہ کو خوب کھرل کر کے مسکہ ڈال کر آٹھ یوم کھرل کریں اور گولی بقدر دانہ موٹھ بنا کر ایک گولی ہمراہ عرق سونف عرق گلاب دیں۔ بگڑا بگڑا ہوا تشنج و کزاز کو تین یوم میں فائدہ ہوگا۔

حکیم دیوراج شرما

دیوامرت :- برائے عناد شکم بچگان و ڈبہ اطفال کھانسی وغیرہ - سوہاگہ بریاں نوشادر پھٹکری بریاں نمک سیاہ دانہ الائچی کلاں - پودینہ، آر دنربد ہر ایک ۶ ماشہ سفوف بنا کر دو رتی پانی سے دیں -

سرفہ سیاہ :- جوکھار، فلفل دراز دو دو ماشہ فلفل سیاہ - الائچی خورد ہر ایک ۴ ماشہ رب السوس ۲ ماشہ انار دانہ ۱۶ ماشہ قند سیاہ کہنہ بقدر ضرورت ملا کر گولی دانہ مونگ کے برابر بنائیں اور دن میں تین بار دیں -

مرہم زخم ہر قسم :- رال ایک تولہ سیماب ایک ماشہ طوطیا ½ ماشہ نہایت باریک کر کے روغن سرسوں ۱۰ تولہ ملا کر کھرل کریں اور پانی ڈال کر دھوتے جائیں - مرہم پھول جائے گی - صبح شام زخموں پر لگائیں -

حکیم دیوان بوگھارام

فقیری سرمہ :- آنکھوں کی اکثر امراض میں مفید ہے - نمک شیشہ - پھٹکری بریاں سنڈھ ہم وزن باریک کر کے سرمہ کی طرح لگائیں -

ہیچش :- سونف ایک تولہ - ہلیلہ سبز ۲ عدد مغز بادام ۶ عدد پانی میں گھوٹ کر بطور سردائی پلائیں - ایک ہی بار میں ورنہ شام کو پھر پلائیں -

حکیم گوزبچن سنگھ بہار

سوکھا بچہ :- ڈھاک کے تنہ میں پھوٹنے سے نکلتے ہیں اس میں ایک کرم ہوتا ہے - دو دانہ مرچ سیاہ کے ہمراہ رگڑ کر چیاں کر دیں - تین یوم میں قطعی فائدہ ہوگا -

دمہ :- خواہ چالیس سالہ کیوں نہ ہو - تخم ترب کا روغن مہیا کریں اس میں پوری آٹا کی جس قدر مریض کھا سکے تیار کر سکے اور جونسی ترکاری میسر ہو - اس میں تیار کر کے کھلائیں صبح اٹھ کر حلوہ گوند سنبل کھلائیں اور حلوہ ہر روز تیار کر کے کھلائیں - چالیس یوم حلوہ کھلائیں اور پوریاں ہفتہ میں ایک بار کھلائیں -

حکیم رام جی داس

سنگِ گردہ و مثانہ:- حجر الیہود آبِ مولی جس میں شورہ حل کیا گیا ہو۔ دس بار بجھا کر نندہ میں رکھ کر دس سیر آگ دیں۔ تین آبخ کے بعد چار چند بچھو ملا کر کھرل کریں ٹکیہ بنا کر گل حکمت کر کے ۵ سیر آگ دیں۔ ایک رتی ہمراہ شیرہ خار خسک دیں۔

حکیم ٹیک چند

اکسیر آتشک و سوزاک کہنہ:- سم الفار۔ دار چکنہ۔ رسکپور ایک ایک تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۵ تولہ طوطیا الائچی خورد۔ لونگ ہر ایک ۶ ماشہ عرق لیموں سے دو ہفتہ کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر اچار آم جو تیل سرسوں میں تیار کیا ہو کے ہمراہ دیں گوشت میں خوب مرچ سرخ ڈال کر کھائیں۔ دودھ دہی سے پرہیز کریں۔ بیس سال سے مجرب ہے۔ بواسیر کے لیے بھی اچار سے دیں۔ ناسور گھمبیر وغیرہ بھی دور ہو جاتے ہیں۔ مرہم کی جگہ بھی گولی تھوک میں گھس کر لگائیں۔

اکسیر درد:- نمونیہ۔ دردِ اعضاء کھانسی۔ دمہ اور سل کو مفید ہے۔ بارہ سنگھا۔ پھٹکری بریاں مرچ سیاہ ایک ایک تولہ میٹھا تیلیہ مدبر۔ نوشادر۔ مصری کوزہ ہر ایک ۶ ماشہ خوب کھرل کر کے چینی کے برتن میں کچھ عرصہ رکھیں خود بخود نرم ہو جائے گی۔ گولی بقدر ½ رتی بنا کر منقیٰ میں رکھ کر ہمراہ جوشاندہ۔ بنفشہ ۳ ماشہ گاؤزبان ۳ ماشہ مویز منقہ ۲ عدد عناب ۵ دانہ۔ سپستان ۱۱ عدد ملٹھی ۲ ماشہ دانہ کھو ۲ ماشہ زوفہ ۳ ماشہ دار چینی ۳ ماشہ دیں۔

مختلف اطباء

بخور کرم دنداں:- دانتوں اور داڑھوں کے کیڑوں کو مار کر نکال دیتا ہے۔ دردِ دنداں کو دور کرتا ہے۔ تخم گندنا۔ تخم پیاز۔ اجوائن خراسانی ہر ایک ۶ ماشہ۔ پیس کر موم یا بھیڑ کی چربی ملا کر گولیاں بنائیں دو پیالے لے کر ایک میں کوئلہ کی آگ بھر دیں اور دوسرے پیالہ میں سوراخ کر کے اوپر سے ڈھانپ دیں۔ سوراخ کے اوپر نلکی کا ایک سرا رکھا جائے اور دوسرا سرا جس دانت یا داڑھ میں درد ہو اس پر رکھیں۔

جوہر کلاں:- آتشک اور دیگر تمام سوداوی بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے۔ رسکپور، دار چکنا۔ سم الفار۔ پارہ۔ شنگرف ایک ایک تولہ پہلے شراب میں اور پھر عرق گلاب

میں کھرل کرکے جو ہر اڑ ائیں خوراک دو چاول ہمراہ مسکہ اگر دوران استعمال گرمی معلوم دے
زہنکری دورتی شامل کریں۔

حب پان:۔ آتشک کے لیے عجیب الاثر ہے سم الفار۔طباشیر۔کتھ سفید ہر ایک ۳ ماشہ عرق
پان میں کھرل کرکے گولی بقدر دانہ مونگ بنا کر ایک گولی صبح ہمراہ دودھ دیں۔

حب پپیتہ:۔ پیٹ کے درد کو دور کرتی ہے۔بدہضمی کو رفع کرتی ہے اور معدہ کو طاقت
دیتی ہے۔موسم طاعون میں بطور حفظ ماتقدم بہت مفید ہے۔پپیتہ،سنڈھ،مرچ سیاہ لچ دینہ
نمک لاہوری نمک سیاہ نوشادر ایک ایک تولہ آب لیموں میں کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر
تازہ پانی سے دیں۔

حب جریان:۔ سرعت کو دور کرتی ہیں احتلام جریان کو دور کرکے مادہ کو گاڑھا کرتی ہے۔
سنگھاڑا خشک شیر برگد بقدر ضرورت گولی بقدر نخود بنا کر صبح شام تین گولی دودھ سے دیں۔

حب جواہر:۔ دستوں کو بند کرتی ہے مقوی اعضائے رئیسہ۔دافع سل و دق ہے۔صمغ
عربی ۳ ماشہ۔گل ارمنی۔زہر مہرہ نونو ماشہ کافور ۳ ماشہ طباشیر مروارید صندل سفید۔کشنیز ہر ایک
۱۸ ماشہ مغز کدو۔مغز بنولہ ہر ایک ۳ تولہ گولی بقدر دانہ مونگ بنا کر ورق نقرہ چڑھائیں۔ایک ماشہ
سے ۳ ماشہ تک ہمراہ لعاب بیہدانہ ۳ ماشہ شیرہ عناب عرق گاؤزبان دیں۔

حب خوش کیف:۔ امساک میں مفید و معمول ہیں۔جدوار بنفشی۔افیون۔زعفران۔دارچینی۔
بسباسہ۔ملکہ ایک ماشہ مغز بادام۔جوزبویہ۔خولنجاں۔ثعلب مصری ہر ایک ۲ ماشہ برگ بھنگ ۱۲ ماشہ
گولی بقدر نخود بنا کر جماع سے پیشتر ہمراہ دودھ دیں۔

حب سم الفار اور دیجوڑ:۔ آتشک و جذام میں مفید ہے۔سم الفار ۶ ماشہ سورنجاں شیریں ایک تولہ
آب لیموں ۱۲ تولہ شیرہ ثمر کثائی خود ۲ تولہ میں کھرل کرکے گولی بقدر مرچ سیاہ بنا کر ایک گولی ہمراہ
معجون سورنجاں دیں۔

حب سرفہ:۔ کھانسی کے لیے از حد مفید ہے۔صمغ عربی رب السوس تخم خشخاش۔نشاستہ۔افیون
کوزن آب سبھی دانہ میں گولی بقدر ماش بنا کر منہ میں رکھ کر چوسیں۔

حب سوزاک : پیشاب کی جلن، سوزش کو دور کر کے زخم کو مندمل کرتی ہیں۔ پیپ و مواد کو روکتی ہے۔ طباشیر، گیرو دو دو تولہ۔ شورہ، سنگ جراحت، کہربا، دانہ الائچی کلاں، حجر الیہود ہر ایک ۹ ماشہ، گل ارمنی، صمغ عربی ہر ایک ۷ ماشہ، کندر، کف دریا ہر ایک ۵ ماشہ، روغن صندل ۲ تولہ گولی بقدر نخود بنا کر صبح دوپہر شام ہمراہ شربت بزوری ۲ تولہ دیں۔

حب مومیائی : قوت برانگیختہ کرتی ہیں جماع کے بعد کی کمزوری کو رفع کرتی ہیں۔ مرکی مصطگی، خولنجان ہر ایک ۲ ماشہ، بہمن سرخ، بہمن سفید، قرنفل، دارچینی، لوبان، صمغ عربی، عود ہندی، رب السوس، ابریشم مقرض ہر ایک ۴ ماشہ، مومیائی، میعہ سائلہ ہر ایک ۴ ماشہ گولی بقدر نخود بنا کر بعد جماع ایک گولی ہمراہ دودھ دیں۔

حب یاقوت :- اعضائے رئیسہ کو قوت دیتی ہیں، معدہ کو قوی کرتی ہیں۔ قوت باہ و امساک بڑھاتی ہیں۔ نزلہ زکام کھانسی میں مفید ہیں۔ مشک خالص ۲ ماشہ، عنبر اشہب ۳ ماشہ، کہربا، بسد چھ چھ ماشہ، مغز بادام، نشاستہ، اگر خام، مروارید، یاقوت ایک ایک تولہ، رب السوس، صمغ عربی، نبات سفید، بیخ بنفشہ، افیون ہر ایک ۲ تولہ گولی بقدر نخود بنا کر ایک گولی ہمراہ دودھ وغیرہ۔

دوا دق الاطفال :- بچوں کی دق یعنی مرض سوکھا میں مفید ہے۔ خاکسی مصفی ۱۰ تولہ، شیر بز ۵ سیر میں جوش دیں اور چھان کر سایہ میں خشک کریں۔ اسی طرح تین بار جوش دے کر خشک کر لیں ایک ماشہ ماں کے دودھ سے دیں۔

حریرہ نسواں :- بچہ جننے کے بعد عورتوں کو دیا جاتا ہے۔ روغن زرد ½ سیر کو گرم کر کے میدہ گندم ½ سیر اس میں بھونیں اور قند سیاہ ½ پاؤ پانی میں گھوٹ کر ملائیں اور چمچہ سے ملائیں جب گاڑھا ہو جائے تو اتار کر فلفل دراز، فلفل موریہ، زنجبیل، اجوائن دیسی ہر ایک ۳ ماشہ باریک کر کے ملائیں اور ½ پاؤ استعمال کریں۔

دوا مسقط : —— اسقاط حمل کے لیے عجیب الاثر ہے۔ مجیٹھ، تج، خرفہ ہر ایک ۱۰ ماشہ، کنجد سیاہ، نخود سیاہ ہر ایک ۲ تولہ، گٹھلی چھوہارہ ۲۴ عدد پانی میں جوش دے کر صاف کر کے ۹ تولہ ہمراہ آب سداب دیں۔

سیاہ داغ: سوڈا بائی کارب ایک حصہ ویزلین ۸ حصہ ملاکر مرہم بنائیں اور صبح شام چہرہ پر ملیں۔

وجع الفواد:۔ سہاگہ شگفت بزرالبنج ہرایک ۸ ماشہ فلفل سیاہ ۳ تولہ مصبرہ تولہ آب گھیکوار سے کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر صبح و شام گلقند ۵ تولہ با دیاں ایک تولہ جوش دے کر اس کے پانی سے دیں۔

شربت شفاء:۔ عناب ولایتی ۱۲ دانہ سپستاں ۵ تولہ گل بنفشہ ۳ تولہ گاؤزبان خطمی خبازی برگ بانسہ ملٹھی ایک ایک تولہ عنب الثعلب ۶ ماشہ نبات سفید ۲۰ تولہ شربت بنائیں ۲ تولہ استعمال کریں

پاچوران:۔ مقوی معدہ اور لذیذ ترین ہے۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ فلفل دراز۔ فلفل گرد۔ زنجبیل پیپتا ہرایک ۲۔ تولہ نمک سیاہ ۳ تولہ نمک لاہوری۔ ۱ تولہ ہینگ ۶ ماشہ ست لیموں پیپرمنٹ ہرایک ۳ ماشہ سفوف بناکر بقدر ۱ ماشہ استعمال کریں۔

جملہ امراض چشم:۔ مامیران چینی۔ کافور بھیم سینی۔ کاجل ایک ایک ماشہ شہد ۱ تولہ کھرل کرکے آب پیاز میں گھس کر رات کو سوتے وقت قطرہ قطرہ ٹپکانے سے پرانے ککرے رد ہے ناخنہ سرخی۔ جلن دھندجالا سفیدی۔ موتیا بند کو از حد مفید ہے۔

تریاق سل و دق: بارہا دفعہ آزمایا گیا۔ کئی لاعلاج مریضوں پر بھی تجربہ ہوا۔ سرطان ہندی بریاں ۲ تولہ۔ گوند کتیرا۔ گوند کیکر عربی السمک تخم گاؤزبان خشخاش۔ کہربا۔ دم الاخوین۔ نشاستہ۔ عدسی مقشر سول ہرایک ۷ ماشہ۔ تخم خطمی۔ گل گاؤزبان ست ملٹھی مغز بادام، مغز کدو ہرایک ۲ ماشہ مغز بہی دانہ اقاقیا۔ گل ارمنی ہریک ۳۔ ماشہ لعاب بہی دانہ سے گولی بقدر نخود بنا کر دو تین گولی ہمراہ شربت اعجاز دو ماہ تک دیں۔

بخار ہر قسم:۔ اس دوا کے ایک ہی روزہ استعمال سے روزانہ چوتھا باری کے بخار کو آرام ہوگا۔ ہڑتال ورقیہ۔ طوطیا۔ منشل۔ سنکھیا ایک ایک تولہ آب گھیکوار ۵ ا تولہ میں کھرل کر کے دس سیر آگ دیں۔ بخار سے ایک گھنٹہ پیشتر ایک رتی ہمراہ لسی دیں۔ اس دوا سے کبھی قے ہوجاتی ہے۔ اگر گھبراہٹ ہو تو شربت نیلوفر پلائیں۔ بخار اسی روز اتر جائے گا۔

دیگر:- ہڑتال ورقیہ ۱ تولہ زنگار ایک تولہ۔ آب گھیکوار سے کھرل کر کے اوپلہ ۲ سیر آگ دیں ایک رتی منقہ میں رکھ کر کھلائیں۔

کشتہ سنکھ: محرقہ بخاروں کے لیے تیر بہدف اور دیگر تمام بخاروں کے لیے اکسیر اعظم ہے سنکھ ۲ تولہ آب لیموں کاغذی ۵ تولہ میں کھرل کر کے گولی بنا کر خول لیموں میں بند کر کے کپڑا کہنہ ۱ تولہ لپیٹ کر ۶ سیر اوپلہ کی آگ دیں ۳ رتی منقہ میں رکھ کر دیں۔

بول فی الفراش:- کندر گوند ایک رتی ایک عدد منقہ میں رکھ کر صبح و رات کو استعمال کریں۔

مسیحائی چورن:- پیٹ درد کے لیے اس سے سہل اور زود اثر کوئی دوا نہیں۔ معدہ کو بہت جلد متاثر کرتا ہے۔ تین منٹ میں درد نفخ شکم۔ درد کو دور کرتا ہے۔ فلفل سیاہ نمک سیاہ ایک ایک چھٹانک باریک کر کے ایک تولہ تیزاب گندھک ملائیں پھر کھرل کر کے رکھیں ایک ماشہ سے تین ماشہ پانی سے دیں۔

ذات الجنب:- انبہ ہلدی چونہ قلعی۔ گڑ پرانا۔ پیاز۔ سبھی ایک ایک تولہ گھوٹ کر شہد ملا کر درد کی جگہ لیپ کریں۔

بواسیر:- کنکھجورا خشک ۳ رتی کی دھونی دیں مسے آسانی سے گر جائیں گے۔

عقر:- قیام حمل کے لیے تیر بہدف ہے۔ گل دھاوا گل پستہ۔ گل سپاری مصطگی رومی گوند ڈھاک مائیں خورد۔ الائچی خورد ایک ایک تولہ برادہ دندان فیل ۲ تولہ کشتہ مرجان جواہر والا ۶ ماشہ نبات سفید ۹ تولہ سفوف بنا کر صبح شام ۶ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ بعد حیض دیں۔

برص:- ہلیلہ سیاہ ۲ تولہ باوچی ۳ تولہ برگ نیم ایک تولہ باریک کر کے گڑ پرانا میں گولی بقدر بیر بنا کر صبح و شام دیں اور تخم ترب سرکہ میں پیس کر لیپ کریں اور گھی خوب کھایا کریں۔

مقوی بصر:- رسونت ایک تولہ افیون ایک رتی پھٹکری سفید ۳ ماشہ کٹوری کانسی میں ڈال کر پتھر سے رگڑیں اور سرمہ ہونے پر لگا دیں از حد مجرب و مفید ہو۔

نفخ و قراقر شکم بچگان:- بادیان۔ انیسوں۔ زیرہ سیاہ و سفید۔ پودینہ خشک۔ زنجبیل ایک ایک ماشہ جوشاندہ بنا کر کھانڈ ملا کریں۔

چنکی اطفال :- بادیان انیسوں - زیرہ سیاہ و سفید سہاگہ بریان نوشادر - کپور - بابڑ نگ نمک شورہ - نمک سیاہ نمک طعام - نمک لاہوری - دانہ الائچی - گل سرخ - پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ بلیلہ ہموزن سفوف بناکر ایک چٹکی دن میں دو بار -

دمہ :- نمک بانسہ نمک چرچٹہ - نمک کیلہ نمک تکہ کی ہموزن ملاکر ایک رتی شہد میں ملاکر چٹایا کریں -

پائیوریا :- کیلہ سوختہ بلادر سوختہ - گل تمباکو سوختہ پوست بادام سوختہ - نمک سوختہ پھٹکری سوختہ باریک کرکے ملیں اور دال ٹپکائیں ایک گھنٹہ بعد تک کلی نہ کریں -

سفوف قبض کشا :- سناکی - تربد سفید ہر ایک دو تولہ بادیاں گل سرخ ہر ایک ایک تولہ کھانڈ سب کے ہموزن سفوف بناکر ۶ ماشہ تا ایک تولہ ہمراہ دودھ یا عرق سولف دیں - نازک مزاجوں کے لیے اکسیر ہے -

اکسیر جریان : برنج کشنیز - چھلکا اسبغول ہر ایک ۲ تولہ ستاور ایک کشتہ قلعی ۶ ماشہ پوٹاشیم برومائیڈ ۱ ماشہ کشتہ فولاد جامن والا ۶ ماشہ سفوف بناکر ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر دیں -

حمل میں خون آنا :- مازو - مائیں - سپاری کرکس - کچور - بابڑ نگ - چاول ساٹھی کشتہ مرجان گل دھاوا - طباشیر - بودھ ٹیھانی کشتہ صدف ہموزن سفوف بناکر ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ مربہ آملہ

چھپاکی :- کافور - زعفران ایک ایک رتی طباشیر - الائچی دانہ خورد دو دو ماشہ سفوف بناکر ایک ماشہ ہمراہ شربت سکنجبین دیں - صرف ایک خوراک سے فائدہ ہوگا -

دیگو :- بگڑی ہوئی حالت میں بھی مفید ہوگا - جل نیم - موم سفید - فلفل گرد ہموزن کوٹ چھان کر گولی بقدر نخود بناکر دو گولی ہمراہ پانی باگھی دیں - ایک دو خوراکوں میں ازالہ ہوگا -

اکسیر معدہ : لوبان کوڑیہ ایک تولہ مصطگی رومی ۵ تولہ گندم ۲۰ تولہ ایک ہنڈیہ میں اینٹ رکھ کر ایک پیالی رکھ دیں - اینٹ کے ارد گرد اوّل گندم اس کے اوپر لوبان اس کے اوپر مصطگی بچھا کر بصورت بھاپ جنتر عرق حاصل کریں اور ۱۰ قطرہ کھانڈ میں ملاکر دیں اس میں جو

سیاہ حصہ ہوگا۔ وہ وجع المفاصل کو بہت مفید ہے۔

ذات الجنب نمونہ گنٹھیا وغیرہ :۔ میٹھا تیلیہ ایک تولہ قرنفل۔ فلفل سیاہ ہر ایک دو تولہ باریک کر کے مسکہ میں کھرل کر کے گولی بقدر دانہ موٹھ بنا کر صبح شام ہمراہ عرق بادیان دیں۔

موتیا بند :۔ سرمہ سیاہ خالص ایک پاؤ برادہ مس ½ پاؤ دونوں کو ایک کوزہ میں بند کر کے آگ دیں کر چرخ کھا جائے سرد کر کے کوٹیں سخت کو علیحدہ کر دیں اور سرمہ میں مروارید مامیراں چینی تین تین ماشہ ورق نقرہ ایک دفتری ورق طلا ۲۰ عدد سیماب ایک تولہ عرق گلاب میں کھرل کر کے سرمہ بنائیں اور آنکھوں میں لگائیں۔

سنگ گردہ و مثانہ :۔ آب مولی میں شورہ حل کر کے حجر الیہود کو دس بار بجھائیں اور لغدہ مولی نصف پاؤ میں رکھ کر دس سیر آگ دیں۔ اسی طرح تین آنچ دیں ایک تولہ کشتہ میں بھی ۴ تولہ لا کر کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر ۵ سیر آگ دیں۔ ایک رتی ہمراہ شیرہ خار خسک، یوم میں سنگریزہ ریت ہو کر بہہ جائے گا۔

روغن پھٹکری :۔ از حکیم غریب داس صاحب جو موسم ساون بھادوں میں تیار ہوگا ایک مٹی کی قفلی معہ سرپوش تیار کر کے نحاک کر کے طوطیا۔ سوہاگہ۔ کاہی سبز ایک ایک تولہ الگ الگ باریک لیپ کر کے خشک کر کے آوہ کمہاراں میں رکھیں تا کہ اندر سے پک کر روغن شدہ ہو جائے اس میں پھٹکری سرخ یا سفید باریک کر کے بھر دیں سرپوش دے کر سرگیں اسپ تازہ دو من میں گڑھا میں دفن کریں۔ اس پر ایک تہ مٹی کچھا دیں اور اس پر انگل ریت پر بچھا کر اوپر ۷ اسیر مینگنی کی آنچ دیں۔ چالیس روز میں سرخ رنگ تیل ہوگا۔

عجیب قبض کشا :۔ ہلیلہ کابلی کلاں ایک عدد لے کر حنظل میں گاڑ دیں اور سایہ میں خشک کریں۔ پھر دوسرے حنظل میں اسی طرح ۲۱ عدد حنظل میں عمل کریں اور محفوظ رکھیں۔ جب کسی کو مسہل دینا ہو۔ تو گرم پانی سے ہاتھ دھلا کر یہ ہلیلہ اس کے ہاتھ میں دیں۔ پندرہ بیس منٹ کے بعد تھوڑا سا گرم پانی پلائیں۔ اسی وقت اسہال آنے شروع ہوں گے۔ بند کرنے کے لیے دو چار گھونٹ سرد پانی پلائیں اسہال بند ہوں گے۔

مسہل :- مغز جمالگوٹہ۔ پوست بلیلہ زرد ایک ایک تولہ دونوں کو ملاکر ذرا پانی کا چھینٹا دے کر ہاون دستہ میں اس قدر کوٹیں کہ مکھن کی طرح اور سیاہ ہو جائے دو مضبوط آدمی سارا دن لوٹتے رہیں۔ اگر کوٹا کم جائے گا تو قے لائے گا گولی بقدر نخود بناکر اور کھانڈ میں ملاکر تازہ پانی سے دیں۔ کھل کر دست آئیں گے۔ جب پیاس لگے گرم پانی پیویں۔ جب دست بند کرنے ہوں دودھ چاول کھلائیں۔

اجار بھکشن :- اعلیٰ درجہ کا ہاضم دافع ریاح ہے۔ ہینگ ۱ ماشہ پودینہ۔ زیرہ سفید۔ مرچ سیاہ تخم کرفس۔ جوکھار۔ انیسوں۔ مصطگی رومی۔ بادیان۔ الائچی خورد۔ گل سرخ ہر ایک ۳ ماشہ چاروں نمک ایک تولہ گھاں ½ ماشہ، عود ہندی ۲ ماشہ ست پودینہ ۱ ماشہ سفوف بناکر صبح و شام دو ماشہ کھائیں۔

گندھاراس :- دافع سنگرہنی واسہال۔ پارہ مصفیٰ افیون ناگرموتھہ بیلگری۔ اندرجو۔ موچرس گل دھاوا۔ لودھ پٹھانی ہموزن سفوف بناکر دو رتی سے ایک ماشہ ہمراہ نیبا چرموشربت انار دیں۔

بڑبال :- پھٹکری سفید ۶ ماشہ کافور ۳ ماشہ کو روئی کا فتیلہ بناکر روغن زرد جلاکر کاجل تیار کریں ویپابال اکھاڑ کر لگائیں۔

دیگر :- شبہ سنباماس بال اکھاڑ کر لگائیں۔

مقوی باہ :- دماعارا ایک تولہ باریک کرکے آرد گندم ½ پاؤ میں ملاکر بہم ڈنڈی بوٹی کے پانی سے گوندھ کر روٹی پکائیں۔ پھر روٹی کو چورہ چورہ کرکے دو سیر دودھ میں ملاکر جوش دیں اور شام میں لگاکر گھی حاصل کریں۔ دو قطرہ پان یا بتاشہ میں ڈال کر کھائیں اور عضو پر بطور طلا لگائیں۔

ممسک :- ثمر دستورہ میں کیل سے خلاکر کے چار یا پانچ لونگ داخل کر دیں۔ مگر ایک سوراخ میں ایک لونگ داخل کریں دو ہفتہ کے بعد نکال کر سایہ میں خشک کرکے دو لونگ دو گھنٹہ پیشتر کھائیں اور شربت بالائی ۴ تولہ میں آٹا نخود بریان ۶ ماشہ ملاکر کھلائیں۔

کشتہ شنگرف :۔ شنگرف رومی۔ سوہاگہ ایک ایک تولہ گندھک سیماب مصفیٰ چھ چھ ماشہ ایک عدد سفیدی بیضہ مرغ سے کھرل کرکے خشک کرکے خول بیضہ میں بھر کر دوسرا خول اوپر دے کر ملتانی مٹی کی تین بار کپڑ ہوٹی کرکے سایہ میں خشک کرکے راکھ چھ چھٹا یا ڈھاک ۲۔ سیر میں رکھ کر ۴ پہر چولہے پر رکھیں۔ اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہوگا۔

کشتہ فلوس یا نقرہ وغیرہ :۔ طوطیا سبز۔ کشتہ قلعی خام۔ پارہ ہر ایک چار ۴ ماشہ۔ عرق فاروق۔ روغن بلادر ہر ایک ۲ تولہ میں کھرل کرکے کڑچھی میں بمعہ تیزاب و روغن مذکورہ ملا کر نرم آگ پر رکھیں اور سلاخ آہنی سے ہلاتے رہیں حتیٰ کہ مرہم کی طرح ہو جائے۔ بوقت ضرورت کسی نبات میں ملا کر درمیان پیسہ یا روپیہ رکھ کر تھوڑی سی آگ دیں سفید ہوگا۔

پڑبال :۔ ایک فاختہ ذبح کی جائے اور بال اکھاڑ کر اس کا خون لگایا جائے۔ انشاء اللہ پھر کبھی پڑبال نہ نکلیں گے اور نہ ہی آنکھ خراب ہوگی۔

بال پیدا کرنا :۔ مردہ مینڈک جلا کر اسے پیس کر روغن بیضہ مرغ میں ملا کر لگائیں۔

دیگر :۔ کلیجی بکرا کو دھاگہ سے باندھ کر ایسی جگہ پانی میں جہاں جونکیں ہوں ڈال دیں جب جونکیں کلیجی کو چمٹ جائیں تو نکالیں جب خون چوس لیں اور جدا ہو جائیں تو روغن زیتون میں جلا کر لگائیں۔

بواسیر خونی :۔ رسونت زرد مقل ازرق دو دو تولہ مغز بکائن۔ مغز تخم نیم گندنا ایک ایک تولہ۔ گل ارمنی ۶ ماشہ فلفل سفید ۳ ماشہ چاکسو ۶ ماشہ عرق گلاب میں کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر صبح شام کھائیں۔

افیون چھڑانا :۔ کھاب بوٹی ہوتی ہے۔ جو کہ ساون بھادوں کے موسم میں پیدا ہوتی ہے درخت مانند پیاز کے جڑیں مانند پیاز ہوتی ہے : ننکانہ صاحب وغیرہ میں ہوتی ہے۔ اس کے پتے نہایت باریک کرکے ایک تولہ افیونی کو روزانہ کھلائیں۔ ایک ہفتہ میں افیون بالکل چھوڑ دے گا۔ خواہ روزانہ ۶ ماشہ تک کھاتا ہو۔ اس کی پہلی خوراک سے قریباً نصف افیون رہ جائے گی۔

سرعت انزال :۔ گل ستیاناسی ۔ ہزاردانی ایک ایک تولہ تخم قنب ۶ ماشہ گلنار ۹ ماشہ مازو ۴ ماشہ بوپھلی ۳ تولہ ثعلب مصری ۳ تولہ سفوف بنا کر ۳ ماشہ صبح شام ہمراہ شربت خشخاش دیں ۔

دیگر :۔ برگ نورستہ برگد ۔ ۴ تولہ برگ جامن ۴ تولہ دودھی خورد ۔ بوپھلی تین تین تولہ برگ بھنگ ایک تولہ پانی چھ گنا میں دو روز بھگو کر جوش دیں ایک حصہ رہنے پر مل کر چھان کر پھر قوام کریں بحساب دو تولہ ست سلاجیت ۶ ماشہ عقرقرحا ۶ ماشہ گل کیکر سفید ۲ ماشہ کشتہ سدھا ۳ ماشہ کشتہ فولاد ایک ماشہ شنگرف رومی ۲ ماشہ افیون ۳ ماشہ ملا کر گولی بقدر ۲ ماشہ بنا کر ہمراہ دودھ دیں ۔

پھولا چشم :۔ جوہر نوشادر ایک رتی سرمہ سفید پھٹکری بریاں سنگ بصری ۔ کوڑی سوختہ قلمی شورہ دریا سفید ہر ایک ۳ ماشہ عرق گلاب ۳ تولہ کھرل کر کے سرمہ بنا کر لگائیں ۔ چند یوم میں پھولا دور ہوگا ۔

افیون چھوڑنا :۔ تخم دھتورہ سیاہ ۲ جز ریوند چینی ۳ جز زنجبیل ۲ جز صمغ عربی ۳ جز تمام ادویہ کوٹ کر لعاب صمغ عربی سے گولی بقدر نخود بنا کر آہستہ افیون کو تھوڑا تھوڑا کم کرتے جائیں اور کئی دن کے بعد دو گولی کر دیں ۔

ذیابیطس :۔ شنگرف رومی پوست بیضہ مرغ مصفیٰ ایک ایک تولہ ہر دو کو ۵ تولہ آب گلو سبز میں کھرل کر کے قرص بنا کر دس سیر کی آگ دیں ۔ اس میں افاقیا کشتہ فولاد ۔ ہاتھی سونڈی والا ۔ تخم حماض ہر یک ۶ ماشہ طباشیر ایک تولہ باریک کر کے ایک ماشہ ہمراہ مسکہ دیں ۔ بعدہٗ مغز بادام دو تولہ کا شیرہ نکال کر صبح و شام پیویں ۔ تمام شکایات دور ہو کر مکمل صحت ہوگی ۔

دمہ :۔ گندھک آملہ سار بشھا تیلیہ پانچ پانچ تولہ عرق برگ دھتورہ میں کھرل کر کے ۱ تولہ شنگرف کی ڈلی پر لیپ کر کے چند بار سکھا کر لوہے کے برتن میں ڈال کر تیل سرسوں ۔ ا سیر ڈال کر نرم آگ پر رکھیں جب تیل جل جائے ۔ تو شنگرف باریک کر کے دن میں دو تین بار ہمراہ شہد دیں ۔

پرانی کھانسی و کالی کھانسی :۔ کوڑی زرد تخم بندق ہر ایک ۵ عدد رب السوس ایک

تولہ طوطیا ۲ ماشہ کتھ سفید نمک شیشہ ہر ایک ۶ ماشہ مٹی کے کوزہ میں بند کر کے دس سیر گ دیں سیاہ خاکستر باریک کر کے ایک رتی مسکہ یا پانی سے دیں۔

خارش خشک و تر :- سولہ سالہ مجرب ہے۔ آملہ سار باپچی قسط تلخ - انبہ ہلدی ہر ایک ۶ ماشہ جو کوب کر کے ایک چھٹانک پانی میں ۱۶ گھنٹہ بھگوئیں اس کے بعد سب کو معہ پانی ۱۰ تولہ تیل سرسوں میں ڈال کر جلائیں اور تیل مقطر کر کے مالش کریں۔

حب اعلیٰ :- مقوی باہ اور تمام بلغمی امراض کو مفید ہے۔ سم الفار سفید شنگرف رومی ایک ایک تولہ ہر دو کو آب برگ ارنڈ ایک ایک پاؤ میں کھرل کر کے ۳ ماشہ کشتہ نقرہ اور گوند کیکر ملا کر گولی بقدر دانہ مونگ بنا کر سوتے وقت ہمراہ دودھ سے دیں۔ سات یوم کے بعد دو دن ناغہ کریں۔

پیچش :- گندھک آملہ سار۔ پارہ ہر ایک ۸ ماشہ کھرل کر کے افیون ۸ ماشہ سفوف برگ آم سفوف برگ جامن ہر ایک ۲۰ ماشہ کھرل کر کے دو رتی دن میں دو تین بار ہمراہ دہی کا ذ دیں بہت مفید نسخہ ہے۔

ممسک :- الائچی خورد منقہ۔ گل کیکر سفید ہر ایک ۲۰ عدد افیون ایک ماشہ گولی بقدر نخود بنا کر دو گھنٹہ پیشتر دو گولی دودھ سے دیں۔

بیاض چشم :- قرنفل ۳ تولہ کو شیر عشر میں ایک پہر کھرل کر کے قرص بنا کر کوزہ مٹی میں رکھیں اوپر کافور ۲ ماشہ رکھ کر دوسرا سکورہ اوپر دے کر کپڑ مٹی کر کے چراغ تیل تارامیرا روشن کر کے اس پر جو ہر اڑائیں بقدر دانہ خشخاش چاندی کی سلائی سے آنکھوں میں ڈالیں۔ بیاض چشم کا آخری علاج ہے۔

بالخور :- بال بہت اور سیاہ پیدا ہوں گے۔ خار پشت ۱ عدد جونک ۱۰ عدد روغن کنجد ۲ چھٹانک میں جلائیں اور خوب کھرل کر کے لگائیں۔

سرفہ ہر قسم :- خصوصاً بلغمی کھانسی کو مفید ہے۔ گل بنفشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ایک ایک تولہ زنجبیل سفید ۹ ماشہ آب ادرک میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر منہ میں رکھ کر چوسیں۔

جریان :- مغز خستہ انبہ مغز خستہ جامن ثعلب مصری ہر ایک ۳ تولہ طباشیر ۹ ماشہ شکر نام

سفوف بناکر ۴ ماشہ ہمراہ پانی دیں۔ ذیابیطس اور سنگرہنی کو مفید ہے۔

افیون خوردہ :۔ بنولہ کا مغز گاڑھا کر کے پلائیں سب راکھ ہو جاتی ہے۔

گلے پڑنا :۔ مکھن ۲ ماشے توے کی سیاہی ۱ ماشہ ملا کر پانچ چھ منٹ دھوپ میں رکھ کر اس کا پھایہ گلے میں لگائیں۔

ہیضہ :۔ پوست بیخ عشر ۳ تولہ فلفل سیاہ ۴ تولہ نمک طعام ۲ تولہ ادرک کے پانی سے گولی بقدر نخود بنا کر دو گولی وقفہ سے دیں۔ ہاضمہ کو اکسیر ہے۔

بواسیر :۔ چاکسو۔ ہلیلہ زنگی ہر ایک ۱۰ تولہ باریک کر کے آب مولی آب کہن۔ آب ہاتھی سنڈھی ایک ایک پاؤ میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر صبح و شام ایک گولی دیں۔

سوزاک :۔ سنگ جراحت۔ پھٹکری شگفت بیروزہ خشک ہموزن پیس کر ۲ ماشہ صبح شام لسی سے دیں۔

سیلان الرحم :۔ شاخ مرجان کو گرم کر کے عرق بید مشک میں اکیس بجھاؤ دیں اسے روح گلاب میں کھرل کر کے قرص بنا کر برگ نیم کے نغدہ میں رکھ کر دو تین سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ ہوگا ۱/۲ ماشہ سے ۲ ماشہ تک مسکہ میں دیں۔

عسر الطمث :۔ رس ثمر ناگ پھنی ۵ تولہ ملا کر خفیف سا جوش دیں اور رات کو پلائیں۔

بخار یہ :۔ کونین سلفاس آنول فنسٹین دانہ الائچی خورد۔ ست گلو ہر ایک ۱۰ ماشہ طباشیر ۲ تولہ عرق لیموں ایک پاؤ میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر صبح دوپہر شام دیں۔

مرہم :۔ مجرب المجرب اور سہل الحصول آگ سے جلے ہوئے زخموں کے لیے اکسیر ہے۔

رال سفید ایک تولہ روغن کنجد ۵ تولہ روغن کو آگ پر سرخ کریں اور اتار کر سفوف رال ڈال کر ہلائیں اور تھوڑا تھوڑا پانی ملاتے جائیں قریباً ۱۰ ماشہ پانی صرف ہوگا۔ مرہم تیار ہے باریک کپڑے پر لگا کر لگائیں۔

منجن :۔ پھٹکری۔ سوڈا بائی کارب ہموزن منجن بنائیں۔

پھولا آشوب چشم :۔ پھٹکری سفید ۲ تولہ بول خر سفید ۱۰ تولہ میں کھرل کر کے سلائی سے سوتے وقت

لگائیں ۔ دس یوم میں آرام ہوگا۔

دیگر :۔ پھٹکری سفید بریاں ۲۰ ماشہ تباشیر رنگ سفید ۲ تولہ باریک کر کے بقدر ۲ رتی سُرمہ آنکھ میں ڈالیں۔ مجرب ہے۔ شبکوری کو ایک ہی دن میں آرام ہوگا۔

شبکوری :۔ شبکوری کو ایک ہی دن میں آرام ہوگا۔ پھٹکری بریاں نسوار تمباکو ہموزن باریک کر کے سوتے وقت لگائیں بارہا کا مجرب ہے۔

نکسیر :۔ گیلک ایسڈ کی نسوار دیں۔

دافع قے :۔ پنجال گس پانی میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنائیں اور پانی سے دیں۔ اگر قے آ جائے تو دوبارہ پھر دیں قے بند ہوگی۔

پیچش :۔ درخت نیم کی اندرونی چھال آہنی توا پر رکھ کر جلائیں اور دہی میں ملا کر مریض کو کھلائیں پہلی خوراک سے آرام ہوگا۔

یرقان ہر قسم :۔ اندرونی چھال درخت پیپل ۳ تولہ رات کو ایک پاؤ پانی میں بھگوئیں اور صبح بغیر کھانڈ ملائے پلائیں موسم سرما میں پانی نیم گرم کریں دو ہفتہ میں مکمل صحت ہوگی۔

اسہال ہر قسم :۔ چھوٹی الائچی ایک تولہ کے دانے باریک کر کے چھانیں اور تمام دوا پانی سے دیں صرف ایک دو خوراک میں صحت ہوگی مجرب المجرب آسان نسخہ ہے۔

ذیابیطس :۔ تخم حرمل ۲ ماشہ ہمراہ دہی گاؤ ایک پاؤ پختہ دیں۔ تین گھنٹہ بعد اسی قدر اور دیں اکسیر اعظم تریاق ہے۔

ہچکی :۔ فلفل دراز باریک کر کے شہد ملا کر چٹائیں فوراً صحت ہوگی۔

معین حمل :۔ دانہ الائچی کلاں۔ کتھ مصطگی ایک ایک تولہ پوست آملہ ۲ تولہ۔ شکر سرخ ہم وزن سفوف بنا کر ۳ ماشہ بعد حیض دیں۔

کشتہ قلعی :۔ اجوائن خراسانی، اجوائن دیسی دو دو تولہ کھرل کر کے درمیان قلعی ۲ تولہ رکھ کر خوب بند کر کے دو سیر آگ دیں کشتہ ہوگا۔

کشتہ مس :۔ برادہ مس ۲ تولہ کو نیل برگد کے پانی میں تر کر کے دھوپ میں خشک کریں

یہ عمل تین بار کریں۔ پھر پیپل کے بیرونی چھلکے کا سفوف ½ سیر میں ٹکیہ رکھ کر کپڑ روٹی کر کے بیس سیر آگ دیں گلابی رنگ کا کشتہ ہوگا اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ ہے۔

امراض چشم :۔ سوائے موتیا کے تمام امراض کو مفید ہے۔ سوہاگہ خام نوشادر ہر ایک ۲ تولہ پیتل کے برتن میں پیتل کے دستہ سے ایک سیر آگ گھیکوار کھرل کریں اور سوتے وقت لگایا کریں۔

آتشک :۔ بے ضرر نسخہ ہے جتنی تعریف کی جائے کم ہے۔ بگڑی ہوئی حالت میں بھی مفید ہے۔

بلادر، عدد پارہ سرد چینی۔ طباشیر۔ بیروزہ۔ شورہ قلمی۔ قرنفل۔ الائچی کلاں مرچ سیاہ کافور۔ زعفران۔ نوشادر پرانا گڑ ایک ایک تولہ کافور بلادر۔ پارہ۔ گڑ کو اس قدر کوٹیں کہ لیسدار ہو جائے باقی دوائیں الگ الگ کوٹ کر ملا کر گولی بقدر کوکن بیر بنا کر ایک گولی ہمراہ دہی نہار منہ۔ ایک خوراک اثر دکھائے گی۔ اور سات یوم میں مکمل صحت ہوگی سوزاک میں بھی مفید ہے ترش اشیاء سے پرہیز کریں۔

بے حسی دماغ :۔ اعلیٰ مقوی دماغ بھی ہے۔ مغز پستہ۔ مویز منقہ۔ سعد۔ کندر ہموزن باریک کر کے ماشہ ہمراہ شیر گاؤ دیں۔

برص :۔ سیاہ سانپ کا پھن لے کر دو تین گرہ ہلدی اس کے اندر مع روغن سرسوں ڈال کر پکائیں کہ سب تیل جل جائے پھر ہلدی کی گرہ نکال کر پانی میں پیس کر طلا کریں۔

بالخورہ :۔ بل کی کھال حسب ضرورت لے کر پانچ سیر اوپلہ کی آگ میں جلائیں اور دگنے کڑوے تیل میں جلائیں، اور خوب حل کر لیں اور دن میں چار بار لگائیں ایک ہفتہ تک بال اگ آئیں گے مرہم کو کسی لکڑی سے حل کریں۔ اور کسی چیز سے لگائیں۔

بال دور :۔ جس جگہ کے بال اڑانے ہوں بال اکھیڑ کر بیل کا پتہ اس جگہ خوب ملیں ایک دو دفعہ لگانے سے بال پیدا نہ ہوں گے۔

بہرہ پن :۔ تخم حنظل ۵ تولہ روغن کنجد ۱۰ تولہ دونوں کو جلائیں اور چھان کر نیم گرم رات کو ڈالیں دیگر نسخہ۔ آب برگ دھتورہ ایک تولہ آب برگ مدار ۵ تولہ روغن کنجد ایک پاؤ سب کو ملا کر نرم آگ پر خشک کریں اور ایک دو قطرے گرم کر کے کان میں ڈالیں۔ درد پیپ بھی دور ہوگی۔

مفید چشم :- باہمنی۔ ڈھلکہ۔ شب کوری وغیرہ کو مفید ہے سنگ بصری ایک ماشہ پیپل
پنجیلی ۷ عدد۔ آب لیموں میں کھرل کرکے آنکھوں میں لگائیں۔

بدھ :- ورم جو آتشک کے مریضوں کو ران میں نکلتا ہے۔ ثمر کٹائی باریک کرکے گرم کرکے
پان پر رکھ کر باندھیں۔ دن میں دو دفعہ باندھیں تکلیف رفع ہوگی۔

گنٹھیا :- مجرب الجرب ہفت پشتی نسخہ ہے۔ ہر حالت میں مفید ہے۔ نر بد سفید۔ جوکھار سورنجان
شیریں گوگل بھنیسا ہر ایک ایک تولہ مرچ سیاہ ۲ تولہ منقہ میں حبوب نخود بناکر صبح ہمراہ گرم پانی
دیں۔ ہڑتال سفید کو بن بھل میں کشتہ کرکے شام کو دو رتی ہمراہ شہد کھا دیں۔ غذا نان گندم ہمراہ
شوربہ دیں۔

انعامی طلا :- ایک طوائف سے میرے ایک عزیز کی معرفت مجھ تک پہنچا ہے میرا تجربہ ہے
مضبوطی ودرازی اور سختی پیدا کرتا ہے۔ ایک خر نر مردہ کی ٹانگیں پاؤں سے زانو تک چاروں اگلی
اور پچھلی ٹانگیں لے کر چمڑا صاف کرکے اس کی ہڈیاں توڑ کر لوہے یا تانبے کی دیگ میں بہت سا
پانی ڈال کر خوب پکائیں۔ پانچ چھ گھنٹوں میں چربی اوپر آجائے گی۔ اتار کو سرد کریں۔ منجمد چربی کو علیحدہ
کرکے چربی شیر تازہ ہموزن ملاکر نرم آگ پر یک جان کریں اور دو منٹ تک مالش کرکے برگ
پان باندھیں۔ پہلی ہی بار فائدہ ہوگا۔ سات رات تک یا پرہیز عمل کریں۔ بلا تکلیف فائدہ ہوگا۔

حب طاعون :- دانہ الائچی خورد۔ زعفران۔ جدوار اجوائن خراسانی ایک ایک تولہ سفوف کرکے
آب گھیکوار میں چار یوم کھرل کرکے گولی بقدر نخود بناکر ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔ نرلبی پتھر پر رگڑ کر
گلٹی پر ضماد کریں۔ دن میں چار بار لیپ کریں۔

نمونیہ :- سورنجان شیریں۔ زنجبیل ایک ایک تولہ مصطگی ۶ ماشہ سوڈا خوردنی ۳ ماشہ سفوف بناکر
ایک ماشہ بدرقہ مناسب سے دیں۔

طلائے نامردی:- اس کے استعمال سے قوت باہ عظیم حاصل ہوتی ہے۔ مرغ سیاہ جوان جس
نے جفتی نہ کی ہو کے خون کے ہم وزن جوان گدھے کا خون ملاکر عضو پر ملیں اور ہوا میں خشک کریں
تین یوم ملیں مگر ملنے سے پیشتر عضو کو گرم پانی سے دھولیں ہر ہفتہ تین یوم استعمال کرے

تین ہفتہ تک لگائیں۔

دیگر: سم الفار، پنجال کبوتر ایک ایک تولہ روغن کنجد ۳ تولہ شیر مدار مسکہ گاؤ۔ ہر ایک ۵ تولہ پہلی دو کو خوب کھرل کر کے ہمراہ شیر مدار کھرل کریں اور خشک ہونے پر روغن کنجد کے ہمراہ ایک یوم کھرل کریں پھر مسکہ ڈال کر کھرل کر کے بعد شیشی میں ڈال کر منہ آٹا سے محکم کر کے پھکڑی گھوڑال میں دم پخت کریں۔ جس قدر تیار ملے الگ کر کے طلا کر کے برگ ارنڈ باندھیں۔ بے حد مجرب وآزمودہ ہے۔

مقوی دماغ: دیسی گل سرخ سبزی دور کر کے ۱۰ تولہ کو ایک سیر روغن کنجد میں ڈال کر دھوپ میں ۴۰ یوم رکھیں۔ بعدہٗ صاف کر کے سر اور آنکھوں پر مالش کریں۔

درد سر: ملٹھی دو رتی مٹھا تیلیہ ۱ رتی ایک دن کھرل کر کے گولی بقدر دانہ سرسوں بنا کر ایک گولی پانی میں پیس کر ناک میں ڈالیں۔

شقیقہ: مرچ سیاہ روغن بادام میں حل کر کے سعوط کریں۔

دیگر: سمندر پھل پانی میں گھس کر سوراخ بینی میں ٹپکائیں۔

دیگر: نوشادر پانی میں حل کر کے مخالف جانب ناک میں ڈالیں۔

سرسام حارہ: آلو بخارا اور تمر ہندی کا زلال تین گھنٹہ تک پلائیں۔

نیند آور: سبز سوئے سرہانے رکھیں۔ خوب نیند آئے گی۔

نسیان: وچ ترکی کا سفوف ۳ ماشہ ہر روز دودھ سے دیں۔

دیگر: کندر ۱ ماشہ شکر کے سات ملا کر کھائیں۔

دیگر: آب برہمڈنڈی ایک سیر روغن مالکنگنی۔ روغن پستہ ایک ایک پاؤ روغن گاؤ ڈیڑھ سیر آگ پر رکھ کر پانی خشک کریں۔ ایک دو تولہ روٹی میں لگا کر صبح شام کھلائیں۔ حافظہ کے لیے اس سے بہتر نسخہ نہ ہو گا۔

مرگی: زبد البحر ۳ رتی دن میں دو بار استعمال کریں۔

دیگر: کافور۔ جند بیدستر ہموزن کھرل کر کے ایک رتی ہمراہ شہد دیں۔

ضعف بصر:- ایک پیسہ نانک شاہی کو چند بار آب لیموں میں بجھائیں۔ پھر جوڑا کر کے آب لیموں سے تر کر کے سونا مکھی دو تولہ کے درمیان رکھ کر ۵ سیر آگ دیں سرد کر کے نکال کر سیماب ۲ ماشہ ملا کر عرق گلاب سے کھرل کر کے سرمہ بنا کر لگائیں۔

دیگر:- زردہ تنباکو گجراتی باریک کر کے بطور سرمہ لگائیں۔

دیگر:- آب سالم لبکھیرا میں سرمہ سیاہ چار پانچ یوم کھرل کر کے بطور سرمہ لگائیں۔

سلاق:- پلکوں کا گر جانا پپوٹوں کا سرخ اور موٹا ہو جانا۔ یلو اکسائڈ آف مرکری ۳ گرین ویزلین ایک اونس ملا کر سلائی سے لگائیں۔

پڑبال:- چھوٹی چھوٹی مچھلیوں کو خشک کر کے باریک کر کے تین روز آنکھوں پر لگائیں۔ پڑبال دور ہوں گے۔

دیگر:- کوے کے پر جلا کر بطور سرمہ لگائیں۔

ناسور گوشہ چشم:- نوزائیدہ طفل کا پہلا براز (داسہ) ناسور میں بھر دیں۔ اگر خشک ہو تو پانی میں گھس کر بتی لت کر کے رکھیں بے حد مفید ہے۔

دیگر: ماش کو چبا کر لگائیں۔

دیگر: خانہ زنبور پانی میں گھس کر لگائیں

دیگر: کچور گھس کر لگائیں۔

دیگر: مصبر گھس کر لگائیں۔

دیگر:- کھجور کی گٹھلی گھس کر لگائیں۔

دیگر: کنوئیں کی پرانی لکڑی گھس کر لگائیں۔

موتیا بند:- ہینگ اصلی شہد میں حل کر کے سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

دیگر: بول خر۔ بول شتر۔ بول انسان ہر سہ ہم وزن لے کر خشک کر کے آنکھوں میں لگائیں۔

درد گوش:- آب دھتورہ ایک پاؤ۔ آب مدار ۵ تولہ روغن کنجد ایک پاؤ ملا کر آگ پر رکھیں جب تیل رہ جائے نیم گرم کان میں ڈالیں۔

بہرہ پن :۔ مغز بادام ۲، پیاز تھوم۔ تخم اندرانی ہر ایک ۱۰ تولہ جند بید ستر ۲ ماشہ ہینگ ۳ ماشہ۔ روغن کنجد ۵ تولہ باریک کرکے روغن کنجد میں ملائیں اور روغن کدو ایک تولہ شامل کرکے کان میں ڈالیں۔

دیگر: برگ سبز ناشپاتی کا پانی ایک پاؤ میں شربت نیلوفر یا مصری ملا کر پلائیں دو یوم میں صحت ہوگی۔

دیگر:۔ مصبر ۲ رتی آب ادرک میں پیس کر نیم گرم ڈالیں۔

نکسیر :۔ پھٹکری قدرے پانی میں حل کرکے دو قطرے ناک میں ڈالیں اور تخم ریحان ۶ ماشہ لسی یا دودھ سے دیں۔ پرنالہ کی طرح بہتا ہوا خون بند ہوگا۔

گندہ دہنی :۔ اگر مولی بغیر دھوئے صرف کپڑے سے پونچھ کر رات کو کھا کر سو جائیں۔ صبح تک منہ کی بدبو دور ہوگی۔

درد دندان :۔ نمک شیشہ باریک کرکے کوزہ میں ڈال کر شیر مدار سے تر کرکے کوزہ بند کرکے آگ دیں۔ اسے باریک کرکے دانتوں پر ملیں اور منہ ڈھیلا چھوڑ دیں۔

حابس خون :۔ زہرہ بکری چینی کے پیالہ میں ڈال کر سایہ میں خشک کریں۔ اور باریک کرکے بقدر دانہ مسور مسکہ میں ملا کر دیں ہر قسم کا خون بند کرنے میں اکسیر الخواص ہے۔ صرف دو ۲ خوراکیں معجزانہ اثر دکھاتی ہیں۔

درد معدہ :۔ زیرہ سیاہ مصطگی ہر ایک ۴ ماشہ کلونجی ایک ماشہ سفوف بنا کر استعمال کریں۔

دیگر نمک شیشہ ۳ تولہ ایک سیر اونٹنی کے دودھ میں پکائیں کر کھویہ ہو جائے اس میں زعفران ۳ ماشہ ملا کر ایک ماشہ ہمراہ آب گھنٹہ گھنٹہ کے وقفہ سے دیں۔

عرق فولاد :۔ یرقان و حدت جگر میں مفید ہے۔ تربوز وزنی سات آٹھ سیر میں شورہ، نوشادر پھٹکری سرخ۔ برادہ فولاد ہر ایک ۱۰ تولہ کوزہ مصری ایک پاؤ باریک کرکے بھر دیں ۲۵ روم محفوظ رکھیں۔ اس کے بعد چھان کر محفوظ کریں اور صبح و شام ایک تولہ دیں۔

یرقان میں آنکھوں کی زردی :۔ آب چقندر ناک میں ڈالیں یا کچھ بیٹھے رات سردی میں

رکھیں صبح سلائی بھگو کر آنکھ میں لگائیں۔

استسقا ورم بدن:۔ اکثر اطبا کا معمول ہے۔ نمک سفید ۳ ماشہ بیج ترنج ۳ ماشہ باریک کرکے تین گولیاں بنائیں۔ ایک گولی کھلا کر بے نمک چاول روغن کے ساتھ دیں۔ تین یوم میں صحت ہوگی۔

پیچش:۔ مرکی ایک ماشہ پانی سے دیں۔

قولنج:۔ برگ مدار ۲ ماشہ نمک ولیسی ۱ ماشہ ملا کر باریک کرکے تین گولیاں بنا کر تین گھنٹے کے وقفہ سے ایک گولی گرم پانی سے دیں۔ سخت سے سخت درد شرطیہ دور ہوگا۔

دیگر:۔ بادام تلخ ۱۔ ماشہ کھلانے سے قولنج اور ریح امعا تحلیل ہو جاتے ہیں۔

بواسیر:۔ سم الفار ایک تولہ کڑاہی میں ڈال کر آب امرود تین پاؤ کا چوبہ دیں۔ دور ہوگا۔ گولی بقدر دانہ مونگ بنا کر ہمراہ مکھن دیں۔

دیگر: بھڑوں کا چھتہ اور جو کچھ اس میں ہو برتن میں بند کرکے جلالیں ۱ ماشہ روزانہ دیں۔

دیگر:۔ شورہ قلمی ۵ تولہ گندھک آملہ سار ۱/۲ تولہ الگ الگ باریک کرکے مٹی کے کوزہ میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب شورہ کا پانی خشک ہو جائے۔ باریک کرکے ایک ماشہ صبح پانی سے دیں۔ خون بند ہو جاتا ہے۔ مسے غائب ہو جاتے ہیں۔ تیر بہدف ہے۔

کشتہ تانبہ سفید:۔ بالکل سفید مانند بتاشا کے شگفتہ ہوگا۔ اکسیر بے نظیر ہے۔ تانبہ صاف ۲ تولہ کا ٹکڑا لے کر برگ مٹھری ۱ تولہ کے نغدہ میں رکھ کر برگ توت تازہ سیر ایک ہنڈیا میں بھر کر اس میں رکھ دیں۔ گل حکمت کرکے دو تین اوپلہ کی آگ دیں۔ تین چار دن کے بعد آگ ٹھنڈی ہوگی سفید کشتہ ہوگا۔ ایک برنج مسکہ گاؤ میں استعمال کریں۔

شربت فولاد:۔ مقوی اعضائے رئیسہ مولد خون صالح شیب بغیر طبعی کے لیے اکسیر ہے۔ نامردوں کو مرد اور مردوں کو جوانمرد کرتا ہے بدن کو مضبوط کرتا ہے بصارت کو تیز کرتا ہے۔ ۸۰ سالہ بوڑھا بھی نوجوان ہو سکتا ہے۔ مفرحات کا شہنشاہ ہے۔ موسم سرما کا خاص تحفہ ہے۔ آب ثمر جامن یا برگ جامن۔ آب انار مرکب نصف پاؤ۔ آب آملہ۔ آب برگ وریش برگد توبعلی

چھلی ببول خام شیردار ایک ایک پاؤ برادہ صندلین ۲ تولہ عناب ۷ تولہ نرچھلہ ہر یک ۲ تولہ آخری دواؤں کو ۱/۲ ۲ سیر پانی میں بھگو کر صبح جوش دے کر ا. پاؤ زلال حاصل کر کے چھان کر ملائیں اس میں فرائی ایٹ ایمونیا سائٹراس ۱/۲ ۲ اونس ملا کر تین چار روز کے بعد ایک پاؤ کھانڈ ملا کر شربت تیار کریں۔ نیچے اتار کر ایسٹن سیرپ ۲ اونس فاسفورس ۲ ڈرام ملا کر ۳ ماشہ صبح و شام بعد غذا دیں۔

ذات الریہ:۔ سورنجان شیریں۔ زنجبیل ایک ایک تولہ مصطگی رومی ۶ ماشہ سوڈا خوردنی ۳ ماشہ باریک کر کے سفوف بنائیں اور ایک تا تین ماشہ ہمراہ چائے یا آب گرم دیں۔ چونہ ایک تولہ سنبل الطیب اذخر ہر ایک ۹ ماشہ تمباکو تند ۳ تولہ قند سیاہ ۳ تولہ سرکہ ۹ تولہ سرکہ و قند حل کر کے باقی دوائیں ملا کر کپڑے پر لگا کر نیم گرم چسپاں کریں۔

دیگر:۔ کھانڈ دانہ دار شیر مدار میں تر کر کے خشک کریں ایک رتی آب گرم سے دیں۔ سورنجان تلخ۔ ایلوا۔ زنجبیل ہم وزن لے کر بول گاؤ میں پیس کر لیپ کریں۔

سفوف عقر:۔ گل لپتہ۔ گل سپاری۔ گل دھاوا ایک ایک تولہ برادہ عاج ۶ ماشہ سفوف بنا کر ہموزن کھانڈ ملا کر ۶ ماشہ صبح شام ہمراہ شیر گاؤ دیں اور ایک ماہ لگاتار استعمال کریں۔

گئوذنتی:۔ کشتہ ہر قسم کے بخار فالج۔ لقوہ۔ خدر تشنج۔ وجع المفاصل۔ پرسوت اور تقویت باہ کے لیے نہایت مفید ہے۔ گئوذنتی ۵ تولہ جوکوب کر کے ایک مٹی کے کوزہ میں زیر و بالا اسگند ناگوری ۵ تولہ دے کر تھوڑا شیرہ گھیکوار ڈال کر کوزہ کا منہ بند کر کے گل حکمت کر کے بیس سیر آگ دیں ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

حکیم سید محمد علی نور پٹیالہ

سل معدی:۔ صبح کشتہ فولاد ایک رتی جوارش انجاز میں ملا کر عرق شفا سے استعمال کریں۔ شام کو ست گلو ایک ماشہ کیلشیم لکٹیٹ ۱/۲ ماشہ دیں۔

جوارش انجاز:۔ زنجبیل۔ اسارون پوست بیرون پستہ۔ جوزبویہ پودینہ خشک ہر ایک ۹ ماشہ انیسون۔ قرنفل۔ طباشیر بسباسہ۔ الائچی خورد ایک ایک تولہ۔ تج دار چینی مصطگی ہر یک ۹ ماشہ

لاچی کلاں ۲ تولہ طریق معروف جوارش بنائیں۔

عرق شفا:۔ گل سرخ۔ بادیاں۔ گاؤزبان۔ گلو سبز۔ اصل السوس۔ عنب الثعلب دو دو تولہ تکاھی۔ برنجاسف ایک ایک تولہ رات کو بھگو کر صبح جوش دے کر ایک بوتل تیار کریں۔

حب اعجاز:۔ کافور۔ ایلوا دو دو تولہ افیون ایک تولہ اجوائن خراسانی ۶ ماشہ کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر ورق نقرہ میں سفوف کریں۔ یہ گولیاں سرعت انزال، جریان۔ نزلہ کو مفید ہیں رات کو دودھ سے دیں۔

کشتہ فولاد:۔ برادہ فولاد۔ سوہاگہ ہر ایک ۶ ماشہ برتن چینی میں ڈال کر اوپر سے عرق لیموں ڈال دیں اکیس روز غلہ میں دبا دیں خشک کر کے گل حکمت کر کے ۵ اسیر آگ دیں کشتہ ہوگا۔

اکسیر حصاة:۔ سنگ گردہ و مثانہ کے لیے مفید ہے۔ پھٹکری شورہ قلمی۔ حجر الیہود گل ارمنی ہم وزن سفوف بنا کر ایک ماشہ ہمراہ شربت بزوری دیں۔

سیلان گوش:۔ روغن بادام۔ افسنتین زہر گاؤ ہر ایک ایک تولہ پانی ۵ تولہ میں جوش دیں جب تہائی رہ جائے روغن علیحدہ کریں۔ دو تین قطرے ڈالیں۔

طحال:۔ برگ بیری ۲ سیر پانی ۲ سیر میں جوش دیں۔ جب ایک بوتل رہ جائے صاف کر کے ۵ تا ۷ تولہ حسب ضرورت پی لیں۔

کشتہ نقرہ:۔ شورہ قلمی ۱ ماشہ ورق نقرہ ۲۰ عدد ورق کٹھالی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور شورہ کی چٹکی دیتے رہیں۔ چند منٹ میں سرخی مائل سفوف تیار ہوگا۔ ½ رتی سے ایک رتی برائے مقوی اعضائے رئیسہ جریان و سوزاک دیں۔

حکیم مولوی مرزا احمد حنیف بیگ

بواسیر ہر قسم:۔ آب گندنا۔ آب حب نیم۔ آب مولی ہر ایک ۳ تولہ میں رسونت ۱ تولہ ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو تر بکائن خشک۔ چاکسو منقشر۔ گوگل مصفیٰ پوست ریٹھہ ایک ایک تولہ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ سیاہ دو دو تولہ باریک کر کے ملائیں اور گولیاں بقدر جنگلی بیر بنا کر دو گولی ہمراہ آب تازہ دیں۔ غذا مرغن دیں۔ سرخ مرچ۔ گوشت اور تیل

کی اشیاء سے پرہیز کریں۔

احتلام :- اجوائن خراسانی۔ گوند کتیرا۔ کشنیز خشک۔ چھلکا اسبغول۔ کھانڈ ہموزن ملاکر سفوف بنائیں ۳ ماشہ ہمراہ دودھ سوتے وقت دیں۔ دو ہفتہ کے استعمال سے احتلام ہمیشہ دور ہوگا۔

بھڑ و شہد کی مکھی کا کاٹا :- ڈنگ کی جگہ سوئی سے چھید کر دبا دیں۔ تاکہ زہریلہ خون خارج ہو جائے پھر روغن دارچینی پھریری سے لگائیں فوراً درد دور ہوگا اور آرام ہوگا۔

برص :- پرانے قبرستان میں یا جس جگہ ریت ہو وہاں لمبی ٹانگوں والے کپڑے رہتے ہیں بس جس جگہ وہ مل جائیں ان کے بلوں میں پانی ڈالنا شروع کر دیں تاکہ سب چیونٹے باہر نکل آئیں۔ آخر میں ان کے بلوں سے ایک بچھو برنگ سیاہ چھوٹے قد کا نکلے گا۔ اسے کسی زنبور سے پکڑ کر اور روغن کنجد ۲ تولہ میں ڈال کر آگ پر گرم کریں کہ بچھو سرخ ہو جائے سرد کرکے چھان کر تیل علیحدہ کریں اور داغوں پر لگائیں۔ ایک ہفتہ میں برص کے نشان غائب ہوں گے۔

اکسیر شفا :- بدہضمی۔ قے۔ ترش ڈکار۔ ہچکی۔ درد پیٹ ہیضہ وغیرہ تمام امراض کو مفید ہے۔ نمک سیاہ۔ نمک سانبھر۔ نمک لاہوری۔ اجوائن۔ مرچ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ۔ پودینہ خشک۔ الائچی خورد۔ مصطگی ہر ایک ۲ ماشہ نوشادر۔ سنڈھ۔ دارچینی ہر ایک ۳ ماشہ۔ ست اجوائن ۲ ماشہ۔ گل مدار خشک ایک تولہ۔ ست پودینہ ۳ ماشہ سفوف بناکر سرکہ انگوری میں کھرل کرکے خشک کریں ۴ ماشہ ہمراہ آب گرم۔

موتی منجن :- درد دنداں۔ مسوڑھوں کی سوزش۔ دانتوں سے خون بہنا۔ دانت ہلنا وغیرہ کو مفید ہے۔ سپاری بریاں۔ پوست بادام سوختہ۔ نمک خوردنی۔ عقرقرحا۔ کتھ۔ الائچی کلاں پوست کیکر خشک ہر ایک ۲ ماشہ پھٹکری بریاں ۲ ماشہ مازو ۴ ماشہ۔ باریک کرکے دانتوں پر ملیں اور رال ٹپکائیں۔ مثل موتی کے دانت صاف کر دے گا۔

درد سر و بخار :- درد سر اس سفوف سے منٹوں میں دور ہوتا ہے اور کیسا ہی شدید بخار ہو۔ فوراً پسینہ آکر اتر جائے گا۔ کیفین۔ اسپرین ایک ایک تولہ فنسٹین ا تولہ مغز کرنجوہ

۳ تولہ کشنیز خشک ۳ تولہ سفوف بنا کر ہمراہ آب سرد ۲ ماشہ دیں۔

اکسیر بے نظیر:۔ معدہ کو طاقت دیتی ہے۔ قوت باہ بڑھاتی ہے۔ چہرہ کو سرخ و سفید بناتی ہے۔ وزن کو دگنا کرتی۔ مقوی اعصاب مقوی اعضائے رئیسہ اور ممسک بھی ہے۔ سیروں دودھ ہضم ہو جاتا ہے۔ دوا کے اوپر مکھن خوب کھائیں پھر قدرت خدا کا تماشہ دیکھیں۔

موصلی سفید موصلی سیاہ ہر ایک ۲ تولہ شقاقل۔ مصطگی۔ دارچینی کندر۔ عقرقرحا۔ مایہ شتر اعرابی ہر یک یک تولہ بہمن سرخ بہمن سفید ہر ایک ۶ ماشہ۔ ثعلب مصری۔ جوز بوبہ۔ اقاقیا ہر یک ۲ تولہ ست لوبھلی ست برگد ہر ایک ۶ ماشہ مغز بادام۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ ہر یک ۳ تولہ افیون ۶ ماشہ مومیائی ۳ ماشہ۔ ست سلاجیت ۶ ماشہ۔ مشک ۱/۲ ماشہ عنبر ۱ ماشہ کشتہ قلعی کشتہ فولاد دو دو تولہ کشتہ عقیق ایک تولہ کشتہ طلا ۲ ماشہ ورق نقرہ ایک دفتری۔ شہد ۱ ۱/۲ سیر معجون بنا کر ایک تا ۱ ۱/۲ ماشہ ہمراہ دودھ دیں۔

حکیم محمد ایوب صابری امرتسری

عرق برص:۔ تین چار ماہ کے استعمال سے برص بیخ و بن سے جاتا رہے گا۔ ہلدی خام۔ پوست درخت نیم۔ گل منڈی۔ سرپھوکہ۔ گڑ ہر ایک ۲ سیر آب باراں میں بھگو کر گھوڑے کی لید میں دفن کر دیں۔ جہاں دن بھر دھوپ رہے۔ تین ہفتہ کے بعد نکال کر عرق کشید کریں۔ صبح و شام سات تولہ پیویں دودھ اور اس سے تیار شدہ اغذیہ۔ ترش و بادی چیزوں سے پرہیز کریں۔

کشتہ تانبہ:۔ جذام۔ برص ضعف باہ کو مفید تر ہے برادہ تانبہ حسب ضرورت لے کر دہی میں تین پہر کھرل کریں اور اس کے بعد آب لیموں و نمک سے تمام دن کھرل کریں اور رات کو دھوئیں اسی طرح پانچ دن دھوئیں۔ پھر اس کا تہائی حصہ کبریت اور سولھواں حصہ سیماب ملا کر چار پہر آب لیموں سے کھرل کر کے شیشی میں ڈال کر ریت میں رکھ کر دس سیر کی آنچ دیں۔ کشتہ ہوگا۔ ایک چاول ہمراہ مسکہ دیں۔

کشتہ سم الفار:۔ چالیس روز میں پرانے سے پرانا آتشک فساد خون کو دور کرتا ہے۔ بہر اخلاط کا مسہل ہے۔ آتشک جذام وجع المفاصل۔ خنازیر ناسور بھگندر کو مفید ہے۔

سم الفار سفید ۸ تولہ مغز جمالگوٹہ مدبر ۱/۲ پاؤ کے نغدہ کے تین حصہ کریں۔ ایک حصہ میں سم الفار کی ڈلی لپیٹ کر کڑچھی میں رکھیں اور نرم آگ پر رکھ کر شیرہ تخم حنظل کا چویہ دیں بنصف پاؤ چویہ کے بعد پہلو بدل دیں اور ۱/۲ پاؤ شیرہ حنظل کا چویہ دیں۔ اس سوختہ نغدہ کو بدل کر سہ بار عمل کریں۔ سم الفار موم کی طرح نرم ہوگا ایک چاول مکھن یا بالائی سے دیں۔

حکیم ابو حنیف منظور احمد مہجور

دھند و جالا چشم:۔ نمک خوردنی۔ نوشادر ایک ایک تولہ کھرل کر کے جوہر اڑائیں۔ پھر اس صورت میں طوطیا ۲ ماشہ پھٹکری بریاں ۲ ماشہ ملا کر کھرل کر کے ایک ایک سلائی رات کو لگائیں۔

مقوی باہ:۔ شنگرف رومی۔ سم الفار سفید۔ گندھک و رقیہ ہر ایک ۲ تولہ ایک پاؤ شراب۔ عرق کیلہ۔ آب ادرک میں یکے بعد دیگرے کھرل کریں۔ اس میں ایک ایک چھٹانک مغز بادام پستہ۔ جائفل۔ مغز ناریل اور ایک ایک تولہ لونگ۔ زعفران۔ دار چینی ملا کر ایک ہفتہ کھرل کر کے گولیاں بنا کر آتشی شیشی میں بطریق معروف تیل نکالیں اور غذا دو قطرہ ہمراہ مسکہ تین ماہ استعمال کرائیں اور ہر ہفتہ تین یوم ناغہ کریں۔ تمام عمر قوت برقرار رہے گی۔

مقوی دماغ:۔ خشخاش ۵ تولہ رات کو پانی میں بھگوئیں۔ صبح ڈنڈا کونڈا میں ہمراہ بادام ۵ عدد گھوٹ کر مکھن ۵ تولہ مصری ۵ تولہ مرچ سیاہ ۵ عدد الائچی سفید ایک رتی کشتہ مروارید ایک رتی کشتہ مرجان ۲ رتی کشتہ سرگانگ ۲ رتی ملا کر نہار منہ کھائیں۔

کشتہ شنگرف:۔ پیر مرد اور جوان نامرد استعمال کر کے دوبارہ جوانی کا مزہ حاصل کرتے ہیں اور کبھی قوت کم نہ ہوگی۔ ایک تولہ شنگرف ایک سیر بلادر میں بند کر کے چولہا پر چڑھائیں جب رطوبت خشک ہو جائے تو نکال کر باریک کر کے شیشی میں رکھیں۔ زردی بیضہ مرغ ایک عدد گھی میں بھون کر ۲ تولہ شہد ملا کر ایک رتی کشتہ شنگرف ملا کر کھلائیں جب پیاس لگے تو دودھ پیویں۔ گمان سے بڑھ کر قوت پیدا ہوگی۔

کشتہ مس:۔ اگر نہ بنے تو میں بنا کر دکھانے کو تیار ہوں۔ نامرد کو مفید ہے۔ ایک ادھنی لے کر چالیس بار شیر زقوم میں بجھاؤ دیں پھر اس کا برادہ کر کے ۵ تولہ دودھ سے

کھرل کر کے قرص بناکر ۱۵ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ چار آنچ میں سفید کشتہ ہوگا اور اگر کسر رہ جائے تو ایک آنچ اور دیویں۔

حکیم ظفر احمد

اکسیر ہیچکی : شب یمانی بریان ایک تولہ۔ گیرو سہ تولہ باریک کر کے ایک ماشہ ہمراہ آب سرد یا عرق سونف یا لسی دیں۔

بواسیر خونی : پہلے دن میں خون بند ہو کر راحت ہوگی۔ تخفض مکی۔ گیرو ہم وزن آب گرونده اور بسکھپرا میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بناکر صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔

کالی کھانسی : سو فی صدی مجرب نسخہ ہے۔ پھٹکری کو اجوائن کے جوشاندہ میں بیس کر بریاں کریں اور بقدر ۲ رتی کھلائیں۔

حب خاص : جملہ امراض قولنج میں اکسیر ہے۔ شہد کی مکھی کا چھتہ باریک کر کے گولی بقدر دانہ مونگ بناکر صبح و شام دو گولی ہمراہ پانی دیں۔

کحل مخصوص : یہ سرمہ نہایت مجلی بصر دافع دھند وغیرہ ہے۔ ہلدی خام ۲ تولہ شورہ قلمی ۱ ماشہ خوب باریک کر کے سایہ میں خشک کر کے مثل سرمہ بنائیں۔

صرع : جند بیدستر۔ کنکھجورا محرق۔ بچھو سیاہ محرق ہموزن باریک کر کے نسوار دیں دوسری باری دورہ موقوف ہوگا اور بعدہ۔ اسطخودوس ایک پاؤ شہد ایک سیر میں معجون بناکر ۲ تولہ صبح شام استعمال کرائیں۔

اکسیر شب کوری : پھٹکری بریاں نسوار تمباکو ہم وزن ملاکر سوتے وقت دو تین سلائی لگائیں دو تین روز میں مکمل آرام ہوگا۔

اکسیر داد : گوا لیوڈر پانی میں گھول کر داد پر لگائیں۔

حکیم مولوی نذیر احمد خاں

فتق : نمک چکنی ۵ تولہ قند سیاہ کہنہ ۲ تولہ خوب گھوٹ کر گولی بقدر نخود بناکر ہمراہ پانی سرد پانی دیں اور کتیرا گوند۔ میدہ سک تخم قرطم۔ آرد ماش ہموزن بیضہ مرغ میں کھرل کر کے ضماد

کریں۔

دردِ گردہ :۔ بادیاں اجوائن دیسی ایک ایک پاؤ انیسون ½ پاؤ خنظل ۴ عدد نیم کوب کرکے دو سیر پانی میں آٹھ پہر بھگو کر جوش دیں۔ جب اشیا رگل جائیں تو مل کر چھان کر ایک پاؤ پانی حاصل کریں۔ اس میں فلفل دراز۔ زنجبیل۔ ایلوا۔ نوشادر دو دو تولہ کھرل کرکے گولی بقدر کنار دشتی بنا کر گرم پانی سے دیں۔ دردِ گردہ کے لیے بالخاصہ مفید ہے اور دردِ ریح۔ دردِ شکم۔ دردِ معدہ۔ طحال کو مفید ہے کئی بار کا تجربہ ہے۔

ممسک :۔ بے عدیل قابلِ تعریف جو بنائیں گے۔ داد دیں گے۔ شنگرف رومی ۳ ماشہ تھوم کے ۹ ماشہ نغدہ میں رکھ کر پوٹلی بنا کر دو تولہ گھی میں بریاں کریں۔ نغدہ سیاہ ہو جائے۔ پھر اسی طرح جوز ماثل میں رکھ کر شیر گئو ½ سیر میں پکائیں پھر نکال کر پوست قشر بادام بیرونی۔ افیون چھ چھ ماشہ مغز بادام ۱۱ عدد تخم جوز ماثل ۹ ماشہ آب انگور سے کھرل کرکے گولی بقدر دانہ ماش بنا کر قبل از وقت بالائی سے دیں۔

مسہل :۔ عجیب الاثر اور مختصر حب الملوک مدبر ۴ تولہ سیماب۔ گندھک ایک ایک تولہ کھرل کرکے ایک ماشہ ہمراہ لسی خام دیں اور امداد کے لیے بھی لسی ہی پیویں۔ جب اسہال بند کرنے ہوں تو مصری کا شربت پلائیں۔

سرمہ عجیب :۔ اس کے استعمال سے پڑبال نہیں پڑتے اور نہ پھیر ہوتے ہیں۔ نظر اس قدر تیز ہوتی ہے کہ شاید دبا ید عینک کی حاجت نہیں رہتی۔ ایک تولہ سرمہ پیس کر اس کے درمیان ایک عدد دھیلہ مسی کو کٹھالی میں رکھ کر دھونکیں ہر دو چرخ کھائیں گے۔ سرد کرکے باریک کریں سیماب جست ایک ایک تولہ کرکے سرمہ مذکورہ میں ملائیں اور ایک تولہ سرمہ سیاہ ملا کر آب سونف سبز ½ پاؤ میں کھرل کرکے محفوظ رکھیں اور استعمال کریں۔

سرمہ سفید :۔ موتیا کے لیے عجیب الاثر ہے۔ حد درجہ مقوی بصر ہے۔ سرمہ سفید چور س ڈلی ۲ تولے کر اس پر لوہے کی باریک خانہ دار تار لپیٹیں اور خنظل سبز میں دے کر گل حکمت کرکے دو سیر اوپلہ کی آگ دیں کہ خنظل بھر نہ ہو جائے۔ اسی طرح ۲۱ عدد خنظل میں آگ دیں۔

یہ سرمہ سیاہ رنگ کا ہوگا اور نیلے کپڑا پہ رگڑنے سے مثل میرا سفید کر دے گا۔ باریک کر کے ایک دو روز کے استعمال سے موتیا دور ہوگا۔

کشتہ مس:۔ دردِ اعضاء، وجع المفاصل کو پہلے ہی دن فائدہ دیتا ہے۔ ایک تولہ سم الفار پانی میں کھرل کر کے ایک تولہ پترہ مس پر لیپ کر کے اوپر دو سیر پارچہ لپیٹ کر محفوظ الھوا جگہ پر آگ دیں پانچ روز میں سرد ہوگی۔ آسمانی رنگ کا کشتہ ہوگا۔ ایک چاول مغز ناریل میں رکھ کر رات کو کھلائیں اور لحاف اوڑھ کر سوئیں۔ ایک ہی شب میں فائدہ ہوگا۔

دیگر:۔ یہ سرمہ بھی ہے اور خوراکی بھی ایک پیسہ لے کر مرقشیتا ذہبی میں رکھ کر کشتہ کریں اور رکھ چھوڑیں۔ جب کبھی سیاہ سانپ مل جائے اسے مار کر اسی کے منہ میں پیسہ رکھ کر کوزہ میں بند کر کے اس قدر آگ دیں حتیٰ کہ راکھ ہو جائے۔ یہ سفید ہوگا۔ نزول الماؑ والے کو تین روز آنکھوں میں لگائیں۔ فوراً انشاء اللہ جہاں نظر آوے بلا قدح کے۔ مگر سونے کی سلائی سے لگانا چاہیے اگر کسی نامرد کو دیں یا جاں بلب مریض کو دیں فوراً صحت ہوگی۔ ہر مرض کا تریاق ہے اور فوائد خاکستر سانپ یہ ہیں۔ جذام۔ خنازیر۔ انتفاخ غدد جمیع بدن ضعف باہ وغیرہ کو از حد مفید ہے۔ ایک رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب دیں اور چنبل پر تیل چپڑ کر راکھ چھڑکیں۔ فوراً آرام ہوگا۔

حکیم محمد عثمان خاں حیدر آباد

روغن چہار برگ: جوڑوں کے درد خصوصاً سردی کے زمانہ میں مفید ہے۔ برگ دھتورہ برگ مدار۔ برگ اسپند۔ برگ ارنڈ ہر چہار ہموزن کا پانی نکالیں اور روغن کنجد ہموزن میں ملا کر جلائیں مقام درد پر مالش کر کے گرم روئی باندھیں۔

روغن تمباکو: تمباکو متفرض ۹ تولہ گل بابونہ ۲ تولہ سونٹھ ایک تولہ تمام دواؤں کو ½ سیر پانی میں رات کو بھگوئیں۔ صبح جوش دے کر مل کر چھان کر روغن کنجد ۳۵ تولہ ملا کر آگ پر خشک کریں درد اعضاء کو مفید ہے۔

حکیم کرم الہٰی

کشتہ قلعی: سوزاک۔ ذیابیطس۔ ضعف جگر۔ تپ دق میں بالخصوص مفید ہے۔ قلعی ۵ تولہ سیماب ۱۰ تولہ گرہ کریں۔ ابرک سفید محلوب ۱۰ تولہ شامل کر کے شورہ قلعی ایک پاؤ ملا کر کونڈے ڈنڈہ میں گھوٹ کر یک جان کریں اور کوزہ میں بند کر کے قرص بنا کر ۵ سیر آگ دیں۔ سرد کر کے پانی سے دھو کر آب گھیکوار میں کھرل کر کے قرص بنا کر ۵ سیر آگ دیں۔ اسی طرح تین آنچ دیں۔ اور تین آنچ آب گلو اور تین آنچ آب پوست نیم میں کھرل کر کے دیں۔ اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہوگا۔

کشتہ سہ دھاتہ: کثرت بول۔ جریان کو مفید ہے۔ قلعی۔ سکہ۔ جست ہم وزن کڑاہی میں ڈال کر گلائیں اور سفوف کو کنار ادویہ سے سات گنا زائد تھوڑا تھوڑا ڈالیں اور چوب برگد سے گھوٹتے جائیں۔ خاکستر ہونے پر شیر برگد میں کھرل کر کے ۵ سیر آگ دیں۔ اسی طرح تین آنچ دیں کشتہ برنگ زرد ہوگا۔ ایک دو رتی ہمراہ ایک تولہ سفوف ریش برگد ۵ تولہ تخم تالمکھانہ تخم ایسبغول۔ بہی دانہ۔ صمغ عربی کتیرا۔ ایک ایک تولہ باریک کر کے رکھیں۔ بعدہٗ دودھ پیویں

کشتہ طلا: مفرح ہے اعضائے رئیسہ کو تقویت دیتا ہے۔ خون صالح پیدا کرتا ہے۔ برادہ طلا ایک تولہ مروارید ۶ ماشہ آب برگ تلسی میں تین روز کھرل کر کے کوزہ میں بند کر کے ۵ سیر آگ دیں۔ تین آنچ میں کشتہ ہوگا۔ خوراک یک برنج ہمراہ مسکہ وغیرہ۔

کشتہ نقرہ:۔ مفرح مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ برادہ نقرہ ایک تولہ آب گل سرخ میں تین روز کھرل کر کے ایک سیر آگ دیں۔ اس طرح سات آنچیں دیں۔ کشتہ ہوگا۔ خوراک ۱/۲ رتی ہمراہ مسکہ دیں۔

حکیم ایم اے فریدی دہلی

آتشک:۔ قند سیاہ کہنہ بیس سالہ ۲ تولہ بلادر کلاہ برآوردہ ۶ ماشہ اس قدر کوٹیں کہ یک جان ہو جائے۔ گولی بقدر کوکنار بیر بنا کر دہی کو کھدر کے کپڑے میں ڈال کر لٹکائیں۔ منجمد دہی ایک تولہ میں رکھ کر نگلیں۔ ایک دن ناغہ کر کے استعمال کرلے

سے صحت ہوگی۔

وجع المفاصل :۔ کچلہ ۱۰ دانہ سوہاگہ ۳ تولہ پانی میں ڈال کر آٹھ یوم بھگوئیں۔ پھر پتہ و چھلکا دور کر کے ہاون دستہ میں کوٹیں اور ۱½ تولہ چینی کھانڈ ملا کر خوب کوٹیں۔ گولی بقدر دانہ مونگ بنا کر پہلے دن ایک گولی دوسرے دن دو تیسرے دن تین گولی چوتھے روز ایک گولی اور پھر دو اور تین گولی۔ اسی طرح نو دن استعمال کریں۔ بالکل آرام ہوگا۔

حب عشرت :۔ اعصاب کو طاقت دیتی ہیں۔ قوت باہ بے حد پیدا کرتی ہیں امساک بے حد پیدا کرتی ہے۔ فالج لقوہ میں بھی مفید ہیں۔ نزلہ کی شکایت دور کرتی ہیں۔ کچلہ ۲ تولہ فلفل سیاہ، فلفل دراز ایک ایک تولہ عنبر ۳ ماشہ گولی بقدر نخود بنا کر بوقت صبح ہمراہ پانی

سفوف مقوی :۔ فلفل دراز ۱۰ تولہ شیر گاؤ ایک سیر میں اس قدر جوش دیں کہ دودھ جذب ہو جائے۔ سایہ میں خشک کر کے دوگنی کھانڈ ملا کر ۲ تولہ ہمراہ دودھ ½ سیر دیں بے حد مقوی باہ ہے۔

مغلظ و ممسک :۔ مادہ گاڑھا کر کے امساک پیدا کرتا ہے تجربہ شدہ ہے بنگھاڑا خشک گوند ہر ایک ۶ ماشہ نشاستہ۔ تالمکھانہ۔ خصیتہ الثعلب ہر ایک ۳ ماشہ مصطگی۔ مازو ہر ایک ۲ ماشہ نبات ہموزن سفوف بنا کر ۶ ماشہ پانی سے دیں۔

سنون :۔ دانتوں کے امراض کو مفید ہے۔ مسوڑھوں کی رطوبت خشک کرتا ہے اور دانتوں کو مضبوط کرتا ہے۔ درد دور کرتا ہے۔ تمباکو سورتی۔ فلفل سیاہ۔ نمک سانبھر ہموزن سفوف بنا کر دانتوں پر ملیں۔

حب سوزاک :۔ نئے و پرانے سوزاک کو مفید ہے۔ طباشیر دو تولہ۔ گیرو ا تولہ۔ شورہ قلمی سنگجراحت۔ کہربا۔ دانہ الائچی کلاں۔ حجر الیہود ہر ایک ۹ ماشہ گل ارمنی۔ صمغ عربی ہر ایک ۲ ماشہ کندر ۵ رتی روغن صندل ۲ تولہ میں گولی بقدر کنار دشتی بنا کر صبح دوپہر شام ہمراہ شربت بزوری دیں۔

حب خشخاش :۔ نزلہ زکام۔ بلغمی کھانسی۔ خراش گلو کو مفید ہے اور امساک پیدا کرتی ہے
زعفران۔ اجوائن خراسانی مصطگی رومی۔ کہربا۔ کتیرا۔ نشاستہ۔ صمغ عربی۔ تخم کاہو۔ گل گاؤزبان
تخم خشخاش۔ مغز خیارین۔ افیون۔ رب السوس ہر ایک ۲ تولہ گل ارمنی ۴ تولہ۔ آب کوکنار میں
گولی بقدر نخود بنا کر ایک گولی عرق گاؤ دبان سے دیں۔ امساک کے لیے دودھ سے رات
کو دیں۔

حمی بلغمیہ :۔ برنجاسف۔ شکاعی۔ باد آورد ہر ایک ۳ ماشہ عرق برنجاسف میں شربت بنفشہ
ملا کر دیں۔

اسہال سبز بچگان :۔ برنج ساٹھی ۴ ماشہ نارجیل دریائی ۲ ماشہ برگ نیم ۲ عدد ہمراہ منقہ گھوٹ
کر گولی بقدر مونگ بنا کر صبح شیر مادر سے دیں۔

حب عشری :۔ ہاضمہ۔ وجع المفاصل دمہ کو مفید ہے۔ گل مدار۔ فلفل سیاہ۔ زنجبیل۔ تمباکو سیاہ
نوشادر ایک ایک پاؤ کوٹ چھان کر پانی کی مدد سے گولی بقدر بیر بنا کر دیں۔

حکیم سید اکبر علی لاہور

حب اکسیر چوتھیہ :۔ یہ گولیاں میرے اور میرے بزرگوں کے تجربہ میں چوتھیہ بخار میں بارہا آ چکی ہیں
میرا ان گولیوں کے متعلق بلا خوف تردید دعویٰ ہے کہ جدید طب میں اس سے بہتر کوئی چیز نہیں۔
بلاس پاپڑا کے سرخ چھلکوں کو دور کریں۔ اس کے ہموزن مغز کرنجوہ سفوف بنائیں اور پانی کی
مدد سے گولی بقدر نخود بنا کر تین تین گھنٹہ کے وقفہ سے یہ گولیاں دیں۔

حب مسیحی :۔ دق کے علاج کے لیے ان گولیوں سے بہتر کوئی دوا نہیں ... گلو طباشیر
الائچی خورد۔ بلادر مدبر۔ فلفل سیاہ ہموزن لے کر گوند کے پانی سے گولی بقدر دانہ مونگ بنائیں
شیر بکری ½ پاؤ سے ایک گولی دیں ہر رفتہ ½ چھٹانک دودھ بڑھاتے جائیں۔ جب ایک سیر
دودھ تک پہنچ جائیں تو ½ چھٹانک روزانہ گھٹا کر ½ پاؤ پر لے آئیں صحت ہو گی۔

عجیب گھوٹہ :۔ بخاروں میں یہ نسخہ مفید ہے۔ ایک دوست اگر طبیعت صاف ہو جاتی
ہے۔ ہمارا خاندانی ہے گل بنفشہ۔ گل سرخ چھ چھ ماشہ سنا مکی ۳ ماشہ بادیاں ۴ ماشہ مغز بادام

شیریں ۹ عدد گھوٹ چھان کر کھانڈ ملا کر نیم گرم پیویں۔ شام کے وقت گلقند ۲ تولہ سونف ۳ ماشہ مغز بادام ۹ عدد گھوٹ کر چھان کر پلائیں۔

دلیسی کونین:۔ مگر کونین کی طرح کڑوی نہیں فوائد اس کے برابر ہیں۔ ہڑتال گئوذنتی آگ میں اچھی طرح جلائیں سرد کر کے باریک کریں دو رتی سے ۴ رتی تک دن میں تین بار پانی سے دیں۔

اکسیر سُرخ:۔ ہر قسم کے بخاروں کو روکنے کے لیے۔ سینکڑوں مریضوں پر آزما چکا ہوں نوشادر۔ گیری ایک ایک تولہ مرچ سیاہ ۶ ماشہ تخم دھتورہ سیاہ ۱ ماشہ باریک کر کے بخار سے پیشتر ایک ایک رتی دو تین بار دیں۔

حب سلطانی:۔ عرصہ چار سال سے مطب میں شامل ہے بے شمار مریض فائدہ حاصل کر چکے ہیں۔ قوت ہاضمہ اور معدہ کو طاقت دینے کے علاوہ پیٹ کے جملہ امراض کو مفید ہے۔

زنجبیل ۳ تولہ مرچ سیاہ ۵۔ بادیاں۔ پودینہ۔ کچری شیریں دو دو تولہ سہاگہ۔ بریاں نمک لاہوری ایک ایک تولہ۔ دار فلفل۔ الائچی خورد۔ پترج۔ قرنفل ہر ایک ۶ ماشہ بالچھڑ ۱ ماشہ شگوفہ اذخر۔ زرنباد ہر ایک ۹ ماشہ۔ مصطگی رومی۔ دارچینی ہر ایک ۴ ماشہ پیلے ۱ مجور سفید ۲ تولہ مرچ سرخ ۲ عدد پانی میں پیس کر باقی دوائیں ملا کر گولی بقدر کوکنار بیر بنا کر استعمال کریں۔

حب کھانسی:۔ یہ نسخہ تین سال سے میرے زیر تجربہ ہے۔ بلغمی کھانسی کے لیے تو بیسیوں بیماروں پر مفید ثابت ہو چکا ہے۔ دار فلفل۔ کاکڑاسنگی۔ ملٹھی۔ قرنفل۔ پوست انار شیریں جوکھار ہموزن شہد سے گولی بقدر نخود بنا کر دو گولی صبح شام پانی سے دیں۔

طلائے شنگرف: میں نے اس وقت تک بارہ مریضوں پر تجربہ کیا ہے۔ سب کے سب اس کی تعریف کے معترف ہیں۔ مقوی باہ و ممسک ہے۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ شنگرف۔ ہر ایک ۴ ماشہ ½ ۲ اسپر شراب برانڈی میں کھرل کر کے گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کریں اور شہد میں گھس کر طلا کریں۔

جریان سفوف صادق: مغز تخم املی۔ ثعلب مصری۔ تالمکھانہ۔ پھلی ببول ہر ایک ۱۵ ماشہ رال سفید ۲ ماشہ نخود بریاں مقشر۔ خستہ جامن ایک ایک تولہ شکر سفید ۵ تولہ سفوف بنا کر ۶ ماشہ ہمراہ دودھ دیں۔

بواسیر خونی :- خونی بواسیر کے لیے نایاب اور بارہا کی مجرب ہیں۔ میرے تجربہ میں اس سے بہتر کوئی نسخہ مفید ثابت نہیں ہوا۔ رسونت زرد ا تولہ کتیرا ۱ ماشہ مازو سبز۔ سنگ جراحت گیرو ہر ایک ۲، ماشہ۔ آب گندنا میں کھرل کر کے گولی بقدر بنا کر ۲ گولی صبح پان سے۔

حب مقوی :- باہ کو قوت دیتی اور امساک پیدا کرتی ہے۔ جائفل۔ جاوتری۔ افیون، مازو مصطگی، زعفران۔ ناگیسر۔ موچرس۔ گوگل۔ چھالیہ۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر۔ اجوائن خراسانی گولی بقدر نخود بنا کر دودھ سے صبح وشام دیں۔ امساک کے لیے دو گولی پیشتر کھائیں۔

حب راحت :- دمہ۔ شدید کھانسی۔ کالی کھانسی کو مفید ہے۔ کباب چینی ریوند چینی سنڈھ ہموزن گولی بقدر نخود بنا کر عرق سونف سے ایک گولی دیں۔

حابس :- دستوں کو بند کرنے میں اکسیر ہے۔ مرداسنگ۔ گیرو۔ رسونت ہموزن دانہ مونگ کے برابر گولی بنا کر پوست ہلیلہ زرد ۳ ماشہ کے زلال سے دیں۔

مقوی باہ :- عجیب العقل اور عجیب الکیفت ہے۔ چالیس روز میں نامرد مرد ہو جاتا ہے۔ شنگرف مدبر مصطگی رومی ہر ایک ۴ ماشہ شیرہ آب برگ پان میں سات یوم کھرل کر کے چالیس عدد چھوہاروں میں گٹھلی نکال کر بھر دیں۔ دھاگہ سے باندھ کر ۵ سیر دودھ میں پکائیں جب دودھ جذب ہو جائے۔ چھوہاروں کی پوٹلی نکال کر سوا سیر روغن زرد میں ڈال رکھیں ایک چھوہارہ اور قدرے گھی روزانہ استعمال کریں۔

حکیم سید ابراہیم قریشی دہلی

روغن عجیب :- ریحی ذات الجنب۔ وجع المفاصل کے لیے مفید ہے۔ روغن ارنڈ۔ روغن کتان۔ روغن تارا میرا۔ عاقرقرحا۔ تخم حرمل۔ مالکنگنی۔ اجوائن ہر ایک ۵ تولہ جوکوب کر کے ۱½ سیر پانی میں بھگوئیں۔ جوش دے کر چوتھا حصہ پانی رہ جائے۔ تو مل چھان لیں اور ہر سہ روغن ملا کر نرم آنچ پر خشک کریں کہ صرف تیل رہ جائے۔ اسے مالش کریں اور گرم روٹی باندھیں۔

دوائی عجیب :- جو محرقہ تپ کے سوا تمام تپوں کو دور کرتی ہے۔ ذات الجنب۔ ذات الصدر۔ ذات الریہ اور قولنج میں مفید ہے اور سینہ کے امراض کو فائدہ دیتی ہے۔ قلمی

شورہ۔ نوشادر ہر ایک ۶ ماشہ باریک کر کے کڑچھے میں ڈال کر کوئلوں پر رکھیں۔ لوہے کی سلاخ سے ہلاتے رہیں اور شہد مدار ۲ تولہ تھوڑا تھوڑا ڈالتے جائیں۔ جب دھواں نکلنا شروع ہو جائے تو اتار لیں دھواں بند ہونے پر پھر رکھیں اسی طرح تمام دودھ ختم کریں۔ سیاہ سرخی مائل دوا تیار ہو گی۔ معمولی بخار کے لیے دو رتی کھانڈ میں ملا کر پانی نیم گرم سے دیں۔ اسی طرح باقی امراض میں بھی دیں۔

حب کندر:۔ پرانی کھانسی جس میں نیند نہ آتی ہو۔ بچوں کی کھانسی کو مفید ہے۔ مرکی۔ رب السوس۔ کندر۔ میعہ سائلہ ہر ایک ۳ ماشہ صمغ عربی ۲ ماشہ افیون ۱ ماشہ سب کو باریک کر کے گولی بقدر مرچ سیاہ بنا کر دیں۔

حب سعال:۔ بلغمی۔ مرطوب کھانسی کو مفید ہے۔ بیش مدبر۔ خرمہرہ زرد سوختہ۔ مرچ سیاہ ۲ ماشہ بیش اور مرچ سیاہ کو تین چار گھنٹہ برابر کوٹیں۔ اس کے بعد خرمہرہ ملا کر سات گھنٹہ آب گیلار سے کھرل کر کے گولی بقدر دانہ مونگ بنا کر صبح شام عرق گاؤزبان سے دیں۔

دوائی اصغر:۔ عظم طحال کو نافع ہے کھانسی اور اخراج بلغم کو مفید ہے۔ سبوس۔ نانخواہ نمک سیاہ۔ زاج سفید۔ انبہ ہلدی ایک ایک تولہ۔ ہلدی کو چونہ میں لپیٹ کر بھوبل میں دبا دیں کہ بریاں ہو جائے۔ پھر سب کو باریک کر کے ۳ رتی منہ میں رکھ کر چوسیں۔

سرفہ سیاہ:۔ کالی کھانسی اور ضیق النفس کو مفید ہے۔ اجوائن۔ نمک سیاہ۔ مرچ سیاہ فلفل دراز۔ نمک لاہوری۔ سوہاگہ ہر ایک ایک تولہ ۲ ماشہ برگ اڑوسہ ۴۴ عدد مٹی کی ہنڈیہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے آگ دیں۔ باریک کر کے دو سے چار رتی پان میں رکھ کر دیں۔

دیگر:۔ نوشادر ایک تولہ کو نمک باریک ایک پاؤ میں توا پر رکھ کر اوپر پیالہ اوندھا رکھ دیں اور چولہے پر رکھ کر ۲ گھنٹہ نرم آگ جلائیں۔ سرد کر کے نوشادر نکال کر دو رتی کھمن میں رکھ کر خشک کھانسی کو اور تر میں نیم ماشہ میں رکھ کر دیں۔

تریاق عصابیہ:۔ ہر قسم کے عصبی درد میں نافع ہے۔ اسپرین ۶ گرین فنسٹین ۱۱ گرین کونین نائی سلیٹ ۲ گرین۔ کوڈین سلفیٹ ½ گرین سب کو ایک کیپ سول میں بند کر

کے دن میں چار بار دیں۔

تریاق اوجاع:۔ درد عصبی۔ درد مفاصل۔ درد سینہ۔ درد پشت و کمر اور گردن و سر درد کو مفید ہے۔ سورنجاں شیریں۔ کشنیز خشک ایک ایک تولہ اسپرین ۶ ماشہ۔ انٹی پائیرین ۲،ماشہ۔ کیفین سائٹراس ۳ ماشہ نبات سفید ۳ تولہ سفوف بنا کر ۲ ماشہ دن میں تین بار پانی سے دیں۔

حب سم:۔ فالج۔ لقوہ میں بعد تنقیہ مفید ہے۔ سم الفار سرخ۔ کتھ سفید ۱۰ ماشہ طباشیر ۱۰ ماشہ باریک کر کے زنجبیل کے پانی سے کھرل کر کے گولی بقدر دانہ ماش بنا کر بعد غذا سات یوم تک کھلائیں۔ تیسرے دن گولی کھانے کے بعد اگر مصری کا شربت پلا دیا جائے تو مریض کو کھل کر دست اور قے آ جاتے ہیں۔ جس سے بقیہ مادہ خارج ہو جاتا ہے۔

حب اوجاع:۔ یہ اس حالت میں نہایت مفید ہوتی ہے۔ جب کہ مرض پرانا ہو گیا ہو۔ پٹھوں میں حرارت اور قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ کچلہ مدبر ۵ تولہ پوٹلی میں باندھ کر دودھ میں جوش دیں اس کے بعد اسے گھی میں بریاں کریں۔ یہاں تک کہ سرخ ہو کر پھول جائے تو گرم پانی سے دھو کر ہموزن مرچ سیاہ ملا کر ہاون دستہ میں کوٹ کر گولی بقدر مرچ سیاہ بنا کر بعد غذا ایک گولی دیں۔

دافع اختلاج:۔ ایک رتی کافور۔ گلقند ۶ ماشہ میں ملا کر تین خوراک دن میں تین بار دیں۔

مقوی بصر:۔ سرمہ اصفہانی ایک تولہ سنگ بصری ۲ ماشہ مشک ایک ماشہ، کافور ½ ماشہ سرمہ بنا کر آنکھوں میں لگائیں۔

دیگر:۔ ہلیلہ، بلیلہ۔ آملہ ہر ایک ۵ تولہ عرق بادیاں ایک پاؤ میں رات کو بھگوئیں صبح زلال لے کر سرمہ اصفہانی سنگ بصری۔ مامیراں چینی دو دو تولہ میں کھرل کر کے خشک کریں اور آنکھوں میں لگائیں۔

حکیم ابوالنظر سید معطر علی ہاشمی

سرفہ :- گوکھرو۔ فلفل دراز ہموزن باریک کر کے ایک رتی پان یا بالائی میں دیں بے حد نافع ہے۔

آشوب چشم :- پوست ہلیلہ زرد ۳ ماشہ رسونت زرد ۵ ماشہ پھٹکری بریان ۱ ماشہ آب حنا میں حل کر کے بار بار لگائیں۔ بہت سے امراض کو مفید ہے۔

استحاضہ :- بھوج پتر لبقدر ضرورت لے کر خاکستر کریں اور دو رتی بالائی سے دیں۔

سلسل البول :- کبابہ مقشر ۳ تولہ مالکنگنی ۲ تولہ آرد سنگھاڑا ۴ تولہ سفوف بنا کر ۱ تولہ روزانہ

بواسیری :- رسونت۔ گوگل خاکستر با چکد شنی ہموزن سفوف بنا کر ۲ ماشہ تازہ پانی سے دیں۔ فوری مؤثر ہے۔

دیگر :- خاکستر پوست ریٹھہ۔ گیرو ہموزن سفوف بنا کر ایک رتی مکھن میں دیں۔

ضعف ہضم :- بزرالبنج۔ دارچینی۔ اجوائن۔ نوشادر ہموزن سفوف بنا کر ۳ ماشہ عرق بادیان سے دیں۔ محلل ریاح بھی ہے۔

ناخنہ :- گل چنبیلی ۵ عدد پھٹکری بریاں۔ کف دریا تین تین ماشہ سرمہ بنا کر رات کو لگائیں۔

سیلان الرحم :- مازو خشک ۳ عدد سنگ جراحت ۱ تولہ گیرو ۶ ماشہ گل ارمنی ۳ ماشہ سفوف بنا کر لبقدر ۳ ماشہ تازہ پانی سے دیں۔

ممسک :- عقرقرحا۔ مصطگی۔ مغز بادام۔ تخم ریٹھہ۔ مغز پستہ۔ صمغ سنبھل ہر ایک ۶ ماشہ اسٹرکینا ۴ گرین عرق کیوڑہ سے کھرل کر کے گولی لبقدر نخود بنا کر ایک گھنٹہ پیشتر ایک گولی دیں۔

اکسیر البدن :- ستاور۔ دارچینی دو دو تولہ جوکوب کر کے عرق بید مشک ۱ پاؤ میں بھگوئیں۔ صبح جوش دے کر کھانڈ ۱ پاؤ ملا کر شربت بنائیں اور ایک تولہ صبح پانی ڈال کر استعمال کریں۔ مقوی اعصاب، مولد خون، مقوی باہ ہے۔

طلائے مقوی :- تخم دھتورہ ۵ عدد پوست بیخ کنیر سفید۔ ثمار جوکوب کر کے پوٹلی بنا

بناکر ۱۵ سیر دودھ میں چار دفعہ جوش دیں اور جما کر گھی حاصل کریں۔ پان میں رکھ کر استعمال کریں۔
ضعف باہ :- خراطین مصفیٰ۔ تخم ترب۔ دارچینی ایک ایک تولہ باریک کر کے شہد ۱۰ تولہ کف گرفتہ میں ملا کر ۴ ماشے سوتے وقت کھائیں۔
عقر :- قلب الحجر ۲ تولہ برادہ عاج۔ دارچینی ہر ایک ۶ ماشہ قاقلہ بہمنین۔ تودری سفید ایک ایک تولہ شہد میں ملا کر معجون بنائیں ۶ ماشہ ہر روز دیں۔
مرگی :- جدوار۔ عود صلیب کندر۔ صبر ہموزن عرق گلاب میں کھرل کر کے گولی بقدر دانہ مونگ بنا کر دو چار گولی دودھ سے دیں۔
دیگر :- فلفل گرد۔ بیخ مدار ایک ایک تولہ دونوں کو بول خر میں کھرل کر کے خشک کریں دورہ کے وقت ناک میں پھونکیں۔
شقیقہ :- کافور۔ فلفل گرد۔ نبات سفید ہر ایک ۹ رتی پانی میں حل کر کے مخالف ناک کے نتھنے میں ٹپکائیں۔
دیگر :- نوشادر ۲ تولہ باریک کر کے رکھیں۔ بوقت ضرورت پانی میں گھول کر دونوں نتھنوں میں ٹپکائیں۔
کھانسی تر :- گیکرو۔ فلفل گرد۔ فلفل دراز ہموزن سفوف بنا کر دو سے رتی پان یا بالائی سے دیں۔
دیگر :- گندم۔ ہلدی ہموزن کوزہ میں بند کر کے جلالیں۔ دو رتی پان یا شہد میں دیں یہ دمہ کو بھی مفید ہے۔
دمہ :- برگ مدار۔ بیخ مدار۔ گل مدار گل حکمت کر کے جلالیں دو رتی بالائی سے دیں۔
نفث الدم :- سنگ جراحت۔ گل ارمنی ہموزن باریک کر کے ایک ماشہ پانی سے دیں۔ استحاضہ کے لیے بھی مفید ہے۔
دیگر :- دم الاخوین۔ گوند خشک ہر ایک ۳ تولہ آملہ خشک ایک تولہ باریک کر کے ایک

ماشہ شربت اعجازت دیں۔

بواسیر: پوست بندق سوختہ ۹ ماشہ مغز بکائن۔ رسونت ایک ایک تولہ سفوف بنا کر ایک ماشہ تازہ پانی سے دیں۔

دیگر:۔ چھتہ بھڑ ۲ تولہ خاکستر کرلیں۔ اس میں دانہ ہیل ایک تولہ باریک کرکے ایک ماشہ پانی سے دیں۔

دیگر:۔ برگ صد برگ ۳ تولہ نوشادر۔ چاکسو ایک ایک تولہ گولی بقدر نخود بنا کر دو گولی صبح و شام دیں۔

بواسیری اسہال وخون: زیرہ سیاہ، اجوائن۔ خراسانی سوختہ ایک ایک تولہ کاک سوختہ ۳ ماشہ دہی میں ملا کر دیں۔

استحاضہ:۔ مازو ۲ عدد سنگ جراحت ایک تولہ۔ گل ارمنی ۲ ماشہ نبات سفید ا تولہ سفوف بنا کر ا ماشہ دودھ سے دیں۔

کیمیائے عشرت: مولد خون مقوی باہ۔ محرک اعصاب مشتہی اور مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ لوبان کوڑیہ ۳ ماشہ جدوار ۹ ماشہ جوزبویہ ۵ ماشہ باریک کرکے چھوہاروں میں بھر کر اوپر آرد گندم لگا کر بھوبل میں پکائیں اور نکال کر شنگرف مدبر۔ سم الفار مدبر۔ مغز جوز ہندی مغز پستہ ہر ایک ۲ ماشہ مومیائی۔ زعفران ہر ایک ۳ ماشہ عرق گلاب میں کھرل کرکے گولی بقدر دانہ مونگ تیار کرکے ایک گولی دودھ سے دیں۔

کشتہ فولاد:۔ نہایت مقوی جگر اور مولد خون ہے۔ برادہ فولاد ایک تولہ آب برگ جامن ۱۰ تولہ آب ثمر ببول خام ۵ تولہ۔ آب گھیکوار ۵ تولہ میں کھرل کرکے ۱۰ سیر آگ دیں۔ ایک رتی ہمراہ مسکہ دیں۔

حکیم مسیحا نرہتی

حب مسیحا:۔ کھانسی کی گولیاں ایسی مجرب ہیں کہ ۲۰ برس سے برابر بنتی اور فروخت ہوتی ہیں کسی قسم کی کھانسی ہو نئی ہو یا پرانی ضرور ہی فائدہ دیتی ہیں۔ اصل السوس ۹ ماشہ رب السوس

سیاہ. شنگرفِ تیغال۔ صمغ عربی کتیرا۔ نشاستہ ہر ایک ۶ ماشہ در شیرہ افیون ۲ ماشہ حل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر منہ میں رکھ کر چوسیں۔

ضماد مسیحا: ورم طحال کے لیے بیسیوں بار تجربہ ہو چکا ہے۔ اشق ۱ تولہ۔ کتیرا ۱۲ تولہ صمغ عربی ۴ ماشہ زراوند مدحرج ۵ ماشہ افسنتین رومی ۵ ماشہ سرکہ تند ۶ تولہ حل کر کے کپڑا پر لیپ کر کے ورم پر لگائیں۔ جتنا ورم کم ہوگا پٹی کنارا سے اکھڑتی جائے گی۔ جسے مقراض سے کتر دیں۔

شب خوری مسیحا: قبض کے لیے مفید ہے۔ ۳۰ برس سے معمول ہے۔ سنا مکی ۴ تولہ پوست ہلیلہ سیاہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ آملہ خشک۔ پودینہ خشک۔ زیرہ سفید۔ نمک لاہوری۔ نمک سیاہ ایک ایک تولہ سفوف بنا کر ایک تولہ رات کو ہمراہ پانی دیں۔

سوزاک: طوطیا سوختہ۔ مجیٹھ۔ مردا سنگ سوختہ۔ ہڑتال طبقی۔ کوڑی خورد۔ طباشیر۔ پھٹکری سفید ہر ایک ۳ ماشہ عرق لیموں ۱۰۰ عدد کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر سایہ میں خشک کر کے صبح و شام ایک گولی دیں۔

اکسیر دمہ: ۸۰ مریضوں کو استعمال کرایا۔ سب کو فائدہ ہوا۔ برگ نیم ۱۰۱ عدد نمک لاہوری ۳ تولہ ملا کر ماش کے آٹے میں رکھ کر گولا بنائیں۔ اس کے اوپر کپڑا لپیٹ کر گلِ حکمت کر کے شام کو آگ دیں۔ صبح نکال کر سفوف بنا کر ایک ماشہ صبح و شام دیں۔ اگر مرض نیا ہو تو دورہ سے قبل دیں ورنہ ایک چلہ دیں۔ اس کے استعمال سے پیاس لگتی ہے۔ جس پر قابو رکھیں۔ اگر پانی پی لیں گے تو سخت نقصان ہوگا۔

دردِ دندان: شیر مدار روئی سے تر کر کے درد کی جگہ رکھ دیں۔ درد فوراً جاتا رہے گا۔

مدرِ حیض: جس عورت کا حیض رک گیا ہو تو ایک کف دست کلونجی صبح ہمراہ عرق گلاب ایک پاؤ دیں۔ چند روز میں حیض ہوگا۔ تیس چالیس مریضہ پر تجربہ شدہ ہے۔

گھوگا: جس میں بچہ کا جبڑا اور گلا بیٹھ جاتا ہے جس سے وہ دودھ نہیں پی سکتا۔ اس کے لیے بیس سالہ تجربہ شدہ بے خطا معتبر نسخہ ہے۔ کتابوں میں کسی چیز میں سفید کپڑا اسند چھوٹی

پھلی نازک بدن ہوتا ہے اس کو پکڑ کر بچہ کے گال اور مسوڑھوں پر ملا جائے۔ بچے
گھٹنوں کا مرض ہوگا انے کپڑے ملیں۔

پیچش:۔ مصری ۱ تولہ کا شربت تین تولہ بنا کر گھی ۲ ماشہ میں تڑک کر بگھار نما صبح دوپہر شام پلائیں۔

سر درد:۔ بعد بخار کے سر درد کے لیے دوب ایک تولہ پیس کر دو تین بار پیشانی پر لیپ کریں۔

ریاح:۔ پیٹ کی ریاح کو مفید ہے۔ برگ نیم ۵ تولہ گھوٹ کر دو ٹکیہ بنائیں۔ اور ۱/۲ پاؤ روغن گاؤ میں بریاں کریں کہ ٹکیہ سیاہ ہو جائے تو نکال کر پھینک دیں اور گھی کو نان گندم میں ملا کر کھائیں۔ پانی نہ پیویں۔

حکیم چونی لال

حمی نائبہ مضاعفہ (وبائی):۔ چالیس سال تک مجرب ہے۔ مرچ سفید ۱ ماشہ دانہ الائچی خورد۔ حباشیر زہر مہرہ۔ سنگ یشب اصلی ہر ایک ۳ ماشہ ست گلو کشتہ ابرک سیاہ ایک ایک تولہ آب تلسی نصف پاؤ میں کھرل کر کے سفوف بنائیں۔ ایک رتی تا ایک ماشہ ہمراہ شربت بزوری۔ شربت دینار عرق کاسنی و عرق گلاب دیں۔

حکیم ابو الشمس احمد حسین خاں دکن

طلاء اکسیر اعظم:۔ عجیب شئی ہے۔ اکسیر ہے گو ہر مرد ہے۔ اسگند ناگوری۔ مرچ سیاہ ایک ایک تولہ سم الفار زرد ۲ ماشہ باریک کر کے ایک سیر وزنی بام مچھلی کے پیٹ میں ڈال کر چار سیر پانی میں جوش دیں جب چربی نکل کر اوپر پانی تیرنے لگے تو اتار کر محفوظ رکھیں اور عضو پر لگا کر نصف گھنٹہ بلا باندھے بیٹھے رہیں پھر شیر گاؤ سے دھو ڈالیں۔ دس یوم میں تمام نقائص دور ہوں گے۔

خوراکی:۔ ریگ ماہی۔ زعفران۔ عقر قرحا۔ کباب چینی۔ خولنجان۔ ثعلب مصری کمد ۴ ماشہ۔ مروارید۔ مشک ایک ایک ماشہ ہر بھوٹی ایک تولہ شہد سے گولی بقدر نخود بنا کر

کر صبح و شام ایک گولی دیں۔ پندرہ یوم میں تمام کمزوریاں دور ہوں گی۔

آتشک:۔ آتشک کی وجہ سے جسم کتنا خراب ہو گیا ہو چند روز میں مادہ بذریعہ اسہال خارج ہو کر آرام ہوگا۔ مغز جمالگوٹہ مدبر۔ مغز کرنجوہ۔ زنجبیل۔ فلفل گرد۔ ہموزن باریک کر کے گولی بقدر نخود بنا کر چار گولی ہمراہ آب تازہ دیں۔

ایڈیٹر حکیم حاذق لاہور

مقوی بے نظیر:۔ نہایت اکسیر گولیاں ہیں۔ پٹھوں کو بے حد طاقت دیتی ہیں۔ مقوی دماغ و باہ و اعصاب ہیں۔ سم الفار ایک تولہ ریشمی کپڑے میں باندھ کر ایک سیر آب تھوم میں کھرل کریں۔ اس میں زعفران مروارید۔ ورق نقرہ تین تین ماشہ ملا کر گولی بقدر نخود بنا کر ہمراہ دودھ دیں۔

طلاء بے نظیر:۔ روغن راس افعی۔ خراطین۔ جونک۔ بیر بہوٹی۔ جند بیدستر ہر ایک ۲ ماشہ روغن دار چینی ایک تولہ عقرقرحا ۳ ماشہ چربی سانہہ۔ چربی شیر تین تین تولہ مشک افیون ایک ایک ماشہ کھرل کر کے بطور طلا استعمال کریں۔

ملیریا:۔ برگ نیم۔ گلو۔ افسنتین۔ کوڑ۔ شاہترہ۔ کرنجوہ ہموزن باریک کر کے ایک رتی ہمراہ گلقند دیں۔

حکیم عبداللطیف عارف گجرات

ملیریا:۔ ابرک سفید محلوب۔ شورہ۔ پھٹکری۔ نوشادر۔ کافور ایک ایک تولہ عرق گلاب ۱۵ تولہ میں کھرل کر کے جو ہر لیں ایک دو رتی نوبت سے پیشتر دیں۔

ریح البواسیر:۔ سم الفار کشتہ فولاد ایک ایک تولہ تارامیرا ۱۵ تولہ مصری ۱۵ تولہ آٹھ پہر کھرل کر کے دو رتی مکھن سے دیں۔

نافیشون برائے امراض جگر:۔ گل غافث۔ پوست بلیلہ زرد ہر ایک ۳ تولہ شورہ، ریوند چینی دو دو تولہ زعفران۔ خبث الحدید ۲ تولہ باریک کر کے ۲ ماشہ ہمراہ مکھن یا شربت بزوری دیں۔

حکیم منشی شودیال صاحب لکھی بٹالہ

ملیریا:۔ پڑتال گئودنتی ایک تولہ ثمر دھتورہ تازہ ایک پاؤ میں رکھ کر ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ دو رتی ہمراہ پانی وغیرہ۔

دیگر:۔ پتیس ۲ تولہ۔ پھٹکڑی بریان ایک تولہ باریک کر کے ۲ رتی بیشتر نوبت بدرقہ مناسب سے دیں۔ تیس سالہ معمول ہے۔

بچوں کے پیٹ سے مٹی نکالنا:۔ مٹی کھانے کی عادت دور کرنے کے لیے اکسیر ہے الائچی سفید ا تولہ گندھک مصفیٰ ۲ تولہ مرداسنگ در آب غسل دادہ کہ بالکل سفید ہو۔ ۴ تولہ سونف ۴ تولہ سفوف بنا کر ۲ ماشہ ہمراہ دودھ گائے اس سے مٹی کیچڑ کی طرح نکل جائے گی اور پانچ چھ یوم میں فائدہ ہو گا۔

اکسیر خنازیر:۔ رسکپور ۲ تولہ مین پھل ۳ ماشہ بھگو کر نرم کر کے درمیان سے چیر کر رسکپور رکھ دیں اور دھاگہ سے باندھ کر دودھ چار سیر پانی ۸ سیر میں بطور ڈول جنتر پکائیں۔ بعدہٗ نکال کر دانہ الائچی دو تولہ ملا کر ۸ پہر آب گھیکوار سے کھرل کر کے گولی بقدر ایک رتی بنا کر روزانہ پانی سے ایک ماہ تک دیں۔ غذا دال مونگ وغیرہ گھی زیادہ دیں۔

حکیم ودھایا رام بلوالی

لاکھ روپیہ کا نسخہ:۔ حسب وعدہ ایک نسخہ لاکھ روپیہ کا بارہا کا آزمودہ و مجرب پیش کرتا ہوں۔ ضعف باہ۔ جریان احتلام۔ سرعت ضعف دماغ و دل۔ کمی خون اور تپ دق کو مفید ہے۔

برادہ فولاد ۲ تولہ برادہ چاندی۔ برادہ سونا ایک ایک تولہ شیر مدار میں کھرل کر کے کوزہ میں بند کر کے پندرہ جنگلی اوپلوں کی آگ دیں۔ پندرہ آنچ کے بعد ایک تولہ پارہ شامل کر کے آب زقوم سے کھرل کر کے ایک سیر اوپلہ کی آگ دیں ہر بار پارہ شامل کر کے آب زقوم سے کھرل کر کے بوتہ تانبہ میں بند کر کے ایک پاؤ اوپلہ کی آگ دیں اور پچیس آنچیں پھر شراب برانڈی میں کھرل کر کے چار سیر اوپلہ کی آگ دیں اور محفوظ رکھیں۔ ایک برنج ہمراہ

سکہ وغیرہ دیں۔

حکیم محمد صدیق

اکسیر الامراض معدہ :۔ روغن قرنفل۔ روغن دارچینی۔ ست اجوائن۔ ست پودینہ ہر ایک ۲ ماشہ کافور ۳ ماشہ شیشی میں ڈال کر رکھیں حل ہوگا۔ اس میں نمک سنگ نمک سیاہ نمک طعام، نمک کابنج نمک ترب ہر ایک ۲ تولہ نارجیل دریائی ۳ تولہ سوڈا بائی کارب ۱½ تولہ نائٹرک ایسڈ ایک تولہ ملاکر رکھیں۔ ایک رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔ دافع اسہال مقوی معدہ اور تمام امراض شکم میں مفید ہے۔

حکیم ولی محمد

جریان :۔ بے مثل مجرب نسخہ حاضر خدمت ہے۔ موصلی سفید۔ چھلکا اسپغول ہر ایک ۵ تولہ ستاور۔ ثعلب مصری ۱۲ تولہ موسلی سیاہ۔ گوندکیکر۔ تج سنک۔ طباشیر۔ الائچی سفید ہر ایک ۳ تولہ مصری بارہ ۱۲ تولہ کھرل کرکے سفوف بنائیں۔ ایک تولہ ہمراہ دودھ تازہ یا شربت بزوری دیں۔

حکیم مرزا محمد ابراہیم

دافع پھولا چشم مجرب :۔ برادہ جست۔ برادہ مس ہر ایک ۶ ماشہ ان کو کانسی کے کٹورہ میں ڈال کر اوپر عرق لیموں کاغذی اس قدر ڈالیں کہ دونوں سے نصف انچ اوپر رہے اسے رکھ چھوڑیں۔ جب عرق نصف جذب ہو جائے تو کانسی کے دستہ سے کھرل کرکے خشک کریں۔ صبح و شام بذریعہ سلائی لگائیں۔

آشوب چشم :۔ رسونت۔ پھٹکری سفید۔ شورہ قلمی برگ نیم۔ کھانڈ دیسی ہر ایک تین ٹرا طوطیا ایک ماشہ چینی کے پیالہ میں ڈال کر آگ پر رکھ کر یک جان کریں اور سلائی سے لگائیں۔

ممسک :۔ گل کنیر سفید پوست بیخ کنیر سفید ایک ایک تولہ عقرقرحا۔ جوزبویہ ہر ایک ۳ ماشہ سفوف بنا کر آب پوست جس سے افیون نہ نکالی ہو سے کھرل کرکے گولیاں

بنائیں۔ بوقت ضرورت پانی میں حل کر کے عضو پر ضماد کر کے خشک ہونے پر مجامعت کریں اور امساک کا تماشا دیکھیں۔

ممسک:۔ قرنفل۔ برادہ سینگ گاؤ۔ زعفران۔ دارچینی۔ عاقرقرحا ہر یک ایک تولہ مشک ۱ ماشہ کوکین ایک رتی افیون ۲ ماشہ ورق نقرہ ایک تولہ ملا کر گولیاں بقدر نخود بنائیں ایک گولی منہ میں رکھ کر جماع کریں تا ترسش کا مصداق ہے۔

کشتہ سم الفار:۔ سم الفار سفید ایک تولہ کو دس سیر برگ مدار نرم ملائم کے درمیان ایک گھڑے میں منہ بند کر کے آٹھ پہر آگ جلائیں تاکہ پتے تمام جل جائیں تکی کی طرح شگفتہ کشتہ ہو گا۔ ایک چاول ہمراہ مسکہ دینے سے ایک ہفتہ میں گیا گذرا نامرد بھی قابل رشک مرد ہو گا۔ دو رکے لیے شہد ملا کر دیں۔

کشتہ نمک:۔ سرد پانی لگنے سے دانتوں کے درد کو فوری تسکین دیتا ہے۔ نمک شیشہ ۵ تولہ کو اس قدر شیر مدار میں کھرل کر کے کوزہ میں بند کر کے ۵ سیر آگ دیں اور سرد کر کے استعمال کریں۔

ریح البواسیر:۔ رسونت۔ مغز تخم نیم۔ تخم بکائن۔ ہلیلہ سیاہ نرکچور مقل ازرق آردجا کسو فلفل سیاہ مصطگی رومی ہموزن آب گندنہ میں کھرل کر کے گولی بقدر کوکن بیر بنا کر ہمراہ پانی دے دیں۔

دیگر:۔ رسونت ۲ تولہ آب گندنہ میں حل کر کے مقطر لے کر خشک کریں۔ اس میں مقل ازرق ۲ تولہ نرکچور۔ ثمر بکائن۔ ثمر نیم۔ تخم گندنا ہر یک ۱ ماشہ اجمود مصطگی انیسون سہاگہ بریاں نمک سیاہ نوشادر۔ نانخواہ۔ زنجبیل ہر یک ۳ ماشہ مویز منقی ملا کر گولی بقدر کنار دشتی بنا کر ہمراہ پانی صبح و شام دیں۔

دیگر:۔ رسونت مصفیٰ ۲ تولہ نرکچور مقل۔ ثمر بکائن۔ مصبر تخم گندنا مصطگی ہر ایک ۳ ماشہ مویز منقی، مغز بادام ایک ایک تولہ گولی بقدر کوکن بیر عرق گندنہ میں کھرل کر کے بنائیں اور صبح و شام پانی سے استعمال کریں۔

دیگر: مقل۔ رسونت مغز تخم نیم ثمر بکائن صبر زرد ایک ایک تولہ۔ نمک سیاہ نوشادر ہینگ سوہاگہ بریاں نانخواہ زیرہ سیاہ۔ کرکچور احمود مصطگی۔ تخم گندنا۔ صعتر فارسی ہر یک ۳ ماشہ موزمنقی ۱۰ تولہ گولی بقدر کنار دشتی ہمراہ گکر وندہ بنا کر استعمال کریں۔

بواسیر ہر قسم: آرد چاکسو۔ آرد تخم سرس ہر ایک ۳ ماشہ ہمراہ پانی باسی دیں۔ سات یوم میں کلی صحت ہوگی۔

سوزش مسہ و خارش مقعد: چربی بھیڑ ۲ تولہ سفوف مازو ۹ ماشہ ملا کر لگائیں۔ فوراً آرام ہوگا۔

بواسیر خونی: سکہ ایک تولہ پگھلا کر گندھک آملہ سار ۲ تولہ کی چٹکی ڈالتے جائیں اور چوب نیم سے ہلاتے رہیں۔ جب گندھک ختم ہو کر کشتہ ہو تو اتار کر کپڑ چھان کر کے دو رتی ہمراہ مسکہ دیں۔ غذا میں روٹی گھی کے ساتھ دیں۔

ریح البواسیر: مقل ازرق رسونت مغز تخم نیم ثمر بکائن صبر زرد ایک ایک تولہ نمک سیاہ نوشادر۔ ہینگ بریاں۔ سوہاگہ بریاں نانخواہ۔ زیرہ سیاہ کرکچور۔ احمود۔ مصطگی۔ تخم گندنا صعتر فارسی ہر یک ۳ ماشہ موزمنقی ۱۰ تولہ جملہ اشیاء باریک کر کے آب گکروندہ سے کھرل کر کے گولی بقدر کنار دشتی بنا کر صبح و شام ہمراہ آب دیں۔

حکیم مشتاق حسین

رعاف: اگر نکسیر کسی علاج سے بند نہ ہو تو سرگین خر سے پانی نکال کر ناک میں ڈالیں۔ انشاء اللہ آرام ہوگا۔ اگر اس میں سرکہ انگوری ملا کر رکھیں تو زیادہ مفید ہے۔

مقوی باہ: ایک سینہ کا راز ہے۔ قدر شناس اس کی قدر کریں گے۔ سم الفار سرخ شنگرف ہر ایک ۹ ماشہ گندھک آملہ سار ۲ تولہ بیر بہوٹی۔ خراطین ہر ایک ۵ تولہ برانڈی آب ناگ پھنی سرخ ہر ایک ۱۰ تولہ شورہ ۳ تولہ سرخ املی ۲۰ تولہ عرق لیموں سے کھرل کر کے گولیاں بنا کر بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔ کھانے اور لگانے دونوں کام آتا ہے۔ عجیب و غریب نایاب تحفہ ہے۔

بواسیر:۔ انبہ ہلدی باریک کر کے موم خالص میں ملا کر گولی بقدر دانہ جوار باندھیں ایک گولی پانی سے دیں۔

بواسیر خونی:۔ گل دھاوا ایک دام پانی میں پیالہ میں تر کریں اور رات کو شبنم میں رکھیں صبح بغیر ملے کپڑے سے چھان کر پلائیں۔

دمہ۔ سرفہ کہنہ:۔ نوشادر۔ نمک سونچر ایک ایک پاؤ باریک کر کے توا پر رکھ کر اوپر پیالہ دے کر جوہر لیں۔ ۲ رتی ہمراہ ایک عدد سبز مرچ دیں۔

دیگر: پھٹکڑی ۱/۲ سیر ملا کر ۸ سیر پانی میں بھگوئیں اور مقطرے کر ایک پاؤ کو کنار ملیں اور صاف کر کے تمباکو تلخ۔ اجمود دیسی ایک ایک پاؤ ملا کر جوش دیں۔ نصف خشک ہونے پر اتار کر صاف کر کے مصری ملا کر پھر آگ پر رکھیں۔ تاکہ شکل حلوہ ہو جائے ۲ ماشہ ہمراہ آب تازہ دیں۔

اکسیر سنگ گردہ: سرپھوکہ ۱/۲ ماشہ نمک سیندھا ۳ ماشہ حب القلت ۹ ماشہ تین پاؤ پانی میں جوش دے کر نصف رہنے پر چھان کر پلائیں اور پیشاب صاف برتن میں ملاحظہ کریں۔ تین روز میں تمام پتھری ریزہ ریزہ ہو کر بلا تکلیف نکل جائے گی۔ جب پتھری دور ہو جائے تو کشتہ حجر الیہود تین ماہ تک کھلائیں۔ آئندہ پتھری پیدا نہ ہو گی۔

حکیم سید فضل حسین

تپ دموی مطبقہ متناقصہ (متعدی):۔ برگ گاؤزبان پرسیاوشان۔ گل بنفشہ۔ زرشک ہر یک ۶ ماشہ برگ سنا ۹ ماشہ مویز منقی۔ عناب ہر یک ۰ عدد ۱/۲ سیر پانی میں جوش دے کر چھان لیں۔ اس میں شیرہ خشخاش تخم کاسنی تخم خبازی تخم خرفہ۔ مغز کدو شیریں ہر یک ۳ ماشہ کا شیرہ نکال کر پلائیں اور شربت نیلوفر ملا کر برف ڈال کر خاکسی چھڑک کر دن میں تین بار پلائیں دو چار یوم میں صحت ہو گی۔

نوٹ: ۱۹۲۳ء میں دیہات میں یہ بخار وبائی صورت میں شروع ہوا تھا جو بگڑ کر چھ سات ماہ تک رہتا پھر مریض چل بستا۔ جس گھر میں کسی کو مرض ہوتا۔ خاندانوں کے دیگر افراد بھی اس میں مبتلا ہو جاتے۔

حکیم غلام نبی لاہور

ممسک :- شنگرف۔ ادرک۔ آگ میں جھلجھلا کر چھلا ہوا۔ موم زرد۔ تخم دھتورہ (ادھ کچی راکھ) ایک ایک تولہ تین یوم آب تلسی میں اور تین یوم پوست ڈوڈہ کے پانی میں کھرل کر کے گولی بقدر کنار دشتی بناکر ورق چڑھا دیں۔ شام کو نہار منہ ہمراہ دودھ دو گھنٹہ پیشتر دیں۔

کشتہ عقیق :- عقیق کو آب برگ نیازبو میں ۲۱ بار بجھاویں۔ پھر اس کے نغدہ میں رکھ کر ۲ سیر آگ دیں کشتہ ہوگا۔ اختلاج قلب کے لیے مفید ہے۔

کشتہ قلعی :- سفوف مہندی ۱/۲ سیر کرکس ایک پاؤ دونوں ملا کر دو بڑے اوپلوں کے درمیان رکھ کر درمیان قلعی ۳ تولہ رکھ کر پندرہ سیر آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔

کشتہ نقرہ :- بیخ اٹ سٹ کے پانی میں ۴۱ بجھاویں اور میتھی کے نغدہ ، تولہ میں رکھ کر ، سیر آگ دیں کشتہ ہوگا۔

کشتہ ہڑتال ورقیہ :- ہڑتال ایک تولہ آب برگ سونچل کلاں میں تین یوم کھرل کرکے ٹکڑی کرکے دو سیر آگ دیں۔ سفید کشتہ ہوگا۔ بخار کھانسی کو مفید ہے۔

ایم اے حکیم دہلی

مقوی ومولد منی :- آب پیاز سفید شہد دو دو سیر ملا کر آگ پر رکھیں کہ قوام ہو جائے اس میں تودری سفید تودری سرخ ثعلب مصری بہمن سرخ بہمن سفید۔ زنجبیل تخم پیاز۔ تخم مولی تخم گندنا تخم شلغم۔ تالمکھانہ، موصلی سفید۔ موصلی سیاہ ہر ایک ۳ تولہ کوٹ چھان کر ملائیں ہر روز صبح ہمراہ دودھ ایک تولہ دیں۔

حکیم انیس اللّسان قتیل

بواسیر خونی :- آرد مغز تخم سرس ایک تولہ صبح وشام آب سرد سے دیں خون بند ہوگا۔

دیسگو :- گاچنی۔ گوند کیکر ہر ایک ۱ ماشہ گیرو ۳ ماشہ باریک کرکے ۲ ماشہ ہمراہ شربت انجبار دن میں چار بار دیں۔

درد جلن مسہ :- تخم تر ہندی تخم خرمہ۔ سکہ پانی سے یکے بعد دیگرے خوب گھس کر اندر

مسوں پر ضماد کریں فوراً ٹھنڈک پڑ جائے گی۔

حکیم سید رضا حسین

بواسیر کہنہ :۔ اسرار صدریہ و مجرب جس سے سالہا سال کے کہنہ مریضوں نے صحت حاصل کی۔ دوا ان ایک بوٹی قسم غلہ ہے جو اکثر السی کے کھیت میں پیدا ہوتی ہے۔ اس کے بیجوں کا تیل نکال کر پارچہ آلود کر کے اندرون مقعد دن میں دو سے تین بار رکھیں دو تین روز میں کہنہ سے کہنہ بواسیر کو نیست و نابود کر دے گا۔

دیگر : اسرار خفیہ سے مجرب ہے۔ مطبوخ ثمر حنظل غیر مصفیٰ میں تا بہ کمر بیٹھ کر پیر کے انگوٹھوں سے اس قدر ملے کہ زبان سے تلخی محسوس ہو۔ تین یوم کے اندر گرہ کیڑوں کی خارج ہو کر آرام ہوتا ہے۔

پنڈت آتما رام

کثرت حیض :۔ خون سیاوشاں۔ گل ارمنی۔ طباشیر الائچی خورد ہموزن باریک کر کے ۳ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ دیں۔ اسقاط حمل کے لیے ۶ ماشہ ہمراہ دودھ دیں۔

حکیم فضل محیُ الدین کپورتھلوی

تریاق حمی :۔ برگ نیم کشنیز خشک۔ صندل سرخ۔ طباشیر بست گلو۔ الائچی خورد۔ سنگجراحت ہموزن سفوف بنا کر ایک ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

حکیم غلام محمد امرتسری

قے :۔ پھٹکڑی ایک رتی قند سیاہ ایک رتی گولی بنا کر ہمراہ پانی دیں۔ قے فوراً بند ہو گی۔

قے حاملہ :۔ بال خوشہ مکی جلا کر ۳ رتی دیں۔

پروفیسر سید اکبر صادق

حب ممتاز :۔ قوت باہ کے لیے بے عدیل اور امساک پیدا کرتی ہے۔ کچلہ مدبر۔ مویز منقہ مغز بادام ہموزن کوٹ کر گولی بقدر نخود بنا کر رات کو ایک گولی دودھ سے دیں۔

دوائے محمود:۔ باہ کو قوت دیتی ہے اور مولد منی ہے۔ خصیہ گوسفند ایک پاؤ قیمہ کر کے شیر گاؤ ایک سیر میں اس قدر جوش دیں کہ نصف رہ جائے۔ اس دودھ میں کنجد سیاہ ایک تر کر کے سایہ میں خشک کریں۔ ۶ ماشہ بوقت صبح دودھ سے دیں۔

حب جریان:۔ تج ۲ تولہ افیون ۶ ماشہ گولی بقدر نخود بنا کر صبح شام دودھ سے کھلائیں۔

حب ممسک: الائچی خورد منقہ۔ گل کنیر سفید ایک ایک تولہ افیون خالص ۱ ماشہ گولی بقدر نخود بنا کر دو گھنٹہ پیشتر دو گولی دودھ سے کھائیں۔

سوزاک:۔ الائچی خورد سنگ جراحت۔ جوکھار ایک ایک تولہ ۹ ماشہ دودھ بکری کی لسی سے دیں۔

آتشک:۔ بلیلہ سیاہ ، ماشہ کتھہ گلابی ، ماشہ طوطیا ۳ ماشہ تین گھنٹہ عرق پان سے کھرل کر کے گولی بقدر کون بیر بنا کر ایک گولی صبح آب لیموں یا دہی سے دیں اور ایک گولی لعاب دہن میں گھس کر زخموں پر لگائیں۔

حب اعلیٰ:۔ ضعف باہ کے لیے خصوصاً اور جملہ امراض بلغمیہ کے لیے عموماً یہ گولیاں بے نظیر ہیں۔ شنگرف سم الفار سفید ہر ایک ایک تولہ آب افشرہ برگ کر بلہ ایک پاؤ میں کھرل کر کے گولی بقدر دانہ ماش بنائیں۔ ایک گولی ہمراہ دودھ دیں۔

حب مفید:۔ جوڑوں اور پشت کے درد نیز بلغمی اور ریاحی امراض میں نافع ہیں موصلی سفید فلفل دراز۔ اجوائن دیسی پیپلا مول ہر یک ۱۳ ماشہ ستاور بدھارا۔ سنڈھ اسگند ناگوری ہر ایک سوا تولہ کوٹ چھان کر شہد سے گولی بقدر دانہ عناب بنا کر دو گولی سوتے وقت عرق سونف یا آب سرد سے دیں۔

حکیم سید نور حسین

دردِ سر:۔ تخم سرس قدرے پانی میں پیس کر کپڑے میں پوٹلی باندھ کر جس طرف دردِ سر ہو اس طرف کے نتھنے میں چند قطرے ٹپکائیں۔

مجیٹھ کو سر پر باندھنے سے بعض دفعہ آرام آجاتا ہے۔

دیگر:۔ شروع مرض میں دو چار تخم جوز ماثل نگلنے سے چند روز میں آرام آجاتا ہے۔

دافع بفا:۔ کریل کی جڑ پیس کر بالوں کی جڑ میں لگانے سے بفا دور ہو جاتی ہے اور سفید بال سیاہ ہو جاتے ہیں اور لمبے ہو جاتے ہیں۔

بول الدم:۔ جوانسہ پیس کر پلائیں۔

سلسل البول: خولنجاں سرد پانی سے کھلانا سریع الاثر ہے

ہچکی:۔ بان مونج حقہ میں بھر کر پلائیں یا سیاہ ماش حقہ میں پلائیں۔

مار گزیدہ: مار گزیدہ کو فوراً ایک پوتھی یا ایک تولہ تھوم گھوٹ کر دودھ میں ملا کر پلائیں اور لغدہ مقام نیش پر باندھیں فوراً آرام ہوگا۔

دیگر: کو نپل مدار جب تک مریض کو کڑوی نہ لگیں۔ کھلاتے جائیں اور مقام نیش پر شیر مدار جب تک جذب ہوتا جائے ڈالتے جائیں فوراً آرام ہوگا

حکیم محمد مصطفیٰ خاں بجنوری

حب ممسک تخم ریحان ۳ تولہ دانہ الائچی کلاں ۲ تولہ مصطگی رومی ایک تولہ عقرقرحا، مازو سبز ہر ایک ۳ ماشہ باریک کر کے پانی میں گولیاں بنائیں اور بقدر تین ماشہ ہمراہ دودھ تین گھنٹہ قبل دیں۔

طلائے مجلوق:۔ عقرقرحا۔ جائفل۔ مغز کرنجوہ۔ لونگ ہموزن خشک باریک کر کے شیر زقوم سے گولیاں بنائیں۔ روغن چنبیلی کے چند قطروں کے ساتھ گھس کر عضو پر ملیں اور بہ برگ پان گرم کر کے لپیٹیں۔ ایک دو ہفتہ میں مکمل فائدہ ہوگا۔

تحفہ سرما:۔ بیضہ مرغ ۲۰ عدد جوش دے کر ان کی زردی لے کر ۳ تولہ شہد کا قوام کر کے اس میں ملا کر خوب ہلائیں۔ اس میں لونگ عقرقرحا۔ زنجبیل ہر ایک چھ ماشہ چوالیس ماشہ ملا کر ہر دو مطابق برداشت کھائیں۔

حکیم محمد حسین چغتائی

اکسیر پیچش:۔ شنگرف۔ بدوار خطائی افیون خام ایک ایک تولہ مصطگی رومی

۱۲ ماشہ باہم کھرل کرکے گولی بقدر مرچ سیاہ بنا کر ایک گولی ہمراہ پانی دیں۔ بچوں کو چوتھائی یا نصف حاملہ عورت کو استعمال ممنوع ہے۔

کشتہ ہڑتال زرد :۔ برائے حمیات بلغمی وغیرہ آزمودہ۔ ہڑتال ورقیہ ایک تولہ شیر مدار ۵ تولہ میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر ایک سیر راکھ پیپل میں رکھ کر دو کوزوں میں بند کرکے ۵ سیر کی آگ دیں کشتہ ہوگا۔ نامردی آتشک وجع المفاصل کو بھی مفید ہے۔

دیگر :۔ ہڑتال زرد ایک تولہ۔ گلو سبز ۲۰ تولہ میں رکھ کر دو کوزوں میں بند کرکے ۵ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ دو چاول پانی میں دیں بخار ہر قسم کو مفید ہے۔

دمہ :۔ آرد باجرہ ایک پاؤ شیر مدار سے گوندھیں اور روٹی بنا کر تنور میں دفن کریں۔ جب سُرخ ہو جائے نکال کر سفوف بنا کر ½ رتی ہمراہ مسکہ گاؤ دیں۔ دست آئیں گے مرغن غذا کا استعمال لازمی ہے۔

ممسک آزمودہ خاص :۔ افیون شنگرف ایک ایک ماشہ قرنفل ۵ عدد عقرقرحا ۳ ماشہ آب جامن سے کھرل کرکے گولی بقدر مونگ بنا کر دو گھنٹہ قبل استعمال کریں۔

حکیم سید ذہانت حسین وصی امروہوی

اسرار مخفی لاجواب لاثانی حیدری :۔ سم الفار۔ اسٹرکینا ایک ایک ماشہ ورق طلا ۲ ماشہ کشتہ الماس ½ رتی مشک۔ عنبر۔ جند بیدستر۔ کوکین۔ مارفیا۔ مروارید ہر ایک ۳ ماشہ شہد سے گولی بقدر ۳۰۰ بنائیں ایک گولی دودھ سے دیں۔ تمام رات قوت وامساک قائم رہے گا۔

دیگر :۔ کشتہ طلا۔ کشتہ نقرہ ہر ایک ۴ ماشہ کشتہ فولاد کشتہ پوست بیضہ مرغ جواہر مہرہ۔ ہر ایک ۶ ماشہ اسٹرکینا جوہر سم الفار ایک ایک ماشہ باہم کھرل کرکے ایک برنج ہمراہ مسکہ دیں۔

دردگردہ :۔ ایکسٹریکٹ ہائیوسائیمس ۳ رتی قلمی شورہ ۶ رتی باریک کرکے لعاب گوند سے تین گولی بنا کر گرم پانی سے دو گھنٹہ کے اندر دیں اور تین عدد زردی بیضہ مرغ

میں ہلدی ۵ ماشہ ملاکر لئی کی طرح پکا کر برگد کے پتہ پر پھیلا کر درد کے مقام پر باندھیں،
درد دور ہوگا۔

کرم دماغ :- شیر برگد۔ روغن گل پانچ پانچ قطرے ملا کر نتھنوں میں ٹپکائیں۔

کشتہ ہڑتال : ہڑتال ورقیہ ۵ تولہ مسلم ڈلی۔ گھیکوار ۵ سیر کوفتہ کے درمیان رکھ کر مضبوطی سے
منہ بند کر کے ایک گڑھے میں ۱۵ سیر آگ دیں سفید با وزن ہوگا۔

بواسیر :- پوست ریٹھہ ایک جز۔ قند سیاہ کہنہ ہفت سالہ دو جز کوٹ کر گولی بقدر نخود
بنا کر صبح وشام پانی سے دیں۔

قاضی میراں بخش بنوں

یرقان اصفر : زیرہ سفید۔ ست گلو۔ شکر سفید ہر ایک ایک تولہ کا فور ۳ ماشہ سفوف بنا کر
صبح دوپہر ایک ماشہ اتوار منگل اور جمعرات کو دیں۔

تریاق سعال ہر قسم :- بیخ مدار کا چھلکا۔ افیون۔ ایک ایک تولہ شورہ قلمی ۸ تولہ باریک
کھکے ایک دو رتی پانی سے دیں۔

اکسیر باہ : پارہ مصفیٰ ایک تولہ لونگ ۲ تولہ ۲۵ پہر کامل کھرل کریں کہ پارہ کی چمک نابود ہو
جائے ایک چاول بھر ایک تباشہ خورد کے ہمراہ دودھ سے نگلیں۔

پیچش خونی اسہال :- ہڑ زنگی ۲ تولہ زیرہ سفید ۲ تولہ نمک سیندھا ایک ماشہ باریک
کر کے ۳ ماشہ ہمراہ دہی دن میں چار بار دیں۔

ہاضم :- سونٹھ۔ سوہاگہ بریاں ہینگ نمک سیاہ ہموزن ملا کر بہ امداد آب نخودی گولیاں
بنا کر بعد غذا چار گولی دیں۔

پیچش :- ایک کیلہ کی پختہ پھلی لیکر چھیل کر چینی کھانڈ لگا کر ذرا ذرا کھائیں۔

حکیم محمد اسماعیل فاروقی دین پوری

بہار شباب :- خون صالح پیدا کرتا ہے۔ ضعف جگر ضعف دماغ۔ ضعف قلب کے لیے
اکسیر ہے۔ قوت باہ کا طوفان پیدا کرتا ہے۔ مالکنگنی ایک پاؤ سفوف بنا کر درمیان شنگرف

ایک تولہ رکھکر نرم آگ جلائیں حتیٰ کہ تمام سفوف جل جائے سرد ہونے پر باریک کرکے
ایک چاول ہمراہ مسکہ یا بالائی دیں۔
معین شباب: جریان سیلان رفت سرعت ذکاوت حس وغیرہ کو از حد مفید ہے ایکسٹرکٹ
بیلاڈونا ۸ گرین۔ ایکسٹرکٹ ہائیو سائمس ایک ڈرام سب کو ملاکر ۲ گولیاں بناکر صبح شام
ہمراہ شیر گاؤ دیں۔
نسوار زکام نزلہ: نوشادر، کافور ہم وزن باریک کرکے دن میں دو دفعہ بطور نسوار لیں۔
چھینکیں آکر آرام ہوگا۔

حکیم نظام الدین

حب ممسک: قنب۔ افیون چار چار ماشہ گل ارمنی۔ عقرقرحا۔ شنگرف ہر ایک ۲ ماشہ
باہم کھرل کرکے ایک تولہ شہد ملاکر بیس عدد گولی بنائیں تین گھنٹہ پیشتر ایک گولی ہمراہ
دودھ دیں۔

حکیم عبدالرحمن بھوپال

بواسیر خونی و بادی: رسونت۔ ہلیلہ زرد۔ گوگل۔ نرکچور ہم وزن آب گندنہ میں خوب
کھرل کرکے گولی بقدر نخود بناکر صبح و شام پانی سے دیں۔
جریان تیر بہدف: ریشہ قلمی۔ دارچینی مصطگی ہم وزن باریک کرکے دو رتی ہمراہ
مسکہ دیں۔
دمہ بلغمی: صدف سوختہ۔ سوہاگہ بریاں۔ مرچ سیاہ ہم وزن پانی سے کھرل کرکے گولی بقدر
کنار دشتی بناکر صبح و شام پانی سے دیں۔
مارگزیدہ: ایک تولہ تھوم ایک چھٹانک دودھ میں پیس کر مریض کو پلائیں۔ فوراً آرام ہوگا
قریب قریب ایک صد مریضوں پر تجربہ کر چکا ہوں۔
فتق: روغن کنجد ۵ تولہ برگ زرد مدار ۵ عدد نیم آنچ پر جلا کر اس میں کھرل کر دیں اور
مرہم بنائیں۔ فتق پر لگا کر لنگوٹ باندھیں۔

ورم جگر ، سنڈھ ۔ چرائتہ ۔ قندسیاہ کہنہ ایک ایک تولہ گولی بقدر کنار دشتی بناکر صبح شام ہمراہ پانی دیں ۔

مقوی باہ ، گندہ بیروزہ ایک پاؤ لے کر پوٹلی بناکر ایک مٹکہ میں پانی بھر کر اس میں لٹکا کر چولہے پر چڑھائیں اور پکانا شروع کریں ۔ یہاں تک کہ تمام گندہ بیروزہ پانی میں نکل آئے خشک کر کے باریک کریں اور ہموزن کھانڈ ملا کر ۶ ماشہ صبح وشام دودھ سے دیں ۔ چالیس یوم میں بے انتہا قوت پیدا ہوگی ۔

سلسل البول ، مائیں خورد ۔ کھانڈ ہموزن ملاکر ایک تولہ صبح ہمراہ پانی دیں ۔

حکیم حافظ احمد

آتشک ، ۔ آتشک کو دور کرنے کے علاوہ مقوی باہ بھی ہوگا ۔ سم الفار ۔ ہڑتال ورقیہ شنگرف رسکپور ایک ایک تولہ لے کر پوٹلی میں ڈال کر بارہ سیر شیر گاؤ میں معلق کر کے ٹپکائیں تاکہ دودھ کھویہ ہو جائے ۔ ادویہ نکال کر کھرل کر کے ۹ عدد کنجشک نر خانگی ذبح کر کے صاف کر کے ملا کر یک ذات کریں اور تین عدد غلولہ بناکر سیخ آہنی پہ لگا کر مثل کباب پکائیں اور شراب برانڈی کا چویہ دیتے جائیں ۔ جب کباب پختہ ہو جائیں تو سرد کر کے شراب برانڈی ۱۰ تولہ میں کھرل کر کے قرص بنا کر جوہر اڑائیں بقدر یک برنج ہمراہ مسکہ سات یوم تک دیں ۔

حکیم شاہ ولی اللہ بخاری

طلاء مجلوق ، ایک بادنجان سیاہ میں پچاس عدد فلفل دراز چبھو دیں اور سایہ میں خشک ہونے دیں اسے روغن کنجد ۱/۲ سیر میں ڈال کر آگ پر رکھیں ۔ جب جوش آنے لگے تو خراطین خشک ۵ سرساہی ڈال دیں تاکہ وہ اس میں جل جائیں پھر دو پوتھی لہسن اس میں چھوڑیں ۔ بعدہٗ سب کو باریک کر کے بقدر ایک ماشہ عضو پر ملیں ۔

سوزاک ، ۔ غضب کا اثر رکھتا ہے ۔ و بربیغر منہ سوزاک کو فوراً دور کرتا ہے ۔
تخم مرچ سرخ ، چھٹانک پانی ایک چھٹانک میں رات کو بھگوئیں ۔ صبح آتشی شیشی میں بذریعہ تپال جنتر روغن نکالیں ۔ ایک قطرہ پتاشہ میں ڈال کر دودھ کی لسی سے دیں ۔ اگر پیپ

بہت زیادہ آتی ہو تو ریشم جلا کر ایک ماشہ دوا کے ہمراہ دیں۔

دیگر: بیروزہ پاؤ۔ موم ۴ تولہ کباب چینی ایک تولہ ملا کر تیل نکالیں۔ غضب کا فائدہ مند ہے۔

مولوی بشیر احمد صدیقی گجرات

کشتہ نقرہ جاذب سیماب: بترہ نقرہ مانند کاغذ پتنگ ایک تولہ بنا کر بڑیال کبوتر صحرائی ۲/۱ سیر میں دوا و پلہ کلاں میں رکھ کر گز پٹ کی آگ دیں۔ ۵ تولہ جاذب سیماب کشتہ ہو گا۔

حکیم انیس احمد داؤد نگری

روغن مصطگی: صرف معدہ پر ملنے سے اکثر امراض معدہ کو مفید ہے۔ روغن کنجد ایک پاؤ میں مصطگی رومی ۵ تولہ ڈال کر آگ پر رکھیں کہ حل ہو جائے چھان کر محفوظ رکھیں۔

دیگر طریقہ: مصطگی ایک تولہ سپرٹ وائن ۲ تولہ میں حل کریں۔ اس میں روغن تارپین۔ گل روغن دو دو تولہ ملا کر رکھیں۔

روغن ہینگ: کسر ریاح کے لیے مقام معدہ پر مالش کریں۔ ہینگ ۶ ماشہ سپرٹ ۲ تولہ میں حل کر کے روغن تارپین ۴ تولہ ملا کر مالش کریں۔

حکیم سید عماد الحسن

سوکھے کا علاج: طباشیر۔ دانہ الائچی خورد۔ ست گلو۔ تخم خرفہ ایک ایک تولہ زہر مہرہ خطائی۔ کہربا شمعی۔ زردرد۔ بھوکر مول ہر ایک ۶ ماشہ۔ عرق انار تازہ سے تین یوم کھرل کر کے گولی بقدر ۱ ماشہ بنا کر عرق گلاب میں حل کر کے دیں۔

حکیم بغدادی راولپنڈی

فیوض بغدادی: بخار کھانسی۔ دمہ۔ جریان۔ سیلان۔ درد گردہ۔ سوزاک۔ وجع المفاصل زہا بطیس کے لیے بے مثل سیف ہے۔ مرجان ۵ تولہ آب لکن ۱۵ تولہ میں کھرل کر کے اسی بوٹی کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے ۳۰ سیر آگ دیں اعلیٰ درجہ کا فیوض بغدادی تیار ہے ایک دو رتی ہمراہ مناسب سے دیں۔

حکیم منشی عبدالعزیز

تپ دق :- تقریباً ایک صد تپ دق کے مریضوں کو پہلے درجہ میں فائدہ ہوا ہے۔ گلو سبز ۱ تولہ کشمش ایک تولہ الائچی خورد ۲ ماشہ ایک کورے کوزہ میں رات کو بھگوئیں۔ صبح اسی پانی میں گھوٹ کر اور نتھار کر مصری ۲ تولہ ملا کر پی لیں۔ چار پانچ یوم میں بخار دور ہو گا۔

حکیم حافظ محمد یوسف صدیقی مدیر حبیب الاطباء

مقوی دماغ : برنج کشنیز۔ برنج بادیاں۔ دانہ الائچی کلاں۔ مغز بادام مقشر۔ کوزہ بمصری، ہموزن باریک کر کے ایک تولہ رات کو کھا لیا کریں۔

موتیابند :- یہ روغن موتیا بند کے لیے بڑے بڑے قیمتی نسخوں کا سرتاج ہے مجرب و معمول مطب ہے۔ خالص سرسوں کا تیل ۵ تولہ سرد چینی ۲ تولہ کا پنج یا چینی کے کھرل میں ڈال کر خوب زور دار ہاتھوں سے کھرل کریں سوتے وقت سلائی سے لگائیں۔

استسقاء یرقان :- شب یمانی ۳ تولہ بینگن کا گودہ ۱۰ تولہ کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر دن میں تین بار ہمراہ شربت بزوری استعمال کریں۔

حکیم سید فضل حق

مار گزیدہ : پوست درخت جامن پیوندی خشک ۲ تولہ پھٹکری خام ۵ یا ۱۰ تولہ باریک کر کے پانی ۳ سیر میں حل کریں۔ جب تہ نشین ہو جائے۔ مریض کو وقفہ وقفہ سے پلانا شروع کریں۔ قے اور دست ہو کر زہر نیست و نابود ہو گا۔ ۲۲ بار تجربہ ہو چکا ہے۔

ہیضہ :- برگ انبہ سبز ۱۱ عدد آگ پر بریان کریں کہ سرخ ہو جائیں مرچ سیاہ ۹ عدد کے ہمراہ پانی میں پیس کر تین حصہ بنا کر دو گھنٹہ کے وقفہ سے ایک حصہ دیں۔ بے شمار مریضوں پر استعمال ہو چکا ہے۔

ناروا :- خواہ کیسی ہی تکلیف ہو گولی ہضم کے درجہ پر پہنچتے ہی صحت ہو جاتی ہے تیس پچیس مریضوں پر تجربہ ہو چکا ہے۔ کینچلی سیاہ سانپ باریک کر کے قند سیاہ کہنہ نا اندازاً ۴۰ سالہ بقدر ضرورت اس میں ملا کر کوٹیں کہ یک ذات ہو جائیں۔ گولی بقدر نخود بنا گر دو گولی

ہمراہ آب سرد دیں۔

حکیم مولوی محمد دین لاہور

کشتہ نقرہ:۔ ایک تولہ پترہ نقرہ کو سرکہ انگوری میں ۴۰ بجھاؤ دیں۔ ایک اوپلہ میں گڑھا کر کے برگ منیلاں ۶ تولہ بچھا کر اوپر اجوائن ۴ تولہ بچھا کر پترا رکھ دیں اور اسی قدر اجوائن اور برگ منیلاں بچھا کر دوسرا اوپلہ اوپر رکھ کر اور چار سیر اوپلے اردگرد چن کر آگ دیں ایسی طرح چار بار کریں کشتہ ہوگا۔

دیگر:۔ پترا نقرہ کو آب بیخ سوہانجنہ میں بیس آنچ دیں بعدہٗ ہر سہ اجوائن اور پیپلامول کا لندہ بنا کر درمیان رکھ کر اوپر مضبوط پارچہ لپیٹ کر تین سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ اسی طرح چار آنچ میں کشتہ ہوگا۔

حکیم سیّد ابوالانوار سہروردی بنارس

سرمہ عجیب:۔ ایک کڑاہی میں سیسہ ۱۰ تولہ پگھلا کر گندھک آملہ سار ۲ تولہ کی چٹکی دیں اور نیم کی لکڑی سے ہلاتے رہیں تاکہ کشتہ ہو جائے۔ اسے باریک کر کے سنگ بصری فلفل دراز ایک ایک تولہ۔ کافور ½ ماشہ۔ ملا کر خوب کھرل کر کے سرمہ بنائیں اور استعمال کریں۔ جملہ امراض چشم کے لیے مفید ہے۔

حکیم محمد یعقوب نیازی

مرہم سرخ:۔ کیلا ایک تولہ گھی پانی سے ۱۲ بار دھویا ہوا ۱ تولہ ملا کر مرہم بنائیں۔ تمام زخموں کو اکسیر کا کام دیتا ہے۔

جلا ہوا:۔ برگ آم خشک شدہ جلا کر باریک کریں اگر جل کر آبلہ پڑ گیا ہو تو آبلہ کو چھیڑ کر رطوبت نکالیں اور گل روغن سے تر کر کے یہ سفوف چھڑکیں۔ بہت جلد آرام ہوگا۔

درد کان:۔ روغن صندل ۲ بوند ڈالیں اکسیر کا کام دے گا۔

حکیم محمد افضل لاہور

کشتہ طلا:۔ یہ وہ نسخہ ہے جس کے متعلق ایک دھوم مچ رہی ہے اور دمہ ضعف باہ

ضعف مثانہ۔ ذیابیطس۔ ضعف ہضم۔ عورتوں کے حمل کے عوارضات۔ سرعت۔ جریان۔ ریگ مثانہ و گردہ۔ ضعف گردہ۔ ضعف جگر۔ ضعف قلب بڑھاپے کی کمزوری۔ بالوں کا سفید ہوجانا گٹھیا عرق النساء۔ نقرس وغیرہ امراض کے لیے زیادہ سے زیادہ فیصدی مریضوں میں مفید ثابت ہوا ہے۔ برادہ سونا ایک تولہ آب ادرک ۱۰ تولہ شیر مدار ۱۰ تولہ آب گھیکوار ۱۰ تولہ آب پان ۱۰ تولہ میں ترتیب وار کھرل کریں اور غلولہ بنا کر نغدہ برگ پان ایک پاؤ میں رکھ کر آگ دیں خوراک ایک چاول ہمراہ مسکہ دیں۔

خنازیر :۔ تخم سرس باریک کر کے قند سیاہ کہنہ ملا کر گولی بقدر نخود بنا کر صبح و شام ایک گولی ہمراہ عرق گاؤزبان دیں۔

محمد عباس ڈیرہ دون

بواسیر خونی و بادی کا آزمودہ علاج : برگ مدار ۴ عدد کمر پر ایک دھاگا سے باندھیں بواسیر کافور ہوگی اور پھر عود نہ کرے گی

میم حافظ عبدالرزاق

کشتہ نقرہ جاذب سیماب : مقوی و ممسک قوی العمل ایک روپیہ شاہجہانی کو آب گل مدار میں ایک سو بار بجھائیں بعدہٗ اس کے نغدہ میں مناسب آگ دیں۔ اکیس آنچ میں بے مثل کشتہ ہوگا۔

کشتہ طلا : مقوی باہ و جملہ اعضاء رئیسہ وغیرہ۔ ورق طلا کو آب برگ تلسی دشتی میں ہفتہ عشرہ خوب کھرل کریں اور چھوٹے چھوٹے قرص بنا کر کوزہ بند کر کے ۵ سیر آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔

حکیم ابوالنظر محمد صدیق غوری

دلکشا شربت : یہ شربت طلبا اور اخبار بین حضرات کے لیے نہایت مفید ہے۔ دل و دماغ کو فرحت پہنچاتا ہے۔ حرارت کو تسکین دیتا ہے۔ گڑھل ۱۰۰ عدد۔ برادہ صندل سفید، تولہ عرق بید مشک۔ ۴ تولہ عرق گلاب ۲۵ تولہ روح کیوڑہ ۲۵ تولہ میں رات کو بھگوئیں

صبح جوش دے کر چھان کر کھانڈ ملا کر ایک بوتل شربت تیار کریں اور عرق گاؤزبان ملا کر استعمال کریں۔

حکیم سید الشہدا رالدین

سفوف مغلظ منی دافع جریان :۔ دارچینی سبوس اسبغول موسلی سفید۔ موسلی سیاہ ہرایک ۵ تولہ خرما فربہ ۴ عدد سفوف بنا کر شکر تری ہم وزن ۶ ماشہ صبح وشام ہمراہ دودھ دیں۔

دافع سرعت : تخم برگد درسایہ خشک کردہ سفوف بنا کر مصری ہموزن ملا کر ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ دیں۔ کثرت بول کو بھی مفید ہے۔

تریاق الرحم : جو سیلان الرحم کو مفید ہے۔ گل سپاری۔ گل پتہ۔ صمغ ڈھاک ہر ایک ۴ تولہ اندر جو شیریں۔ اسگند ناگوری ہر ایک ۲ تولہ کشتہ قلعی کشتہ مرجان ہر ایک ۳ ماشہ نبات ۸ تولہ سفوف بنا کر ۲ ماشہ ہمراہ دودھ دیں۔

حکیم مستانہ فقیر جہلم

سفوف احمر :۔ درد دنداں کا فوری علاج ہے۔ قرنفل ۲ عدد جائفل ۱ عدد سوہاگہ ۲ تولہ کافور ایک تولہ۔ اجوائن خراسانی ۲ ماشہ گیرو ۳ ماشہ باریک کر کے بوقت ضرورت دانتوں پر ملا کریں۔

حکیم سید الحق علی شاہ

شراب سے نجات : گیہوں کی باسی روٹی توڑ کر شراب میں ۲۴ گھنٹہ تر رکھیں۔ بعدہٗ چھان کر بوتل میں رکھیں تاکہ شرابی اس میں سے پی لے اس کے استعمال سے سخت قے آتی ہے اور شراب سے نفرت ہو جاتی ہے۔ شرابی سے بچا کر عمل کریں۔

حکیم محمد نور جمال قادری

مغلظ منی :۔ ماش سبز ۴ تولہ پانی میں بھگوئیں شام کو چولہا پر رکھیں۔ ½ سیر دودھ الائچی خورد ۲ ماشہ مغز بادام مقشر ۲ عدد گھی ۴ تولہ ڈال کر نرم آگ پر رکھیں اور چمچہ سے ہلائیں۔ جب ماش پک جائیں اور قوام گاڑھا ہو جائے تو اتار کر ... دکر کے کھائیں۔ اسی طرح ایک ہفتہ

استعمال کریں۔

ممسک:۔ سیماب ۵ ماشہ افیون ۳ ماشہ پوست بیخ کنیر سفید ایک تولہ باہم کھرل کریں کہ سیماب ناپید ہو جائے پھر روغن گاؤ ملائیں۔ نیلے رنگ کا مرہم تیار ہوگا بوقت ضرورت دست و پا کے ناخنوں پر لگائیں اور جماع کریں۔ جب فراغت چاہیں نمک چبائیں تب بس یہ نسخہ کتاب مفتاح الخزائن کا ہے۔ تجربہ پر ٹھیک اترا ہے۔

درد جوڑ و وجع المفاصل ثمر دھتورہ۔ ثمر حرمل۔ ثمر کنڈیاری ہر ایک ۱۰ تولہ۔ جائفل ۴ تولہ کوٹ کر پانچ سیر پانی میں پکائیں جب ایک سیر رہ جائے تو مل چھان لیں روغن کنجد ایک پاؤ ملا کر آگ پر رکھیں کہ صرف تیل رہ جائے۔ بوقت ضرورت مالش کریں نہایت مفید ہے۔

ہاتھ پاؤں کی جلن:۔ بوقت شام تخم بالنگو ۶ ماشہ ایک پاؤ دودھ میں بھگوئیں اور سوتے وقت قدرے سرد پانی ڈال کر مصری ملا کر پی لیں اور دن کو اجوائن دیسی بقدر ضرورت عرق گلاب ملا کر گھوٹ کر مثل مہندی ہاتھ پاؤں میں لگائیں بعد خشک ہونے کے اتار دیں۔ بالکل آرام ہوگا۔

حکیم محمد اسماعیل امرتسری، لاہور

خوش الحان گولیاں:- گلے کی رکاوٹ ریشہ وغیرہ دور ہو کر آواز کوئل کی مانند ہو جائے گی۔ جوہر لوبان خانہ ساز کبابہ۔ زعفران۔ قرنفل۔ دارچینی اصل السوس۔ خولنجاں۔ فلفل دراز۔ ہم وزن۔ آب پان سے گولیاں بقدر نخود بنا کر منہ میں رکھ کر چوسیں۔

مقوی اعصاب:- کونین سلفاس۔ کونین فولادی کشتہ فولاد۔ کچلہ مدبر۔ نرلبی۔ ہم وزن باریک کر کے شہد سے گولی بقدر نخود بنا کر بوقت شب ہمراہ دودھ دیں۔

خضاب خوردنی:- قبل از وقت سفید بالوں کو سیاہ کرتا ہے۔ ہلیلہ بلیلہ۔ آملہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ بیخ چیتہ۔ گلو خشک ہر ایک ڈیڑھ تولہ کشتہ فولاد ترپھلہ والا ایک تولہ قند سیاہ ۲۵ تولہ کوٹ کر ملا لیں۔ ۶ ماشہ صبح ہمراہ پانی دیں۔

پھولا چشم:- طوطیا ایک تولہ بوٹی جل نیم کے ½ پاؤ نغدہ میں رکھ کر دو پاچک دشتی

کلاں میں آگ میں پختہ ہوگا۔ کافور ۲ تولہ جوکوب کرکے پانی سے تر کرکے دو پیالوں میں بند کرکے دھوپ میں رکھیں کہ جوہر اڑ جائیں اور ہر دو کو ملاکر کھرل کریں اور بقدر دانہ خشخاش مقام پھولا پر لگائیں۔

ممسک اعلیٰ :- افیون ۶ ماشہ پوست بندق ہندی ایک تولہ ہر دو کو ایک عدد زردی بیضہ مرغ میں کھرل کرکے خالی بیضہ میں ڈال کر دوسرا اوپر دے کر آرد ماش میں ملفوف کرکے بھوبھل میں پکائیں۔ نکال کر شیر برگد میں خوب کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنائیں۔ دو گھنٹہ پیشتر ہمراہ دودھ دیں۔ اس دن غذا نہ کھائیں۔

کشتہ سونا سیمابی : تپ دق اور جسمانی کمزوریوں کا تریاق۔ ورق طلا سیماب ایک ایک تولہ آب چولائی خاردار ۵ تولہ میں کھرل کرکے ٹکیہ بناکر ۲/۱ پاؤ اوپلہ کی آگ دیں۔ جتنا پارہ کم ہوا اتنا اور ڈال کر بدستور کھرل کرکے آگ دیں۔ ۹۵ آنچ میں باوزن کشتہ ہوگا۔

کشتہ طلا مرکب : صحیح معنوں میں جراثیم دق کو ہلاک کرنے والا اور غذائیت بڑھاکر چہرہ کا رنگ سرخ کرنے میں بے نظیر ہے۔ برادہ طلا۔ برادہ فولاد۔ برادہ مس۔ سیماب مصفیٰ ابرک سیاہ۔ برادہ سکہ۔ ہر ایک ۳ ماشہ دس یوم آب گھیکوار میں کھرل کرکے ٹکیہ بناکر خشک کرکے دس سیر آگ دیں۔ دو چاول ہمراہ مسکہ دیں۔

تپ دق کا تریاق :- ایک تولہ پترہ نقرہ کو نغدہ منڈی سبز ایک پاؤ میں رکھ کر دو اوپلہ کلاں میں آگ دیں۔ اسی طرح ۴ آنچ دیں۔ سفید شگفتہ کشتہ ہوگا۔ اس میں ایک رتی کشتہ الماس ملاکر دو چار روز خوب کھرل کریں۔ ۲/۱ رتی ہمراہ مسکہ دیں اور جتنا دودھ گھی ہضم ہوسکے پلائیں۔ علاوہ تپ دق کے مقوی باہ از حد ہے۔ اگر اسے بطور سرمہ استعمال کریں تو موتیا بند کو فائدہ دیتا ہے۔

عرق شیر :- جو تپ دق و سل میں تسکین دیتا ہے۔ سرطان تازہ ۲۰ تولہ۔ کاسنی نیلوفر۔ گاؤزبان۔ خرفہ ہر ایک ۸ تولہ کاہو تخم خیار۔ بہمن۔ ملٹھی ہر ایک ۴ تولہ زوفہ ۳ تولہ۔ گلو

خشک، ۲ تولہ گودہ کدو گودہ تربوز ایک ایک سیر شہر گاؤ ۸ سیر آب تازہ ۶ سیر ادویہ کا پانی ہیں جوشاندہ بناکر اس میں دودھ ملاکر ۶ بوتل عرق کشید کریں۔ اور ایک چھٹانک صبح کسی دوا کے ہمراہ استعمال کریں۔

عظم طحال:- ایک تولہ کلر ایک پاؤ پانی میں رات کو بھگوئیں صبح نتھار کر پی لیں۔ ہفتہ عشرہ میں آرام ہوگا۔

کالی کھانسی : تندی چڑا جو عموماً پرانے روئی پنجوں سے مل سکتی ہے۔ توا پر جلا کر چوتھائی نمک ملا کر ایک چٹکی دن میں تین چار بار دیں۔

دردگردہ : پیخال کبوتر کا سفید سفوف ۲ رتی ہمراہ آب گرم دیں۔

یرقان :- چونہ ان بجھا باریک کر کے کیلہ کے لمبائی کی طرف سے دو ٹکڑے کر کے چونا لگائیں اور دونوں ٹکڑوں کو جوڑ کر رات بھر رکھ چھوڑیں۔ صبح مریضوں کو کھلائیں اسی طرح صبح لگا کر رکھیں اور شام کو کھلائیں۔ چند یوم میں یرقان دور ہوگا۔

لقوہ :- ایک عدد بیر بہوٹی لے کر اس کے پاؤں دور کر دیں اور اسے پان کی گلوری میں رکھ کر لقوہ کے مریض کو کھلائیں۔ چند یوم میں لقوہ دور ہوگا۔

کایا کلپ معجون :- قبل از وقت بالوں کی سفیدی رک جاتی ہے۔ سفید بال سیاہ ہوں گے دماغ کو طاقت پہنچے گی۔ قوت حافظہ میں ترقی ہوگی۔ معدہ جگر کی اصلاح ہوگی۔ مدتوں کی قبض دور ہوگی۔ ہلیلہ سیاہ حسب ضرورت لے کر کاسہ چینی میں بھنگرہ سیاہ یا سیاہی مائل کے پانی میں چالیس یوم بھگوئیں پھر خشک کر کے شہد ملا کر معجون بنائیں ۶ ماشہ ہر روز پانی سے دیں۔

اکسیر البدن :- قوئی انسانی کو از سر نو طاقت ور کرے گا۔ سم الفار سفید ۳ رتی فلفل سیاہ ۲ ماشہ دونوں کو پانچ گھنٹہ متواتر زور دار ہاتھوں سے کھرل کریں بعدہ کشتہ فولاد کشتہ شنگرف افیون مروارید۔ یاقوت زمرد۔ مشک، زعفران عنبر ورق نقرہ ، ورق طلاء ایک ایک ماشہ عرق گلاب میں کھرل کر کے گولی بقدر دانہ نخود بنا کر موسم سرما میں ہمراہ

دودھ اور موسم گرما میں ہمراہ شربت صندل دیں۔

سرمہ عینک گداز:۔ سرمہ سیاہ ۱۰ تولہ سروچینی مصفی ۶ ماشہ ہر دو کو دو یوم کھرل کریں شورہ قلمی ۳ ماشہ کشتہ جست خانہ ساز سمندر جھگ ہر ایک ۶ ماشہ ملاکر ۲ یوم کھرل کریں۔ صدف مروارید کا چھک دار حصہ ایک تولہ ملاکر عرق گلاب میں کھرل کریں پھر مامیران چینی ایک تولہ ملاکر ۴۸ گھنٹہ کھرل کر کے خشک کریں اور ست پودینہ اور ست الائچی دو دو رتی ملاکر محفوظ رکھیں اور صبح وشام لگائیں۔

تریاق مارگزیدہ:۔ سانپ کاٹے کا اس سے بہتر اور سہل نسخہ ملنا محال ہے۔ دار چکنہ ریکھور طوطیا ہر ایک ۶ ماشہ مغز جمالگوٹہ ۲ تولہ باہم کھرل کر کے شیر مدار میں اکیس یوم تر رکھیں۔ بعدہٗ خشک کریں اور بوقت ضرورت پانی میں حل کر کے زخم پر پچھ لگا کر لگائیں۔

دل روز:۔ جلدی امراض داد۔ چنبل وغیرہ کو مفید ہے۔ کلف۔ برص۔ زہریلے جانوروں کے کاٹے کو بھی فائدہ مند ہے۔ ایک ہنڈیہ میں ایک اینٹ رکھ کر اس پر پیالہ رکھ دیں اور ہنڈیہ کے ارد گرد پوست ناریل ایک سیر کتر کر بچھا دیں اس پر طوطیا ۵ تولہ باریک کر کے بچھا دیں۔ اس پر سم الفار ۶ ماشہ باریک کر کے دھوڑ دیں۔ ہنڈیہ کے منہ پر کڑاہی وغیرہ رکھ کر مقام اتصال گل حکمت کریں۔ کڑاہی کو پانی سے بھر دیں ہنڈیہ کو چولہے پر رکھیں جب پانی گرم ہو تو بدل دیں۔ ۳ گھنٹہ کے بعد سرد ہونے پر پیالہ سے دودھ حاصل کریں اور بوقت ضرورت پھایہ سے لگائیں۔

تریاق مجلوق:۔ مجلوق کے رگوں پٹھوں کو درست کرنے کے لیے بہترین عمل ہے۔ خولنجان ایک تولہ باریک کر کے پوٹلی بنائیں اور شراب ولیسی پاؤ میں تر رکھیں۔ صبح نرم آگ پر رکھیں۔ گرم ہونے پر عضو کے چاروں طرف اور کنج ران میں اچھی طرح سینک کریں۔ حتیٰ کہ تمام شراب جذب ہو جائے۔ اور رات کو دوسری پوٹلی اسی طرح کریں۔ برادہ ہاتھی دانت ۲ تولہ کنجد سیاہ۔ انبہ ہلدی۔ میدہ لکڑی۔ عاقرقرحا۔ لونگ۔ مصطگی۔ جائفل۔ دارچینی۔ تج۔ جاوتری ہر ایک ۹ ماشہ باریک کر کے پوٹلی بنائیں ایک کوزہ میں شیر برمبعہ ایک عدد برگ مدار ڈالیں

اوپر سوراخ دار ڈھکنا رکھیں ۔ اس سوراخ پر پوٹلی رکھیں کوزہ آگ پر رکھیں دودھ کی بھاپ سے پوٹلی گرم ہوگی جس سے ایک گھنٹہ سینک کریں ۔ اس کے بعد کوئی سا طلا لگا کر کوزہ سے برگ مدار نکال کر لپیٹ دیں ۔ یہ پوٹلی تین یوم کام دے گی اور اسی طرح ایک ہفتہ میں تمام نقائص دور ہوں گے ۔

جریان کالاثانی نسخہ :- غایت درجہ کا مولد و مغلظ منی ۔ دافع جریان احتلام ۔ سرعت وغیرہ ہے
قلعی سکہ جست ہر ایک ۵ تولہ کڑاہی میں ڈال کر پگھلائیں اور سفوف پھٹکری کی چٹکی دیتے جائیں اور سلاخ آہن سے ہلاتے جائیں تاکہ خاک ہوجائے ۔ بعدہٗ اس میں ایک پاؤ پھٹکری ملا کر کھرل کریں اور کوزہ میں بند کرکے ۲ سیر آگ دیں ۔ بعدہٗ دو آنچیں بغیر پھٹکری کے دیں اس کے بعد پانی سے دھو ڈالیں تاکہ پھٹکری نکل جائے ۔ اب اسے شیر برگد یا جوشاندہ شاخ و برگ ہائے نرم و نازک برگد میں کھرل کرکے قرص بقدر ۳ ماشہ بنا کر کوزہ میں بند کرکے دس سیر اوپلہ کی آگ دیں ۔ کشتہ تیار ہے بقدر ۲ رتی ہمراہ کھیر ذیل بوقت صبح دیں ۔
ثعلب مصری ۔ موصلی سفید ۔ سبوس اسبغول ۔ آر دسنگھاڑہ ہر ایک ۳ ماشہ باریک کرکے تخم ریحان ۳ ماشہ ملا کر ½ سیر دودھ میں جوش دے کر اور کھانڈ ملا کر استعمال کریں ۔

افیون چھڑاؤ :- افیون کی بد عادت دور کرنے کے لئے اعلیٰ پایہ کا نسخہ ہے ۔ تخم دھتورہ سیاہ ایک تولہ افیون ۶ ماشہ جائفل ۔ دیونددینی چار چار ماشہ زعفران ۳ ماشہ اجوائن خراسانی ۵ ماشہ باریک کرکے رکھیں ۔ جتنی افیون کھانے کی عادت ہو اس سے نصف افیون اور اتنی ہی یہ دوا ملا کر ایک ہفتہ استعمال کریں ۔ اس کے بعد افیون کا وزن چوتھائی کر دیں چار دن کے بعد افیون نہ ملائیں ، بلکہ دوا پر اکتفا کریں ۔ تین روز کے بعد دوا کا وزن تھوڑا تھوڑا کرکے بالکل چھوڑ دیں ۔

طلا مقوی و مصلب :- مجلوق کے نقائص دور کرنے کے علاوہ موٹائی و فربہی کرے گا ۔ عضو ترکا قیمہ کرکے ایک برتن میں شیر گاؤ کے ہمراہ ڈال دیں ۔ جس میں چند رخ ہوں ۔ منہ بند کرکے رکھ چھوڑیں ۔ جب کیڑے پڑ جائیں ان کے ہم وزن عروسک تازہ خراطین مصفیٰ تازہ ملا کر

روغن چنبیلی میں کھرل کریں کہ دگنا روغن چنبیلی مل جائے اور اسے آگ پر رکھیں تاکہ اشیاء جل کر تیل سیاہ ہو جائے آتار کر چھان کر چوتھائی روغن بلادر ملا کر محفوظ رکھیں۔ عضو کی جلد کو کپڑا سے رگڑ کر طلا کریں اور برگ پان باندھیں۔

روغن مقوی: اگر پشت اور گردن میں کھچاوٹ محسوس ہوتی ہو اور ضعف باہ ہو تو روغن بنولہ شکنجہ میں دبا کر نکالا ہوا ایک تولہ مشک ۱ ماشہ کھرل کر کے نخاع تناسلی پر مالش کریں اس سے دماغ سے لے کر عضو تک کے متعلقہ اعصاب کو طاقت آئے گی۔

طلا اکسیر: پارہ۔ ہڑتال تین تین ماشہ آب کٹائی خورد میں تین یوم کھرل کریں۔ پھر سم الفار۔ مردا سنگ تین تین ماشہ ملا کر تین یوم کھرل کریں پھر در دلول نحر ایک تولہ ملا کر آب کٹائی دس تولہ سے کھرل کریں۔ اس کے بعد زعفران۔ جائفل۔ جاوتری عقرقرحا۔ لونگ۔ زنک سفید۔ زنک سرخ۔ مغز چلغوزہ سوہاگہ سفید ہر ایک ایک ماشہ۔ کستوری ½ ماشہ عنبر ½ ماشہ چربی شیر۔ چربی ریچھ۔ روغن بیضہ مرغ ہر ایک ۴ ماشہ شامل کر کے تین روز کھرل کریں بعدہ عطر گلاب شامل کر کے رکھیں عضو کو گرم پانی سے دھو کر طلا کریں ہفتہ عشرہ میں تمام نقائص دور ہو کر مکمل صحت ہو گی۔ یہ ملذ بھی ہے ½ رتی مالش کر کے جماع کریں۔

سنگ گردہ و مثانہ: گل سرکنڈا ایک سیر کو تین سیر پانی میں جوش دے کر ایک بوتل پانی حاصل کریں۔ سنگ گردہ و مثانہ کے مریض کو ۵ تولہ روزانہ پلائیں۔ پتھری خارج ہوگی۔

سیلان الرحم: گھن چوب کیکر کے ہموزن کھانڈ ملا کر ۶ ماشہ صبح و شام پانی سے دیں۔

پڑبال چشم: غلہ گندم ½ سیر تند رست گھوڑے کو کھلائیں جب وہ لید کرے تو سالم دانے لید میں سے لے کر سایہ میں خشک کر کے بال اکھاڑ کر لگائیں۔ دو تین روز میں صحت ہو گی۔

ککرہ چشم: چاکسو مقشر باریک کر کے آنکھ کی گنی جہاں خارش ہوتی ہو ململ کے کپڑا سے رگڑ کر دھوڑ دیں۔ دو تین روز میں آرام ہوگا۔

چھپاکی: ایک رتی عقرقرحا۔ برگ پان میں رکھ کر کھلائیں۔ چھپاکی کو بگڑنے سے بچائے گی۔

دق الاطفال: سوکھے بچے کو موٹا تازہ کرتی ہے۔ خوب کلاں ۵ تولہ کو یک پاؤ شیر بکری

میں جوش دے کر دودھ پھینک دیں اور خوب کلاں سایہ میں خشک کر کے پھر دودھ یا نیسر مادرسے دیں۔

سیلان الرحم: مازو کلاں کو دس گنا غلہ ماش کے ہمراہ پانی میں اس قدر جوش دیں کہ مازو نرم ہو جائیں نکال کر سایہ میں خشک کر کے سفوف بنائیں۔ دو رتی ہمراہ شیر گاؤ سیلان الرحم دور کرے بوڑھی کو بھی باکرہ بنا دے گی۔

مغلظ منی: نخم سروالی سفوف بنا کر ہم وزن کھانڈ ملا کر ایک تولہ صبح ہمراہ شیر بادریاگاؤ دیا کریں۔

ذیابیطس: نخم جامن باریک کر کے ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ جوشاندہ پنبہ دانہ دیں۔ اور روٹی آرد نخود کھایا کریں۔

خونی بواسیر: بیرونی پوست درخت پیپل کا سفوف ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیں عمدہ نسخہ ہے۔

کشتہ نقرہ مرکب: سل دق جریان ضعف باہ۔ ذیابیطس وغیرہ کو مفید ہے۔ برادہ قلعی برادہ نقرہ۔ سیماب دو دو تولے کر آب مقطر بسکپرہ میں کامل ایک ہفتہ کھرل کر کے قرص بنا کر ایک پاؤ نغدہ بوٹی مذکورہ میں رکھ کر کوزہ میں بند کر کے سولہ سیر اوپلوں کی آگ دیں نسواری رنگ کا باوزن کشتہ ہوگا ½ رتی ہمراہ مسکہ وغیرہ دیں۔

کشتہ نقرہ: مقوی اعضائے رئیسہ از حد ہے۔ پترا نقرہ ایک تولہ کو آب پوست بیخ بسکھپرا میں ۴۰ بار بجھاؤ دیں بیبک کشتہ ہوگا۔ اسے ایک ساعت آب لیموں میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر دو سیر اوپلہ کی آگ دیں اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہوگا۔

ٹھنڈک: گرمی سے تالو جلنا ہاتھ پاؤں کی تلیوں کا تپنا۔ گرمی کا خفقان۔ سوزش بول سوزاک خونی بواسیر وغیرہ گرم امراض کو مفید ہے۔ زنن جوت بوٹی درخت کریر یا جنڈ کے نیچے عموماً بیساکھ اور جیٹھ کے مہینوں میں ملتی ہے۔ زمین پر بچھی ہوئی۔ شاخیں سرخی مائل برگ خورد سلونک کی طرح اور چڑیا کے پنجہ کی طرح تین تین ہر پتہ کی جڑ کے نیچے سفید ہوتی ہے۔ مزا پھیکا اور

ہیسدا رہوتا ہے۔ اگر اس کو اکھاڑ کر رکھ لیں تو تین ماہ تک خشک نہیں ہوتی۔ ۲ ماشہ
مثل سردائی گھوٹ کر مصری ملا کر ہر روز پلائیں۔ پہلے ہی دن فائدہ ہوگا۔

اکسیر ورد :- وجع المفاصل درد ریح ہر قسم۔ فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ قلت حیض وغیرہ کو مفید ہے۔ پوست بیخ اکسن سایہ میں خشک کر کے ہم وزن کھانڈ ملا کر سفوف بنائیں۔ ایک تولہ رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ گرم دیں پسینہ آئے گا اور چند یوم میں مکمل فائدہ ہوگا۔

اکسیر اٹھرا :- جن عورتوں کے بچے پیدا ہو کر طرح طرح کے امراض میں مبتلا ہو کر مر جاتے ہوں۔ حمل گر جاتا ہو۔ ان کو مفید ہے۔ حمل کی حفاظت کرے گی۔ دھماسہ ۱/۲ سیر تین سیر پانی میں جوش دے کر چھان کر قہوہ کی پیالی میں نیم گرم بہ جوشاندہ صبح قہوہ کی طرح گھونٹ گھونٹ پیویں از حمل تا رضاعت استعمال جاری رکھیں۔

کشتہ نقرہ شنگرفی : ضعف باہ اور ذیابطیس کو مفید ہے۔ ورق نقرہ ایک تولہ شنگرف ۲ تولہ آب زقوم میں دو یوم کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے ریت میں زیر و بالا برگ مدار دے کر چار پہر آگ جلائیں کشتہ ہوگا۔ ایک رتی ہمراہ مسکہ دیں۔

کشتہ صدف شنگرفی : مقوی دماغ و دل۔ دافع نزلہ زکام دائمی۔ سرعت انزال۔ صدف صادق کو گرم کر کے آب لیموں میں بجھاویں تاکہ اس کا چھلکا دار حصہ علیحدہ ہو جائے ایک تولہ میں ایک شنگرف ملا کر شیر زقوم میں تین یوم کھرل کر کے سیویاں بنا کر خشک کر کے کوزہ میں بند کر کے ۵ سیر آگ دیں کشتہ ہوگا۔ نصف رتی مسکہ سے دیں۔

اکسیر مصفی :- اعلیٰ درجہ کا مصفی خون عمل جراحی سے بچانے والا نسخہ ہے دائمی قبض کو دور کر کے بھوک خوب لگاتی ہے۔ گندھک آملہ سار جو کوب کر کے ایک پاؤ کڑاہی میں ڈالیں اور چار سیر آب زقوم چمچہ چمچہ ڈال کر آگ پر جذب کریں سلاخ سے ہلاتے رہیں۔ اس کے بعد سادہ پانی سے دھو کر محفوظ رکھیں ایک ماشہ دودھ سے دیں۔ اگر نمک سے پرہیز کر کے صرف چوری کھائی جائے تو زیادہ مفید ہے۔

محلل اورام :- برگ اکسن تازہ گرم کر کے تیل سے چپڑ کر باندھیں ورم تحلیل ہو جائے

گا یا پھوٹ کر بہہ جائے گا

صلایہ سم الفار : حد درجہ مقوی باہ مشتہی۔ مبہی اور ہاضم ہے۔ چہرہ کا رنگ سُرخ شاداب بناتا ہے۔ سم الفار سفید ایک تولہ کو آب برگ تھوہر پانچ تولہ میں کھرل کر کے خشک کریں۔ بعدہٗ آب چھلی سنگرہ ۵ تولہ کھرل کریں اور الائچی دانہ خورد ۱ تولہ ملا کر چند یوم کھرل کریں۔ بنصف رتی ہمراہ مسکہ دیں۔

ہیضہ : برگ مدار جو خود بخود گرے ہوں۔ تین عدد خاکستر کر کے ۵ تولہ پانی میں بھگوئیں تین حصہ کر کے گھنٹہ گھنٹہ کے وقفہ سے دیں آرام ہوگا۔

مے نوشی :- برگ مولی ایک تولہ گھوٹ کر کوزہ مصری تین تولہ ملا کر شرابی کو پلائیں نشہ دور ہوگا اور اگر کثرت مے نوشی سے جگر خراب ہوگیا ہو تو چند یوم کے استعمال سے درست ہوگا۔

یرقان :- برگ نیم نرم و نازک ایک تولہ گھوٹ کر ۳ ماشہ سوڈا بائی کارب ملا کر پلائیں تین چار روز میں صحت ہوگی۔

برتھ کنٹرول :- برگ پودینہ خشک کر کے ۹ ماشہ جماع سے پیشتر دیں۔ حمل قرار نہ پائے گا۔

درد چشم : برگ انار گھوٹ کر ٹکیہ بنا کر آنکھ پہ باندھیں۔

ملیریا بخار ہر قسم : برگ سورج مکھی ایک تولہ ہمراہ مرچ سیاہ ۵ عدد گھوٹ کر چھان کر پلائیں۔ کونین سے بڑھ کر فائدہ ہوگا۔

ممسک : پھٹکری سفید ایک تولہ شیر برگد ۵ تولہ کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر دو گھنٹہ پیشتر دو گولی دودھ سے دیں۔

جریان دور :- ریش برگد ایک پاؤ چھلی کیکر ½ پاؤ مجیٹھ ۵ تولہ طباشیر ۲ تولہ کھانڈ ½ پاؤ سفوف بنا کر ایک تولہ ہمراہ دودھ دیں۔

اٹھراہ :- جن عورتوں کے بچے مختلف امراض میں مبتلا ہو کر مر جاتے ہوں یا حمل گر جاتا

ہو۔اس کے استعمال سے آرام ہوگا۔علاوہ ازیں سیلان الرحم وغیرہ کو بھی مفید ہے
ریش برگد ۴ سیر جو کوب کر کے رات کو پانی میں بھگوئیں۔ صبح چولہے پر رکھ کر سونٹ ۵
تولہ شامل کر کے پکائیں۔ جب ایک سیر رہ جائے مل چھان کر اور نتھار کر آگ پر خشک
کر کے گولی بقدر نخود بنا کر ہمراہ آب تازہ دیں۔

دمہ :۔ آب پیاز شہد ایک ایک پاؤ سوڈا بائی کارب ۵ تولہ تینوں ملا کر رکھ لیں۔
صبح و شام ایک چمچہ استعمال کرائیں۔

مرہم :۔ ہر قسم کے زخم۔ داد چنبل ناسور چوٹ آگ سے جلنے کو مفید ہے۔ روغن سرسوں
پڑا پاؤ گرم کر کے برگ نیم ۵ تولہ ڈال کر جلائیں اور چھان کر موم مردا سنگ۔ سندھور ہر
ایک ۵ تولہ ملائیں اور لگائیں۔

مصفیٰ :۔ مصفی خون اس قدر ہے کہ برص کو دور کرتا ہے۔ پوست نیم۔ باچی ہم وزن
سفوف بنا کر ۲ ماشہ رات کو پانی میں بھگوئیں۔ صبح چھان کر شہد ملا کر پی لیں۔

روغن زخم ہر قسم :۔ ہر قسم کے زخم اور پھوڑا پھنسی کو دور کر کے ورم اور درد کو تحلیل کرنے
میں مفید ہے۔ مرچ سرخ گول۔ گل مدار۔ حرمل سبز ایک ایک تولہ روغن کمنہ ۴ تولہ آگ
پر ہر سہ ادویہ تیل میں جلا کر چھان کر موقعہ و محل کے مطابق لگائیں۔

سوزاک :۔ تخم مرچ سرخ ایک سیر آب چاہ ۵ تولہ میں رات کو ملا کر رکھیں۔ صبح بذریعہ
آتشی شیشی روغن نکالیں ایک قطرہ بتاشہ پر ڈال کر کچی لسی سے دیں ہفتہ عشرہ میں
فائدہ ہوگا۔

پائیوریا :۔ مرض قدیم ہو یا جدید فائدہ ہوگا۔ مرچ سرخ گول۔ پھٹکری سرخ نوشادر
ہر ایک ۱۰ تولہ باریک کر کے اتنا شیر مدار ڈالیں کہ ایک انگل اوپر رہے کوزہ میں بند کر کے
آٹھ سیر آگ دیں اور دانتوں پر مل کر منہ ڈھیلا چھوڑ دیں۔ آدھ گھنٹہ کے بعد دودھ سے غرارے
کریں۔

طلاء دارچینی :۔ دارچینی و تھوم مقشر ہر ایک ۳ ماشہ لونگ کلاہ دارہ ۱ عدد۔ مغز جمالگوٹہ

سات عدد مسکہ گاؤ ایک تولہ ایک یوم کھرل کر کے رکھیں ½ ماشہ مل کر برگ ارنڈ یا پان باندھیں پھنسیاں نکلنے پر گھی جلا کر لگائیں۔

پنڈت کرشن کنور دت شرما

قوت باہ کی نادرہ روزگار دوا : کشتہ الماس ۴ رتی کشتہ سم الفار ایک ماشہ کشتہ مس سفید ۲ ماشہ کشتہ شنگرف ۳ ماشہ سیماب مصفیٰ ۴ چار ماشہ۔ کبریت مصفیٰ ۵ ماشہ کستوری ۶ ماشہ جند بیدستر ۷ ماشہ کشتہ قلعی ۸ ماشہ کشتہ فولاد ۹ ماشہ کشتہ ابرک سیاہ ۱۰ ماشہ کہلہ بربلا ۱۱ ماشہ تخم بھنگ ۱۲ ماشہ جائفل ۱۳ ماشہ سلاجیت ۱۴ ماشہ جملہ ادویات سات یوم تک آب پان میں کھرل کر کے گولی بقدر دو رتی بنا کر صبح و شام دودھ سے دیں۔

کشتہ نقرہ :- اعضائے رئیسہ کو تقویت دینے میں بے عدیل ہے۔ مولد و مغلظ منی ہے۔ ہر قسم کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ ورق نقرہ ۱ تولہ آب ادرک مقطر میں چند منٹ کھرل کرکے پھر سیماب مصفیٰ ۲ تولہ شامل کرکے ۵ تولہ آب ادرک سے کھرل کرکے کوزہ میں بند کرکے دو سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح ایک تولہ پارہ شامل کر کے آب ادرک میں کھرل کرکے آگ دیں۔ اس طرح پانچ آنچ دیں کشتہ تیار ہے ½ رتی مسکہ وغیرہ سے دیں۔

کشتہ سیماب بڑھاپے میں چہرہ کی جھریاں عام کمزوریاں لاغری دور ہو کر از سر نو جوانی کی طاقت حاصل ہوگی۔ نامرد اس کے استعمال سے مرد اور مرد جوان مرد بن جاتے ہیں۔ فالج، لقوہ، رعشہ، تشنج۔ دق سل گنٹھیا سرعت انزال وغیرہ کو مفید ہے۔

پارہ مصفیٰ ۵ تولہ زردی بیضہ مرغ ۳ عدد میں اس قدر کھرل کریں کہ ذرات نابود ہو جائیں۔ اس کے بعد شراب برانڈی ½ پاؤ تھوڑی تھوڑی ڈال کر کھرل کریں۔ کھرل صرف چند ہی منٹ کریں۔ خشک نہیں کرنا۔ اسے تانبہ کی کٹوری بمعہ ڈھکنا میں بند کر کے مضبوط گل حکمت کر کے ایک سال روڑی گوبر میں دفن کریں۔ شروع ایام سرما میں دفن کریں، ایک سال کے بعد اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہوگا ایک تا تین چاول ہمراہ مسکہ دیں۔

کشتہ طلا : سونے کا یہ لاجواب کشتہ اس قدر لطیف ہوتا ہے کہ حلق سے اترتے

ہی پہلی خوراک طاقت و توانائی کی لہر دوڑا دیتی ہے۔ بنا گوشت و پوست تیار ہوتا ہے دودھ بھی ہضم ہونا آسان ہو جاتا ہے۔ برادہ طلا ایک تولہ کھرل میں ڈال کر آب پیاز سرخ تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں۔ روزانہ آٹھ گھنٹہ کے حساب سے چھ ماہ کھرل کریں۔ اگر ایک سال کھرل کریں گے تو اور مفید ہو گا۔ عرق پیاز ایک دو دن کے بعد تازہ لیں۔ صرف کھرل ہی سے کشتہ ہو گا۔ خوراک ایک چاول ہمراہ مسکہ وغیرہ دیں۔

گرائپ واٹر:- بچوں کے لیے مشہور دوا ہے، سویہ کا عرق سہ آتشہ عرق نکالیں بہترین گرائپ واٹر ہے۔

بال امرت: بچوں کی کمزوری۔ ہاضمہ۔ دست۔ قے۔ بخار کھانسی وغیرہ دانت کی تکلیف کو مفید ہے اور بچوں کی ٹانک ہے۔ چونا ان بجھا ۵ تولہ کا ایک بوتل مقطر لے دیں اور تین پاؤ کھانڈ ملا کر شربت بنائیں ۵ سے ۱۵ بوند پانی میں یا شیر مادر ملا کر دیں۔

کشتہ طلا مروارید: جس کی ایک خوراک دم نزع میں بھی جسم ناتواں میں ایک خاص توانائی پیدا کر دیتی ہے۔ پہلی خوراک چند منٹوں میں اثر دکھاتی ہے ہر قسم کی کمزوری اور نامردی کو دور کرتی ہے سیماب مصفیٰ ۲ تولہ کھرل میں ڈال کر ورق طلا ۲ تولہ تھوڑے تھوڑے ڈال کر کھرل کریں۔ جب تمام ورق کھرل ہو جائیں تو مروارید ایک تولہ شنگرف ۲ ماشہ ملا کر کھرل کریں اور آب لیموں سے آٹھ گھنٹہ روزانہ کے حساب سے آٹھ دن کھرل کریں۔ دوا رات کو عرق لیموں میں تر رکھیں۔ اس کے بعد پتلی پتلی ٹکیہ بنا کر خشک کر کے کوزہ میں بند کر کے گل حکمت کر کے دو من اوپلہ کی آگ دیں کشتہ تیار ہو گا۔ دو چاول ہمراہ مسکہ وغیرہ سے دیں۔

دیگر: جس کے استعمال سے اعضاء رئیسہ کی تمام کمزوریاں اور ناتوانیاں دور ہو کر صحت و شباب میں ایک نیا رنگ پیدا ہو گا۔ کثرت مباشرت۔ کثرت محنت اور طویل علالت کے بعد پیدا ہونے والی کمزوریوں کو مفید ہے۔ اس کا استعمال پرانے بخاروں۔ سل دق پرانی کھانسی۔ جریان احتلام سرعت وغیرہ میں مفید ہے۔

مروارید ایک تولہ کھرل میں ڈال کر ایک تولہ ورق طلا ایک ایک دو دو ورق ڈال کر کھرل کریں پھر آب لیموں منقطر تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں اور ۸ تولہ آب لیموں جذب کریں۔ آب تلسی سیاہ مروق ۸ تولہ پھر آب لاجونتی ۸ تولہ پھر آب چولائی خاردار ۸ تولہ کھرل کرکے پتلی پتلی ٹکیاں بنا کر کوزہ میں بند کرکے ۵ سیر آگ دیں۔ سرد کرکے نکال کر ایک ہفتہ عرق کیوڑہ میں کھرل کریں دو تا چار چاول مسکہ وغیرہ سے دیں۔

بال رکھشک شربت :۔ بچوں کی تمام بیماریوں خصوصاً دق الاطفال کو مفید ہے۔ بانسہ ۱/ سیر گل نیلوفر۔ گاؤزبان ایک ایک پاؤ خوب کلاں ۱۰ تولہ ملٹھی مقشر ۱۰ تولہ سرطان ہندی ۲ تولہ آٹھ گنا پانی میں ۲۴ گھنٹہ بھگو کر چار بوتل عرق کشید کریں نیچے کافور کی ڈلی رکھیں۔ چوزان بچہ ۵ تولہ کا ایک بوتل آب مقطر حاصل کریں اور ایک بوتل عرق مذکور ملائیں ۱½ سیر کھانڈ ملا کر شربت بنا دیں ایک تا چار ماشہ دودھ یا پانی ملا کر دیں۔

کشتہ طلا :۔ دل کی تفریح اور دماغ کی طاقت کے لیے عجیب نسخہ ہے تمام اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتا ہے۔ اگر دو تین ماہ لگاتار استعمال کیا جائے تو قبل از وقت سفید ہونے والے بال رک جاتے ہیں۔ برادہ طلا ۲ ماشہ آب روغنی مقطر ایک پاؤ میں کھرل کریں اور کوزہ میں بند کرکے دس سیر آگ دیں کشتہ ہوگا دو تا چار چاول مسکہ سے دیں۔

کشتہ فولاد :۔ نہایت زود اثر ہے۔ ہیرا کسیس (فیری سلفیٹ) ایک سیر باریک کرکے مٹی کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور سلاخ سے ہلاتے رہیں۔ جب بھورے سرخ رنگ کا ہو جائے تو اتار کر آب گھیکوار سے کھرل کرکے ایک ایک تولہ کے قرص بنا کر خوب گل حکمت کرکے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں خوراک ایک رتی ہمراہ دہی وغیرہ دیں۔

آنکھ میں سرمہ ڈالنے سے بخار غائب :۔ طوطیا اعلیٰ لے کر ایک سو آٹھ روز تک روزانہ آٹھ گھنٹہ کے حساب سے آب لیموں منقطر سے کھرل کریں۔ ایک ایک سلائی دونوں آنکھوں میں ڈالنے سے تیز سے تیز بخار بھی پندرہ منٹ میں غائب ہوگا۔ لطف یہ کہ ایک آنکھ میں دوا ڈالی جائے تو صرف ایک طرف کا بخار اترے گا اور کسی بھی قسم

کا بخار حسب ضرورت سے زیادہ تیز ہو رہا ہو تو اس کی دوا کی ایک ایک سلائی آنکھوں میں ڈال کر سرسامی حالت پیدا ہونے سے روکی جا سکتی ہے۔ تپ محرقہ کی خراب حالت میں ایک مرتبہ یہ دوا مریض کو موت کے منہ سے بچا لیتی ہے۔

کشتہ طلائے نظیر:- جو دل و دماغ معدہ و جگر کو طاقت دینے میں کمال کا اثر رکھتا ہے اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ ہے۔ اپنے ہاتھ جوانی برباد کرنے والوں کے لیے نہایت کامیاب علاج ہے۔ دق سل و ذیابیطس فالج لقوہ کو فائدہ مند ہے۔

برادہ سونا ۲ ماشہ کو آب ادرک مقطر ۱۰ تولہ میں کھرل کر کے آب گھیکوار میں بچہ شیر مدار میں اور چوتھی بار آب پان مقطر ہر ایک ۱۰ تولہ میں کھرل کریں اور گولی بنا کر خشک کر کے نغدہ برگ پان ۱۰ تولہ میں رکھ کر کوزہ میں بند کر کے مضبوط گل حکمت کر کے دس سیر اوپلہ کی آگ دیں لاجواب کشتہ تیار ہے۔ خوراک ایک چاول ہمراہ مسکہ وغیرہ دیں۔

بچھو کاٹا:- مغز جمالگوٹہ پتہ دور کر کے سل پر خوب دو چار قطروں پانی کی مدد سے رگڑ کر کاٹی ہوئی جگہ پر لگائیں۔ دس منٹ میں رونا آ گئے اور ہنستا جائے۔

دیگر: کاٹے ہوئے بچھو کو مار کر اوپر باندھیں۔

دیگر: پرمور حقہ کی چلم میں رکھ کر دو چار کش لگائیں

درد سر:- یہ ایک ہتھیلی پر سرسوں جمانے والا فوری اثر نسخہ ہے جس کی پہلی خوراک بجلی کی طرح اثر کرتی ہے۔ شدت درد سے چیخنے والے مریض کو سکون و راحت دیتی ہے۔ فناسیٹین ۲ تولہ کیفین سائٹراس ایک تولہ اسپرین ایک تولہ قند سفید ۳ ماشہ کیرو ایک ماشہ کھرل کر کے محفوظ رکھیں ایک ماشہ تا دو ماشہ ہمراہ پانی دیں اگر پہلی خوراک سے تسلی بخش فائدہ نہ ہو تو آدھ گھنٹہ بعد دوسری خوراک دیں۔

دیگر: حلق سے نیچے اترتے ہی ہر قسم کا درد سر غائب ہو گا۔ سوڈا ایسلی سلاس ایک تولہ اسپرین۔ سورنجان شیریں۔ پوٹاسی برومائیڈ ہر ایک ۳ ماشہ دانہ الائچی خورد ۲ ماشہ قند سفید ۳ تولہ سفوف بنا کر ۲ تا ۳ ماشہ ہمراہ پانی بشرط ضرورت نصف گھنٹہ کے بعد دوسری

خوراک دیں۔

دیگر: سوڈا سیلی سلاس۔ فنسیٹن۔ پوٹاشیم برومائیڈ۔ کتیرا خشک۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ گیرو۔ دارچینی ہر ایک ۶ ماشہ قند سفید ۶ تولہ سفوف بنا کر ۱/۲ ماشہ سے ۲ ماشہ ہمراہ آب تازہ دیں نزلہ زکام میں ہمراہ جوشاندہ بنفشہ دیں۔

نسوار درد سر: اس نسوار سے دماغ سے تمام ردی اور فاسد مواد چھینکیں آکر نکل جاتا ہے۔ درد سر۔ داڑھ۔ کان۔ نزلہ زکام سرسام اور مرگی میں مفید ہے۔ خاکستر اوپلہ صحرائی چینی کے پیالہ میں ڈال کر اوپر شیر مدار اتنا ڈالیں کہ دو انگل اوپر رہے۔ سایہ میں خشک کریں اور دوبارہ اسی قدر دودھ مدار اور ڈالیں اور خشک ہونے پر محفوظ رکھیں۔

دمہ کا دورہ دور: بہت لاجواب نسخہ ہے فوراً سانس کی مشکل دور ہو گی۔ برگ بھنگ خشک برگ دھتورہ خشک قلمی شورہ ہموزن جوکوب کر کے دو تین چٹکی چلم میں رکھ کر بطور تمباکو پلائیں یا سگریٹ بنا کر یا انگریزی چرٹ میں ڈال کر کش لگائیں۔

بچھو کاٹا: مغز تخم املی کوٹ کر پانی کی مدد سے بچھو کے کاٹے کی جگہ موٹا سا لیپ کر دیں بے نظیر علاج ہے۔

دیگر تھوم مقشر۔ عقرقرحا۔ ہینگ ہیرا ہموزن باریک کر کے تیز شراب میں گھوٹ کر گاڑھا سا لیپ کریں۔

دیگر: آب مولی سے روئی تر کر کے زخم پر رکھیں

دیگر آب لیموں سے روئی تر کر کے رکھیں۔

دیگر کاٹی ہوئی جگہ پر فوراً ہی پیشاب کر دیں۔

دیگر مولی کا گودا، میں نمک سانبھر یا خوردنی ملا کر کاٹی جگہ پر لیپ کریں۔

دیگر ناگرموتھا ایک سے دو تولہ پانی میں گھوٹ کر چھان کر پلائیں۔ ایک بار کے استعمال سے فائدہ نہ ہو تو ۱/۲ گھنٹہ بعد دوبارہ پلائیں۔

دیگر: چھلکا نیم ۳ ماشہ چلم میں رکھ کر بطور تمباکو پلائیں۔

دیگر: بیخ اندرائن شیر دار بین تین چار بار تر و خشک کر کے گولیاں بنا کر رکھیں بوقت ضرورت ایک دو گولی گائے یا آدمی کے پیشاب میں گھس کر لگائیں۔

دیگر: پیاز۔ تھوم۔ نوشادر ہموزن باریک کر کے لیپ کر دیں۔

دیگر: دار چینی کا تیل ایک تولہ روغن جما لگوٹہ ایک ماشہ ملا کر لگائیں۔ اگر ضرورت پڑے تو پندرہ بیس منٹ بعد دوبارہ لگائیں۔

دیگر: برگ ہلہل باریک کر کے رکھیں اور نسوار دیں زیادہ چھینکیں آئیں تو گھی کی نسوار دیں۔

دیگر: جوہے کی مینگیں باریک کر کے پانی سے لیپ کر دیں۔

آتشک: ہاتھ کی ہتھیلیوں پر دوا کی مالش کرنے سے آتشک دور ہوگا۔ پارہ مصفیٰ ۱ تولہ میں پچاس عدد ورق نقرہ ایک ایک دو دو ملا کر کھرل کر کے ۱۲ عدد گولیاں بنائیں ایک گولی ہاتھ کی ہتھیلی پر رکھیں۔ اس پر ایک ماشہ نمک خوردنی ڈال کر تھوڑا سا آب پان ڈال کر دونوں ہتھیلیوں کے درمیان گولی کو رگڑنا شروع کریں نیچے ایک پلیٹ رکھیں تاکہ گولی کا جو حصہ نیچے گرے وہ اٹھا کر اور آب پان ڈال کر رگڑیں۔ اسی طرح بار بار کریں تاکہ ۵ تولہ آب پان جذب ہو جائے اور دو تین گھنٹہ ہاتھ نہ دھوئیں دوران استعمال نمک نہ کھائیں۔ غذا بسنی روٹی گھی کے ساتھ چھ سات روز میں آتشک کی تمام ظاہری علامت دب جائیں گی۔

بے نظیر چورن: فساد ہضم کو دور کر کے معدہ کو تقویت دیتا ہے۔ جگر کو مضبوط کرے گا پوست ہلیلہ زرد۔ نوشادر ہر ایک ۲ تولہ الائچی دانہ فلفل سیاہ فلفل دراز نمک سیاہ نمک ہندی۔ زنجبیل دار چینی۔ گیرو ہر ایک ایک تولہ ست پودینہ ۳ ماشہ باریک کر کے چھلنی سے چھان لیں ایک سے ۳ ماشہ ہمراہ عرق بادیاں کھانے سے پندرہ منٹ بعد دیں۔

ضعف دماغ: مغز بادام مقشر۔ مغز تخم کدو۔ برنج کشنیز۔ برنج بادیاں خشخاش تخم الائچی خورد ہر ایک ۵ تولہ کشتہ نقرہ ۵ ماشہ مصری کوزہ ۲۵ تولہ باریک کر کے ۶ ماشہ صبح و شام دودھ سے دیں۔

قبض کشا کھانڈ: مشہور اشتہاری نسخہ ہے رات کو کھالیں۔ صبح کھل کر دست آجائے گا۔ سر درد۔ بخار۔ جریان۔ پیٹ درد کمر و جوڑوں کا درد ٹیپچش وغیرہ کو مفید ہے۔ مغز جمالگوٹہ مدبر کا تیل ایک قطرہ بادام روغن ۲۰ قطرہ تیل سونف ولایتی ایک قطرہ سیکرین ۱/۲ رتی کھانڈ ایک تولہ کھرل کر کے دو خوراک بنالیں۔ سوتے وقت غذا کے تین گھنٹہ بعد نیم سیر دودھ سے دیں۔

جریان کی شرطیہ گولیاں اشتہاری نسخہ ہے۔ پوست آملہ۔ برگ بھنگ۔ ہلدی۔ رسونت مصفیٰ سلاجیت ہر ایک ۳ تولہ جائفل۔ ایلوا مصفیٰ۔ کافور بھیم سینی ہر ایک دو تولہ بیج ۱/۲ تولہ افیون ۲ ماشہ کشتہ سہ دھاتہ ۵ تولہ باریک کر کے پانی کی مدد سے گولی دو رتی بنائیں۔ صبح شام پانی سے دیں۔

کشتہ طلا:۔ جسم میں گئی ہوئی قوتوں کو واپس لاتا ہے۔ دل۔ دماغ۔ ذہن عقل اور فہم کو ترقی دیتا ہے۔ ضعف بصر درد سر اور دوران سر میں مفید ہے۔ برادہ طلا ایک تولہ کھرل میں ڈال کر آب فقط چھال کچنار تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کرتے جائیں اور ۱/۲ سیر پانی جذب ہونے پر گولی بنا کر کوزہ میں بند کر کے دس سیر آگ دیں سرخ رنگ بے چمک کشتہ ہوگا۔

دیگر: حرارت غریزی کو برانگیختہ کر کے سست الوجود کو چست و چالاک و چوبند بناتا ہے۔ اعضائے رئیسہ میں ایک روح شباب دوڑ جاتی ہے۔ برادہ طلا ۶ ماشہ کو حسب سابق آب پان مقطر ۱/۲ سیر میں کھرل کر کے گولی بنا کر کوزہ میں بند کر کے ۱۵ سیر آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔ ایک چاول ہمراہ مسکہ وغیرہ دیں۔

دیگر: تقویت دل و دماغ و باہ اور جسم کے لیے بہت مفید و مؤثر ہے۔ برادہ شمس ۱۲ ماشہ کو آب مولی نیم خام منقطر یا آب گل نیم ۱ پاؤ میں کھرل کر کے گولی بنا کر خشک کر کے کوزہ میں بند کر کے ۱۲ سیر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ ہوگا۔ ایک چاول شہد معبد رقعہ مناسب سے دیں۔

دیگر: جو تقویت و تحریک باہ کے لیے خاص طور پر ایک قابل قدر شئے ہے برادہ

طلا ۶ ماشہ کو بدستور آب بیخ گل عباسی مقطر ۱/۲ سیر سے کھرل کر کے ۱۲ سیر آگ دیں کشتہ ہو گا۔ ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

دیگر: تپ دق کو خصوصیت سے مفید ہے۔ برادہ سونا ۳ ماشہ کو آب برگ تلسی مقطر ۱/۲ پاؤ میں کھرل کر کے دس سیر آگ دیں کشتہ ہوگا۔

فولاد کا بے نظیر کشتہ ؟ نیا خون: نئی طاقت اور نئی جوانی پیدا کر کے ایک ہی ہفتہ میں نامرد کو مرد کامل کر دیتا ہے۔ برادہ فولاد ایک پاؤ سیماب ایک تولہ کافور ۱/۲ ماشہ ملا کر کڑاہی میں لوہے کے دستے سے آب گھیکوار میں ۶ گھنٹہ کھرل کر کے چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا کر کوزہ میں بند کر کے ۵ سیر بے دود آگ دیں۔ سو کر کے ایک تولہ ہڑتال ورقیہ اور ۱/۲ ماشہ کافور ملا کر بدستور کھرل کر کے آگ دیں۔ تیسری بار ایک تولہ سم الفار ۱/۲ ماشہ کافور ملا کر آگ دیں۔ چوتھی آگ ایک تولہ گندھک ۱/۲ ماشہ کافور ملا کر دیں۔ پانچویں بار پھر پارہ ملا کر پہلے چار اعمال کو دھرائیں۔ اسی طرح چار بار یعنی سولہ آنچیں دیں اسے نکال کر ایک کڑاہی میں ہموزن بیر بہوٹیاں ملا کر آگ پر رکھیں اور ہلاتے رہیں۔ جب بیر بہوٹی جل جائیں تو پھونک مار کر اڑائیں کشتہ تیار ہے۔ ہمراہ مسکہ یا بالائی دیں۔

دردسر بوجہ ضعف دماغ: دماغ کو از حد قوت بخشتی ہے۔ آنکھوں کو روشن کرتی ہے۔ جلد کی خشکی دور کرتی ہے۔ جسم کو طاقت دیتی ہے۔ حافظہ کو قوی کرتی ہے منی کو بکثرت پیدا کر کے گاڑھا کرتی ہے۔ دل کی دھڑکن دور کر کے فرحت بخشتی ہے مغز بادام ۷ عدد چھوہارہ ۱ عدد الائچی خورد ۳ عدد پانی میں رات کو بھگوئیں۔ صبح چھلکا دور کر کے چھوہارہ کی گٹھلی بھی دور کریں اور الائچی کا تخم حاصل کر کے تینوں کو گھوٹیں کہ مکھن کی طرح ہو جائے مصری کوزہ مکھن گاؤ دو دو تولہ ملا کر انگلی سے یک جان کریں اس میں کشتہ فولاد سادہ کشتہ مرجان سادہ یا جواہر والا ایک رتی ملا کر علی الصبح استعمال کریں۔

صفرا توڑ شربت: گرمی کے دردسر۔ اور صفرا کی کثرت کو توڑتا ہے۔
آلو بخارا ۵ تولہ دانہ۔ تمر ہندی ۵ تولہ کو عرق بادیاں و عرق گلاب ۵،۵ تولہ میں بھگو

کر ہل چھان کر شربت عناب ۴ تولہ ملا کر پلائیں۔

سر درد :- کنپٹی کی تڑپتی ہوئی رگوں کو تسکین بخشنے والا لیپ جو فوراً ٹھنڈک پہنچاتا ہے۔ مفید مجرب آزمودہ ہے۔ برادہ صندل سفید۔ تخم کاہو مقشر ۶-۶ ماشہ کافور ایک ماشہ تمام اجزا کو آب کشنیز سبز میں گھوٹ کر پیشانی اور کنپٹیوں پر لیپ کریں۔ خشک ہونے پر ٹھنڈے پانی سے تر کر دیا کریں۔

دیگر :- صفراوی سر درد کی شدت کو تسکین دیتا ہے۔ گرمی خشکی کو زائل کرتا ہے دماغ کو ٹھنڈک بخشتا ہے۔ مکھن گاؤ تازہ حسب ضرورت کو ایک سو بار ٹھنڈے پانی سے دھو کر کنپٹیوں اور پیشانی پر ملیں۔

اکسیر سنگ گردہ و مثانہ :- جوکھار۔ سوہاگہ بریاں۔ شورہ قلمی۔ حجر الیہود۔ سنگ سرماہی پھٹکری بریاں نوشادر۔ کلمتی۔ زیرہ سفید۔ ریوند چینی۔ تخم ترب۔ تخم شبت دانہ الائچی کلاں۔ کباب چینی ہر ایک ۶ ماشہ مصری ۷ تولہ سفوف بنا کر ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی یا شربت بزوری دیں۔

دیگر :- جوکھار۔ سوہاگہ قلمی شورہ پھٹکری نوشادر ہم وزن باریک کر کے ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی تین دن میں کنکر نکال دیتا ہے۔

دیگر :- بہت قابل قدر اور لاجواب نسخہ ہے۔ جوکھار۔ قلمی شورہ۔ سوہاگہ۔ سنگ یہود۔ سنگ سر ماہی تین تین ماشہ راکھ بچھو ایک ماشہ مغز تخم کرنجوہ ۵ ماشہ سفوف بنا کر ۲ ماشہ ہمراہ خار خسک۔ کاکنج۔ ابہل ہر ایک ۵ ماشہ کا عرق مکو میں شیرہ بنا کر شربت بزوری ۲ تولہ آب مردق برگ مولی ۱/۲ پاؤ اضافہ کر کے صبح شام پلائیں۔

دردِ دانت :- کلوروفارم ٹنکچر ایکونائیٹ۔ ٹنکچر آیوڈین ہموزن ملا کر روئی تر کر کے دانت کے سوراخ میں دیں۔ فوراً آرام ہوگا۔

دردِ سر صفراوی :- گل بنفشہ۔ تخم خیارین بادیاں ہر ایک ۷ ماشہ عناب ۵ دانہ گل نیلوفر۔ گل گاؤزبان ہر ایک ۵ ماشہ آلو بخارا ۵ دانہ رات کو پانی میں بھگوئیں۔ صبح مل

چھان کر خمیرہ بنفشہ ۳ تولہ ملا کر پلائیں۔ یہ منضج صفرا کو بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکے گا۔

لاجواب چورن : ریاح کو توڑنے اور معدہ کو تقویت بخشنے والا لاجواب چورن ہے منہ میں بار بار پانی آنا۔ بھوک نہ لگنا۔ پیٹ درد ریاح۔ قراقر تمام امراض معدہ کو بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکے گا۔ سنڈھ۔ مرچ سیاہ فلفل دراز سیندھا نمک۔ زیرہ سفید نیم بریاں۔ زیرہ سیاہ اجمود ہیرا ہینگ ہموزن باریک کر کے ۳ تا ۶ ماشہ پانی سے بعد غذا ۱/۲ گھنٹہ صبح و شام دیں۔

پیچش :۔ افیون سوہاگہ شگفتہ شنگرف۔ مصطگی رومی ہموزن پانی کی مدد سے گولی بقدر ایک رتی بنائیں۔ کسٹر آئیل وغیرہ سے پیٹ صاف کر کے ایک گولی تین تین چار چار گھنٹے کے بعد آب انار دانہ۔ پیچھے چاول ساٹھی وغیرہ سے دیں۔

حابس خون :۔ خون کے بہاؤ کو روکنے کے لیے نہایت ہی تیر بہدف دوا ہے خونی بواسیر پیچش۔ کثرت حیض۔ قے خون۔ نفث الدم نکسیر وغیرہ کو مفید ہے۔ زخموں پھوڑوں سے خون بند ہو جاتا ہے۔ کیلسیم لیکٹیٹ گیلک ایسڈ۔ گیرو۔ کہربا۔ دم الاخوین ہموزن باریک کر کے ایک سے دو ماشہ ہمراہ آب انار دانہ یا شربت انجبار دیں۔

سوزاک :۔ سوزاک میں پیشاب کی جلن تنگی کو پہلے ہی دن دور کر کے پیشاب آسانی سے اور کھل کر لاتا ہے۔ ٹنکچر کیبنے لس ایڈیکا پانچ چھ قطرہ چار پانچ تولہ پانی میں ملا کر دن میں چار بار پلائیں۔

ریگ گردہ و مثانہ :۔ گردہ و مثانہ کی ریگ خارج کر کے پیشاب کھل کر لاتی ہے۔ چھلکا بیخ سوہانجنہ ۱۲ تولہ تازہ ہونا چاہیئے باریک کر کے قلعی دار برتن میں ایک سیر پانی گرم میں بھگوئیں ایک گھنٹہ کے بعد چھان کر اس میں پوٹاسی نائیٹراس حل کر کے ۵ تولہ دوا میں ایک پاؤ پانی ملا کر پلائیں ایک دن میں تین چار بار دیں۔

برص :۔ بلادر کلاہ بریدہ ۵ تولہ درخت سوہانجنہ کے تنا میں گڑھا کر کے اس میں بھر دیں اور چکنی مٹی کا لیپ کر کے چالیس یوم رکھیں۔ اس میں باپچی ۲ چھٹانک ملا کر

سفوف بنائیں پہلے دن ایک ماشہ دوسرے دن دو ماشہ تیسرے دن تین چوتھے دن ۴ ماشہ دیں۔ اس کے بعد ہمراہ دودھ روزانہ ۴ ماشہ دیں غذا صرف دودھ چاول دیں ۴۰ یوم میں بالکل صحت ہوگی

ناروا:۔ بلادر کوٹ کر بقدر ایک رتی گڑ میں لپیٹ کر نگل جائیں۔ چند ہی یوم میں فائدہ ہوگا۔

کشتہ ابرک سیاہ: جو خصوصیت سے اعضاء تناسل کو تحریک دینے کے لیے مفید ہے۔ گھونگی سفید ایک سیر کو چار سیر پانی میں چھوڑیں تیسرے دن ہاتھ سے مل کر چھلکا دور کریں اور کوٹ کر آٹھ سیر پانی کے ہمراہ اس قدر جوش دیں کہ ڈیڑھ سیر رہ جائے اسے اتار کر ابرک سیاہ ایک پاؤ میں کھرل کر کے تین پاؤ پانی جذب کردیں اور قرص بنا کر خشک کریں اور کوزہ میں بند کر کے دو دو تین اوپلہ کی آگ دیں سرد کر کے پھر باقی پانی میں کھرل کر کے آگ دیں۔ سرخ رنگ کا کشتہ ہوگا۔ ایک رتی ہمراہ مکھن دیں۔

بال سیاہ: اگر جوان عمر میں بال سفید ہو جائیں تو یہ نسخہ استعمال کریں بھنگرہ سفید یا سیاہ کے بیج انگ سایہ میں خشک کر کے سفوف بنا کر پیالہ چینی میں ڈال کر آب بھنگرہ میں تر کریں تو چار انگل اوپر رہے سایہ میں خشک کریں اور پھر آب بھنگرہ ڈالیں۔ اسی طرح کم از کم سات بار اور زیادہ سے زیادہ اکیس بار تر و خشک کریں اس میں سے ۸ تولہ لے کر سفوف آملہ ۴ تولہ سفوف ہلیلہ ۲ تولہ سفوف ہلیلہ زرد سفوف ہلیلہ زنگی ایک ایک تولہ ملا کر روغن بادام سے اچھی طرح چرب کر کے ہم وزن شکر ملا کر ۶ ماشہ صبح ہمراہ دودھ بکری تازہ دیں۔

چیچک اور ٹائیفائڈ: حمل کے دوران پانچ چھ ماہ تک مغز تخم جیاپوتہ ایک رتی روزانہ صبح دیں۔ حمل کی حفاظت رہے گی۔ بچہ طاقت ور پیدا ہوگا۔ اور چیچک ٹائیفائڈ سے محفوظ رہیگا۔

محافظ البصر:۔ گل منڈی ایک عدد نگلنے سے ایک سال تک آنکھیں دکھنے نہیں آئیں اور دو چار نگلنے سے دو چار سال تک آنکھیں نہیں دکھتیں اسی طرح انار کی کلی ہفتہ

یا بدھ کے روز طلوع آفتاب سے پہلے انار کے درخت کے پاس جاکر دانت سے کتر کر نگلیں تو کئی سال تک آشوب چشم نہیں ہوتا۔

مقوی باہ : کرشنا فارمیسی کی مشہور و معروف ہٹینیٹ دوا ہے۔ کشتہ سم الفار شگفتہ کشتہ شنگرف۔ بیش مدبر۔ تخم جوز ماثل سیاہ۔ افیون۔ زعفران۔ لونگ۔ جائفل۔ جاوتری ریوند چینی ایک ایک تولہ کُوٹ ۳ تولہ پہلی تین چیزیں کو بارہ گھنٹہ خشک کھرل کر کے باقی دواؤں کا سفوف ملا کر تین یوم تک آب ادرک منقطر میں اور تین یوم آب پان میں کھرل کر کے ½ رتی کی مقدار گولیاں بنائیں اور بعد غذا ایک گولی ہمراہ پانی دیں۔ ایک ہفتہ کے بعد دو گولی دیں۔

طریقہ سم الفار :- ایک سیر دار چینی کے کوئلے بنائیں اور باریک کر کے ایک انگل موٹی تہ توا پر بچھا کر اوپر ڈلی سم الفار رکھ دیں۔ اس پر کوئلہ دار چینی اتنا بچھا دیں کہ سم الفار چھپ جائے۔ توا کو آگ پر رکھیں۔ جب سم الفار پھلنے لگے تو تمام کوئلہ دار چینی کا سفوف اوپر ڈال دیں اور چھ گھنٹہ آگ جلائیں کشتہ ہوگا۔

طریقہ کشتہ شنگرف : بلادر۔ مالکنگنی۔ تخم حرمل ایک ایک پاؤ شیر مدار حسب ضرورت میں ڈال کر شیر مدار جذب کریں اور بذریعہ ... جنتر روغن کشید کریں۔ تھوم یک پوتھیہ ۴ سیر کا عرق نکال کر اس میں شنگرف ۲ تولہ کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر خشک کریں اور اسے روغن مذکورہ میں تر کر کے چار عدد برگ مدار میں لپیٹ کر مٹی کا انگل بھر موٹا لیپ کر کے کوئلوں میں رکھیں اور الٹتے پلٹتے رہیں۔ جب غلولہ سرخ ہو جائے تو نکال کر اور روغن مذکورہ میں تر کر کے برگ مدار لپیٹ کر پکائیں۔ چالیس آنچ میں تیار ہے۔ یہ کشتہ مقوی جسم ہے قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ قوت ہضم اس قدر بڑھ جاتا ہے کہ دودھ گھی خوب ہضم ہوتا ہے۔ بلغمی۔ عصبی امراض۔ رعشہ فالج۔ لقوہ۔ استرخا۔ ضعف اعصاب وغیرہ کو مفید ہے۔

ایک اکسیری دوا : افیون مصفیٰ ایک تولہ۔ سونٹ مصفیٰ ۵ تولہ آب لیموں یا آب انار یا

اب کھرل میں ایک گھنٹہ کھرل کرکے بقدر ½ رتی گولی بنائیں اور مندرجہ ذیل امراض میں استعمال کریں۔

۱ : بکثرت حیض جب کسی طرح بھی نہ رکتا ہو ایک گولی تین چار گھنٹہ کے وقفہ سے ہمراہ چاول کے دھوون سے دیں۔ چند خوراک میں خون رک جائے گا۔

۲ : حمل گرتے وقت اس کی چند گولیاں کھلائیں۔ خواہ کسی حد تک خون بھی جاری کیوں نہ ہوچکا ہو۔ گرتا ہوا حمل رک جائے گا۔ گھنٹہ گھنٹہ کے وقفہ سے شربت صندل وغیرہ سے دیں۔

۳ : دست اور ہیضہ میں گھنٹہ گھنٹہ کے وقفہ سے دیں۔

۴ : دکھتی آنکھ کے لیے عرق گلاب میں گھس کر ڈالیں بہت جلد آرام ہوگا

رس مانکیہ : جذام سرخبادہ۔ بھگندر۔ ناسور۔ زخم آتشک۔ ایگزیما۔ امراض ناک کے گہرے زخم۔ پنبل وغیرہ کو مفید ہے۔

اعلیٰ درجہ کی مصفی خون ہے۔ خارش۔ برص بخار ہر قسم وغیرہ کو بھی مفید ہے ہڑتال ورقیہ کو آب پیٹھہ یا آب دہی میں تین چار بار پکائیں بقدر ۳ ماشہ جو کوب کرکے دوا برک کے ٹکڑوں میں رکھ کر دو چار کوئلے اوپر اور دو چار کوئلے نیچے رکھ کر پنکھا سے ہوا دیں جب دوا پگھل کر سرخ ہوجائے ایک رتی ہمراہ شہد ملا کر چٹائیں بخار آنے سے پیشتر ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے دو بار دیں۔

ذکاوت حس :۔ بے مثل ارزاں اور خوشبودار ہے۔ برنج کشنیز مصری کوزہ ہم وزن باریک کرکے ۶ ماشہ صبح و شام سے دیں علاوہ ذکاوت حس کے دوران سر۔ نزلہ ضعف بصر، سر درد۔ احتلام جریان کو بھی مفید ہوگا۔

اکسیر آتشک : بلا تکلیف آتشک کے لیے مفید ہے۔ شہد ایک پاؤ میں پانی دس سیر ملا کر برتن قلعی شدہ میں ڈال کر رسکپور جو کوب کرکے پوٹلی بنا کر اس میں لٹکا کر نرم آگ پر رکھیں پانی جذب ہونے پر نکال کر ½ سیر دودھ بھیڑ میں کھرل کرکے ایک رتی وزن کی گولیاں بنالیں

اور منقہ میں رکھ کر صبح وشام نگلیں ۔

کثرت حیض : دو سو سال پرانے کنوئیں سے پلی اینٹ حاصل کر کے باریک کر کے ہم وزن کھانڈ ملا کر ۲ ماشہ صبح وشام شربت انجبار سے دیں لاثانی اور شرطیہ نسخہ ہے ۔

دردگردہ :۔ جڑ بکھپرا ایک تولہ جوکوب کر کے ½ سیر پانی میں نرم آگ پر جوش دیں کہ ½ چھٹانک پانی رہ جائے چھان کر ذرا نمک ملا کر پلائیں ۔ صبح وشام تین چار ہفتہ تک استعمال کرنے سے مکمل فائدہ ہوگا ۔ دورہ کے وقت تین چار بار دیں ۔

تپ دق :۔ پرانے بخاروں اور تپ دق کو مفید ہے ۔ جڑ بکھپرا تین سیر کا سہ آتشہ چار بوتل عرق کشید کریں ۔ شہد یوی ۔ گلو سبز متفشر ۔ الائچی خورد ایک ایک پاؤ برگ بانسہ نیلوفر صندل سفید ۔ خس ۔ پوست نیم ہر ایک ½ سیر ان سب کا چار بوتل سہ آتشہ عرق نکال کر پہلے عرق میں ملائیں تین تولہ دن میں چار پانچ بار دیں ۔

مقوی اعصاب : کچلہ مدبر ایک تولہ سلاجیت مصفی ۲ تولہ عرق گلاب سہ آتشہ میں کھرل کر کے گولی بقدر ایک رتی بنا کر دودھ سے دیں ۔

درد حیض :۔ ایلوا ۔ ہیرا کسیس تین تین ماشہ زعفران ۲ ماشہ عرق گلاب میں کھرل کر کے گولی بقدر دانہ مونگ بنا کر صبح وشام ایک گولی ہمراہ حب قرطم ۔ گاؤزبان ۔ تخم خربوزہ ۔ بادیان ہر ایک ۲ ماشہ کے جوشاندہ میں شربت بزوری ۲ تولہ ملا کر دیں حیض سے ایک ہفتہ پیشتر دیں ۔

چائینز : چائے کی پتی کی بجائے گورکھ پان کے پتوں کا استعمال کریں ۔ چائے کے جتنے نقصان ہیں اس کے اتنے ہی فائدے ہیں مقوی معدہ ۔ جگر ۔ دل مفرح ۔ مقوی بصر ۔ مولد خون دافع بواسیر ۔ جریان ۔ احتلام ۔ سرعت ۔ سوزاک ہے ۔ مقوی باہ و ممسک ہے ۔ گورکھ پان کا دوسرا نام پاپا چینی اور رچھی پنجہ ہے ۔ زمین پر بچھی ہوتی ہے ۔ پتے چھوٹے چھوٹے اور پھول سفید گول پیالی کی طرح برسات کے موسم میں بکثرت ہوتی ہے ۔ پھول اکثر شاخوں کے سرول کی طرف زیادہ ہوتے ہیں ۔

کایا پلٹ گولیاں :- باہ اور جسم کو از حد طاقت دیتی ہیں۔ کچلہ مدبر۔ ست سلاجیت ہر ایک ۵ تولہ مرچ سیاہ دو تولہ کشتہ فولاد ۴ تولہ زعفران ایک تولہ گولی بقدر ایک رتی بنا کر صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔

حب بلادر : کایا کلپ اثرات کا حامل ہے۔ برگ کنجد ایک سیر کو پانی ۴ سیر میں جوش دے کر ایک سیر رہنے پر مل کر چھان کر منقطر کریں بلادر کلاہ دور کردہ ۱۰ تولہ اس میں کھرل کر کے خشک کریں ایک دو رتی نصف سیر دودھ سے بوقت صبح دیں۔

دیگر : بلادر کلاہ دور کردہ ایک تولہ کو دو تین گھنٹہ خوب کوٹیں پھر مغز اخروٹ کنجد سیاہ مقشر ہر ایک ۱/۲ ۳ تولہ ملا کر خوب کوٹیں کہ یک جان ہو جائیں ایک ماشہ صبح ہمراہ دودھ سے دیں۔

مقوی باہ :- ایک چھٹانک روغن کنجد کو گہرے پیندے والے برتن میں ڈالیں جس میں مرغی کا انڈہ بخوبی ڈوب سکے برتن آگ پر رکھ کر بلادر کلاہ دور کردہ دو عدد ٹکڑے کر کے ڈالیں، جب جل جائے تو ایک عدد انڈہ سالم ڈال دیں تین چار منٹ میں انڈہ پک جائے گا۔ انڈہ نکال کر چھیل کر کھا لیں اور بعدہ دودھ پیویں۔

بے پناہ قوت :- جس کے استعمال سے عضو دراز و فربہ ہو گا اور قوت باہ اس قدر بڑھ جائے گی کہ بیان سے باہر ہے۔ موسم سرما میں بیر بہوٹی ایک عدد ٹانگیں وغیرہ دور کر کے گڑ میں لپیٹ کر نیم گرم دودھ سے دوسرے ہفتہ دو عدد روزانہ تیسرے ہفتہ تین عدد روزانہ چوتھے ہفتہ چار عدد روزانہ استعمال کریں۔ پہلے سال کے استعمال سے رنگ سیاہ ہو گا۔ پہلے سال نہ ہو تو دوسرے سال مگر اس سے گھبرائیں نہیں۔ طاقت تو پہلے ہی موسم سرما میں ناقابل برداشت حد تک ہو گی۔ دوسرے سال عضو میں درازی و فربہی لگنے لگے گی، اور چھ سات موسم سرما میں حالت ناقابل برداشت حد تک ہو جائے گی۔

طلا خاص : ایک ہفتہ میں مایوس الباہ نامرد کو مرد بنا دے گا۔ دار چینی عقرقرحا ایک ایک تولہ خراطین مصفیٰ۔ مویز کوہی۔ بھوکر مول دو دو تولہ۔ روغن کبنر۔ موم سفید چار چار تولہ۔ چربی شیر مصطگی رومی ہر یک ۶ تولہ تمام ادویہ کو الگ الگ باریک کر کے خوب ملا لیں۔ دو تین ماشہ لیپ کر کے برگ پان گرم کر کے باندھیں۔

ملذذ :- عروسک خراطین مصفیٰ۔ دارچینی۔ بالچھڑ۔ زعفران۔ جائفل۔ جاوتری کپور کچری۔ کافور ہر ایک ۱½ ماشہ کستوری ۳ ماشہ عطر گلاب۔ عطر حنا ہر ایک ۶ ماشہ خوب باریک کر کے پندرہ منٹ پیشتر ۱½ ماشہ کی مالش کریں۔

ہچکی :- سفوف ہلدی ۲ ماشہ چلم میں رکھ کر پلائیں یا سگریٹ کی طرح کاغذ میں لپیٹ کر پلائیں۔ فوراً ہچکی کا دورہ دور ہوگا۔ اس کا اصولی علاج کریں۔ یہ فوری تسکین دینے والا عارضی علاج ہے۔

مضیق و ملذذ :- مغز تخم املی۔ مازو بے سوراخ ہموزن سفوف بنا کر جماع سے ۱۵ منٹ پیشتر پانی یا لعاب دہن سے عضو پر ضماد کریں اور خشک ہونے پر مباشرت کریں۔

حکیم غلام محمد ناظم لاہوری

اکسیر آتشک :- ایک ہفتہ میں بگڑا ہوا مرض نیست و نابود ہوگا۔ شنجرف۔ سم الفار سفید دارچکنا ایک ایک تولہ شیر گوسفند ۲ سیر کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔ ایک برنج ہمراہ مسکہ دیں۔ فوری اور قابل اعتماد ہے۔

دیگر : رسکپور۔ کافور۔ قرنفل۔ دارچینی۔ جائفل ہموزن آب لیموں میں ۲۴ گھنٹہ کھرل کریں اور گولی بقدر نخود بنا کر بوقت صبح پانی سے دیں۔

خیساندہ مصفیٰ خون نہایت کم قیمت زود اثر جس کی نظیر طبی دنیا میں تلاش کرنے سے بھی دستیاب نہ ہوگی۔ بگڑے ہوئے خون کی اصلاح ہوگی گل سرخ ۷ ماشہ تخم کاسنی ۲ ماشہ برادہ صندل سفید ۶ ماشہ۔ شاہترہ۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ۹ ماشہ پوست ہلیلہ زرد۔ برگ سرنا ایک ایک تولہ ایک پاؤ پانی میں رات کو بھگوئیں صبح تین چار تولہ شہد ملا کر پلائیں

اور فضلہ میں پانی ڈال کر شام کو استعمال کریں۔

اکسیر آتشک : بغیر پرہیز کے علاج ہے پرانے سے پرانا مرض غائب ہوگا مغز جمالگوٹہ مدبر۔ مغز کرنجوہ۔ فلفل سیاہ۔ زنجبیل ہموزن باریک کرکے پانی کی مدد سے گولی بقدر مرچ سیاہ بنا کر ایک سے تین گولی ہمراہ یخنی گوشت بوقت صبح دیں۔

خاندان شریفی کا تحفہ : ان گولیوں کو عرصہ تیس سال سے استعمال کرتا ہوں مریض جو چاہے کھائے پیئے ہر جگہ اور ہمیشہ مفید ثابت ہوگی۔ زنگار خانہ ساز کتھ سفید ہلیلہ زنگی ہموزن کھرل کرکے آب لیموں آٹھ گنا بذریعہ کھرل جذب کریں۔ گولی بقدر کنار دشتی بنا کر ہمراہ پانی دیں۔

کندن : زہریلا مادہ آتشک بذریعہ اسہال خارج کرکے جسم کو کندن بناتی ہے۔ مغز جمالگوٹہ مدبر۔ پیپل کلاں۔ کٹکی۔ قرنفل۔ نارجیل۔ مغز خستہ آم ہر ایک ۶ ماشہ قند سیاہ کہنہ ۴ تولہ کوٹ کر گولی بقدر کنار دشتی بنا کر ہمراہ آب گرم دیں دوپہر کو دہی چاول کھلائیں ایک دن کے وقفہ سے عمل جاری رکھیں۔

کامل : آتشک دور ہونے کے علاوہ قوت مردمی بڑھتی ہے۔ شنگرف۔ رسکپور مردا سنگ وار چکنا۔ طوطیا۔ سم الفار ایک ایک تولہ باریک کرکے جو ہر اڑائیں جو ہر نہ نشین الگ الگ رکھیں ایک چاول جو ہر ہمراہ مسکہ دیں ایک ہفتہ میں بے حد طاقت مردمی پیدا ہوگی اور تہ نشین بقدر دو چاول ہمراہ مسکہ دیں ہفتہ عشرہ میں آتشک دور ہوگا۔

حب نادر : یہ گولیاں آتشک فالج لقوہ رعشہ۔ جذام کے لیے مفید ہیں۔ مقوی باہ مشتہی اور جمیع اوجاع بلغمیہ اور ریحیہ میں اکسیر ہے۔ فلفل سیاہ ۵۰ عدد سم الفار ایک ماشہ مویز منقہ ۱۲ عدد فلفل سیاہ اور سم الفار کو بذریعہ کھرل سرمہ کی طرح باریک کریں اور ایک ایک منقہ ڈال کر کھرل کرکے ایک سو گولی بنائیں صبح و شام ہمراہ بالائی دیں ایک ہفتہ میں قوت مردمی اس قدر بڑھے گی کہ ضبط مشکل ہو جائے۔

کشتہ نقرہ : جو جاذب سیماب ہونے کے علاوہ از حد مبہی ہے۔ انیسوں وزنی ایک

باہ کے جوشاندہ جو ایک سیر پانی میں تیار کیا گیا ہو پترہ نقرہ کو اسقدر بجھاؤ دیں کہ آواز بند ہو جائے بعدہٗ ایک پاؤ جدید انیسوں کا نہ گیکوار میں نغدہ بناکر درمیان پترہ رکھ کر معمولی گل حکمت کرکے سات سیر اوپلے کی آگ دیں کشتہ ہوگا ایک رتی حلوہ سے کھلادیں۔

دیگر:۔ ایک تولہ پترہ نقرہ آب برگ رواب میں اس قدر بجھاؤ دیں کہ پترہ کی آواز بند ہو جائے تب اس نے ایک پاؤ نغدہ میں رکھ کر ڈیڑھ سیر پارچہ کھدر لپیٹ کر گولا بنائیں اور ایک گڑھا رکھ دیں سرد کرکے بعدہٗ اسی طرح آگ دیں تین پانچ میں کشتہ ہوگا

دیگر: ایک تولہ پترہ نقرہ کو آب گلخن میں یکے بعد دیگرے ۲۱ بجھاؤ دیں اور ۲۱ بجھاؤ آب زقوم میں دیں اور ایک پاؤ نغدہ گلخن میں رکھ کر معمولی گل حکمت کرکے آٹھ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ اگر کوئی خامی رہ جائے تو ایک آگ اور دیں کشتہ ہوگا۔

دیگر: پترہ نقرہ کو آب انار دانہ میں ۲۱ بجھاؤ دیں بعدہٗ ایک پاؤ نغدہ و جل نیم میں رکھ کر چھ سیر اوپلہ کی آگ دیں تین آنچوں میں کشتہ ہوگا۔

دیگر: ایک تولہ پترہ کو زلال انار دانہ ترش میں ۴۱ بار بجھاؤ دیں اور ایک پاؤ نغدہ انار دانہ ترش میں رکھ کر ۸ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ دوسری بار انار دانہ کے نغدہ میں رکھ کر اسی قدر آگ دیں چار آنچ میں کشتہ ہوگا۔

کشتہ مذکورہ ایک حصہ دانہ الائچی خورد ۲ حصہ طباشیر کبود ۳ حصہ مصری کوزہ ۸ حصہ سفوف بناکر ایک ماشہ سے ۳ ماشہ تک مربہ گذر یا سیب وغیرہ سے اعلیٰ درجہ کا مقوی قلب ہے اور مقوی باہ ہے۔

دیگر: نہایت مقوی باہ ہے شنگرف سم الفار سفید ایک ایک تولہ باریک کرکے آب گھیکوار سے کھرل کرکے ایک تولہ پترا نقرہ پر لیپ کرکے خشک کریں اور کوزہ میں بند کرکے تین سیر اوپلہ کی آگ دیں چار پانچ آنچ میں کشتہ ہوگا۔ کیا گذرا مریض بھی ہفتہ میں جوانی کا لطف اٹھائے گا۔

دیگر: مقوی محرک ہونے کے علاوہ مقوی دل بھی ہے۔ مجلی سیماب ایک ایک تولہ کرکے گندھک دو تولہ ملاکر خوب کھرل کریں اور گھیکوار سے کھرل کرکے پترہ نقرہ درمیان رکھ کر قدرے خشک کرکے کوزہ میں بند کرکے تین چار سیر آگ دیں۔ دو تین آنچ

میں خاطر خواہ کشتہ ہوگا۔ زنجبیل موصلی سیاہ۔ گوکھرو کشتہ مذکور ہموزن لے کر سفوف بنا کر ½ ماشہ استعمال کرانے سے ضعیف الباہ عیاشوں کے حق میں اکسیر ثابت ہوگا۔

کشتہ شنگرف: کئی دفعہ کا مجرب اور آزمودہ ہے۔ سات خوراک میں پورا اثر دکھاتا ہے اور دو ہفتہ میں نامرد کو مرد بنا دیتا ہے۔ ہڑتال ورقیہ ایک ماشہ آب لیموں سے کھرل کرکے ایک تولہ ڈلی شنگرف پر لیپ کر کے ایک انڈا سے سفیدی نکال کر اس میں ڈال دیں۔ اور ہلائیں تاکہ شنگرف زردی میں لت پت ہو جائے۔ اس پر دوسرا ڈال کر تین بار کپڑ وٹی کر کے خشک کریں اور زمین پر رکھ کر جنگلی اوپلہ ایک پاؤ کا چورا ڈال کر آگ لگائیں جب تک انڈا جلنے کی بو آتی رہے رہنے دیں جب بو بند ہو جائے تو نکال کر اور ہڑتال ورقیہ ایک ماشہ کا لیپ کر کے اسی طرح آگ دیں۔ بارہ آنچ کے بعد پھر ہڑتال کے انڈہ میں بدستور ڈال کر اسی قدر آگ دیں۔ ایک سو بار کے عمل کے بعد تیار ہے۔ ایک تا دو چاول ہمراہ مکھن وغیرہ دیں۔

کشتہ نقرہ: اختلاج قلب خفقان اور دیگر عوارضات حارہ اس کے استعمال سے دنوں میں دور ہو جاتے ہیں۔ برادہ شیشم لے کر گائے کے گوبر کی مدد سے چار سیر وزن میں آٹھ اوپلہ بنائیں اب دو اوپلوں میں کاواک کر کے نصف پاؤ برگ شیشم کے نغدہ میں پترہ نقرہ ایک تولہ رکھ کر دو اوپلوں میں بند کر کے گوبر یا مٹی سے بند کر کے چند کوئلے رکھ دیں۔ جب بالکل سرد ہو جو دو دن میں ہوگا تو دوسرے دو اوپلہ میں آگ دیں چار بار میں اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہوگا۔ ایک رتی ہمراہ مسکہ دیں۔

کشتہ سم الفار: قوت باہ کو بڑھانے میں بے نظیر ہے کڑاہی میں شورہ قلمی پگھلا کر تیز آگ پر رکھیں۔ شورہ پگھلنے پر ایک مٹھی برگ شبنم ڈال دیں اور چمچہ سے ہلائیں۔ جب پتے جل جائیں اور ڈال دیں اور ہلاتے رہیں یہ عمل اس وقت تک کرتے رہیں کہ شورہ کا شعلہ ختم ہو جائے بعدہٗ سرد کر کے پانی میں حل کر کے مقطر کر کے خشک کریں۔ ایک کوزہ گلی میں آٹھ تولہ سم الفار ایک تولہ کے زیر و بالا دے کر گل حکمت کر کے ایک پاؤ آگ دیں

پھر بند کو ۱/۴ سیر پھر ۱/۲ سیر اور پھر ایک سیر آگ دیں سم الفار قائم کشتہ برآمد ہوگا۔

سرمہ سیمابی: بغیر اپریشن موتیا بند کا حکمی علاج اور دیگر امراض دھند غبار دنوں میں دور ہو جاتے ہیں سیماب بازاری ایک دو چھٹانک نمک و پھٹکری اور ہلدی سے صاف کریں اور کھرل میں ڈال کر چمپا کے پھول ۶ ماشہ یا ایک تولہ ڈال کر کھرل کریں کہ سیماب میں جذب ہو جائیں اسی قدر اور پھول ڈال کر کھرل کریں۔ یہاں تک کہ سیماب کے ہموزن پھول شامل ہو جائیں اس کے بعد سیماب کے ہموزن پھول شامل کر کے کھرل کریں اور تیس چالیس یوم کھرل کریں سرمہ تیار ہے سوتے وقت لگائیں۔

سرمہ مس:- اکثر امراض چشم خصوصاً ککروں کو مفید ہے۔ برادہ مس ۵ تولہ پھٹکری سفید ایک پاؤ کھرل کر کے کوزہ میں بند کر کے دس سیر بے دو دادپلہ کی آگ دیں۔ سرد کر کے پانی سے دھو کر ایک پاؤ پھٹکری میں کھرل کر کے آگ دیں سات بار آگ دیں اور آٹھویں بار آگ دے کر پھٹکری کو دھو کر نہ نکالیں بلکہ کھرل کر کے محفوظ رکھیں رات کو سوتے وقت ایک ایک سلائی اندھیرے میں لگائیں۔

سرمہ زنگاری: برادہ مس نوشادر مصفیٰ ایک ایک چھٹانک کھرل کر کے پیالہ چینی میں ڈال کر ۵ تولہ آب لیموں ڈال کر ڈھکنا دے کر محفوظ رکھیں اور خشک ہونے پر محفوظ رکھیں بقدر ضرورت لے کر ہم وزن سرمہ سیاہ ملا کر استعمال کریں امید سے بڑھ کر فائدہ ہوگا۔

پائیوریا:- سفوف طوطیا سفوف پھٹکری سفید ایک ایک چھٹانک کڑاہی میں پھٹکری کے درمیان طوطیا رکھیں اور سرکہ خالص اتنا ڈالیں کہ ہر دو سفوف بخوبی تر ہو جائیں اور نرم آگ پر رکھیں جب سرکہ کی رطوبت خشک ہو کر پھٹکری پھولنے لگے آگ تیز کر دیں تاکہ پھٹکری شگفت ہو جائے سرد کر کے محفوظ رکھیں۔ رات کو مسوڑھوں پر مل کر رال ٹپکائیں اس کے بعد کلی کر کے سو جائیں۔

منجن سفید:- جس کے استعمال سے دانت سفید اور مضبوط ہو جاتے ہیں کشتہ کوڑی کشتہ صدف۔ نمک سنگ سوختہ پھٹکری بریان سمندر جھاگ۔ سنگ جراحت سوختہ۔ فلفل سفید ہم

وزن باریک کرکے صبح وشام ملیں۔

طریقہ کشتہ یشب :۔ یشب اصلی کو عرق گاؤزبان وعرق نیلوفر میں یکے بعد دیگرے دس دس بار بجھائیں اور کوٹ کر روح کیوڑہ روح بیدمشک۔روح گلاب ہر ایک چہار چند میں کھرل کرکے قرص بناکر آگ دیں۔سرد کرکے چہار چند روح کیوڑہ میں کھرل کرکے آگ دیں۔ پھر روح بیدمشک میں کھرل کرکے آگ دیں پھر روح گلاب سے کھرل کرکے آگ دیں کشتہ تیار ہوگا۔

کشتہ خرمہرہ :۔ جو مانع اسہال۔دافع رطوبت امعا اور مقوی معدہ ہے۔خرمہرہ سفید آب لیموں میں ہفتہ عشرہ بھگو رکھیں اور کوزہ میں بند کرکے کوئلوں کی آگ دیں ایک دو رتی شربت انار سے دیں۔

لاجواب کشتہ فولاد :۔ نہایت مقوی جگر ہے۔برادہ فولاد۔نوشادر پھٹکری گندھک ایک ایک پاؤ آب گھیکوار ۱/۲ سیر خوب کھرل کرکے بقدر ۱ تولہ کے قرص بناکر کوزہ میں بند کرکے دس سیر اوپلہ کی آگ دیں اسی طرح تین بار گندھک و نوشادر ملاکر آگ دیں۔ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

کشتہ ہڑتال گئوذنتی : سیلان الرحم وکثرت طمث کو مفید ہے۔ہڑتال گئوذنتی کو چہار چند اکل سنہ کے نغدہ میں رکھ کر ۱۰ اوپلوں کی تیز آگ دیں ایک دو رتی بدرقہ مناسب سے دیں پہلے ہی دن فائدہ ہوگا۔

کشتہ قلعی :۔ حدت مثانہ۔سرعت انزال اور جریان کو سریع الاثر ہے۔قلعی خالص گلا کر پوست بیضہ مرغ مصفیٰ کے سفوف کی چٹکی چٹکی دیتے جائیں اور آہنی چمچہ سے ہلاتے جائیں تاکہ خاک ہوجائے۔کپڑچھان کرکے آب دہی ترش سے کھرل کرکے پتلی پتلی ٹکیاں بناکر خشک کرکے کوزہ میں بند کرکے معمولی آگ دیں دوبارہ پھر کھرل کرکے درمیانی آنچ دیں تین چار آنچ میں تسلی بخش کشتہ ہوگا۔ایک رتی ہمراہ مسکہ دیں۔

کشتہ بیضہ مرغ :۔ جریان۔سرعت۔انزال وغیرہ کے لیے سریع الاثر ہے۔ریش

برگد ایک پاؤ تر و تازہ پڑا اسیر پانی میں رات کو بھگوئیں صبح نرم آگ پر پکائیں۔ جب نصف رہ جائے تو مَل چھان کر پوست بیضۂ مرغ مصفی ایک پاؤ بذریعہ کھرل جذب کریں اور ٹکیاں بنا کر کوزہ میں بند کرکے بیس سیر آگ دیں۔ اسی طرح چار بار کریں کشتہ ہوگا۔ ایک رتی مسکہ ڈیڑھ سے دیں۔

کشتہ طوطیا:۔ بواسیر خونی کو پہلے ہی روز فائدہ دیتا ہے۔ طوطیا ایک ڈلی ۲ تولہ گھی ایک چھٹانک میں ۲۴ گھنٹہ غرق رکھیں اور روغن مذکور سے پڑا پاؤ گاڑھے کپڑے کی دھجیاں تر کرکے ڈلی پر لپیٹ دیں اور اوپر دو چار کوئلے رکھ دیں۔ جب خود بخود سرد ہو جائیں کشتہ نکالیں پڑا رتی ہمراہ گندھک مدبر ایک ماشہ دیں۔

طریقہ گندھک مدبر:۔ گندھک کے ہم وزن گھی ملا کر پگھلائیں اور دودھ گاؤ میں ڈال دیں۔ اسی طرح جدید گھی کے ہمراہ پگھلا کر دودھ میں سرد کریں پانچ بار مدبر ہوگی۔ جو گھی ہوگا وہ اکلاً خارش وغیرہ کو مفید ہے۔

دمہ بلغمی: شاخ مرجان ۵ تولہ شیر مدار سے تین بار تر و خشک کرکے کوزہ میں بند کرکے دس سیر آگ دیں تاکہ سفید ہو جائے ایک دو رتی منقہ میں رکھ کر دیں۔

دیگر: پھٹکری سفید بدستور تین بار شیر مدار میں تر و خشک کرکے کوزہ میں بند کرکے اتنی آگ دیں کہ پھٹکری شگفتہ ہو جائے۔ دو سے چار رتی بدستور سابق دیں۔

اکسیر خنازیر:۔ علاوہ خنازیر کے مقوی باہ بھی از حد ہے۔ ہڑتال ورقیہ ۲ تولہ شیر مدار سے کھرل کرکے دو قرص بنا کر اور ایک تولہ بہترہ تانبہ درمیان رکھ کر کوزہ میں ایک پاؤ نمک سانبھر کے درمیان رکھ کر گل حکمت کرکے ۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد کرکے نکال کر جدید ہڑتال کے نغدہ اور نمک سانبھر کے درمیان رکھ کر آگ دیں چار بار آنچ دیں اور ربعہ ہڑتال ضماد شدہ کھرل کرکے ایک رتی نمک حلوہ میں رکھ کر دیں۔

مسک الحجاب ذہب:۔ حرارت غریزی میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔ ضائع شدہ جوانی از سر نو عود کر آئے گی مفرح قلب بہترین ہے۔ برادہ ذہب حسب ضرورت سے چند

سیماب مصفیٰ ملاکر کھرل کرکے دو پیالیوں میں بند کرکے کوئلوں کی تیز آنچ میں رکھیں تاکہ سیماب خارج ہو جائے ذہب نکال کر دوبارہ سہ گنا پارہ ملاکر کھرل کرکے بدستور آگ دیں۔ پانچ یا سات بار میں ذہب فک الحجاب تیار ہوگا ½ رتی ہمراہ بالائی دیں۔

مفرح دل :- اختلاج قلب دنوں میں دور ہوگا۔ یہ مفرح ضعیفوں کمزور جوانوں، بچوں کو ازلبس مفید ہے کشتہ نقرہ، کشتہ صدف اصلی کشتہ عقیق کشتہ مرجان کشتہ یشب ایک ایک تولہ دانہ الائچی سفید ۵ تولہ طباشیر ۱۰ تولہ کوزہ مصری ایک پاؤ کھرل کرکے رکھیں مربہ گزر۔ مربہ آملہ۔ مربہ سیب مربہ بہی دانہ۔ مربہ پیٹھہ ہم وزن ملاکر ۲ ماشہ میں ایک ماشہ دوا ملاکر ہمراہ دودھ دیں۔

طریقہ کشتہ نقرہ : برادہ نقرہ حسب ضرورت لے کر چہار چند روح گلاب سے کھرل کر کے قرص بناکر کوزہ میں بند کرکے برائے نام تشویہ دیں چار بار اسی طرح تشویہ سے کشتہ ہوگا۔

طریقہ کشتہ صدف صدف صادق کا چھلکا دور کرکے ٹکڑے کرکے شیر گاؤ میں رات کو تر کرکے صبح گل حکمت کرکے اتنی آگ دیں کہ بہ ہمہ سفید ہو جائے۔

طریقہ کشتہ عقیق :- عقیق سرخ کو عرق گاؤزبان اور عرق نیلوفر میں یکے بعد دیگرے اس قدر بجھاویں کہ دانے ٹوٹنے لگیں اور کنول گٹہ کے نغدہ میں رکھ کر کوئلوں کی تیز آگ دیں۔ سرد کرکے نکال کر روح کیوڑہ میں کھرل کرکے قرص بقدر ۶ ماشہ بناکر کوزہ میں بند کرکے کوئلوں میں آگ دیں۔

طریقہ کشتہ مرجان : مرجان ۵ تولہ جو کوب کرکے برگ انار ایک پاؤ کے نغدہ میں رکھ کر دس سیر آگ دیں اور سرد کرکے روح کیوڑہ میں کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔

صلایہ سم الفار :- مقوی باہ سریع الاثر بے ضرر ہے ایک تولہ سم الفار کھرل کریں، اس میں ایک تولہ نمک سنگ ملاکر کھرل کریں۔ ایک گھنٹہ کے بعد مزید نمک ایک تولہ ڈال کر کھرل کریں اسی طرح گھنٹہ گھنٹہ کے وقفہ سے نمک ملاکر کھرل کریں۔ ۱۰ تولہ نمک ملانے کے بعد چار گھنٹہ کھرل کریں ایک رتی ہمراہ مسکہ گاؤ وغیرہ دیں۔

کشتہ طوطیا :- آتشک کے لیے مجرب ہے ۔آر و پوست بندق ہندی ۱/۲ پاؤ میں ایک تولہ سے دو تولہ طوطیا رکھ کر کوزہ میں بند کر کے دس سیر آگ دیں ۔ بمعہ نغدہ باریک کر کے دو رتی مکھن سے دیں ۔

کشتہ سم الفار : سستا بے ضرر اور پہلے ہی روز فائدہ دیتا ہے پھٹکری سفید ۲۰ تولہ سم الفار ایک تولہ الگ الگ باریک کر کے سم الفار پھٹکری کے درمیان رکھ کر کوزہ میں بند کر کے آٹھ سیر مینگنی بکری کی آگ دیں سرد کر کے باریک کر کے ایک دو رتی مکھن وغیرہ میں دیں بے حد مقوی باہ ہے ۔

سفوف مغلظ :- جریان احتلام ۔ سرعت ۔ حدت مثانہ کو مفید ہے مولد و مغلظ مادہ منویہ ہے ۔ درخت برگد کی نرم سرخ کونپلیں بموسم بہار کے اوائل میں حاصل کر کے خشک کر کے باریک کریں اور نصف وزن کھانڈ ملا کر ایک تولہ صبح و شام دودھ سے دیں ۔

دیگو : کونپلیں برگد ۱ حصہ ثمر برگد ۲ حصہ تھکر زیری ۳ حصہ سفوف بنا کر ایک تولہ صبح و شام دودھ سے دیں ۔

تحفہ لاجواب : سرعت انزال دور کر کے دائمی امساک پیدا کرتا ہے ثمر درخت ببول خام خشک کردہ نیم کوب ایک پاؤ کو ایک پاؤ ریش برگد کے جوشاندہ میں تر کر کے خشک کریں ۔ پھر ایک پاؤ ریش برگد کے جوشاندہ میں تر و خشک کریں چار بار تر و خشک کر کے موصلی سفید ایک پاؤ تالمکھانہ ۱/۲ پاؤ تیج قلمی ایک چھٹانک تخم کونچ مقشر بریاں ۵ تولہ خار خسک ۵ تولہ سفوف بنا کر نصف کھانڈ ملا کر ایک تولہ صبح و شام دودھ سے دیں ۔ اگر کشتہ سہ دھاتہ شامل کر کے تو زیادہ فائدہ مند ہوگا ۔

معجون خروس : یہ عجیب و غریب معجون ہے جس کے کھانے سے عضو میں قابل محسوس فربہی درازی آجاتی ہے اور قوت باہ قابل تعریف پیدا ہو جاتی ہے ۔ دو تین مرغ چوزہ بعمر ۵ ، ۶ ماہ کو ایک دو ماہ عضو خر کا قیمہ کھلائیں اور اس میں دو تین ماشہ یومیہ کے حساب سے شنگرف ملائیں اور اچھی طرح کھرل کریں اور دن بھر میں آرد گندم اور گھی کے سوا اور کچھ نہ

دیں اور خراطین مغسول مینڈک اور سانپ وغیرہ کا قیمہ بھی کھلاتے رہیں دو ماہ کے بعد مرغ
ذبح کریں اور خون زیادہ نہ نکلنے دیں پھر بال دور کریں کھال رہنے دیں اور پیٹ میں
مندرجہ ذیل ادویہ بھر کر روغن زرد میں بھونیں پھر ہاون دستہ چوبی میں کوٹ کر سہ چند شہد ملا
کر معجون بنائیں اور چالیس یوم جو کے انبار میں دفن کریں اور ایک دو تولہ روزانہ کھلائیں۔

پیٹ والی ادویہ یہ ہیں۔ جوز بویہ۔ بسباسہ۔ عقرقرحا۔ فلفل دراز۔ فلفل سیاہ موصلی سفید
موصلی سیاہ۔ مغز انگن۔ مغز کونچ۔ ستاور۔ دار چینی بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ تودری سرخ،
تودری سفید ہر ایک ۲ تولہ۔ اجوائن خراسانی۔ تخم گزر۔ تخم ترب۔ تخم تارا میرا ایک ایک تولہ
قرنفل ۵ تولہ خصیۃ الثعلب ۸ تولہ سب کو باریک کر کے کشتہ فولاد کشتہ چاندی ایک ایک تولہ
ملا کر پیٹ میں ڈالیں۔

روغن شاہجہانی : جس کی مالش سے مردہ رگوں میں تر و تازگی پیدا ہوتی ہے۔ فربہی
و درازی پیدا ہوتی ہے۔ روغن یاسمین بقدر ضرورت لے کر کھلے منہ والی شیشی میں ڈال کر
خراطین مصفیٰ اس قدر ڈالیں کہ تیل کی سطح پر تیرنے لگیں۔ تب شیشی کا منہ بند کر کے دھوپ
میں رکھ دیں جب خراطین تہ نشین ہو جائیں تو جونک بھینسا گدھے کے خصیہ پر لگائی گئی
ہوں خشک شدہ تیل میں ڈال دیں اور بدستور دھوپ میں رکھیں۔ تہ نشین ہونے پر چیونٹے
اور پھر بیر بہوٹی ڈالیں او رتہ نشین ہونے پر کپڑے سے چھان کر مالش کریں۔

معجون کچلہ :۔ دافع سرعت و جریان ہے۔ مولد و مغلظ منی۔ مولد خون۔ مقوی اعضائے
رئیسہ و مقوی اعصاب و مقوی اعضائے تناسل ہے۔ کچلہ مدبر ۱ تولہ روغن زرد میں بریاں
کر کے ثعلب مصری شقاقل مصری۔ اسطخودوس صندل سفید سنبل الطیب۔ ناگرموتھہ آملہ
مقشر۔ بلیلہ سیاہ۔ قسط شیریں۔ تخم گزر۔ ہر ایک ۲ تولہ موصلی سفید۔ دانہ الائچی خورد۔ کتیرا ہر ایک
۳ تولہ۔ قرنفل۔ تودری سفید۔ تودری سرخ۔ زرنباد۔ عود بلسان۔ عود ہندی۔ بہمن سفید۔ بہمن
سرخ، موصلی سنبل۔ سمندر سوکھ ہر ایک ایک تولہ گل گاؤزبان ۴ تولہ باریک کر کے سہ
چند شہد ملا کر معجون بنائیں۔ ۶ ماشہ تا ایک تولہ ہمراہ دودھ دیں۔

طلا آسان:- قرنفل۔ جوزبویہ۔ دارچینی۔ قسط شیریں۔ اندر جو تلخ۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ اسپند۔ مالکنگنی۔ کچلہ۔ ہم وزن نیم کوب کرکے چہار چند روغن کنجد میں بریاں کریں اور چھان کر عضو پر خصیتین پر مالش کریں۔

مضیق:- مازو بے سوراخ نہایت باریک کرکے پانی میں حل کرکے عضو پر لگائیں چاروں طرف لیپ کریں خشک ہونے کے بعد جماع کریں۔ عورت کی جگہ پہلے سے زیادہ تنگ ہوتی جائے گی اور جانبین کو بے حد لذت آئے گی۔

دیگر: ایک حصہ بیر بہوٹی چار حصہ گل روغن میں برائے نام بریاں کرکے اس میں بذریعہ کھرل حل کریں اور عضو پر مالش کرکے عورت کے نزدیک جائیں۔ اس کے استعمال سے بوڑھی عورت کو بھی اتنی گرمی پیدا ہوگی کہ جیسے جوان عورت میں پیدا ہوتی ہے۔

حدت مثانہ: حدت مثانہ کی وجہ سے سرعت انزال کو مفید ہے۔ ایک پاؤ تولہ اسپغول ۱/۲ چھٹانک پانی میں رات کو بھگوئیں۔ صبح اچھی طرح بلو کر زلال پارچہ بیز کرکے حسب برداشت روغن زرد میں تڑکا کر کھانڈ ملا کر بطور قہوہ استعمال کریں۔

دیگر: موصلی سفید ایک حصہ ثعلب مصری ۲ حصہ شقاقل مصری ۳ حصہ۔ کتیرا ۴ حصہ ست اسپغول ۵ حصہ کوٹ کر سفوف بنائیں۔ ایک پاؤ شیر بز میں حسب پسند مصری ملا کر تین تولہ سفوف مذکورہ ڈال کر چمچہ سے ہلائیں فالودہ کی صورت سے ہوگا۔ اسے نہار منہ نوش کریں۔

گٹکہ پارہ: جو منہ میں رکھ کر جماع کرنے سے امساک ہوتا ہے۔ برادہ سونا ایک تولہ سیماب گرسنہ ۳ تولہ گرہ کریں ۵ تولہ کچلہ کا ۵ تولہ جوشاندہ حاصل کرکے بذریعہ کھرل جذب کریں بعدہ آب برگ دھتورہ ۵ تولہ قطرہ قطرہ ڈال کر جذب کریں۔ گٹکہ تیار ہے۔ گرم پانی سے دہنیت روغن دھتورہ دور کرکے بوقت ضرورت منہ میں رکھ کر فائدہ حاصل کریں۔

طلائے فربہی و درازی:- خراطین مغسولہ تازہ دم جونکیں بیہ وردہ بہ شیر نارجیل تازہ مینڈک کلاں تازہ الائش دور کردہ ہموزن قیمہ کرکے مغز سر خر کے ہمراہ کھرل کرکے گولیاں

بنا کر روغن کشید کریں اور عضو مخصوص کے ارد گرد اچھی طرح مالش کریں۔ خاطر خواہ سب طری پیدا ہو گی۔

مقوی باہ :- خصیہ بز ½ سیر نمک مرچ مصالحہ تھوم پیاز وغیرہ کے ہمراہ گھی میں بریاں کریں اور نصف دن کو اور نصف رات کو روٹی سے کھائیں اور عرصہ تک کھاتے رہیں۔ قوت باہ میں ازحد اضافہ ہو گا اور بڑھاپے میں بھی قوت مردمی زوروں پر رہے گی۔

دیگر : چھوٹی چھوٹی مچھلیاں الائش سے پاک و صاف ایک پاؤ یا نصف سیر لے کر یخنی تیار کریں اور اس میں پلاؤ پکائیں اور عرصہ تک کھلائیں۔

حلوہ عجیب : جس کے ہفتہ عشرہ کھانے والا کوئی بھی شخص اپنی طبیعت پر قابو نہیں رکھ سکتا۔ آرد نخود بیرن بریاں ہر ایک ۴ تولہ زردی بیضہ مرغ خام ۴ عدد آرد خستہ خرما ۱۰ ماشہ شہد ۵ تولہ گھی ½ پاؤ عرق پیاز عرق ادرک عرق انگور یا منقہ ۱۰ تولہ کا جوشاندہ ہر ایک ایک چھٹانک لے کر شہد و عرق ملا کر آگ پر رکھیں کہ قوام ہو جائے۔ گھی میں آرد بیسن بریاں کریں اور زردی بیضہ مزید بریاں کریں۔ تب قوام ڈال کر حلوہ بنائیں چار پانچ بجے شام حلوہ کھائیں اور دودھ گرم شہد ملا کر پیویں۔ جب بھی پیاس لگے یہی پیویں۔ اور صبح خصیہ بز ایک پاؤ بھون کر ہمراہ روٹی کھائیں۔ میرا دعویٰ ہے کہ گیا گذرا ضعیف الباہ ایک ہفتہ کے استعمال سے بغیر جماع کے نہیں رہ سکتا۔

نبیذ :- جس کے استعمال سے قوت باہ ہمیشہ قائم رہتی ہے خواہ آدمی نوے سال کیوں نہ ہو جائے۔ آب انگور شیریں ۱۰ سیر سعد کوفی۔ سنبل الطیب۔ عود ہندی۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک ۵ تولہ جو کوب کر کے پوٹلی بنا کر آب انگور میں لٹکا کر نرم آگ پر پکائیں جب تین چوتھائی عرق جل جائے اور قوام تیار ہو جائے ادویہ کی پوٹلی نکال دیں اور زعفران ایک تولہ کستوری ۶ ماشہ ملا کر چمچہ سے آمیز کریں اور ۶ ماشہ سے ۲ تولہ تک ہر روز کھائیں۔

شہد مرکب :- عمر طبعی تک قوت باہ کو بحال رکھے گا۔ شہد ایک سیر عرق انگور ½ سیر عرق ادرک ایک پاؤ آب پیاز ۲ سیر نرم آگ پر پکا کر قوام کریں۔ نصف چھٹانک ہمراہ

دودھ دیں۔

مقوی و مصلب قضیب : ایک اسراری دوا جس کے استعمال سے عضو میں حیرت انگیز درازی پیدا ہوتی ہے۔ قضیب گاؤ جوان سوہان کردہ ۳ ماشہ۔ خراطین مصفیٰ ۳ ماشہ ملا کر ہمیشہ استعمال کریں۔

مقوی باہ : گوند خرما ہندی ۶ ماشہ اسپغول ایک تولہ الگ الگ ڈھیلی پوٹلیاں بنا کر ½ سیر دودھ گاؤ میں پانی ملا کر پوٹلیاں ڈال دیں جب پانی اور ½ پاؤ دودھ خشک ہو جائے پوٹلیاں مل کر الگ کر دیں اور شہد ملا کر استعمال کریں۔ تھوڑے عرصہ میں حریص جماع بنا دے گا۔

سرعت انزال : ثمر درخت بڑ گد پختہ سرخ رنگ سایہ میں خشک کر کے سفوف بنا کر نصف کھانڈ ملا کر ایک تولہ ہمراہ دودھ دیں ایک ماہ میں خاطر خواہ امساک پیدا ہو گا۔

پا ہمنی :۔ سلاق چشم میں پھوڑے متورم ہو کر وہاں کے بال گر جایا کرتے ہیں۔ ہفتہ عشرہ میں مرض دور ہو کر بال اُگ آئیں گے۔ میرا دعویٰ ہے کہ ایسا سریع الاثر نسخہ کسی کے پاس نہ ہو گا۔ بارہا کا آزمودہ ہے۔ نئی روئی دھنی ہوئی شیر مدار میں دو بار تر و خشک کر کے فتیلہ بنائیں اور روغن کنجد کی مدد سے کاجل حاصل کریں بوقت ضرورت سلائی سے متورم جگہ پر لگائیں۔ اگر اس کے استعمال سے آنکھوں میں سرخی یا جلن ہو تو سادہ سرمہ لگائیں۔

درد دندان : درخت مدار کا کوئلہ باریک کر کے روغن سرشف کے ہمراہ مسوڑھوں پر ملیں اور رال خارج کریں صبح و شام ملنے سے ہفتہ عشرہ میں درد ہمیشہ کے لیے دُور ہو گی۔ گندہ دہنی نام کو نہ رہے گی۔ مسوڑھے مضبوط ہوں گے۔

حب مدار : گل مدار ناشگفتہ۔ فلفل سیاہ۔ نمک سیاہ دو دو تولہ باریک کر کے آب ادرک ۵ تولہ میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر صبح و شام پانی سے دیں۔ بلغمی کھانسی درد شکم اور ہیضہ میں مفید ہوں گی۔

دیگر :۔ ہیضہ۔ اسہال۔ درد ریح شکم۔ نفخ۔ بدہضمی کو مفید ہیں۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ زنجبیل دو دو تولہ گندھک آملہ سار مدبر ایک تولہ بچھناگ مدبر ۶ ماشہ گل مدار تازہ دس

تولہ نمک سیاہ بقدر ضرورت ذائقہ کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر بدرقہ مناسب سے دیں۔

دیگر: قوی تر ہاضم طعام دافع ہیضہ و دردِ شکم ہے۔ نسخہ: مدار ۲ تولہ یا گل مدار خشک۔ ایک تولہ۔ گندھک مدبر ایک تولہ نوشادر۔ قرنفل۔ ہینگ بریاں۔ سوہاگہ بریاں۔ ست لیموں۔ ست اجوائن تین تین ماشہ فلفل سیاہ ۶ ماشہ نمک سیاہ ۲ تولہ آب ادرک یا آب لیموں سے کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر ہمراہ عرق سونف دیں۔

اکسیر باہ:

دادیم ترا ز گنج مقصود و نشاں
گو ما نرسیدیم تو شاید برسی۔

ایک پاؤ سم الفار کو باریک کرکے ایک ایک تولہ شیر مدار ڈال کر بذریعہ کھرل ایک پاؤ جذب کریں۔ کانچ کا ڈھکنا والی شیشی میں ڈال کر ایک گز گڑھا میں لید اسپ کے درمیان دفن کریں اور برائے نام اوپر مٹی ڈال دیں۔ پندرہ یوم کے بعد نکال کر بطریق سابق ایک پاؤ شیر مدار جذب کریں اور بدستور لید میں دفن کریں۔ چار بار کے بعد تیار ہے۔ لید ہر بار تازہ ہونی چاہیئے۔ اکسیر باہ تیار ہے خوراک یک برنج ہمراہ مسکہ دیں۔

دیگر: نمک مدار ۵ تولہ شیر مدار سے کھرل کرکے اس میں ایک تولہ سم الفار رکھ کر دبا کر گولا بنائیں اور خشک کرکے ہنڈیہ میں خاکستر مدار کے درمیان رکھ کر منہ بند کرکے صبح تا شام متوسط آگ دیں دوسرے دن گولا نکال کر پانی کا چھینٹا دیں تاکہ نمک نرم ہو جائے۔ اور آسانی سے سم الفار کی ڈلی برآمد ہو جائے۔ جو پھولی ہوئی ہوگی۔ خوراک ۱/۲ چاول ہمراہ مسکہ دیں۔

کشتہ شنگرف: اکسیر باہ ہے۔ مغز جمالگوٹہ۔ بلادر۔ قرنفل ایک ایک پاؤ اچھی طرح کوٹ کر پیالہ آہنی میں درمیان شنگرف ۱ تولہ کی ڈلیاں چن کر آہنی ڈھکنا دے کر چار پہر آگ جلائیں تاکہ دوائیں اچھی طرح جل جائیں۔ دوسرے دن ڈھکنا اٹھا کر ایک پاؤ روغن زرد گرم کرکے ڈال دیں اور آہنی آگ جلائیں کہ آگ نہ لگے۔ روغن جذب ہو کر تیار ہے۔ خوراک یک برنج۔

کشتہ ہڑتال ورقیہ: مبہی مشتہی ہاضم دافع امراض باردہ۔ رعشہ۔ فالج اور بخار ہر قسم کو مفید ہے۔ چینی کی پیالی میں ورقیہ تین چار تولہ رکھ کر شیر مدار اتنا ڈالیں کہ ایک انگل اوپر رہے جب دودھ خشک ہونے لگے تو ہڑتال کا رُخ بدل کر اسی قدر دودھ اور ڈال دیں۔ اسی طرح چالیس یوم رُخ بدل کر شیر مدار ڈالیں اور خشک شدہ دودھ کو ہڑتال کے اردگرد یکساں جما دیں ہنڈیہ میں دو سیر راکھ پیپل کے درمیان رکھ کر منہ بند کر دیں اور چولہے پر نرم متوسط اور تیز آگ بارہ گھنٹے جلائیں سرد ہونے پر نکالیں کشتہ ہوگا۔ ۱/۲ رتی ہمراہ مسکہ وغیرہ دیں۔

کشتہ طوطیا:۔ امراض خبیثہ مثلاً آتشک وغیرہ کو مفید ہے۔

آرد بندق ہندی ایک پاؤ شیر مدار سے گوندھ کر نغدہ بنا کر دو تولہ طوطیا رکھ کر کوزہ میں بند کر کے ایک گڑھا میں رکھ کر اوپر سے ۴ سیر مینگنی بکری ڈالیں مینگنیاں نیچے رکھنے کی ضرورت نہیں اوپر چند کوئلے رکھ دیں۔ جب آگ سرد ہو جائے نکالیں۔ سرخ مائل کشتہ ہوگا۔ دو رتی حلوہ میں دیں۔

کشتہ نقرہ: مبہی اور مشتہی و ہاضم ہے قاطع بلغم نافع امراض باردہ ہے۔

برادہ نقرہ دو تولہ سم الفار سفید ایک تولہ شیر مدار ۵ تولہ میں کھرل کر کے قرص بنائیں اور خشک ہونے پر کوزہ میں بند کر کے ایک سیر بے دود آگ دیں۔ اسی طرح سم الفار ملا کر چند آنچیں دیں کہ ۴ تولہ وزن ہو جائے ایک چاول ہمراہ مسکہ دیں۔

اُستاذ الحکماء حکیم محمد عبداللہ صاحب مرحوم

کشتہ ابرک سیاہ: پرانے بخاروں کی اکسیری دوا۔ کھانسی پرانی اور جریان وغیرہ کو مفید ہے

ابرک سیاہ دس تولہ کوئلوں میں سرخ کر کے آب برگ ستیاناسی میں اکیس بار بجھائیں بعدہٗ آب مذکور سے ۲ گھنٹہ کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر بیس سیر اوپلہ کی آگ دیں اسی طرح سات بار کھرل کر کے آگ دیں اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہوگا۔ ایک دو رتی بدرقہ مناسب سے دیں۔

نسیان: چند روز استعمال سے نسیان کا مرض بیخ و بن سے اکھڑ جاتا ہے۔ اس کے

استعمال کے بعد جو کچھ آپ پڑھیں گے یا سنیں گے پتھر پر لکیر ہوگا۔

وج (بچ) سفوف بنا کر ایک سے تین ماشہ ہمراہ دودھ خام گائے یا بکری صبح وشام استعمال کریں اگر اس کے استعمال سے متلی پیدا ہو تو خوراک کم کر دیں۔

دیگر: سفوف نج قلمی بہ ترکیب بالا استعمال کریں مقوی دماغ ہونے کے علاوہ مقوی بدن ومقوی باہ بھی ہے۔

نسیان توڑ: جس کے چند روزہ استعمال سے دماغ میں کتابوں کے صفحے یاد کر لینے کی طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔ چاروں مغز ۳ ماشہ مغز بادام ۱۰ عدد الائچی دانہ ایک ماشہ مرچ سیاہ ۷ عدد برہمی بوٹی ۳ ماشہ پانی میں گھوٹ کر مصری ملا کر صاف کر کے صبح نہار منہ پلائیں موسم گرما میں استعمال کرنا چاہیئے۔

تحفہ سرما: نہایت ہی لاجواب مقوی باہ ومقوی دماغ ہے۔ فلفل دراز ½۱ پاؤ باریک کر کے ایک سیر دودھ ہلکی آنچ پر جوش دیں اور چمچہ سے ہلاتے رہیں جب دودھ بالکل خشک ہو جائے اتار کر اس کے برابر مصری ملا لیں اور ۲ تولہ صبح وشام ہمراہ دودھ نیم گرم شہد ملا کر دیں تجربہ میں یہ دوا اس قدر مفید ثابت ہوئی ہے کہ تعریف نہیں ہو سکتی۔

اکسیر الاثر مقوی باہ روغن: جس کی ایک سینک پان پر لگا کر کھانا چند ہی روز میں نامرد کو مرد کامل بنا دیتا ہے اسے صحیح معنوں میں اکسیر مردمی واکسیر شباب کا خطاب دے سکتے ہیں۔ دو گز گہرا اور ایک گز چوڑا گڑھا کھود کر اسے نصف تک لید اسپ تازہ سے بھر دیں۔ اس پر چند عدد بیضہ بط رکھیں لیکن جوان ہو اس کے بعد لید سے گڑھا کو دبا کر اوپر مٹی ڈال دیں اور زمین کو ہموار کر دیں۔ ۴۰ یوم کے بعد نکال کر انڈوں کو توڑیں ہر انڈہ کے اندر سے سیاہ رنگ کا روغن نکلے گا۔ جس انڈے سے روغن نہ نکلے اسے چند روز اور دبا دیں۔ خوراک ۲ سے چار قطرے سادہ پان میں لگا کر استعمال کریں اگر بحساب فی بیضہ زعفران۔ جائفل، تج، قرنفل۔ جاوتری ہر ایک ۴ رتی خوب باریک کر کے ملا کر شیشی میں ڈال کر کھچڑی میں دس پندرہ منٹ دبا دیں تو یہ روغن زیادہ مفید اور زود اثر ہو جاتا ہے۔

پیچش کا حیران کن چٹکلہ: بیخ جھربیری ایک تولہ مرچ سیاہ ۷ عدد کے ہمراہ ½ پاؤ میں اچھی طرح گھوٹ کر چھان کر پلائیں دن میں تین بار دینے سے آرام ہو گا۔

مقوی باہ:۔ مقوی و محرک دافع سرعت ہے ہاضم و مشتہی بھی ہے۔ پوست بیخ اونٹ کٹارا کا سفوف بنا کر ۸ ماشہ نصف سیر دودھ اور نصف سیر پانی ملا کر آگ پر رکھیں کہ پانی خشک ہو جائے چمچہ سے ہلاتے رہیں نیم گرم ہونے پر چھان کر پی لیں مصری یا شہد ملا لیں۔

مقوی باہ:۔ سفوف تخم مولی ۶ ماشہ نیم برشت انڈے کے ہمراہ کھائیں۔ سات روز میں نامرد مرد ہو گا۔

اکسیر موتیا بند: جید الاثر اکسیر بے نظیر ہے۔ روغن ارنڈ خانہ ساز ۳ تولہ تمباکو تند و تیز ایک تولہ کا پنج ۶ ماشہ۔ کا پنج کو خوب کھرل کر کے ہر سہ کو متواتر بارہ گھنٹہ کھرل کر کے رکھیں اور صبح شام ایک ایک سلائی لگائیں۔

ضماد مجلوق: مغز ارنڈ مغز کچلہ مغز جمالگوٹہ ہر ایک ۴ ماشہ شراب دوآتشہ میں چھ گھنٹہ کھرل کر کے رکھیں اور ½ ماشہ کے قریب عضو پر ملیں۔

مقوی باہ: آب گل ارنڈ ایک تولہ ہر روز پیویں خوب طاقت پیدا ہو گی۔

حب مقوی باہ: قوت باہ کے بیدار کرنے نامرد کو مرد کرنے میں مفید ہے بسم الفار سنگرف ایک ایک تولہ کو آب ارنڈ ایک پاؤ میں کھرل کریں پھر ایک پاؤ آب کریلہ میں کھرل کریں۔ اس میں کشتہ نقرہ۔ گوند کیکر ہر ایک تین ماشہ ملا کر گولی بقدر دانہ مونگ بنا کر سوتے وقت دودھ سے دیں۔

حکیم محمد رحمت اللہ

کشتہ ہڑتال ورقیہ: کھانسی۔ بخار کہنہ اور سردی کمزوری کو مفید ہے۔ ڈنڈا تھوہر چھ انگل موٹا اور ایک بالشت طویل کے درمیان ایک انچ سوراخ کر کے ۱ ماشہ نک چکنی ڈال کر دبا دیں اوپر ایک تولہ ہڑتال رکھ کر ۶ ماشہ نک چکنی اور ڈال کر خوب دبا دیں اور سوراخ میں اتنا ڈاٹ دیں جو دو انگل پہنچ جائے اس کے بعد گز بھر کی آگ دیں سفید

باوزن کشتہ ہوگا۔ ½ رتی ہمراہ مسکہ یا بالائی دیں۔

دردسر :۔ کافور ایک چاول ---- افیون دو رتی باریک کر کے لڑکی والی عورت کے دودھ میں ملا کر پیشانی پر ضماد کریں ہر قسم کا درد دُور ہوگا۔

دیگر صفراوی : سرکہ انگوری ۵ تولہ میں کافور ۲ تولہ حل کر کے بوتل میں رکھیں اور کپڑا تر کر کے پیشانی پر رکھیں خشک ہونے پر پھر تر کریں دو تین بار میں صحت ہوگی۔

دیگر : کافور۔ برادہ صندل سفید ایک ایک ماشہ کشنیز ۳ ماشہ سرکہ انگوری میں پیس کر پیشانی پر ضماد کریں۔

کافوری : دردِ شقیقہ۔ دردسر۔ نزلہ زکام۔ درد دانت آواز بیٹھ جانا۔ بچھو۔ بھڑ گزیدہ کو مجرب و بے خطا دوا ہے کافور ۲ ماشہ نوشادر۔ چونہ اَن بجھا ایک ایک تولہ علیحدہ علیحدہ باریک کر کے ملا کر شیشی میں خوب خوب ہلائیں اور مضبوط کارک دے کر رکھیں بوقت ضرورت دردسر سنگھائیں درد دانت و آواز بیٹھ جانے کے لیے منہ کے ذریعہ بخارات کھینچیں۔ بھڑ۔ بچھو کے زخم پر لگائیں۔

لخلخہ صحت افزا :۔ اکثر مرتبہ بخار کی حالت میں دردسر اس قدر ہوتا ہے کہ خدا کی پناہ ایسی حالت میں یہ دوا اعجازی اثر دکھاتی ہے۔ سر درد اعصاب عصابہ، نزلہ زکام اور سر کے درد میں مفید ہے۔ کافور۔ برادہ صندل سفید ہر ایک ۶ ماشہ عرق گلاب ۳ تولہ حل کر کے بوقت ضرورت سنگھائیں اگر زیادہ تیز و خوشبودار اشیاء سونگھنے سے سر میں درد ہو تو اس کا سونگھنا مفید ہے۔

آئی لوشن : صدہا بار کا مجرب المجرب ہے۔ آشوب چشم ... کر لے شر جلد ہو جاتے ہیں۔ کافور ۳ ماشہ شورہ قلمی۔ پھٹکری بریاں ہر ایک ۲ ماشہ کو ایک پاؤ عرق گلاب میں حل کر کے رکھیں دن میں تین بار بذریعہ ڈراپر ڈالیں۔

کوہانجنی چشم :۔ کافور ایک ماشہ لودھ پٹھانی تین ماشہ عرق گلاب میں پیس کر لگائیں۔

عارفی سرمہ :۔ جملہ امراض چشم کی مؤثر دوا ہے۔ کافور۔ کوئلہ پوست بادام۔ سرمہ سفید

ہر ایک ۳ ماشہ سرمہ کو کوزہ میں مع ۱/۲ سیر پانی ڈال کر پندرہ بیس آگ دیں سرد کر کے دوسری دواؤں کے ہمراہ باریک کر کے صبح و شام تین تین سلائی لگائیں۔

سرمہ اکسیر چشم : دھند غبار سرخی۔ پانی بہنا۔ ناخنہ۔ ضعف بصر اور دیگر امراض کی لاجواب دوا ہے۔ کافور۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خورد ایک ایک تولہ کھرل کر کے جوہر اڑائیں اس میں سرمہ سیاہ ۲ تولہ زنگار مس۔ افیون سنگ بصری ہر ایک ۳ ماشہ جست شگفتہ ایک تولہ کف دریا سون مکھی۔ صدف سوختہ ہر ایک ۶ ماشہ آب لیموں سے کھرل کریں ہر دو وقت دو دو سلائی لگائیں۔

پھولا چشم :۔ پھولا چشم اور دیگر امراض چشم کو مفید ہے۔ کافور سر وچینی ایک ایک تولہ فلفل دراز ۲ تولہ قلمی شورہ ۳ تولہ عرق بادیاں ایک چھٹانک میں کھرل کر کے صبح و شام لگائیں

درد کان :۔ ایک ہی بار کے استعمال سے درد بند ہوگا۔ کافور ۵ رتی کاربالک ایسڈ ایک ماشہ کلورل ہائیڈریٹ ۵ رتی کسٹر آئیل ایک تولہ حل کر کے رکھیں۔ بوقت ضرورت دو تین قطرے ڈالیں۔

بہرہ پن : کافور ایک ماشہ۔ گل روغن ۶ ماشہ حل کر کے دونوں۔ وقت تین تین قطرہ ڈالیں۔

ضماد تکسیر :۔ کافور ۳ ماشہ مکھن ایک تولہ کو یک صد بار پانی سے دھو کر ملا کر پیشانی پر ضماد کریں۔

کرم دندان : کافور۔ نوشادر۔ افیون ہموزن باریک کر کے کرم خوردہ دانت میں رکھ کر کسی چیز سے دبا دیں کرم ہلاک ہو کر سوراخ ہمیشہ کے لیے بند ہو جائے گا۔

دردِ دانت : ایک ہی منٹ میں کیسا درد ہو بند ہوگا۔ کافور۔ گولی فینائل سپرٹ ہموزن حل کر کے شیشی میں ڈالیں۔ نیم گرم کر کے انگلی سے دانتوں پر ملیں۔

مسہل کافوری : امیرانہ جلاب ہے۔ بغیر تکلیف اور گھبراہٹ کے اسہال کھل کر آئیں گے۔

کافور۔ زعفران ایک ایک تولہ مرچ سیاہ مغز حب الملوک مدبر دو دو تولہ زود دار ہاتھوں سے کھرل کر کے عرق لیموں سے کھرل کریں اور گولی بقدر کوکن بیر بنا کر ایک دو گولی تازہ پانی سے دیں۔

دیگر: کافور عصارہ ریوند۔ نشاستہ ایک ایک تولہ مغز جمالگوٹہ مدبر ۳ تولہ ایک یوم شیر زہ میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر دو سے چار گولی ہمراہ آب سرد دیں۔ چار پانچ اسہال کھل کر ہوں گے۔ درد معدہ۔ قبض دائمی۔ ضعف جگر۔ ورم طحال وغیرہ کو مفید ہے۔

اکسیر سوزاک:۔ سوزاک کے لیے مجرب و تیر بہدف دوا ہے۔ کافور ۲ تولہ رسکپور ایک تولہ باریک کر کے جو برابر اڑائیں دو چاول تا ایک رتی مکھن یا بالائی سے دیں۔

تریاق سوزاک:۔ کافور ۱ تولہ بیروزہ تر ۱ تولہ طوطیا ۲ تولہ شہد ۳ تولہ بالو ریت ۱۲ تولہ بذریعہ ڈول جنتر تیل نکالیں ایک تا پانچ قطرہ بوقت صبح ناشتہ میں دیں پہلی ہی خوراک سے درد۔ پیپ۔ جلن وغیرہ دور ہوں گے۔ بعدہٗ شربت بزوری پلائیں۔

کحل سوزاک:۔ شدید سے شدید مرض آنکھوں میں لگانے سے دور ہوگا۔ کافور۔ پھوکر مل دو دو تولہ برادہ شاخ گاؤ میش ۴ تولہ۔ روغن بید انجیر ۱۰ تولہ سب کو باریک کر کے فتیلہ بنا کر روغن کے ذریعے روشن کر کے کاجل لیں۔ صبح و شام قدرے مکھن میں ملا کر دونوں آنکھوں میں ایک ہفتہ لگائیں۔

بواسیر کی نایاب گولیاں:۔ پندرہ یوم میں ہر قسم کی بواسیر دور ہوگی۔ خاص سینہ کا رازہے کافور ۶ ماشہ ایلوا ۱۳ ماشہ مغز پنبہ دانہ ۸ ماشہ آب رسونت سے کھرل کر کے گولی بقدر کوکن بیر بنا کر صبح و شام دودھ تازہ دیں۔

تپ صفراوی:۔ کافور ایک تولہ کتھ سفید ۳ تولہ باریک کر کے گولی بقدر کوکن بیر بنا کر ایک گولی ہمراہ آب تازہ دیں۔

تپ لرزہ:۔ کافور ۲ ماشہ برگ بھنگ ۸ ماشہ گولی بقدر نخود بنا کر دو گولی بخار سے ایک

گھنٹہ پیشتر پانی سے دیں۔

عرق اکسیر بخار:- ہر قسم کے بخاروں میں کبھی نہ خطا ہونے والی دوا ہے۔ کافور ۲ ماشہ باریک کر کے ایک بوتل پانی میں حل کر کے مضبوط کارک لگائیں دو تولہ دوا ایک چھٹانک پانی میں ملا کر پلائیں۔ دن میں تین بار باری کے بخار میں ایک گھنٹہ پیشتر دیں۔ بچوں کے لیے رنگ برنگ اسہال میں۔ پیچش۔ سوکھا پن۔ پھوڑا۔ پھنسی وغیرہ کو مفید ہے۔

داد چنبل:- کافور ایک تولہ روغن تارپین ۵ تولہ کافور باریک کر کے شیشی میں ڈال کر روغن تارپین ذرا گرم کر کے ڈالیں حل ہونے پر صبح شام لگایا کریں۔

دیگر:- کافور۔ گندھک ہموزن نیل مٹی میں کھرل کر کے مرہم بنائیں۔ داد کی جگہ کو خوب رگڑ کر سرخ کر کے مرہم لگائیں۔

ناسور:- نسخہ کیا ہے ایک نعمت عظمیٰ ہے لاعلاج مرض کو فائدہ ہوگا۔ کافور شیشی میں ڈال کر اس قدر تیزاب کاربالک ڈالیں کہ کافور ڈوب جائے کارک لگا کر چند منٹ دھوپ میں رکھیں حل ہوگا۔ زخم کو صابن وغیرہ سے صاف کر کے اس میں فتیلہ تر کر کے ناسور میں رکھیں۔

مرہم اعجاز:- ہر قسم کی جلدی امراض پھوڑا پھنسی ورم۔ کچھرالی۔ طاعون وغیرہ کے لیے مفید ہے بطور مسک قابل استعمال ہے بطور بخور خوشبو کا باعث ہے۔ کافور۔ لوبان کوڑیہ ہر ایک ۶ ماشہ باہم ملا کر خوب کوٹیں کہ نرم ہو جائے۔ وقت ضرورت گرم کر کے پھاہہ پر لگا کر لگائیں۔

دیگر: روغن گاؤ ۵ تولہ آگ پر رکھیں جب خوب گرم ہو جائے تو کافور۔ رال۔ کتھ ایک ایک تولہ باریک کر کے ملائیں اور ہلاتے رہیں۔ چند جوش آنے کے بعد اتار کر پھاہہ پر لگا کر لگائیں۔

احتلام کا ہفت روزہ علاج: کافور ایک ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں۔ ریوند چینی ہر ایک

۷ ماشہ باریک کرکے ۷ پڑیہ بنا کر ایک پڑیہ صبح ہمراہ دودھ تازہ دیں۔

جریان کا یقینی علاج :۔ کافور۔ رال سفید ہموزن ایک یوم شیر برگد میں کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر ایک دو گولی ہمراہ دودھ خام دیں۔ ایک ہفتہ میں کہنہ سے کہنہ مرض دُور ہوجاتا ہے۔

ذکاوت حس :۔ سرعت انزال۔ جریان۔ احتلام وغیرہ کو بیخ و بن سے اڑا دے گا۔ متعدد دفعہ اکسیر ثابت ہوا ہے۔ کافور۔ ایکسٹریکٹ بیلاڈونا کشتہ قلعی کشتہ سہ دھاتہ ہر ایک ایک تولہ افیون ۶ ماشہ تمام ادویہ باریک کرکے گولی بقدر ایک رتی بنائیں صبح و شام ہمراہ پانی یا دودھ خام دیں۔

ملذ عجیب :۔ کافور عقرقرحا۔ خاکستر بال عورت ہموزن باریک کرکے شہد ملا کر پندرہ منٹ پہلے طلا کرکے جماع کریں۔ اعلیٰ درجہ کی لذت اور امساک ہوگا۔

دیگر :۔ بوڑھی میں بھی باکرہ کی خاصیت پیدا ہوگی۔ کافور۔ مازو ہموزن باریک کرکے پانچ منٹ پیشتر چار رتی جائے مخصوصہ میں ملیں اور اثر دیکھیں۔

ملذذات کا سردار :۔ ایک عیاش کے سینہ کا راز بے حد قابل قدر ہے۔ جادو کے سامری سے بڑھ کر پائیں گے۔ کافور۔ شہد۔ عطر چنبیلی۔ عطر حنا ہر ایک ۳ ماشہ برادہ قضیب ریچھ ۶ ماشہ خوب باریک کرکے ملا کر جماع سے قبل دو رتی عضو پر ملیں۔

طاقت کی بے نظیر گولیاں :۔ قوت باہ اور امساک کے لیے مفید ہیں۔ جریان، احتلام سرعت کو دور کرتی ہیں۔ کافور مرکی۔ افیون۔ اجوائن خراسانی ایک ایک تولہ اسپند ۵ تولہ سم الفار ۳ ماشہ شہد سے گولی بقدر نخود بنا کر نہار منہ مسکہ سے دیں۔ امساک کے لیے دو گھنٹہ پیشتر کھلائیں۔

کثرت حیض :۔ کافور ۲ ماشہ۔ گل ارمنی ایک تولہ دانہ الائچی۔ طباشیر ہر ایک ۴ ماشہ سفوف بنا کر ۵ ماشہ ہمراہ شربت انجبار دیں۔

ڈاکٹر عبدالحمید چغتائی

اکسیر باہ: تالمکھانہ ۔ مصطگی ایک ایک تولہ افیون ۔ زعفران تین تین ماشہ ۔ سلاجیت ۶ ماشہ سم الفار ½ ماشہ ۔ سٹرکینا ½ ماشہ دو روز عرق کیوڑہ سے کھرل کر کے گولی بقدر دانہ فلفل سیاہ بنائیں بعد غذا صبح و شام دیں ۔

حب محرک و ممسک: سم الفار ۔ افیون ۔ پارہ مصفیٰ ایک ایک تولہ ہر سہ کو دو ہفتہ کامل کھرل کریں جب پارہ بالکل معدوم ہو جائے تو جاوتری ایک تولہ شامل کر کے گولی بقدر دانہ فلفل بنائیں اور کھانے کے بعد تازہ پانی سے دیں ۔

حب مقوی: دارچینی ۔ جوزبویہ ۔ بسباسہ ۔ عودصلیب ۔ قرنفل ۔ ریگ ماہی کچلہ مدبر ۔ تعلب مصری ۔ بابہ تخنز اعرابی ۔ موصلی سفید ہر ایک ۶ ماشہ مشک خالص ۳ ماشہ گولی بقدر نخود بنا کر صبح و شام دودھ سے دیں ۔

اکسیر باہ: ابرک سیاہ ۔ کلعی مصفیٰ ۔ برادہ آہن ۔ برادہ کانسی ہر ایک ۳ تولہ ۔ زرنیخ طبقی گندھک آملہ سار ۔ سیماب مصفیٰ ایک ایک تولہ دو روز آب گھیکوار میں کھرل کر کے قرص بنا کر کوزہ میں گل حکمت کر کے دس سیر آگ دیں ۔ سات بار تکرار عمل کریں اور ہر بار گندھک زرنیخ سیماب شامل کریں ۔ پھر ایک آگ شیر مادہ گاؤ میں ایک آگ روغن زرد میں کھرل کر کے دیں ۔ ایک رتی ہمراہ مسکہ دیں ۔

دیگر: گندھک سیماب مصفیٰ ہر ایک ۶ ماشہ دو روز کھرل کر کے اس میں زنجبیل ۔ دار فلفل ۔ زعفران دانہ الائچی ۔ جاوتری ۔ قرنفل ۔ جوزبویہ ہر ایک ۶ ماشہ باریک کر کے ملا کر زردی بیضہ مرغ کے ہمراہ کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر عصر کے وقت ہمراہ دودھ دیں ۔

منجن پائیوریا: بلادر کلاہ دور کردہ طوطیا ایک ایک تولہ سپاری کہنہ ۲ تولہ کوزہ میں بند کر کے تین سیر اوپلہ کی آگ دیں ۔ نکال کر ایک تولہ مصطگی ملا کر منجن بنا کر استعمال کریں ۔

لکرہ چشم: نبات خانہ زنبور ایک تولہ طوطیا ۳ ماشہ کتھ گلابی ۵ ماشہ رسونت مصفیٰ ½ تولہ عرق گلاب سے کھرل کر کے شیاف بنائیں اور گلاب میں گھس کر صبح شام لگائیں ۔

اکسیر بھگندر (فیسچولا) :- ہر قسم کے باطنی پھوڑوں اور ہر وقت بہتے رہنے والے زخموں خنازیر. ناسور. بھگندر اور دیگر خبیث زخموں کو اکسیری فوائد کا حامل ہے. سم الفار. چوک چوب چینی. کپلا منتشر. مرچ سیاہ. فلفل دراز ایک ایک تولہ ام یوم آب ادرک میں کھرل کر کے نصف رتی کے قریب گولی بنائیں صبح شام ہمراہ دودھ دیں۔

حب آتشک : رسکپور. فلفل سیاہ ہر ایک ۳ ماشہ قرنفل ایک ماشہ الائچی کلاں ۲ ماشہ۔ موئز منقیٰ ۰ عدد خوب کھرل کر کے گولی بقدر دانہ مونگ بنا کر تین بار دن میں ہمراہ پانی دیں۔ نمک اور ترشی سے پرہیز کریں۔

اکسیر ضیق النفس :- تنکار. زرنیخ. وار فلفل میٹھا تیلیہ. گل عشر تازہ. اجوائن. نمک سیاہ ہر ایک ایک تولہ کو آب ادرک میں دو روز کھرل کر کے کوزہ میں بند کر کے تین سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد کر کے باریک کر کے ایک رتی ہمراہ ماء العسل دیں۔

نلاس شقیقہ :- پوست بندق ہندی ۵ ماشہ الائچی خورد گل سرخ ہر ایک ۳ ماشہ نسوار بنا کر سنگھائیں۔

دیگر : پوٹاسیم پرمینگنیٹ ۱ ماشہ. نوشادر ۲ ماشہ نسوار بنائیں۔

نلاس صداع : کافور. نوشادر ہموزن نسوار بنا کر استعمال کریں۔

مالیخولیا :- ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ. افتیمون. اسطوخودوس. بسفائج. گاؤزبان نمک ہندی ہموزن سفوف بنا کر ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان دیں۔

ام الصبیان : عود صلیب ۳ ماشہ جدوار ۱ ماشہ. جند بیدستر. دانہ الائچی کلاں. زہر مہرہ خطائی ہر ایک ۴ رتی انیسون ۵ رتی ایلوا ایک رتی اندرجو شیریں. ۳ رتی عرق گلاب سے کھرل کر کے گولی بقدر دانہ مونگ بنا کر ہمراہ شیر مادر دیں۔

سرمہ سفید چشم :- گل نیم تور شورہ ۳ ماشہ کافور ایک ماشہ سرمہ بنا کر لگائیں۔

ککرہ چشم :- برگ حنا ۲ تولہ. زیرہ سفید ۴ ماشہ رات کو پانی میں بھگوئیں صبح زلال لے کر پھٹکری ۲ ماشہ کھرل کر کے سرمہ بنائیں۔

چٹکی اطفال: ریوند چینی۔ زنجبیل دو دو ماشہ گل بابونہ ۴ ماشہ سفوف بناکر ایک رتی شیر مادر سے دیں۔

ہچکی اطفال: تخم کرفس۔ سعد۔ زیرہ کرمانی ہموزن سفوف بناکر ایک رتی شیر مادر سے دیں۔

دوائے کبد: امراض جگر اور سوء القنیہ کو مفید ہے۔ عود مصطگی سلیخہ۔ فقاح اذخر دارچینی سنبل الطیب ایک ایک ماشہ افسنتین ۳ ماشہ گل سرخ ۳ ماشہ سفوف بناکر ایک ماشہ ہمراہ شربت دینار دیں۔

دوائے طحال: سہاگہ بریاں ایک تولہ رائی ۲ تولہ سفوف بناکر ۱ ماشہ دیں۔

دیگر: زنجبیل ۲ تولہ ہیرا کسیس ایک تولہ سفوف بناکر ½ ماشہ دیں۔

قبض کشا: مغز جمالگوٹہ مدبر بیج دور کردہ ایک تولہ آملہ خشک ۴ عدد لیموں ۱۰۰ عدد آب لیموں میں کھرل کرکے گولی نخود بناکر دو تا ۴ گولی گرم پانی سے دیں۔

درد گردہ: تخم ترب۔ رائی ہر ایک ۶ رتی شورہ قلمی ۱ ماشہ سفوف بناکر پانی سے دیں۔

سلسل البول: سعد سنبل الطیب کندر اسطوخودوس ہموزن سفوف بناکر ایک ماشہ دیں۔

دیگر: ہلیلہ بیج تخم ۲ تولہ مغز کرنجوہ ایک تولہ سفوف بناکر ایک ماشہ پانی سے دیں۔

حب بواسیر: زرد نباد۔ ورونج ہلیلہ سیاہ۔ بلیلہ شیطرج ہندی عقرقرحا۔ نوشادر فلفل سیاہ فلفل دراز۔ مقل تخم گندنا ہموزن آب گندنا سے گولی بقدر نخود بناکر صبح شام دیں۔

حب آتشک: رسکپور۔ عقرقرحا۔ الائچی سفید۔ قرنفل ہموزن آب ادرک سے کھرل کرکے گولی بقدر نخود بناکر صبح شام دیں۔

جریان احتلام: بیج بند تخم سرپالہ۔ تخم بکائن ہلیلہ سیاہ۔ تخم اوٹنگن۔ خار خسک ہموزن سفوف بناکر ۲ ماشہ ہمراہ دودھ دیں۔

سیلان الرحم: اصل السوس آملہ ہموزن سفوف بناکر ۲ ماشہ ہمراہ شہد دیں۔

دیگر: گلقند درخت سنبل ۶ ماشہ صبح و شام کھلائیں۔

دیگر: پوست بیضہ مرغ جس سے بچہ نکلا ہوا ہو باریک کرکے ایک رتی دیں۔

بال امرت : جملہ امراض بچگان کے لیے مفید ہے سوکھا دُور ہوگا۔ اجوائن۔ پودینہ۔ طباشیر دانہ الائچی خورد۔ الائچی دانہ کاکڑا سینگی۔ بسفائج۔ شاہترہ۔ دارچینی ہر ایک ۳ ماشہ زہر مہرہ خطائی۔ نارجیل ست گلو۔ رب السوس ہر ایک ۶ ماشہ گل سُرخ ۹ ماشہ پوست ہلیلہ زرد ریوند چینی۔ ایک ایک تولہ کھانڈ ۵ تولہ پیس کر ۴ رتی ہمراہ عرق بادیاں دیں۔

اکسیر اطفال :۔ دق الاطفال و سوکھا و اٹھرا کو مفید ہے۔ مروارید ا ماشہ ورق طلا ۳ عدد زہر مہرہ ۲ ماشہ ست گلو ۳ ماشہ۔ طباشیر ۴ ماشہ دانہ الائچی خورد ۵ ماشہ زرورد ۶ ماشہ انیس ۷ ماشہ خشخاش ۸ ماشہ مصری ۲ تولہ سفوف بنا کر ½ ماشہ دن میں دو تین بار دیں۔

اکسیر تشفار :۔ اعلیٰ درجہ کا مصفیٰ خون۔ حابس الدم۔ قابض مجفف رطوبت۔ مدمل قروح جروح دافع سوزاک و آتشک و جذام ہے مزمن امراض خون کا تریاق ہے۔ امراض چشم و ضند دھالا۔ جرب۔ خارش اور سبل کو مفید ہے درد دنداں۔ وجع اللثہ۔ سرسام سبات کو مفید ہے۔ امراض جلد داد چنبل اور قوبا کو عظیم النفع ہے۔

کشتہ ناقوس ایک تولہ طوطیا سبز ۳ ماشہ فوفل بریاں ۹ ماشہ دارچکنا۔ ایک ماشہ کتھ سفید مرداسنگ۔ رال عمدہ ہر ایک ۹ ماشہ زنگار ۶ ماشہ عرق گلاب دو بوتل میں دو ہفتہ تک کھرل کرکے سرمہ کی طرح خشک کریں۔ سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔ دانتوں کے لیے بطور نسوار دیں۔ داد چنبل کے لیے تیل میں ملا کر لگائیں۔ خوراک ایک رتی مسکہ سے دیں۔

اکسیر آتشک : رسکپور دارچکنہ۔ سم الفار ایک ایک تولہ لوبان کوڑیہ ۲ تولہ سوہاگہ خام چھ ماشہ آب ادرک میں ایک روز کھرل کرکے ایک روز شراب برانڈی میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر جوہر لیں۔ دو برنج ہمراہ مویز منقیٰ دیں۔

حکیم فضل الٰہی اکمل صدیقی سیالکوٹ

کبدی :۔ امراض جگر کے لیے بہترین دوا ہے۔ نوشادر شورہ۔ ریوند خطائی ہموزن باریک کرکے ایک ماشہ بدرقہ مناسب سے دیں۔

حب قبض کشا :۔ قبض کے لیے مؤثر گولیاں ہیں مصبر پوست ہلیلہ زرد ہموزن

عرق گلاب سے کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر دو سے چار گولی رات کو گرم پانی سے دیں۔

حب کبد نوشادری :- صلابت جگری دور کرتی اور عروق جگر کے سدوں کو کھولتی ہے۔ قبض اور گرانی شکم کو مفید ہے۔ نوشادر۔ نمک لاہوری۔ نمک طعام سوہاگہ۔ زرکچور۔ زنجبیل بلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی۔ باؤبڑنگ۔ فلفل سیاہ ہموزن باریک کرکے عرق گلاب سے کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر بدرقہ مناسب سے دیں۔

قطرات تندرستی :- ہندوستان میں بیسوں ناموں سے یہ دوا فروخت ہو رہی ہے۔ گھر میں اچانک ہونے والی اکثر امراض میں بے حد مفید و مجرب ہے۔ لاثانی اور تیر بہدف ہے ست پودینہ ست اجوائن۔ کافور۔ ایک ایک تولہ روغن الائچی، روغن بادیاں ایک ایک تولہ جوہر نوشادر ۲ ماشہ کاربالک ایسڈ ۳ ماشہ شیشی میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں۔ محلول تیار ہے۔ درد سر وغیرہ کے لیے پیشانی اور کنپٹیوں پر لگائیں۔ امراض شکم ہیضہ وغیرہ کے لیے دو تین قطرے کھانڈ میں ملا کر دیں۔

تریاق داد چنبل :- پرانے سے پرانے داد چنبل۔ لاہوری سور اور مسوں کے دفعیہ کے لیے حکمی اثر اور جادو تاثیر ہے۔ ایسٹک ایسڈ ٹنکچر سٹیل ایک ایک تولہ روغن گندم ۳ تولہ ملا کر پھریری سے دن میں دو تین بار لگائیں۔

اکسیر حرقت بول :- سوزاک قدیم و جدید کے دفعیہ کے لیے مجرب المجرب ہے۔ آزمودہ اور تیر بہدف دوا ہے۔ پیشاب کی جلن۔ درد ٹیس کو دو تین خوراکوں میں فائدہ ہو جاتا ہے۔ پیپ بھی بند ہو جاتی ہے۔ عسر البول کو بھی مفید و مؤثر ہے۔ قلمی شورہ۔ کباب چینی زیرہ سفید۔ ریوند چینی۔ دانہ الائچی خورد۔ جوکھار ولایتی ہر ایک ۵ تولہ قند سفید ۲۰ تولہ سفوف بنا کر ۳ ماشہ تا ۶ ماشہ صبح دوپہر و شام پانی بالسی سے دیں۔

گنوریا کیور :- یہ اکسیری و لاجواب گولیاں سوزاک جدید و قدیم و شدید کی ہر حالت میں آزمودہ اکسیری دوا ہے۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خورد۔ پھٹکری بریاں۔ کباب چینی۔ کافور دیسی۔ سفیدہ کاشغری کات ابیض ایک ایک تولہ آب گھیکوار سے کھرل کرکے گولی بقدر

نخود بنا کر تین چار گولیاں دن میں دو تین بار شربت بزوری یا لسی وغیرہ سے دیں ۔

اطریفل غددی : خنازیر کے لیے مجرب مفید و معمول ہے معدہ اور دماغ کے فضلات کا تنقیہ کرتی ہے۔ ہلیلہ سیاہ ۴ ماشہ افتیمون ۳ تولہ ہلیلہ بلیلہ آملہ تربد سفید ہر ایک ۲ تولہ بسفائج۔ اسطوخودوس۔ بھیڑ کے گردن کے غدود ہر ایک ۱۰ تولہ برگ سرنا ۱۴ ماشہ غاریقون زرنباد۔ شیطرج۔ نوشادر ہر ایک ۱۰۔ ماشہ انیسوں۔ خرفہ۔ سنبل الطیب۔ قرنفل۔ جوز بویہ مصطگی ہر ایک ۷ ماشہ شہد خالص سہ چند حسب طریقہ معجون بنائیں ۹ ماشہ تا ایک تولہ سوتے وقت دودھ یا پانی سے دیں ۔

معجون سرس : خنازیری مادہ کی اصلاح اور دفیعہ کے لیے مجرب ہے سفوف تخم سرس ۵ تولہ شہد ۱۰ تولہ ہر دو کو ملا کر کوری ہنڈیہ میں ڈال کر ایک ہفتہ دھوپ میں رکھیں ۔ ایک تولہ صبح عرق گاؤ زبان یا پانی سے دیں ۔

حب خنازیر : یہ گولیاں خنازیر کے دفیعہ میں سریع الاثر ہیں : بیخ گل عباسی ۲ تولہ فلفل دراز ایک تولہ کوٹ چھان کر گولی بقدر نخود بنا کر دو گولی صبح و شام ۲۱ یوم تک استعمال کریں ۔

سفوف سیلان الرحم : سیلان کے ازالہ میں مفید ہے حمل کی حالت میں بھی بلا خوف و خطر استعمال کیا جا سکتا ہے ۔ صدف مروارید ۳ تولہ طباشیر دانہ الائچی خورد۔ سنگ جراحت تالمکھانہ ایک ایک تولہ۔ مصری کوزہ ہم وزن سفوف بنا کر صبح و شام دودھ سے دیں۔

دیگر : سنگ جراحت مازو۔ نخود بریاں ایک ایک تولہ نبات سفید ۳ تولہ سفوف بنا کر ۶ ماشہ پانی سے دیں ۔

دیگر : بیخ قلمی۔ مجیٹھ۔ گل لپتہ۔ گوکھرو۔ گوند ڈھاک ایک ایک تولہ کھانڈ ہم وزن سفوف بنا کر ۶ ماشہ تا ایک تولہ پانی یا دودھ سے دیں ۔

حب سیلان : پوست درخت نیم کاٹ سفید۔ مازو سبز باریک کر کے پانی سے گولی بقدر نخود بنا کر تین گولی دن میں تین بار پانی سے دیں۔

حب احتلام :- جوز ماثل ۔ فلفل سیاہ ایک ایک تولہ صمغ عربی ۶ ماشہ شیرہ بادیان سے کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر دو گولی ہمراہ پانی یا عرق سونف سے دیں ۔

سفوف احتلام :- کشنیز خشک ۵ تولہ موصلی سفید ۲ تولہ مغز تخم تمر ہندی ۲ تولہ کشتہ قلعی ایک تولہ قند سفید نصف وزن سفوف بنا کر ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی یا دودھ دیں ۔

اکسیر ملیریا :- شب یمانی ۵ تولہ کو آب کریلہ ۵ تولہ میں خوب کھرل کر کے کوزہ میں بند کر کے ۵ سیر آگ دیں ۲ رتی سے ۴ رتی ہمراہ شربت بنفشہ عرق گاؤزبان دیں ۔

اکسیر خادم :- جناب حکیم مولانا صوفی خادم علی صاحب کے عطیات میں سے انوکھی چیز ہے ۔ گل ببول ۔ ۱۵ تولہ شب یمانی ۵ تولہ بریاں ۔ سفوف کر کے محفوظ رکھیں مسوڑھوں سے خون جاری رہتا ہو یا دانت خراب ہوں ۔ تو دن میں دو چار بار انگلی سے بطور منجن ملیں ۔ بواسیر خونی ۔ نفث الدم جریان احتلام سیلان الرحم وغیرہ امراض کو اکسیر ہے ایک دو ماشہ پانی سے دیں ۔ سیلان الرحم کے لیے تھوڑا تھوڑا سا سفوف لے کر پانی ملا کر آب دست کرانا بھی مفید ہے ۔

معجون شلجم :- تمام اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتی ہے ۔ دل ۔ دماغ کی قوتوں کی محافظ ہے مسلسل استعمال سے بدن کو موٹا تازہ کرتی ہے ۔ شلجم ½ سیر کو ایک سیر دودھ میں نرم آنچ پر خوب پکائیں کہ گل جائیں ۔ نیچے اتار کر ہاتھوں سے مل کر چھان لیں مغز بادام ۵ تولہ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں صبح چھیل کر پانی میں گھوٹ کر شیرہ بنائیں دونوں کو ملا کر آگ پر رکھیں اور زعفران ۳ ماشہ کی پوٹلی بنا کر اس میں ڈال دیں ۔ اب اس میں کھانڈ ایک سیر ملا کر قوام کریں اور طباشیر ۲ ماشہ ورق نقرہ کشتہ مرجان کشتہ عقیق ہر ایک ۳ ماشہ مناسب عرق میں حل کر کے ملائیں اور ایک تولہ صبح و شام کھائیں ۔

دوائے ملیریا :- چڑھے ہوئے بخار کو اتارتی ہے اور بخار سے قبل استعمال کرنے سے بخار کو چڑھنا روکتی ہے ۔ گلو خشک ۔ چرائتہ ۔ برگ نیم ۔ پھٹکری بریاں ۔ کوڑ ہم وزن باریک کر

کے دو سے چار رتی دن میں تین بار پانی یا مناسب بدرقہ سے دیں۔

بدل کونین :۔ ملیریا کا تریاق ہے۔ تخم جوز ماثل سیاہ۔ افیون مرتج سیاہ۔ اقاقیا (بصورت دیگر برگ نورسنتہ کیکر) ہم وزن کوٹ کر گولی بقدر مرچ سیاہ بنا کر قبل نوبت دو ساعت پانی سے دیں۔

تپ مرکب :۔ مرکب خلطی بخاروں اور دیگر مزمن کے لیے اکسیر اعظم ہے۔ بے خطا ہے بے ضرر اثرات کا حامل ہے۔ برگ نیم تازہ پوست اندرون پیتہ۔ ثمر نیم تازہ۔ چرائتہ۔ گل غافث قسط تلخ۔ مویز منقہ۔ گلو تازہ۔ ہر ایک دو تولہ گاؤزبان تخم کشوث۔ گل بنفشہ۔ فلفل سیاہ، ایک ایک تولہ ایک سیر پانی میں پکا کر چہارم حصہ رہنے پر صاف کر کے پھر پکائیں کہ رب تیار ہو جائے۔ تو اس میں شکاعی۔ بادآورد۔ کشوث۔ خاکسی۔ گل غافث۔ برگ ببول۔ زیرہ سفید۔ بلیا نیبر۔ دار فلفل۔ ست گلو ایک ایک تولہ۔ مغز کرنجوہ ۲ تولہ دانہ ہیل ۶ ماشہ باریک کر کے ملا کر گولی بقدر نخود بنا کر دن میں چار بار ہمراہ شربت اعجاز یا شربت فریاد رس وغیرہ سے دیں۔

پیام شفا :۔ معدہ اور امراض ہضم کی اکثر تکالیف کو مفید ہے۔ نہایت زود اثر ہے۔ ہزاروں دفعہ کی آزمودہ ہے۔ فلفل سیاہ۔ جوہر نوشادر۔ ہر مچ ایک ایک تولہ۔ تخم جوز ماثل کشتہ فولاد چھ چھ ماشہ باریک کر کے ایک رتی بدرقہ مناسب سے دیں۔

جوہر ہاضم :۔ معدہ و ہضم کی جملہ تکالیف کے دفعیہ کے لیے مجرب المجرب تحفہ ہے۔ درد شکم۔ نفخ کو مفید ہے۔ نوشادر دانہ الائچی کلاں نمک ہندی دو دو تولہ فلفل سیاہ فلفل دراز۔ جوکھار۔ شورہ ایک ایک تولہ۔ پیپرمنٹ ۳ ماشہ باریک کر کے تین رتی پانی سے دیں۔

اکسیر آتشک :۔ بلا تکلیف مفید و مجرب ہے۔ رسکپور ایک تولہ برگ تلسی ۳۴ تولہ فلفل سیاہ، ماشہ شیر بھیڑ ۱۵ تولہ میں بلا وقفہ کھرل کر کے ۴۸ گولیاں بنائیں۔ جمالگوٹہ کا مسہل دے کر ایک گولی بالائی سے دیں اور خوراک صرف مونگ کی کھچڑی گھی ڈال کر

دیں۔ اور ایک سال تک لال مرچ ترش سے پرہیز کریں۔

اکسیر قلب :- مقوی و مفرح قلب توحش و خفقان کو مفید ہے۔ برگ گاؤ زبان ۵ تولہ طباشیر ایک تولہ۔ مصری کوزہ ۲ تولہ باریک کر کے ایک سے تین ماشہ آب تازہ سے دیں۔

اکسیر مرہم :- ہر قسم کے زخموں کو مفید ہے۔ حسب ضرورت تیل میں رال سفید ۵ تولہ جوش دیں جب پکنے لگے تو آب نیم ۲ تولہ ملا دیں اتار کر طوطیا ۱ ماشہ ملا کر خوب گھوٹیں اور لگائیں۔

مقوی و ممسک :- مجرب و معمول ہے۔ جوزبویہ۔ جائفل۔ بسباسہ مازو۔ افیون مصطگی۔ زعفران۔ ناگ کیسر۔ موچرس۔ گوگل۔ سپاری۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر۔ اجوائن خراسانی ورق نقرہ ہموزن کوٹ پیس کر شہد سے گولی بقدر نخود بنا کر دو گولی ضرورت سے دو گھنٹہ پیشتر دودھ سے دیں۔

معجون شباب :- شباب کی محافظ۔ مایہ ناز مقوی باہ۔ لغوظ و ہیجان پیدا کرنے والا تیر بہدف ہے۔ تخم ترتیزک۔ تخم پیاز ہر ایک ۳ تولہ تخم شلغم ۶ تولہ فلفل دراز ۲ تولہ۔ فلفل سیاہ۔ جائفل خردل۔ تخم گندنا۔ ہر ایک ۲ تولہ تخم اسپند۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ ہر ایک ۱½ تولہ زعفران ۹ ماشہ ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ شہد سہ چند معجون بنا کر ۶ ماشہ صبح و شام دودھ سے دیں۔

اکسیری طلاء :- ضعف باہ کے بیرونی نقائص کو دور کرنے کے لیے لاجواب اور حیرت انگیز تحفہ ہے۔ اسگندنا گوری۔ انبہ ہلدی پوست بیخ کنیر سفید۔ افیون ہر ایک ۹ ماشہ۔ پوست بیخ مدار۔ بیربہوٹی۔ بیخ نرگس ہر ایک ۶ ماشہ باریک کر کے درد بول خر میں کھرل کر کے ضماد کریں۔ سات یوم میں ناقابل برداشت قوت پیدا ہوگی۔ اگر جائز وسائل قریب میسر نہ ہوں تو عرق لیموں میں کپڑا تر کر کے عضو پر رکھیں۔

حکیم سید وکیل احمد حیدر آباد دکن

دنیائے طب کا بہترین منجن :- دانتوں کی جملہ امراض کے لیے بے نظیر لاجواب منجن ہے۔ کیلہ سوختہ ایک عدد پھٹکری بریاں، طوطیا بریاں، کالی مرچ ایک ایک ماشہ باریک کر کے ملا کر یں رال

ٹپکائیں ۔ بعدہٗ کلی نہ کریں۔

ضعف جگر :۔ افسنتین ۵ تولہ نوشادر ۲. تولہ گولی بقدر کنار دشتی بنا کر صبح و شام دیا کریں ۔

پرسوت بخار :۔ مجرب المجرب نسخہ ملاحظہ فرمائیں ۔ جو آج تک نہ دیکھا ہوگا ۔ گولر خام ایک سیر پانی ۲ سیر اس قدر پکائیں کہ گل جائیں سرد کر کے مل چھان کر شکر سفید تین پاؤ ملا کر رب بنا کر ۶ ماشہ ۔ چائنا گھاس ۲. تولہ پانی پکائیں اور ۶ ماشہ یہ رب ڈال دیں اور اتار کر دن میں تین بار ایک ایک چمچہ کھلائیں ۔ اگر کھانسی ساتھ ہو تو شکر تیغال رب السوس ہر ایک ۶ ماشہ ملالیں ۔

دردِ قولنج :۔ پاپڑ کھار ۳ ماشہ نصف گلاس پانی میں ملا کر پلائیں فوراً آرام ہوگا جادو اثر ہے ۔

دردِ کمر :۔ تخم ہالون کا حلوہ بنا کر کھلائیں ۔

مرگی :۔ کچھوے کے خون میں جو کا آٹا گوندھ کر گولی بقدر کنار دشتی بنا کر صبح و شام دیں ۔

بواسیر :۔ روغن مغز نیم ۔ مرچ سیاہ ۔ کشتہ صدف صادق میدہ لکڑی ایک ایک تولہ گولی بقدر کوکن بیر بنا کر دو گولی صبح ہمراہ پانی ۔

جریان :۔ دودھی خورد ۔ موچرس ۔ گل دھاوا ۔ مصری ہم وزن سفوف کر کے ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ دیں ۔

موٹاپا دور :۔ ٹنکچر آیوڈین ۔ ریکٹی فائیڈ سپرٹ والی ایک بوند پانی میں ملا کر روزانہ تین بار دیں ۔

لاہور سور :۔ چیڑ کا تیل بازار سے خرید کر لگائیں ۔

خنازیر :۔ سم الفار ایک ماشہ پارہ ۲ ماشہ نصف لیموں کے پانی میں کھرل کریں کہ ذرات نابود ہو جائیں عقرقرحا ۔ ۲ ماشہ مصطگی رومی ۲۰ ماشہ ملا کر ۲. عدد لیموں کے پانی میں کھرل

کر کے گولی بقدر نخود بنا کر ۱ تا ۳ گولی مونگ کی دال سے یا گوشت بکرا کے شوربہ سے دیں۔
بعد تنقیہ دیں۔

سفوف نعاح:۔ احتلام اور سرعت انزال کو مفید ہے۔ خصوصاً ایسے احتلام میں جو بلا خواب ہو جاتا ہو۔ اور جن کے عضو خاص سست کمزور ڈھیلے ہوں۔ ایکسٹریکٹ بیلا ڈونا۔ (رب لفاح) ایک تولہ صمغ عربی ۳ تولہ چینی سائیدہ ۵ تولہ کھرل کر کے ایک رتی صبح و شام تازہ پانی سے دیں۔

کشتہ شنگرف:۔ مبہی۔ ممسک ہے نعمت غیر مترقبہ ہے۔ میٹھا تیلیہ سیاہ ۵ تولہ باریک کر کے شیر مدار ۱/۲ سیر میں کھرل کر کے گولا بنا کر درمیان شنگرف ۲ تولہ رکھ کر کھدر کا کپڑا لپیٹ کر اس کو تار میں باندھ کر روغن کنجد شہد اور گھی ایک ایک پاؤ میں لٹکا کر پکائیں۔ جب آگ لگ جائے تو نکالیں تیار ہے اور ہمراہ مسکہ دیں۔

حب بلادر:۔ نزلہ مزمن کو دور کرتا ہے۔ مقوی و مبہی ہے۔ آم کی کیریاں جن میں جالی پڑی ہو دو ٹکڑے کر کے درمیان ایک عدد بلادر رکھ کر کچے سوت سے باندھ کر گڑھے میں بند کر کے زمین میں دفن کر دیں۔ بارش کے بعد نکال کر کوٹ کر یک جان کر لیں اور گولی بقدر نخود بنا کر صبح و شام پانی سے دیں۔

حکیم بشارت سنیاسی بٹالہ

طلا نامردی:۔ سنکھیا سفید پارہ۔ میٹھا تیلیہ۔ بیخ کنیر سفید۔ ہڑتال ورقیہ۔ گندھک آملہ سار ایک ایک تولہ سرمہ کی طرح باریک کر کے کپڑے پر ڈال کر فتیلہ بنائیں اور اس پر کانی کچا سوت لپیٹ کر ۱/۲ سیر تیل تل میں دو پہر زر رکھیں۔ اس کے بعد دست پناہ سے فتیلہ کا ایک سرا پکڑا کر دوسرے سرے میں آگ لگا دیں جب وہ جلنے لگے تو پہلا سرا ذرا اونچا کر دیں نیچے کانسی کا کٹورہ رکھ دیں تاکہ تیل ٹپک ٹپک کر اس میں جمع ہوتا رہے۔ جب فتیلہ کا سب تیل کٹورہ میں آ جائے تو دوبارہ اس کو فتیلہ میں جذب کر کے اور آگ لگا کر تیل نکالیں تین بار میں تیل تیار ہوگا۔ شیشی میں بند کر کے گڑھے میں دفن کریں۔ ۲۱ یوم کے بعد نکالیں

چند بار کے استعمال سے تمام نقص دور ہوں گے۔

کایا کلپ :- ہلیلہ، بلیلہ، آملہ، بترج، بھنگرہ سیاہ، تخم پنوار ست گلو، گڑ پرانا ایک ایک پاؤ دواؤں کو کوٹ چھان کر گڑ کا قوام کر کے اس میں ملا کر ۳۰۰ گولیاں بنا کر رات کو سوتے وقت ایک گولی تھوڑے پانی سے دیں۔ یا ان ادویہ کا عصارہ حاصل کر کے گولیاں بنائیں تاکہ گولیاں چھوٹی بنیں فوائد حسب ذیل ہیں۔

پہلے مہینہ۔ وجود روشن ہو جاتا ہے۔ دوسرے مہینے بادی کی تمام شکایات دور ہو جاتی ہیں۔ تیسرے مہینہ جسم صاف ہو جاتا ہے۔ چوتھے مہینے بے حد قوت آ جاتی ہے۔ پانچویں مہینہ سفید بال سیاہ ہو جاتے ہیں۔ چھٹے مہینے آنکھیں روشن ہو جاتی ہیں۔ ساتویں مہینے حافظہ قوی ہو جاتا ہے۔ آٹھویں مہینے خون صاف ہو جاتا ہے۔ نویں مہینے ظاہری و باطنی قوت حاصل ہوتی ہے۔ دسویں مہینے تمام مقاصد حاصل ہو جاتے ہیں۔

خونی بواسیر :- ہلیلہ زنگی، پوست ہلیلہ زرد بلیلہ۔ آملہ علیحدہ علیحدہ باریک کر کے اور بالترتیب آب گل صد برگ آب برگ نیم۔ آب شاہترہ۔ آب گرزندہ دو دو تولہ میں تر کر کے دھوپ میں خشک کریں۔ اور روغن زرد میں چرب کریں آب مولی ایک سیر میں رسونت مصفیٰ رات بھگو کر صبح پانی چھان کر ادویہ کے ہمراہ کونڈہ ڈنڈا کوار میں گھوٹیں اور گولی بقدر نخود بنا کر دو گولی دو ماشہ اسبوس اسبغول دو دفعہ دیں۔ خون بند ہو جانے کے بعد صبح و شام ایک گولی ہمراہ مسکہ دیں۔

اگر مسوں میں درد ہو یا بڑے ہو گئے ہوں تو مندرجہ ذیل مرہم تیار کر کے استعمال کریں۔ برگ نیم۔ تخم خطمی۔ مغز کشنیز ایک ایک تولہ پاؤ بھر پانی میں جوش دے کر صاف کریں اس پانی کو آٹھ تولہ روغن زرد میں ہلکی آگ پر خشک کریں۔ جب روغن باقی رہ جائے تو سکہ کا ایک ٹکڑا لے کر روغن میں اس قدر رگڑیں کہ وہ بالکل سیاہ ہو جائے۔ اسے مسوں پر لگائیں۔

معجون ستیاسی :- مقوی باہ۔ مصفیٰ خون۔ مقوی دماغ۔ ممسک اور مبہی ہے۔ منہ

کو خوشبودار کرتی ہے۔ رال بہنے کو روکتی ہے اور ہاضمہ کو قوی کرتی ہے۔

دار چینی عقرقرحا خولنجاں۔ جاوتری۔ کوکنار تخم کونج۔ تخم اوٹنگن۔ اجوائن خراسانی ہر ایک جزو ایک ۲ تولہ۔ فلفل دراز ۳ ماشہ۔ ناگرموتھہ ۳ ماشہ۔ کباب چینی ۲ ماشہ گل کنیر سرخ ۱۸ ماشہ زعفران ۲ ماشہ شہد سہ چند معجون بنا کر ۳ تا ۲ ماشہ نہار منہ استعمال کریں۔

ڈاکٹر نجم النساء بیگم شاہدرہ لاہور

شربت طمث:۔ احتباس طمث کے لیے میرا خاندانی اور بارہا بار کا مجرب ہے۔ چھ یوم میں ماہواری کو درست کرتا ہے۔ درد سر۔ درد کمر۔ سستی۔ کاہلی نفخ وغیرہ کو دور کرتا ہے۔ تخم حلبہ ۲ تولہ۔ تخم خیارین ۱ تولہ۔ بادیان۔ اجوائن دیسی۔ انیسوں۔ تخم شبت۔ مجیٹھ ہر ایک ۹ ماشہ تخم کرفس ۶ ماشہ پانی ایک سیر میں بھگوئیں بارہ گھنٹہ کے بعد جوش دے کر مل کر چھان لیں اور ۱ سیر کھانڈ ملا کر شربت بنائیں ایام سے ایک ہفتہ پیشتر ۵ تولہ شربت قدرے پانی ملا کر دیں حیض شروع ہونے پر ختم کر دیں اور دوسرے ماہ پھر شروع کر دیں۔

بچوں کی کھانسی:۔ بچوں کی کالی کھانسی کا یقینی اور مجرب علاج ہے۔ پرانی سے پرانی کھانسی دور ہو جاتی ہے۔ دمہ کو بھی فائدہ مند ہے۔ نوشادر۔ سہاگہ سفید۔ جوکھار نمک سونچل ایک ایک تولہ اجوائن خراسانی۔ زنجبیل ہر ایک ۳ تولہ باریک کر کے کوزہ میں گل حکمت کر کے ۵ سیر آگ دیں۔ سرد کر کے ایک رتی قدرے کھانڈ میں ملا کر تین بار تازہ پانی سے دلویں۔

اکسیر دمہ:۔ بلغمی دمہ۔ بلغم بکثرت پیدا ہوتی ہو۔ خشک دمہ کو مفید نہیں۔ شنگرف رومی فلفل دراز ایک ایک تولہ پانی کی مدد سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر ۱۰ تولہ روغن گاؤ میں بریاں کریں کہ جلے نہیں سرد کر کے محفوظ رکھیں، دمہ کا تریاق تیار ہے۔ دو رتی صبح و شام سادہ پان کے ٹکڑے پر رکھ کر چبائیں اور نگل لیں۔

کثرت الطمث:۔ کثرت طمث کو اکسیر سے بڑھ کر ہے۔ برگ نیم ۵ تولہ کے درمیان توا آہن پر ایک تولہ پھٹکری رکھ کر آگ پر رکھیں کہ پھٹکری کھیل ہو جائے باریک کر کے دو رتی صبح و شام پانی سے دیں۔ ایک ہفتہ میں آرام ہوگا۔

حب کچلہ :- میرا خاندانی نسخہ ہے۔ فالج۔ استرخا۔ کمزوری بڑھاپا کو مفید ہے۔ مقوی معدہ و جگر ہے۔ آب ادرک ایک پاؤ میں ۲۲ دانے کچلہ بیس یوم رکھیں تاکہ خشک ہو جائے تو کچلہ کو خوب کوٹ کر بحساب فی تولہ کشتہ فولاد ۶ ماشہ سم الفار ۲ رتی شہد سے گولی بقدر نخود بنا کر ہمراہ دودھ دیں۔

حکیم رحمت علی ہمایوں

پتھری توڑ :- گردہ و مثانہ کی پتھری کے اخراج کے لیے نشرلایہ علاج ہے۔

دوائے حجر الیہود۔ مولی کھار ایک ایک رتی جوکھار۔ دو رتی باریک کر کے ہمراہ شربت بزوری دیں۔ دس یوم میں تمام پتھری ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہو گی۔ دوائے حجر الیہود اس طرح تیار کریں۔ سنگ یہود ۵ تولہ قلمی شورہ ۱۰ تولہ کے درمیان ایک کوزہ میں رکھ کر اوپر آب مولی ½ سیر ڈال دیں اور کوزہ گل حکمت کر کے ۵ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ اسی طرح چھ آنچیں حجر الیہود کو دیں دوا تیار ہے۔

خرابی حیض :- حیض بستہ کو کھولنے کی دوا۔ صبر سقوطری۔ ایلوا ہر ایک ایک تولہ زعفران ہیرا کسیس تخم سداب ہر ایک ۶ ماشہ باریک کر کے پانی سے گولی بقدر نخود بنا کر دو گولی تازہ پانی سے دیں۔

اکسیر پھولا :- شورہ۔ نوشادر ایک ایک تولہ عرق گلاب دو آتشہ ۱۶ تولہ پیتل کی تھالی میں ڈال کر کانسی کے کٹورے میں کھرل کریں کہ خشک ہو جائے مقام پھولا پر چٹکی سے ایک چاول بھر ڈالیں۔ صبح و شام ڈالنے سے دو ہفتہ میں آرام ہو گا۔

قبض کشا :- مصطگی رومی۔ صبر سقوطری۔ عصارہ ریوند ہموزن عرق گھیکوار سے کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر سوتے وقت ہمراہ دودھ یا گرم پانی دیں۔

یرقان :- کاسنی۔ بیخ کاسنی۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز خیارین ہر ایک ۴ ماشہ گھوٹ کر مصری ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔ صبح شام دیں۔

نسیان : برہمی بوٹی۔ مغز بادام۔ مغز پیٹھہ۔ مغز کدو۔ موصلی سفید۔ دانہ الائچی خورد

۔طباشیر، برنج کشنیز ایک ایک تولہ مرچ سیاہ ۶ ماشہ مصری کوزہ ہموزن سفوف بناکر ۹ ماشہ ہمراہ دودھ دیں۔

کھانسی۔ دمہ :۔ بلغم کا بار بار نکلنا اور کھانستے کھانستے تنگ آنے کو پہلے ہی روز فائدہ ہوگا۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ ہلیلہ بیلان۔ فلفل گرد۔ لونگ ہر ایک ۱۰ ماشہ کتھ سفید ۳۰ ماشہ باریک کرکے پوست کیکر کے جوشاندہ میں مل کر مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بناکر منہ میں رکھ کر چوسیں۔

مقوی بصر :۔ سرمہ سیاہ کوئلوں میں گرم کرکے عرق گلاب میں چند بار بجھاؤ دیں۔ ۲ تولہ لے کر کافور بھیم سینی ۳ ماشہ آب سونف تازہ میں کھرل کرکے سرمہ بنائیں۔

ممسک :۔ شنگرف۔ افیون۔ بزرالبنج۔ عقرقرحا۔ قرنفل۔ جوزبویہ۔ دارچینی۔ جاوتری ایک ایک تولہ۔ زعفران مشک ہر ایک ۶ ماشہ باریک کرکے روغن دھتورہ پانچ تولہ برانڈی ایک بوتل میں کھرل کرکے گولی بقدر نخود بناکر ایک گولی ہمراہ دودھ دیں۔

لاہور سور :۔ کشتہ جست ایک تولہ نوشادر ۳ تولہ کھرل کرکے کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ پگھلنے پر نیچے اتار کر سرد ہونے پر پھر رکھیں۔ پھر باریک کرکے مکھن یا ویزلین ملاکر لگائیں۔

کالی کھانسی :۔ افیون۔ گوند کیکر۔ رب السوس نشاستہ ہموزن کوٹ کر پانی کی مدد سے گولی بقدر دانہ موٹھ بناکر صبح وشام پانی سے ایک گولی سے ۳ گولی دیں۔

چنبل :۔ کریہ کی لکڑی کا بذریعہ پتال جنتر روغن نکالیں اور لگائیں۔ چار پانچ بار لگانے سے برسوں کا چنبل دور ہوگا۔ اسی طرح شیشم سیاہ کا تیل بھی فائدہ مند ہے۔

پیچش واسہال :۔ ہلیلہ سیاہ کو گرم راکھ میں نیم بریاں کریں پھر باریک کرکے چار ماشہ تازہ پانی یا عرق سونف سے دیں۔

عظم طحال :۔ رائی ۲ تولہ۔ نوشادر ایک تولہ سفوف بناکر ایک تا تین ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

دردِ شقیقہ و عصابہ :- پوست ریٹھہ ایک ماشہ کشمیری پتہ ایک تولہ۔ باریک کر نسوار دیں۔

حکیم سید طالب علی قادری آرزو بریلی

امساک ۔ سوزاک ۔ جذام ۔ آتشک :- چھوٹے چھوٹے مینڈک پکڑ کر دھاگے میں باندھ کر لٹکائیں سایہ میں خشک کر کے کوٹ چھان کر سفوف بنائیں نصف ماشہ تا ایک ماشہ ہمراہ آب تازہ دیں۔ سوزاک جذام آتشک کا قلع قمع ہوگا۔ امساک کے لیے سفوف مذکورہ اور سفوف بیخ گل عباسی ہموزن ملاکر پانی سے گولی ایک ماشہ بنا کر روزانہ استعمال کریں ہفتہ کے اندر ہی ہیجان اور امساک اس قدر ہوگا کہ برداشت ناممکن ہو جائے گی۔ استعمال کرنے والا بے تاب اور بے چین ہو جائے گا۔

عرق سوزاک :- ایک روز میں ہی سوزاک کا خاتمہ ہوگا چونہ ایک چھٹانک پانی میں حل کر کے نتار کر ایک بوتل پانی بھر لیں اس میں ست ریوند چینی ایک تولہ حل کر دیں اور ایک دن میں تمام بوتل کا عرق ختم کریں۔ مرض دور ہوگا۔

دیگر :- پھٹکری بریاں ، مصری ایک ایک ماشہ باریک کر کے نہار منہ چھاچھ سے دیں پیشاب بکثرت آئے گا۔ ایک ہفتہ میں مرض دور ہوگا۔

مومیائی ہندی :- انسان اور حیوان کی چوٹ کا درد وغیرہ زائل ہوگا۔ گندم نیم سوختہ گڑ ہموزن قدرے گھی ملا کر کوٹ لیں ا۔ تولہ نیم گرم دودھ سے دیں تین یوم میں صحت ہوگی۔

اکسیر آتشک :- نہایت بے نظیر قابل قدر نسخہ ہے گبرو۔ مالکنگنی ۔ اجوائن خراسانی ، جمود ۔ کپلہ مدبر ۔ کلونجی تخم دھتورہ سیاہ ایک ایک تولہ کتیرا گوند ۲ ماشہ افیون ایک ماشہ گڑ و کتیرا اور افیون کے علاوہ باقی دوائیں توا پر بھونیں افیون پانی میں حل کر کے کتیرا اور گڑ ملا کر باقی دوائیں شامل کر کے خوب گھوٹیں۔ گولی بقدر کوکن بیر بنا کر صبح و شام تازہ پانی سے دیں۔ غذا صرف مرغ گوشت اور گیہوں کی روٹی دیں سات روز میں فائدہ ہوگا

حکیم سید اکبر حسین الہ آباد

قوت باہ کا عجیب و غریب نسخہ:- رات بھر میں پانچ سیر دودھ ہضم کر دینے والا اکسیر باہ نسخہ جس کا روکنا اور ضبط کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ ابرک سیاہ محلوب ۵ تولہ سم الفار شنگرف ایک ایک تولہ آب موسے۔ کتی میں ایک دن کھرل کر کے کوزہ میں بند کر کے ۵ سیر اوپلہ کی آگ دیں سرد کر کے نکال کر سم الفار و شنگرف ایک ایک تولہ ملا کر ایک دن بوٹی مذکور سے کھرل کر کے آگ دیں۔ اسی طرح سات آنچیں دیں۔ آٹھویں بار بلا سم الفار و شنگرف ملائے بغیر آب مذکور میں کھرل کر کے آگ دیں کشتہ تیار ہو گا۔ عصر کے وقت ایک رتی ہمراہ ایک سیر دودھ میں پاؤ گھی ملا کر دیں۔ جس وقت پیاس معلوم ہو برابر دودھ پیتے رہیں حتیٰ کہ پانچ چھ سیر دودھ پی جائیں۔ بغیر دودھ کے اور کوئی غذا نہ دیں۔ حد درجہ قوت اور کافی امساک ہو گا۔

مانع حمل:- جماع سے فارغ ہونے کے فوراً بعد عورت کھڑی ہو جائے۔ اور ایک کپڑے کی گدی روغن کنجد یا روغن چنبیلی میں تر کر کے اندام نہانی میں رکھ کر سو رہے صبح گدی کو نکال دیں۔ اسی طرح برگ پودینہ سبز کوٹ کر کپڑے میں پوٹلی بنا کر رکھیں۔ حمل نہ ہو گا۔

دیگر:- روغن مغز تخم نیم سے روئی کا پھایا تر کر کے اندام نہانی میں دور تک دھکیل دیں اور پھر جماع کریں اور جماع سے دو چار گھنٹہ بعد نکال دیں۔ اسی طرح شہد کا پھایہ بھی رکھا جا سکتا ہے۔

حکیم انوار الحق انور تھانوی

عظم طحال:- رائی ۲ ماشہ، سوہاگہ ۲ ماشہ ایسی ایک پڑیہ بعد غذا دیں۔

ملین:- ہلیلہ سیاہ، شکر تری چار چار ماشہ باریک کر کے گرم دودھ سے دیں۔

ذیابیطس:- مغز خستہ انبہ، خستہ جامن ہر ایک ۲ ماشہ کشتہ فولاد ۲ رتی صبح و شام [illegible] دیں۔

مدر بول :- شورہ۔ ریوند چینی ایک ایک ماشہ۔ زیرہ سفید۔ جوکھار ہر ایک ۶ رتی باریک کرکے پانی سے صبح وشام دیں۔

سرعت انزال :- جریان رقت اور سرعت کا لاجواب نسخہ ہے۔ لک مغسول۔ تودہ چھانی مازو بے سوراخ ایک ایک ماشہ باریک کرکے صبح دودھ سے دیں۔

احتباس الطمث : ہینگ۔ صبر زرد۔ ہر ایک ۴ رتی باریک کرکے دن میں تین بار دیں۔

اختناق الرحم :- کافور، ہینگ ایک ایک ماشہ صبح شام پانی سے دیں۔

بواسیر :- قبض کو رفع کرتا ہے۔ بواسیر خونی و بادی کو فائدہ مند ہے۔ گندھک مصفیٰ حب النیل۔ رسونت ایک ایک ماشہ باریک کرکے سوتے وقت دیں۔

دیدان :- پیٹ کے کیڑوں کو مار کر نکالتا ہے۔ بیخ حنظل ایک ماشہ صبر زرد ۴ سُرخ : کیلا ۴ سرخ باریک کرکے رات کو سوتے وقت دیں۔

قاضی ذوالفقار حسن شیر کوٹی

کشتہ سم الفار : ضعف باہ۔ آتشک کہنہ۔ قرحہ سوزاک کا شرطیہ علاج ہے۔

سم الفار ایک تولہ کی ڈلی پیالہ چینی میں رکھ کر شراب برانڈی اس قدر ڈالیں کہ ڈلی ڈوب جائے ہفتہ کے بعد جدید شراب میں ڈالیں بعدہٗ نغدہ بوٹی تک چکنی ½ سیر میں رکھ کر کوزہ میں بند کرکے گل حکمت کرکے خشک کریں اور پانچ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد کرکے نکالیں کشتہ ہوگا۔ ایک برنج ہمراہ مسکہ دیں۔

کشتہ نقرہ :- احتلام جریان اور ضعف باہ کو چند روز میں نیست و نابود کر دیتا ہے۔ برادہ نقرہ کو ۲۴ بار آب چونہ میں بجھائیں اور ایک پاؤ نغدہ بھنگوٹہ میں رکھ کر خوب گل حکمت کرکے نصف گز گڑھا میں آگ دیں کشتہ ہوگا۔ ایک چاول سے پانچ چاول ہمراہ مسکہ یا بالائی دیں۔

کشتہ طلق :- احتباس بول اور جریان کو مفید ہے طلق سفید محلوب ½ پاؤ شورہ قلمی

ایک پاؤ کے درمیان رکھ کر آدھ گھماراں میں آگ دیں اور دھو کر اس قدر شورہ کے ہمراہ پھر آگ دیں ۴۱ بار میں اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہوگا۔ ایک دو رتی ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

کشتہ مرجان :- مقوی دماغ و باہ و جریان اور احتلام کو مفید ہے۔ مرجان ایک تولہ کو عرق لیموں میں آٹھ یوم غرق رکھیں پھر ثمر بیل گری میں ملفوف کر کے عمدہ کپڑ روٹی کر کے ۵ سیر آگ دیں کشتہ ہوگا۔ ایک رتی خمیرہ گاؤزبان سے دیں۔

کشتہ زمرد :- مقوی قلب سلسل البول اور ذیابیطس کو مفید ہے زمرد کو آگ میں سرخ کر کے عرق کیوڑہ و بید مشک میں سرد کریں گیارہ بار کے بعد کھرل کر کے ایک چاول ہمراہ مسکہ دیں۔

حکیم امام بخش بہاول پور

عرق کافور کیمیا تاثیر :- تپ دق وسل میں نہایت مفید ہے تپ کہنہ صفراوی تپ میں غفلت۔ التہاب۔ بے ہوشی ہذیاں کو فائدہ دیتا ہے۔ کافورہ تولہ صندل سفید عناب۔ ابریشم مقرض کشنیز خشک ہر ایک ۱۰ تولہ۔ صندل سرخ ۲۰ تولہ تراشہ میٹھہ تازہ ۱۴ سیر عرق شفا عرق بید مشک گلاب کیوڑہ ایک ایک بوتل آب تازہ ۵ سیر حسب طریق عرق کشید کریں۔ ۶ ماشہ تا ایک تولہ دن میں تین بار دیں۔

محافظ بچہ :- حاملہ اور اس کے بعد بچہ کو طاقت دیتی ہے۔ دھماسہ سالم پودے لے کر خشک کر کے باریک کریں۔ جب بچہ پیدا ہو ایک تولہ یہ سفوف بچہ کے غسل والے پانی میں ڈال کر جوش دیں۔ اور اس سے بچہ کو نہلائیں۔ اس سفوف کی شہد میں گولی بقدر نخود بنا کر حاملہ کو ۴۱ یوم تک روزانہ ایک گولی پانی سے دیں۔ اس کے بعد بچہ کو بھی ہر ماہ سات یوم نصف رتی روزانہ دودھ میں گھول کر دیں اور ایک سال تک لگاتار استعمال کریں اس سے بچہ چیچک سے محفوظ رہے گا۔ پھوڑے پھنسیوں اور خرابی خون کی کوئی بیماری نہ ہوگی۔ اگر دوران حمل میں ہر روز ایک گولی ۲ ماشہ مکھن میں رکھ کر حاملہ کو دیں تو بھی مفید ہے۔

دمہ :- سم الفار سفید ۲ ماشہ سفوف بارہ سنگھا ۵ تولہ آب گل تمباکو یا ۔۔۔ میں کھرل کریں

فلفل دراز ثمر دھتورہ ایک ایک پاؤ نغدہ بناکر درمیان رکھ کر کوزہ میں بند کرکے ۸
سیر اوپلہ کی آگ دیں سرد کرکے شراب براندی ایک پاؤ میں کھرل کرکے ایک چاول سے ۲
چاول منقہ میں یا مسکہ میں دیں ایک ہفتہ میں شرطیہ دمہ دور ہوگا۔

حکیم ابو الاحسان نور محمد مجذوب

اکسیر اطفال :۔ بچوں کا سوکھا اور ام الصبیان کا بارہا کا آزمودہ نسخہ ہے۔ کاگ جنگھا
بوٹی کی گانٹھوں کے کرم ایک نتولے کر کھانڈ ۱ تولہ میں ملاکر شیشی میں بند کرکے پندرہ دن
دھوپ میں رکھیں اور باریک کرکے محفوظ رکھیں ایک رتی دن میں تین بار ہمراہ شیر مادر
دیں اور قدرت کی معجزہ نمائی دیکھیں کہ کس طرح سوکھا بچہ از سر نو ترو تازہ ہو جاتا ہے۔

ملا حیض :۔ جس کی پہلی ہی خوراک اثر کرتی ہے۔ ہینگ ۲ ماشہ۔ ست مصبر ایک تولہ
عصارہ ریوند چینی ۹ ماشہ ۹ ماشہ مویز منقہ کے ہمراہ کوٹ کر گولی بقدر کوکن بیر بناکر صبح و شام
ہمراہ عرق سونف۔ گلقند۔ گرم دودھ وغیرہ دیں۔

حب عشری : دردکمر۔ ہیضہ۔ بخار۔ اسہال۔ قبض۔ تکلیف حیض۔ دردپیٹ۔ کمی
اشتہا۔ اٹھرا اور رم طحال۔ عظم کبد۔ نمونیہ۔ ذات الریہ۔ ذات الجنب وغیرہ بے شمار امراض
کو اکسیر الاثر ہے۔ پوست بیخ مدار ۳ تولہ نوشادر۔ نمک سیاہ۔ مرچ سیاہ ایک ایک
تولہ پوست سنگ دانہ مرغ ۳ ماشہ۔ ست پودینہ ۱½ ماشہ سم الفار ایک رتی آب پودینہ
سبز ۵ تولہ میں کھرل کرکے گولی بقدر نخود بناکر بدرقہ مناسب سے دیں

اکسیر خنازیر :۔ کچلہ۔ کینچلی سانپ۔ گھونگھی سفید ہر ایک ۲ ماشہ روغن تلخ ۵ تولہ جلا کر
مرہم بنائیں۔ خنازیر۔ ناسور ہر قسم اور کھمبیر کے لیے جادو اثر ہے۔

اکسیر سنگرہنی :۔ سنگرہنی کا لاجواب اور تیر بہدف تریاق ہے۔ شاخ گاؤ۔ بیخ مدار
دھوکر صاف کرکے کوزہ میں رکھ کر جلالیں۔ ۴ ماشہ صبح و شام ہمراہ ترش چھاچھ استعمال کریں۔

اکسیر شباب :۔ صفراوی مزاج کے جریان۔ سرعت رقت کا تیر بہدف نسخہ۔
زہر مہرہ خطائی ایک تولہ باریک کرکے کڑاہی میں ایک سیر دودھ بھیڑ کے ہمراہ آگ پر

خشک کریں۔ ایک ماشہ صبح و شام دودھ وغیرہ سے دیں۔

نرینہ :۔ ایک مازو بلا سوراخ کا سفوف کر کے تین حصہ کر کے حمل کے دوسرے ماہ صبح پانی سے تین یوم دیں۔ لڑکا پیدا ہوگا۔

ڈاکٹر عبدالعزیز ایم بی ایس بڈھلاڈہ

سات مرضوں کی ایک دوا :۔ ہیرا ہینگ ۶ ماشہ نوشادر۔ نمک خوردنی ایک ایک تولہ تینوں کو باریک کر کے گرم پانی میں حل کر کے کپڑے میں چھان کر ایک بوتل بھر لیں۔ سفید رنگ عرق تیار ہوگا ۴/۱ نشان لگائیں ایک خوراک گرم پانی سے دیں۔ اور دو تین چار گھنٹہ کے وقفہ سے دیں۔ ۱۔ درد قولنج۔ ۲۔ متلی۔
۳۔ ورم جگر ۴۔ باؤ گولا ۵۔ بدہضمی
۶۔ درد گردہ ۷۔ کمی اشتہا کو مفید ہے۔

اکسیر ہیضہ :۔ صرف ایک ہی یوم میں کل صحت ہوگی۔ مگنیشیا سلفاس ایک ڈرام شیشی میں ڈال کر اوپر گرم پانی چار مرتبہ کپڑا سے چھان کر ملا کر ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے دیں ہیضہ کیسی ہی سخت کیوں نہ ہو۔ ایک دن میں ہی صحت ہوگی۔

مبہ کرہ :۔ مازو ایک تولہ مائیں۔ نیپال ہر ایک ۹ ماشہ۔ پھٹکری سفید ۶ ماشہ باریک مثل غبار کر کے نصف گھنٹہ پیشتر یا اسی وقت عورت کی شرمگاہ میں چاروں طرف مل دیں پھر تنگی کا تماشا دیکھیں۔ باکرہ سے بھی زیادہ تنگ ہو جائے گی۔

درد حیض :۔ میری بارہا کی مجرب گولیاں درد حیض کو مفید ہیں۔ کافور ۳ گرین سپرٹ ریکٹی فائیڈ میں حل کر ایکسٹریکٹ بیلاڈونا ۲/۱ گرین ایپی کاک کمپونڈ ۳ گرین ملا کر نیم گرم دودھ سے دیں۔ ایسی گولی دن میں تین بار تین یوم تک دیں۔ بلا تکلیف حیض آئے گا۔

خنازیر :۔ بکری کے مثانہ کی ہڈی جلا کر ایک ماشہ روزانہ پانی سے دیں۔

چھاتیوں میں دودھ جم جائے :۔ لونگ اور چاول سانٹھی پانی میں پیس کر چھاتیوں

پرہیز کریں۔

حکیم سید طالب علی آرزو بریلی

زکام :- چند عدد برگ لسوڑہ سبز جوکوب کرکے ایک پاؤ پانی میں بھگوئیں۔ جب رنگ سُرخ ہو جائے تو برگ لسوڑہ مَل کر پھینک دیں۔ پانی چھان کر مصری ملا کر پی لیں۔ دو تین یوم میں آرام ہوگا۔

کہنہ بخار :- چھ چھ ماہ کا بخار اس کے استعمال سے دور ہوگا۔ گلو سبز ایک تولہ تخم کاسنی یا برگ کاسنی تین ماشہ پانی میں گھوٹ کر چھان لیں لوہے کے کڑچھے میں خوب کلاں ۳ ماشہ ڈال کر آگ پر رکھ کر بریاں کریں بریان ہونے پر یہ پانی اس میں ڈال کر ڈھانک دیں اور آگ سے علیحدہ کر لیں۔ سرد ہونے پر ۳ ماشہ خوب کلاں پھانک کر اوپر سے پی لیں۔ سات یوم علی الصبح استعمال کریں۔

ممسک :- بے حد امساک پیدا ہوگا۔ آب کثائی خورد (ممولی) سالم کوٹ کر پانی نکالیں ایک چینی کے برتن میں چھوہارے ڈال کر اتنا عرق ڈالیں کہ ڈوب جائیں تین یوم کے بعد چھوہارے نکال کر روغن گاؤ میں بھونیں کہ سُرخ ہو جائیں۔ وقت سے تین چار گھنٹہ پیشتر استعمال کریں۔

اکسیر درد گردہ :- درخت چیڑ کی لکڑی جلا کر سفوف بنائیں اور ایک تولہ سفوف میں دو ماشہ نمک سیاہ ملا کر چار خوراک بنائیں۔ چاروں خوراک ایک دن میں آب تازہ سے دیں مرض بیخ و بن سے جاتا رہے گا۔

دردِ شقیقہ :- آب کشنیز سبز۔ ایک تولہ کافور ایک رتی حل کر کے دونوں نتھنوں میں چند قطرے ڈالیں۔

اختلاج قلب :- آب ثمر ناگ پھنی۔ تھوہر ۲ تولہ شکر سفید ۲ ماشہ ملا کر جوش دیں۔ اور پلائیں۔ تین یوم میں صحت ہوگی۔

داد۔ داغ :- چہرہ کی چھائیاں۔ خارش۔ داد وغیرہ کو مفید ہے۔ عرق برگ تلسی۔ عرق

لیموں ہم وزن ملا کر لگائیں۔

حکیم ملک محمد یار للیانی

جریان :- سو فیصدی مجرب اور آزمودہ ہے مغلظ و مولد منی ہے۔ برگ نرم پیپل ریش برگد ایک ایک پاؤ لے کر ۱½ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ پانی باقی رہ جائے مل چھان کر مصری ۳ پاؤ ملا کر شربت تیار کریں۔

تالمکھانہ ۵ تولہ شیر برگد میں کھرل کر کے کشتہ قلعی۔ کشتہ فولاد آبی ہر ایک ۱۔ تولہ دانہ الائچی خورد ایک تولہ ملا کر گولی بقدر نخود بنا کر دو گولی صبح و شام ہمراہ شربت مذکورہ ۵ تولہ پانی ۱۰ تولہ ملا کر دیں۔

طلائے اعلیٰ :- جو مجلوق کے تمام عوارض کجی کوتاہی کمزوری کو دور کر کے مرد کامل بنا دیتا ہے۔ مخفی نسخہ ہے۔ روغن زیتون ۱۰ تولہ روغن چنبیلی ۲۰ تولہ ایک بوتل میں ڈال کر عقرقرحا۔ بیر بہوٹی دو دو تولہ باریک کر کے ملائیں۔ اس میں قبرستان کے چیونٹے ۲۰۰ عدد ملا کر مضبوط کارک لگا کر ۴۱ یوم دھوپ میں رکھیں۔ پھر چھان کر محفوظ رکھیں۔ حسب دستور مالش کر کے برگ پان باندھیں۔

بواسیر ریحی :- جس کے چند روزہ استعمال سے بواسیر کو بے حد نفع ہوتا ہے۔ قبض کشا بھی ہے۔ پوست ہلیلہ زرد۔ برگ سرنا۔ زنجبیل۔ نمک سونچل ہموزن سفوف بنا کر ۶ ماشہ صبح ہمراہ پانی دیں۔

حکیم انوار الحق سہرامی

اکسیر آتشک :- سات روز میں آتشک دور ہوگی۔ نہ منہ آتا ہے اور نہ کوئی اور تکلیف ہوتی ہے۔ سیماب گندھک آملہ سار۔ پوست ریٹھہ۔ بلادر بے کلاہ۔ کبنجد سیاہ۔ چترج چترک عقرقرحا۔ مرچ سیاہ۔ چرائتہ ہموزن گندھک پارہ کی کجلی بنا کر باقی دوائیں ملا کر گولی بقدر نخود بنا کر دو گولی روزانہ ہمراہ شیر گاؤ دیں پیاس لگے تو دودھ پیویں۔ غذا دودھ چاول دیں۔

اکسیر ہیضہ :۔ ہیضہ۔ درد شکم۔ اسہال کہنہ درد دندان ورم مسوڑہ وغیرہ کو مفید ہے
گل مدار۔ کافور۔ ہینگ اصلی۔ تخم مرچ سرخ۔ افیون۔ شنگرف ایک ایک تولہ شراب
برانڈی ۵ تولہ میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر صبح دوپہر شام ہمراہ عرق پودینہ یا بادیاں
دیں تیر بے خطا۔

حکیم حبیب الرحمٰن حیدر (اٹک)

ترک افیون :۔ کچلہ کو گرم خاکستر میں دبا دیں جب سیاہ ہو جائیں تو نکال کر اوپر
کا پردہ اتار کر ایک تولہ فلفل سفید۔ فرفیون ہر ایک ۶ ماشہ باریک کر کے گولی بقدر دانہ موٹھ
بنائیں۔ جس قدر افیون روزانہ کھاتے ہوں اس وزن کی گولیاں کھانا شروع کر دیں۔ پھر ایک
گولی روزانہ کم کر دیں حتٰی کہ ایک رہ جائے۔ پھر آدھی گولی کر دیں پھر کبھی کھائیں اور کبھی نہ
کھائیں پھر ترک کر دیں۔

مرہم گنج :۔ گندھک۔ چربی ایک ایک اونس نوشادر دو ڈرام ملا کر مرہم بنائیں ہر روز
دو تین بار لگائیں۔

ہیضہ :۔ خراب سے خراب حالت میں بھی مفید ہے۔ لونگ۔ گل مدار سبز ایک
پاؤ کچلہ مدبر ۲ تولہ میٹھا تیلیہ مدبر۔ افیون ایک ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ۵ تولہ آب ادرک میں
کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر ایک دو گولی ہمراہ عرق گلاب دیں۔ ہیضہ کی آخری حالت
میں مفید ہے۔

حکیم سید ممتاز علی قادری راؤ بتانی (سندھ)

قبض کشا :۔ قبض دائمی و اتفاقیہ کو مفید ہے چہرہ پر رونق لاتا ہے۔ فعل امعا کو
درست کرتا ہے۔ جسم کو طاقت دیتا ہے۔ مغز بادام مقشر ۱۰ عدد سونف ۳ تولہ۔ برگ سنا
۳ تولہ چہار مغز ۲ تولہ تخم الائچی خورد ایک تولہ کھانڈ دیسی ۱۰ تولہ سفوف بنا کر ۹ ماشہ رات
کو ہمراہ دودھ دیں۔ پندرہ یوم کے بعد مقدار خوراک ۶ ماشہ کر دیں ایک ماہ متواتر استعمال
سے مکمل فائدہ ہوگا۔

محلول لفاح: دائمی قبض۔ بواسیر خونی و بادی۔ جریان احتلام۔ ذکاوت حس اور مجلوق کو مفید ہے۔ سپرٹ امونیا ایروٹیک ۴ اونس ٹنکچر بیلاڈونا ۔اونس۔ ایکسٹریکٹ کا، سکا، سیگریڈا ۴ اونس ایکسٹریکٹ آف لیکرس لیکوڈ ۶ اونس گلیسرین ۱۲ اونس ملا کر ۹ ماشہ پانی ملا کر دیں۔

حکیم عبدالمجید عتیقی لاہور

فلفلی: ہضم طعام کے لیے نہایت مفید اور پیٹ درد۔ سول۔ قے۔ متلی وغیرہ کے لیے ازحد نافع ہے۔ آب لیموں ایک پاؤ تیزاب گندھک ۵ تولہ نمک لاہوری ۵ تولہ مرچ سیاہ ایک پاؤ پیالہ چینی میں اول مرچ ڈال کر اوپر نمک ڈال دیں اوپر تیزاب اور پھر آب لیموں ڈال دیں اور اوپر سے ڈھانپ کر دھوپ میں رکھیں۔ جب تمام پانی جذب ہو جائے مرچیں خشک کر کے رکھیں بعد غذا پانچ چھ مرچیں چبا لیا کریں۔

بخار: موسمی اور نوبتی بخاروں میں مفید ہے۔ دانہ الائچی خورد ست گلو۔ فنٹین ہر ایک ۶ ماشہ کونین ایک تولہ ملٹھی ۲ تولہ آب لیموں ایک پاؤ میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر دن میں تین بار دیں۔

حکیم خدایار لنڈن ضلع وہاڑی

وجع الفواد: بوگمنی بوٹی کو سایہ میں خشک کر کے سفوف بنائیں ایک ماشہ ہمراہ پانی دیں۔ درد بالکل دور ہوگا۔

نکسیر: پوست درخت پیپل ۲ تولہ رات کو بھگوئیں صبح زلال لے کر قدرے شربت ملا کر پلائیں اور اسی چھال کو بطور صندل گھس کر پیشانی اور تالو پر لیپ کریں ہمیشہ کے لیے صحت ہوگی۔

گرم امراض: گورکھ پان خشک دو تین تولہ سایہ میں خشک کر کے مٹی کے برتن میں بھگوئیں صبح زلال لے کر میٹھا ملا کر پلائیں۔ حرارت جگر۔ یرقان۔ صفرا۔ گرمی مثانہ حبس کو مفید ہے۔

ڈاکٹر سید امداد علی ہاشمی کالپی

نامردوں کو مرد بنانے والا :۔ آب پیاز سفید جو پتھر سے کاٹ کر نکالا ہو ۲ سیر شہد خالص ایک سیر قلعی دار برتن میں معتدل آگ پر پکائیں کہ صرف شہد رہ جائے ایک یا دو تولہ صبح و شام پلائیں ۔

بے نظیر سرمہ :۔ پوست بیخ نیم پرانے درخت کا جلا کر مثل سرمہ باریک کر کے فی تولہ قلمی شورہ ۳ ماشہ ملا کر صبح و شام آنکھ میں لگائیں ۔ ضعف بصارت ۔ دھند ۔ جالا کو مفید ہے ۔

حکیم حافظ محمد جمیل چیمہ تھاول

قضیب کو دراز و فربہ بنانے والا نسخہ : سمندر جھاگ ۔ برادہ شیشم ۔ مازو سبز ایک ایک تولہ باریک کر کے چربی غوک ۶ ماشہ ملا کر قضیب پر مالش کریں ۔ سات یوم میں عضو فربہ و دراز ہو گا ۔

ملذذ :۔ عورت کو دیوانہ بنا دینے والا نہایت لاثانی اور امیرانہ نسخہ ہے عطر فتنہ ۔ عطر موتیا ۔ عطر گلاب ۔ عطر جوہی ۔ نانخواہ خرس ۔ دارچینی ۔ مصطگی ۔ عطر حنا ۔ زعفران ۔ پھٹکری ہر ایک ۳ ماشہ کافور ایک تولہ باریک کر کے عطر ملا کر خوب یک جان کریں اور شہد ملا کر گولیاں بنائیں بوقت ضرورت لعاب دہن میں گھس کر عضو پر طلا کریں اور خشک ہونے پر جماع کریں ۔

حکیم ملک فتح محمد لاہور

مقوی :۔ گولر کا خشک چھلکا باریک ½ سیر کو ایک پاؤ گھی میں بھونیں اور ½ سیر کھانڈ ملا کر ایک تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ گرم ۔ مقوی باہ ۔ مولد و مغلظ منی ہے ۔

دیگر :۔ کثرت جماع و جلق کے عوارض دور کر کے طاقت دیتا ہے گوکھرو ثعلب مصری کنجد سیاہ ہموزن باریک کر کے ۶ ماشہ صبح و شام دودھ بکری سے دیں ۔

زبدۃ الحکما حکیم عبدالقیوم وار برٹن

اکسیر پیچش :- پرانی سے پرانی پیچش پانچ روز میں بشرطیہ دور ہو گی۔ بیخ خبازی خوب باریک کر کے ۳ ماشہ ہمراہ شربت انجبار دیں صبح و شام خالی معدہ دیں۔

دیگر :- تخم جامن چھیل کر ہمراہ آب دن میں تین بار دیں۔

دیگر :- لا علاج مرض کو بھی تریاق ہے۔ دودھی خورد (ہزار دانی) تازہ یا خشک ایک تولہ سردائی کی طرح گھوٹ کر فوراً مریض کو پلائیں۔ دو تین دفعہ کے پلانے کے بعد ضرورت نہ رہے گی۔

حکیم ظہیر علی مُرادآباد

ناسور گوشہ چشم :- گول کدو سُرخ پھول والے کی ڈنڈی میں جو کدو میں لگی ہوتی ہے پانی میں گھس کر اس سے چہارم حصہ پھٹکری سرخ ملا کر ناسور پر لگائیں۔

پیچش :- برگ املی سبز ایک تولہ پانی ۲ چھٹانک میں گھوٹ کر نمک طعام ا ماشہ ملا کر اور تین بار گرم لوہا بجھا کر پیویں۔ ایک ہی دن میں فائدہ ہوگا۔

ناسور :- لال مرچ خشک پانی میں پیس کر ٹکیہ بنا کر ناسور پر باندھیں چند یوم میں آرام ہوگا۔

سلسل البول :- پھلی ببول خام کا سفوف روغن گاؤ سے چرب کر کے ہموزن شکر ملا کر ۶ ماشہ پانی سے دیں۔

حکیم شمس الدین احمد سندھ

کشتہ طلا :- جو معدہ کی تقویت اور سیاحی طبائع کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔

برادہ طلا ایک تولہ آب مقطر گندہ تین پاؤ میں کھرل کر کے قرص بنا کر کوزہ میں بند کر کے دس سیر آگ دیں۔ ایک چاول بدرقہ مناسب سے دیں۔

ڈاکٹر ایم اے حسینی دہلی

اکسیر درد :- یہ نسخہ عموماً ہر درد میں ہمیشہ سود مند رہا ہے۔ برگ دھتورہ سیاہ

۴ عدد زنجبیل ۲ تولہ بلادر۔ ایک تولہ عقرقرحا ۶ ماشہ گل بابونہ سورنجان تلخ ہر ایک ۵ تولہ سب دوائیں کوٹ کر روغن تلخ اسپر میں جلائیں اور چھان کر بوقت ضرورت گرم کر کے ملیں۔

اکسیر سرعت واحتلام: بہمن سفید ۲ تولہ کرکس تالمکھانہ ست گلو سنگھاڑہ۔ ملٹھی صمغ عربی رب سوس اسبغول طباشیر۔ ایک ایک تولہ سفوف بنا کر ۶ ماشہ میں ایک رتی کشتہ فولاد ملا کر ہمراہ دودھ سے دیں۔

حکیم عبدالعلی کھانوی

طلا سرخ:۔ اعضائے تناسل کے تمام نقائص دور کرتا ہے شنگرف۔ تخم ارنڈ۔ بیر بہوٹی دار چکنہ۔ سم الفار سفید۔ سم الفار زرد۔ مغز جمالگوٹہ ہر ایک ۶ ماشہ مسکہ گاؤ ۵ تولہ خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں بقدر ½ ماشہ عضو پر مل کر برگ پان باندھیں۔ یہ طلا بہت تیز خراش انگیز ہے جب ذراسی پھٹ نمودار ہو طلا کا استعمال بند کر کے روغن لبوتہ نیم گرم لگائیں۔

حکیم عبدالوہاب پرنامیٹ

لاثانی ولاجواب نسخہ:۔ اعلیٰ درجہ کا مصفی مولد الدم مقوی اعضائے رئیسہ۔ دافع ومنہ نامردی جو تین خوراک میں اپنا اثر دکھاتا ہے۔ سم الفار ایک تولہ باریک کر کے گلیسرین ۱۰ تولہ میں ملا کر کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ حل ہونے پر کشتہ فولاد شنگرفی۔ زعفران ایک ایک تولہ کشتہ سہ دھاتہ ۲ تولہ ورق نقرہ ایک تولہ کشتہ طلا گل سرخ والا مشک ہر ایک ۶ ماشہ شامل کر کے ایک دو رتی ہمراہ مسکہ دیں استعمال کے بعد اس کے جوہر کھلیں گے۔

حکیم محمد خاں معموم

کرم داڑھ: تخم گندنا اجوائن خراسانی تخم پیاز ہر ایک ۳ ماشہ باریک کر کے موم زرد ۲ تولہ ملا کر انگاروں پر ڈالیں اور اس کے اوپر قیف الٹی دے کر دانتوں میں بخور لیں۔ تمام کرم مردہ ہو کر نکل جائیں گے۔

ڈاکٹر محمد صدیق خاں رام پور

مفید بچگان: امراض معدہ و بچگان کے لیے بے شمار فوائد رکھتا ہے پرانے دست

بھی دور ہوں گے۔ نمک سیاہ باریک کر کے ۳ ماشہ تا ۶ ماشہ پانی میں پکا کر دیں۔

حکیم سلطان حسین کھولہ کوٹلہ

بخار میں قے :۔ بارہا تجربہ شدہ جو چند منٹوں میں سکون دیتا ہے۔ صفراوی بخار وں میں بہت زود اثر ہے۔ کچور ۲ ماشہ باریک کر کے ترش لسی کے پانی میں برتن مٹی میں بھگوئیں۔ تھوڑی دیر میں کچور تہ نشین ہوگا۔ اوپر کا زرد پانی مریض کو بار بار پلائیں۔ قے بند ہو کر بے چینی دور ہو جائے گی۔

حکیم پیر مراد شاہ وولٹ

مرہم اعجاز :۔ زخم ہر قسم مثلاً تلوار۔ کلہاڑی۔ گنڈاسہ وغیرہ مجرب ہے۔ روغن کنجد ۲½ تولہ کڑچھے میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور مازو سبز ۲ عدد اس میں ڈال دیں۔ جب پھول کر سرخ ہو جائیں انہیں تیل کے اندر ہی پیس لیں۔ خوب باریک ہونے پر سندور سوہاگہ۔ جوکیہ ہر ایک ۳ ماشہ موم انگریزی۔ تولہ میں ملا دیں۔ اور گرم کر کے کپڑے پر لگا کر زخم پر لگائیں۔

حکیم غلام نبی ناشر چشتی رو بیرہ

تپ دق :۔ گل ہنگرہ سیاہ یا زرد۔ ۵ عدد مرچ سیاہ۔ ۵ عدد پانی میں گھوٹ کر تپ دق والے کو پلائیں۔ اگر قے ہو جائے تو مرض لاعلاج ہے۔ اگر ہضم ہو جائے تو اس کا یہ مطلب ہوا کہ علاج مکمل ہو گیا۔

حکیم صحرائی کلکتہ

مقوی باہ :۔ بے حد مقوی باہ ہے۔ خصوصیت سے بلغمی مزاج بوڑھوں کے لیے اکسیر ہے۔ قبض کشا ہے۔ معدہ و جگر کو طاقت دیتا ہے۔ چھال بیخ چترا سرخ۔ شکر سرخ ہموزن سفوف بنا کر ۲ ماشہ سے ۴ ماشہ صبح و شام دودھ گرم سے دیں۔

حکیم وید رام رچھپال دیکھی

کشتہ طوطیا سفید :۔ حسب ضرورت طوطیا لے کر ہموزن نمک ملا کر پانی کے ہمراہ کڑاہی میں جوش دیں۔ پون گھنٹہ جوش کے بعد آتار کر کڑاہی کو رکھ دیں۔ پانی نتار لیں۔ نیچے تا نبہ ہو

گا۔ جسے چند بار پانی سے دھوئیں۔ اس میں دوچند پھٹکری ملا کر خشک کھرل کر کے کوزہ میں بند کر کے جو نصف خالی رہے۔ کپڑ مٹی کر کے ۵ سیر آگ دیں۔ سرد ہونے پر پانی سے دھو کر تمام پھٹکری نکال لیں اور خشک کر کے پھٹکری دوچند ملا کر اسی طرح آگ دیں۔ سات آنچوں میں سفید بلا زنگار کشتہ ہوگا۔

گلابی چورن:۔ کھانڈ ½ سیر، ٹارٹرک ایسڈ ۲ تولہ، سفوف مرچ سُرخ، حسب ضرورت نمک حسب ضرورت باریک کر کے ہاضمہ کے لیے استعمال کریں۔

اکسیر چشم:۔ مقوی البصر ہے عینک کی عادت جاتی رہتی ہے۔ دھند، جالا، پھولا وغیرہ کو مفید ہے۔ روغن بید انجیر، بخیر مصفیٰ۔ بلاٹنگ پیپر سے چھان کر صاف کریں۔ ایک اونس میں ۱۶ سے ۳۲ بوند کاربالک ایسڈ اصلی ملا لیں اور ڈراپر سے آنکھوں میں ڈالیں۔

طلاء عجیب:۔ اعلیٰ درجہ کا شہوت انگیز طلا ہے۔ روغن کنجد ۱۹ حصہ کاربالک ایسڈ ایک حصہ شیشی میں ملا کر رکھیں۔ اس میں پٹی تر کر کے عضو پر لپیٹ دیا کریں۔ ایک ہفتہ میں فائدہ ہوگا۔

سیکر:۔ درخت ڈھاک کی نئی کونپلیں لے کر سایہ میں خشک کر کے باریک سفوف بنا کر اس کے ہموزن کھانڈ ملا کر ایک تولہ روزانہ دودھ سے دیں مثل باکرہ ہو جائے گی۔

اکسیر گوش:۔ کانوں کا درد، بہرہ پن، زخم وغیرہ کو مفید ہے آب ثمر خام دھتورہ یا آب برگ دھتورہ دو حصہ، تیل تل ایک حصہ میں ملا کر جلائیں اور کان میں ڈالا کریں۔

استقرار حمل:۔ بڑے معرکہ کا نسخہ ہے۔ ریش پیپل، ناگ کیسر، تخم شولنگی، سمندر پھل دو دو تولہ، سنڈھ ۳ ماشہ باریک کر کے گولی بقدر نخود بنا کر حیض سے فارغ ہو کر گیلے سر ایک عدد تخم شولنگی نگل کر ایک گولی پانی سے دیں اس روز جماع کریں۔ چالیس یوم تک استعمال جاری رکھیں۔ اس عرصہ میں حمل قرار پا جائے گا۔

بھگندر:۔ شیر برگد کا پھاہا بھگندر پر لگا اسرار عجائبات سے ہے۔

اکسیر زخم:۔ گہرے گہرے اور پرانے زخموں اور ناسور کو بھرنے کے لیے اچھی چیز ہے۔

اس سے زخم پر کبھی نہیں بیٹھتی۔ درد دانت۔ پائیوریا۔ چنبل جوئیں۔ بچوں کے سر کے زخم چرم روک وغیرہ کو مفید ہے۔ پکے تمباکو کو کچل کر رس نکالیں۔ اس کے ہموزن روغن کہنہ ڈال کر آگ پر رکھیں جل جائے تو محفوظ رکھیں اگر تمباکو کچا نہ ملے تو ایک حصہ خشک کڑوا تمباکو سولہ حصہ پانی میں رات کو بھگوئیں۔ صبح پکائیں دو حصہ پانی باقی رہنے پر مل کر چھان لیں۔

درد ال :- سو فی صدی مجرب نسخہ ہے کڑوے تونبے اور جو تونبہ جس سے فقیر پانی پیتے ہیں) کے تخم اگر سبز ہوں تو رگڑ کر پانی حاصل کریں۔ اگر خشک ہوں۔ تو کونڈے ڈنڈے سے تیل نکالیں اور مریض کے ناک میں ڈالیں درد کافور ہو گا۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ کڑوے تونبے کا گودا اگر خشک ہو تو ایک سیر اور تر ہو تو چار سیر لے کر ۵ سیر دودھ میں خوب جوش دیں جب ⅓ حصہ رہ جائے تو دہی جمائیں اور مکھن حاصل کریں اس کا گھی بنائیں درد کی جگہ مالش کریں اور نسوار دیں فوراً درد دور ہو گا۔

زہروں کا تریاق :- تمباکو کا نمک ایک رتی پانی گرم ایک تولہ میں حل کر کے انجکشن کریں یا پچھ لگا کر بھر دیں۔ سانپ کا زہر دور ہو گا۔ بچھو۔ بھڑ۔ مکھی وغیرہ کے لیے اس کا لیپ کریں۔

سفیدی چشم :- پوست آملہ ۶ ماشہ۔ نیم کوب کر کے پانی میں دس گھنٹہ بھگو لیں۔ اس کے بعد نچوڑ کر اس میں اور آملہ بھگوئیں۔ اسی طرح تین بار بھگو کر بعد پانی صاف کر کے آنکھوں میں ڈالیں۔

گوہانجنی :- تخم املی پانی میں گھس کر ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے گوہانجنی پر لگانے سے ایک ہی دن میں آرام ہو جاتا ہے اور پھر کبھی نہیں ہوتی۔

نخود تحفہ :- دمہ کو دور کرتا ہے۔ تھوک زیادہ آنا زکام۔ بول بستر۔ سرعت کے امراض کو مفید ہے۔ عرق دھتورہ میں چنے بھگوئیں۔ جب عرق جذب ہو کر خشک ہونے کے قریب ہو تو پونچھ کر سایہ میں خشک کر کے بھٹی میں بھنوا کر پانچ چھ دانے صبح و شام کھلائیں

محافظ حمل :- گرتے حمل کو روک دیتا ہے۔ برگ ببول ۲ تولہ کو نصف سیر پانی میں جوش دیں۔ نصف رہنے پر کپڑے سے چھان کر مصری ملا کر پلائیں۔ پہلی خوراک ہی فائدہ دیتی ہے۔

بچھو کا تریاق :- کٹھل بوٹی توڑ کر ہاتھ سے مسل کر کے کٹر دم گزیدہ جگہ پر مل دیجئے۔ دو منٹ میں آرام ہوگا۔

دیوان بوگھارام ٹانک

طلسم شفا :- دردِ سر کا فوری علاج ہے۔ دس منٹ میں درد دور ہوگا۔

پوٹاشیم برومائیڈ دس گرین۔ ایسپرین ۳ گرین دونوں ملا کر تازہ پانی سے استعمال کریں۔

مرہم شفا :- پیشانی پر ملتے ہی درد سر رفع ہو جاتا ہے۔ ست پودینہ ۵ گرین یوکلپٹس آئیل ایک ڈرام۔ ویزلین سادہ ایک اونس پہلی دو کو حل کر کے ویزلین شامل کر کے محفوظ رکھیں بوقت ضرورت پیشانی پر ملیں۔

درد دور :- چند منٹوں میں درد دور کرنے میں مفید ہے۔ کیفین سائٹراس ۳ گرین انٹی فیبرین ۲ گرین۔ سوڈا بائی کارب ۷ گرین ملا کر تازہ پانی سے دیں۔

حب قبض کشا :- سقمونیا ۲ تولہ سنڈھ۔ پیپل۔ مرچ سیاہ۔ تخم قلمی ہر ایک ۳ ماشہ۔ کھانڈ ۲ تولہ پانی کی مدد سے گولی بقدر نخود بنا کر سونے وقت دو گولی دودھ گرم سے دیں۔ اس سے بہتر عمدہ قبض کشا دوا ہمارے تجربہ میں نہیں آئی۔

دردِ شقیقہ :- افیون ۳ رتی زعفران ایک ماشہ گوند کیکر ۳ ماشہ۔ پانی میں گھس کر پیشانی پر لیپ کریں۔

نسوار شقیقہ :- پوست ریٹھہ۔ زعفران۔ کائپھل ہموزن باریک کر کے نسوار دیں۔

دیگر :- تخم سرس یا تخم کنڈیاری باریک کر کے نسوار دیں۔

دردِ شقیقہ :- کیفین سائٹراس ایک تولہ فناسٹین ۲ تولہ گیرو ۲ تولہ باریک کر کے رکھیں اس میں سے ۲ ماشہ سے لے کر ۶ ماشہ سفوف اسطخو دوس ملا کر تازہ پانی سے دن میں

دو بار دیں۔

ذرد ال :- یہ بھی شقیقہ کی ایک قسم ہے جس میں صرف آنکھ کے ڈیلے میں درد ہوتا ہے بعض اوقات آنکھ پھوٹ جاتی ہے۔ ورنہ موتیابند ہو کر بصارت زائل ہو جاتی ہے۔ اس اسراری چٹکلہ سے آنکھ پھوٹنے سے بچ جائے گی اور درد جاتا رہے گا۔ زنجبیل باریک کرکے آنکھ میں لگائیں اور قدرت کا تماشا دیکھیں۔

نسوارِ دردال :- پیپلی ۳ ماشہ نمک سُرخ ایک ماشہ باریک کرکے مخالف جانب نسوار دیں۔

دردال سے بصارت کم ہو چکی ہو :- جب کہ پتلی نہ پھوٹی ہو۔ ۱۲ یوم میں بغیر اپریشن ایسی نظر تیز ہوگی کہ بچپن میں بھی نہ ہوگی۔ قلمی شورہ ۳ تولہ کو پیتل کی تھالی میں جستی دستہ سے رس گھیکوار میں ۱۲ یوم گھوٹیں اور چٹکی سے آنکھ میں ڈالیں۔ اور خوراکی یہ دوا دیں مکھن گاؤ ۳ تولہ پر نصف سیر تازہ دودھ گائے ڈال کر جلدی سے پی لیں۔

اکسیر گوش :- کان کے زخم اور دیگر امراض میں مفید ہے۔ کالی زیری ایک تولہ روغن گاؤ ایک چھٹانک آگ پر رکھ کر جلائیں اور چھان کر استعمال کریں۔

دردِ کان :- روغن گاؤ ایک تولہ گرم کرکے کافور ۳ ماشہ باریک کرکے ڈال کر ڈھک دیں کافور حل ہوگا۔ اس میں ۳ رتی افیون ملا کر ایک دو نیم گرم قطرے ڈالیں۔ فوراً آرام ہوگا۔

اکسیر گوش :- کانوں کی خشکی۔ سائیں سائیں کی آوازیں، کم سنائی دینا۔ پرانے زخم، پیپ وغیرہ کو مفید ہے۔ برگ بھنگ ایک تولہ رسونت۔ افیون کافور ہر ایک ۶ ماشہ، آب مولی، آب پیاز۔ سرکہ انگوری ہر ایک ۳ تولہ دودھ عورت لڑکی والی ۸ تولہ کسی برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب چار پانچ جوش آ جائیں تو اتار لیں اور دو چار بوند کان میں ڈال دیں۔

نکسیر چشم :- ہمارے مطب کا خاص نسخہ ہے جس سے بے شمار مریض صحت یاب ہو چکے ہیں۔ سرمہ سفید ۲ تولہ پھٹکری سفید بریان ۳ ماشہ سمندر جھاگ۔ کشتہ حب ۔ت ۲ ماشہ

نیلا تھوتھا ایک ماشہ پپلی ۲ دانہ مرچ سفید ۲ دانہ تمام ادویہ کو اوّل عرق لیموں ۵ تولہ میں کھرل کرکے بعدہٗ تین چار روز عرق گلاب میں کھرل کرکے سوتے وقت لگائیں۔

دیگر: پھٹکری بریان کشتہ جست بازاری مصری کوزہ ہموزن سرمہ کی طرح کھرل کرکے صبح و شام لگائیں۔

پڑبال: پھٹکری سفید، شورہ۔ نوشادر ہر ایک ۵ تولہ الگ الگ ایک پاؤ پانی میں بھگو کر آٹھ پہر کے بعد منقطر لے کر کڑاہی میں ڈال کر خشک کریں زرد رنگ کی دوا ہوگی۔ بالوں کو موچنے سے اکھاڑ کر دن میں چند بار لگائیں۔

دھند۔ جالا۔ غبار چشم: پھٹکری بریان۔ سندھا نمک شیشہ ہموزن باریک کرکے لگائیں۔

دیگر: سنڈھ تازہ کوٹ کر کپڑے میں اس کا رس نچوڑیں ایک دو دن کے بعد نتار کر سرمچو سے لگائیں۔ خوب لگتا ہے۔ لیکن چند روز میں آنکھیں صاف ہو کر روشن ہو جاتی ہے۔

پھولا چشم: نمک لاہوری۔ پھٹکری سفید۔ نوشادر۔ شورہ۔ توتا سبز ہر ایک دس تولہ باریک کرکے کوری ہنڈیا میں آب برگ سرس کے ہمراہ بھر کر منہ بند کرکے رکھ چھوڑیں چند روز میں سفید جوہر ہانڈی سے پھوٹ کر باہر کی طرف نکلنا شروع ہوگا۔ اسے اتار کر سرمچو کے سرے کو لعاب سے تر کرکے بقدر ایک چاول لگا کر پھولا پر رکھیں اور آنکھ جھپکائیں پھولا خواہ کتنا ہی پرانا ہو۔ ایک دو ہفتہ میں کافور ہوگا۔

دیگر: ناخن ہاتھی آب سرس میں گھس کر سلائی سے آنکھ میں ایک ماہ لگائیں پھولا کٹ جائے گا۔

شبکوری: پوست ریٹھہ پانی میں گھس کر سلائی سے شام کو لگائیں۔ یا پیاز کا رس آنکھ میں ٹپکائیں۔

دیگر: نمک سنگ ۲ ماشہ ہلدی ایک ماشہ کھرل کرکے لگائیں بہت فائدہ ہوگا۔

مقوی بصر دافع موتیا:۔ موتیا بند کے علاوہ عینک کی عادت کو دور کرتا ہے۔

پارہ۔ سکہ۔ ایک ایک تولہ گرہ کرکے لوہے کے دستہ سے آگ پر رگڑیں کر خاک ہو پھر نکال کر عرق گلاب سے چند روز کھرل کریں۔ اس میں سرمہ قند صاری ۲ تولہ کافور بھیم سینی کل ادویہ کا دسواں حصہ ملا کر سرمہ بنائیں اور صبح و شام لگائیں

دیگر: موتیا۔ پھولا۔ جالا۔ دھند غبار ضعف بصارت کے لیے اکسیر ہے۔

بندوق کی چلی ہوئی گولی پیپل ہم وزن آب لیموں میں خوب کھرل کریں اور سرمہ بنالیں صبح و شام لگایا کریں۔

مقوی بصر:۔ سرمہ سیاہ ۲ تولہ سلفیٹ آف زنک ۳ رتی پیپرمنٹ ایک رتی۔ آب سونف سبز میں کھرل کرکے محفوظ رکھیں ایک ایک سلائی لگانے سے گرم گرم پانی نکلتا ہے اور اس کے بعد آنکھیں برف کی طرح ٹھنڈی ہو جاتی ہیں۔

ابتدائی موتیا:۔ آب گل نیم میں پرانی روئی تین بار تر و خشک کریں۔ پھر روغن سرشف میں تر کرکے بدستور کاجل بنائیں۔ مع خاکستر پیس کر صبح و شام لگائیں کرامات سے کم نہیں۔

اکسیر چشم مقوی بصر: سرمہ سیاہ مدبر، مروارید چار چار ماشہ زعفران۔ ممیراں چینی دو دو ماشہ بیدہ ادنی مشک ایک ایک ماشہ آب برگ سرس مروق ۵ تولہ عرق گلاب سہ آتشہ تولہ میں کھرل کرکے لگائیں۔

دہلی والوں کی چکنی دوا:۔ جالا۔ پھولا چٹا۔ دھند۔ غبار۔ ککروں کو مفید ہے۔

صابون دیسی ۳ تولہ باریک کتر کر آگ پر رکھیں جب پگھلنے لگے طوطیا ۱½ ماشہ سفوف کر کے ڈال دیں۔ جب رقیق ہونے لگے تو رال سیندا ماشہ شامل کرکے دستہ آہنی سے خوب گھوٹیں اور خشک ہونے پر اتارلیں اس میں سے قدرے پانی یا عرق گلاب میں حل کرکے سلائی سے لگائیں۔

نوٹ:۔ اگر اس میں ۱/۳ حصہ سفید و بزلین ملائی جائے تو آنکھوں کے لیے ست بڑا آئینٹمنٹ

تیار ہو جاتی ہے۔

میرہ کا قائم مقام :- گانٹھ ہلدی کو حنظل میں داخل کر کے سایہ میں خشک کر کے گانٹھ نکالیں۔ اسی طرح سات حنظل میں یہ عمل کریں۔ باریک کر کے سرمہ بنا کر استعمال کریں۔

نکسیر : پھٹکری باریک کر کے قدرے پانی میں حل کر کے دو قطرے ناک میں ٹپکائیں یاروئی کا پھاہا تر کر کے رکھیں۔ تخم ریحان ۶ ماشہ دودھ کی کچی لسی سے دن میں ۲ بار دیں۔

بواسیر الانف :- کالی زیری پانی میں گھوٹ کر چھان لیں اور دھوپ میں خشک کر کے باریک کر کے نسوار لیں۔

ناک سے کیڑے گرنا :- برگ نیاز بو کا پانی مریض کو چت لٹا کر ناک میں ڈالیں پھر الٹ کر گرادیں۔ تمام کیڑے مردہ ہو کر نکل جائیں گے۔ کیڑے خارج کرنے کے لیے کوئی نسوار لیں۔

چھینکیں بکثرت آنا :- ملٹھی۔ ریوند چینی ہر ایک ۹ ماشہ باریک کر کے جوشاندہ پوست خشخاش میں بقدر نخود گولیاں بنا کر صبح و شام پانی سے دیں۔

منہ کے چھالے :- کتھ سفید۔ شورہ قلمی۔ الائچی خورد۔ گل گلاب ہر ایک ۶ ماشہ کافور ایک طولیا ۲ رتی باریک کر کے چٹکی منہ میں رکھیں اور زبان کی نوک سے چھالوں پر لگائیں۔ کچھ دیر لعاب دہن منہ میں رکھیں پھر گرادیں تھوڑی دیر بعد کلی کریں۔

دانت کے کیڑے نکالنا : ایک مٹی کا لوٹا لے کر اس کے پہلو میں آدھ انچ سوراخ نکالیں اور ایک سوراخ نیچے پیندے میں بنائیں پھر کسی لوہے کے تھال میں پانی ڈال کر لوٹے کو اس میں اوندھا رکھیں۔ سناروں کی نال جس سے پھونک لگاتے ہیں۔ لوٹے کے پہلو والے سوراخ سے گذار کر باریک سرا اس دانت پر رکھیں جس کو کیڑا لگا ہو۔ چند سلگتے کوئلے پاس رکھیں یا انگارے رکھیں اور لوہے کی دو تین چپٹی سلاخیں آگ میں تپا کر اس پر ایک چٹکی پنیر ڈوڈا اور کلونجی ہموزن باریک کر کے ڈال کر پہلو والے سوراخ سے لوٹا میں ڈالیں اور دھواں نال کے ذریعہ دانت میں پہنچائیں۔ اس عمل سے تمام کیڑے دانتوں سے نکل کر نال کے

ذریعہ تھال والے پانی میں گرتے جائیں۔

اکسیر درد دانت :۔ مریض درد سے بے چین ہو۔ اس کا پھاہا لگاتے ہی درد کافور ہوگا۔ کریازوٹ۔ ٹنکچر اوپیم۔ ٹنکچر کیمفر۔ ٹنکچر کلوروفارم۔ ٹنکچر اکونائٹ ہموزن ملا کر روئی تر کر کے درد والے دانت پر لگا کر منہ ڈھیلا چھوڑ دیں یا داڑھ کے سوراخ میں رکھ دیں۔

پائیوریا :۔ پیپ۔ خون۔ منہ کی بدبو۔ ہلتے دانت کو مفید ہے۔ پھٹکری سفید ۲ تولہ گرم توا پر پگھلائیں اور اس پر طوطیا ایک ماشہ چھڑک دیں۔ جب کسی قدر نمی باقی رہے تو مصطگی ۳ ماشہ ڈال کر کسی سلاخ سے الٹتے پلٹتے رہیں حتیٰ کہ رطوبت خشک ہو جائے۔ سرد کر کے باریک کریں۔ انگلی سے مسوڑھوں پر مل کر رطوبت گرائیں پھر کلی کریں۔

دیگر :۔ کافور ۲ حصہ تیزاب کاربالک ایک حصہ شیشی میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں۔ کہ حل ہو جائے۔ پھاہا تر کر کے مسوڑھوں پر لگائیں۔ متواتر استعمال سے نیا گوشت پیدا ہو کر دانتوں کی جڑیں اپنی جگہ پر مضبوطی سے قائم ہو جائیں گی۔

روزانہ استعمال کا منجن :۔ میلے دانت صاف ہو کر موتیوں کی مانند چمکنے لگتے ہیں۔ نیز دانت جملہ امراض سے محفوظ رہتے ہیں۔ چاک پاؤڈر ۲ تولہ سوڈا بائی کارب۔ صدف دریائی سوختہ۔ سمندر جھاگ۔ چھلکا بادام سوختہ ایک ایک تولہ سپاری۔ پھٹکری سوختہ ہر ایک ۶ ماشہ مرچ سیاہ۔ کافور ہر ایک ۳ ماشہ یوکلپٹس آئیل۔ ۳۰ قطرہ ست پودینہ ایک رتی، باریک کر کے روزانہ دانتوں پر انگلی سے ملیں پھر برش سے صاف کریں۔

بچھو کاٹا :۔ سرخ مرچ اور نمک پانی میں گھس کر لیپ کر دیں اور چمٹا سے انگارہ پکڑ کر سینک دیں۔ لیپ خشک بھی نہ ہوگا کہ درد جاتا رہے گا۔

دیگر :۔ نمک لاہوری ایک تولہ پانی ۵ تولہ میں حل کر کے سلائی سے آنکھوں میں لگائیں جتنا زہر چڑھا ہوگا۔ فوراً اترنا شروع ہوگا اور چند منٹ میں آرام ہوگا۔ بارہا کا تجربہ ہے۔ کبھی خطا نہیں گیا۔

اسی طرح پھٹکری سفید بریاں دو رتی ۲ ماشہ پانی میں حل کرکے آنکھوں پر لگائیں۔

دیگر پھٹکری سفید دو سیر نوشادر ٹھیکری ۵ تولہ طوطیا ½ پاؤ پانی ۵ تولہ مٹی کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں تین گھنٹہ میں جب پگھل کر یک جان ہو جائے تو ہاتھوں کو سرسوں کا تیل لگا کر ٹکیاں بنائیں اور پانی سے تر کرکے ڈنگ پر رکھیں فوراً زہر دور ہوگا۔

دیگر:۔ سوڈیم ہیپوسلفیٹ باریک کرکے مقام ڈنگ پر قدرے رکھ کر ایک بوند پانی ڈالیں فوراً زہر دور ہوگا۔ ہزاروں دفعہ کا مجرب ہے۔ فوراً ٹھنڈک پڑ جائے گی۔

دیگر: ہلدی اور پھٹکری ہموزن ملا کر گرم کریں اور بچھو کے کاٹے پر گرم گرم لگائیں فوراً زہر دور ہوگا۔ ہزار ہا بار کا آزمودہ ہے۔

دیگر: ایک شیشی میں پوٹاشیم پرمینگنیٹ اور دوسری میں ٹارٹرک ایسڈ رکھیں۔ وقت ضرورت ہر دو شیشیوں میں سے ہموزن دوا لے کر مقام ڈنگ پر رکھ کر ایک بوند پانی ڈالیں فوراً آرام ہوگا۔

کانوں کی پیپ: گل کیکر ایک تولہ روغن کنجد ۲ تولہ دونوں کو آگ پر رکھ کر جوش دیں کہ پھول جل کر سیاہ ہو جائیں۔ اتار کر تیل چھان کر کان میں ڈالیں۔

چیچک کا چھولا:۔ آم توڑتے وقت جو رس نکلے سلائی سے چھولا پر لگائیں۔

کھانسی زکام گلے کی خراش: برگ آم سایہ میں خشک کرکے بطور چائے تیار کرکے دودھ ملا کر پلائیں ہچکی بھی دور ہوگی۔

لذت النساء:۔ گوند کیکر ۲ ماشہ مازو ایک عدد باریک کرکے لعاب دہن میں حل کرکے عضو پر لگائیں۔ جب خشک ہو تو جماع کریں۔ خوب لطف آئے گا۔

ڈاکٹر جے ایس مہتہ گوجر خاں

حب قبض کشا:۔ سقمونیا۔ مغز بادام۔ برگ سنا۔ گلقند۔ ہموزن کوٹ کر گولی بقدر نخود بنا کر دو گولی رات کو سوتے وقت دودھ سے دیں۔

محلول سم الفار:۔ اندرونی و بیرونی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ مقوی و محرک باہ مقوی

معدہ بمصفی خون مخرج و قاطع بلغم۔ جرم کش۔ ہاضم شیر و شتہی ہے۔ آتشک جذام۔ خنازیر لقوہ فالج۔ نمونیہ کھانسی یا کہنہ کے لیے مفید ہے۔ سم الفار باریک ایک تولہ گلیسرین ۱۰ تولہ میں امتحانی نلکی میں ڈال کر ہلکی آگ پر رکھیں جب جوش آنے کے قریب ہو تو اتار لیں اور ذرا سرد ہونے پر پھر آگ پر رکھیں۔ اس طرح چند بار میں سم الفار حل ہوگا۔ مضبوط کارک کی شیشی میں رکھیں۔ رنگین کرنے کے لیے زعفران ملائیں۔

بیرونی طور پر کسی روغن میں حل کر کے کمزوری اعصاب و دردوں کے لیے مالش کریں۔ ضعف باہ کے لیے ایک تولہ سلاجیت وجاوتری دو دو رتی میں ملا کر بوقت شب دودھ گرم سے دیں۔ حیرت انگیز اثر دکھائے گی۔ دمہ و کھانسی میں صبح و شام شہد دو تولہ ملا کر چٹائیں۔

اکسیر عشر :- مخرج بلغم و معرق ہے۔ قابل قدر نسخہ ہے۔ خاکستر جنگلی اوپلہ کو شیر مدار میں اچھی طرح بھگو کر سایہ میں خشک کریں۔ کھانسی دمہ میں شہد ملا کر چٹائیں نمونیہ میں جوشاندہ ملٹھی و سونف سے دیں۔ ملیریا بخار میں گرم چائے یا آب گرم سے دیں پسینہ آ کر بخار اتر جاتا ہے۔ درد سر وغیرہ میں بطور نسوار دیں۔

اکسیر کافوری :- شیشہ نمک کافور، نوشادر ہم وزن باریک کریں بطور نسوار دردسر زکام شقیقہ کو دور کرتا ہے بطور منجن درد دنداں بدبو دہن کو مفید ہے۔ ملیریا بخاروں میں بخار سے پیشتر ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے دیں۔ نفخ شکم میں عرق پودینہ سے دیں۔

تحفہ چرم :- پرانا بوسیدہ جوتا کا تلہ جلا کر ایک ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔ ہر قسم کے اندرونی و بیرونی جریان خون نکسیر۔ بواسیر کثرت طمث سے الدم کو مفید ہے۔ زخم جراحت پر ڈالنے سے خون رک جائے گا۔ بطور نسوار کرم دماغ کو خارج کرتی ہے۔ مرگی کے مریض کو بوقت دورہ سنگھانا فوراً ہوش میں لاتا ہے۔

تسہیل ولادت :- پشاوری تمباکو کی نسوار دیں۔ چھینک آنے پر فوراً بچہ پیدا ہوگا۔

ہچکی :- چلم میں چند دانے ماش ڈال کر کش لگائیں۔ فوراً آرام ہوگا۔

بول الدم :۔ گل صدبرگ ۲ ماشہ مغز بادام ۴ عدد گھوٹ کر پلائیں۔ اور ایک ماشہ چاکسو ہمراہ پھانکیں۔ ایک دوبار میں فائدہ ہوگا ۔

مقوی باہ مقوی جسم انڈا :۔ کوکن کھانی چٹنی بنانے کے کام آتی ہے ۔ دس تولہ لے کر نصف سیر پانی میں تین چار انڈے ڈال کر چند منٹ جوش دیں۔ اور سوئی چبھو کر دیکھیں اگر سوئی اندر چلی جائے تو تیار ہے ہر ایک انڈے کے چار چار ٹکڑے کرکے شہد میں ڈال کر محفوظ رکھیں تین دن کے بعد ایک ٹکڑا روزانہ نہار منہ استعمال کریں ۔

صوفی رام روپ ورمن مہم

یرقان کا چھ گھنٹے میں علاج : نہایت زود اثر اور بے خطا ہے ۔

خورد کڑوی توری کا پانی دو تین قطرے ناک میں چڑھائیں اندر جانے کی دیر ہوگی ناک کا پانی جو یرقان کا گندہ زہر ہے خارج ہونا شروع ہوگا اور سیروں کی مقدار میں خارج ہوگا اگر زیادہ خراب ہو تو بعد میں گائے کے گھی کی نسوار لیں۔ اگر کڑوی توری نہ ملے تو خشک چھلکا لے کر پانی میں بھگو کر زلال لے کر کام میں لائیں۔ نازک مزاج کے استعمال کے قابل نہیں۔

نسوار بخار :۔ صرف نسوار سونگھنے سے تیز سے تیز بخار اتر جاتا ہے ۔

ہینگ ۔ گمہ ۔ بیج ۔ دار ہلدی ۔ سرسوں سفید ۔ پوست آملہ ۔ آب لسن ہموزن بکری کے پیشاب میں تین چار روز کھرل کرکے خشک کرکے رکھیں اور نسوار دیں فوراً بخار اتر جائیگا۔

عضب کا مقوی باہ نسخہ :۔ چھال سنبل کو سنبل کے ہی رس میں دو روز کھرل اور خشک کرکے محفوظ رکھیں اور ایک ماشہ ہر روز دودھ کے ساتھ دیں۔ سرعت انزال کے لیے تجربہ کی چیز ہے۔ کئی کئی بیویوں کو خوش کرنے کی طاقت پیدا کرتی ہے۔ بڈھوں کو جوانی انگیں بخشتی ہے ۔

اکسیر جریان واحتلام وغیرہ : علی الصبح بتاشہ میں ایک قطرہ شیر برگد ڈال کر کھالیں۔ دوسرے دن دو قطرے اسی طرح پندرہ روز تک قطرہ قطرہ روز بڑھا کر استعمال کریں۔ اس کے بعد ایک ایک قطرہ روز کم کرکے ایک قطرہ پر آجائیں۔ بعد غذا صبح شام لودآسو

پا اونس سے ایک اونس تک استعمال کریں اور سونے وقت رات کو کھیر استعمال کریں۔ تمام نقائص دور ہوکر قدرتی طاقت ہوگی۔

طریقہ لوہ آسو :۔ برادہ آہن۔ فلفل دراز۔ فلفل سیاہ۔ سونٹھ۔ ترپھلہ۔ اجوائن۔ ناگر موتھہ۔ بائوبڑنگ۔ پوست بیخ چیتا۔ ہر ایک ۳ تولہ ۴ ماشہ کوٹ کر مٹکہ میں ہمراہ ۳۳ تولہ ۴ ماشہ شہد، گڑ ۵ سیر پانی ایک من پختہ ڈال کر بند کر کے توڑی یا روڑی کے ڈھیر میں دفن کریں۔ ایک ماہ بعد نکال کر شیشیوں میں بھر کر محفوظ رکھیں۔

طریقہ کھیر :۔ موصلی سفید، آرد سنگھاڑا۔ تخم املی ہموزن سفوف بناکر ۹ ماشہ لے کر تین پاؤ دودھ میں ملا کر جوش دیں۔ جب کھیر بن جائے تو حسب ذائقہ کھانڈ ملا کر کھائیں۔ اسی نسخہ کے ۴۰ یوم کے استعمال سے تاحیات کمزوری نہ ہوگی۔ منی کے تمام امراض کا واحد اور مسلم علاج ہے۔

برص :۔ دن میں پانچ چھ بار بھبوا کے پتوں کو برص کے داغوں پر ملیں۔ اور اسی بوٹی کی خالص بھجیا دونوں وقت مرچ سیاہ اور سینڈھا نمک ملا کر کھائیں۔ دو ماہ بعد لگاتار استعمال سے برص دور ہوگی۔

حکیم منشی دیوی دیال کنجاہ

کشتہ سنکھیا :۔ عطیہ درویش ہے آتشک۔ سوزاک۔ کمزوری جسمانی۔ نامردی کھانسی سوزش۔ وغیرہ امراض کو مفید ہے۔ سم الفار کی ڈلی کو بغیر داڑھی والے لونڈے کے دودھ میں چند بار ڈبو کر خشک کریں کہ جو برابر دو چند ڈلی پر چڑھ جائے۔ لوہے کی کڑاہی میں ایک سوت برابر راکھ ریش برگد بچھا کر ڈلی رکھ دیں اور راکھ ڈال کر چھپا دیں۔ اور چولہا پر رکھ کر ۳ سیر آگ جلائیں۔ اگر کسی جگہ سے دھواں نکلے تو اسی راکھ سے بند کر دیں۔ سرد کر کے نکالیں۔ اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہوگا۔ خوراک نصف تا ایک برنج ہمراہ مسکہ دیں۔

بڑھاپے میں جوانی کی بہار : طاقت مردمی کے واسطے جو فائدہ میں نے اسی نسخہ میں دیکھا ہے وہ فی الواقع جادو ہے۔ جن مریضوں نے اپنی طاقت غلط کاریوں میں کھودی

ہو۔ ان کے لیے مفید ہے۔ بلکہ بوڑھے استعمال کر کے عہد شباب کی بہار دیکھیں گے۔ کچلہ مدبر اس طرح کریں۔ کچلہ ایک ہفتہ دودھ تازہ میں بھگوئیں ہر شب دودھ بدل دیں ایک ہفتہ کے بعد چھلکا دور کر کے گرم پانی سے دھو کر پتہ دور کریں اور پوٹلی بنا کر دودھ میں لٹکا کر پکائیں جب دودھ خشک ہو جائے تو نکال کر گرم پانی سے دھو کر ہاون دستہ میں خوب باریک کر کے خشک کر لیں۔ فلفل سیاہ فلفل سفید۔ دارچینی۔ لب باسہ۔ عود قمار۔ مصطگی۔ عود نبسان۔ سعد۔ کوفی۔ سنبل الطیب۔ قاقلہ۔ نانخواہ۔ رازیانہ۔ سیاہ دانہ صندل سفید۔ زعفران۔ دار فلفل۔ قرنفل ہموزن لے کر سفوف بنا دیں۔ ان کے ہموزن سفوف کچلہ ملا کر اور دونوں کے سہ چند شہد ملا کر دو سے چار ماشہ سوتے وقت دودھ سے دیں اور ۴۰ روز استعمال کریں۔

بواسیر خونی و بادی :۔ بارہا کا مجرب ہے چند روز میں مطلق آرام ہوگا۔

پوست ناریل کے اوپر کے بال جلائے ہوئے ۵ تولہ رسونت۔ ہلیلہ سیاہ تخم بکائن تخم بھوگاٹ۔ الائچی ہر ایک ۲ تولہ برادہ صندل سفید ایک تولہ عرق گلاب میں کھرل کر کے گولی بقدر کوکن بیر بنا کر صبح و شام شیر گاؤ یا مکھن سے دیں۔ غذا مرغن دیں۔

آتشک :۔ رسکپور ایک تولہ سیاہ مرچ۔ برگ تلسی ہر ایک ۲ تولہ ہفتہ کامل آدھ آدھ پاؤ دودھ بکری ڈال کر کھرل کرتے رہیں ایک ہفتہ کے بعد گولی بقدر نخود بنائیں۔ ایک پاؤ بھر گوشت میں ایک چھٹانک گھی ڈال کر پکائیں اس میں ایک گولی پیس کر ڈالیں۔ جب گوشت پک جائے تو روٹی سے کھائیں۔

مرہم آتشک :۔ آتشک کے زخموں پر لگانے سے فوراً آرام ہوگا۔

رال۔ مردار سنگ۔ سفیدہ۔ سندھور۔ کتھ سفید ہر ایک ایک تولہ طوطیا ۳ ماشہ حسب ضرورت مکھن ملا کر کھرل کریں اور لگائیں۔

مقوی باہ :۔ لاثانی نسخہ ہے۔ ناقابل برداشت طاقت پیدا ہوگی۔

روغن سم الفار۔ شنگرف مدبر ایک ایک تولہ مشک ۴ ماشہ۔ عنبر ۳ ماشہ زعفران

۱۰ماشہ ورق طلا ۳ ماشہ نصف بوتل شراب برانڈی میں ایک ہفتہ کھرل کریں اور ایک رتی کی گولیاں بنائیں صبح دودھ سے اور رات کو سوتے وقت دیں۔

طریقہ روغن سم الفار : ایک تولہ سنکھیا سفید خوب باریک کر کے ایک سیر شیر بھینس میں جوش دیں اور ضامن لگا کر دہی اور بلو کر مکھن اور گرم کر کے گھی حاصل کریں۔

طریقہ شنگرف مدبر : شنگرف پوٹلی بنا کر حلوائی کو دیں کہ وہ دودھ کی کڑاہی میں رکھے ایک ہفتہ میں شنگرف مدبر ہوگا۔

نادر طلا :- تیل مالکنگنی خالص ۵ تولہ روغن سنکھیا۔ بیر بہوٹی۔ فرفیون۔ شیر مدار۔ ایک ایک تولہ جند بید ستر ۶ ماشہ جملہ اشیا خوب کھرل کر کے آہستہ آہستہ مالش کریں اور اوپر برگ پان باندھیں۔

کھانسی :- کھانسی کے لیے اعلیٰ درجہ کا مجرب نسخہ ہے۔ ہاضمہ کو بھی طاقت دیتا ہے برگ مدار برنگ زرد ۲ تولہ مرچ سیاہ۔ نمک سانبھر ہر ایک ۵ تولہ خوب باریک کر کے گولی بقدر نخود بنا کر صبح و شام دو گولی تازہ پانی سے دیں۔

عظم طحال :- تلی اور ہاضمہ کے لیے مجرب ہے۔ قرنفل۔ گل مدار دس تولہ نمک سانبھر ۲ تولہ اجوائن دیسی ۲ تولہ سنڈھ۔ مرچ سیاہ۔ فلفل دراز۔ نوشادر ایک ایک تولہ باریک کر کے گولی بقدر نخود بنا کر دن میں تین بار سرکہ جامن سے دیں۔

نزلہ کا فوری علاج :- سردی کے موسم میں جب نزلہ دو روز بہہ چکا ہو تو یہ گولیاں استعمال کریں پوست بیخ مدار۔ افیون۔ مرچ سیاہ یکساں ہموزن گولی بقدر ایک رتی بنا کر ہمراہ چائے یا پانی گرم دیں۔

تریاق مار گزیدہ :- آک کی نرم پتیاں سانپ کاٹے کو کھلائیں۔ تا وقتیکہ پتیاں کڑوی محسوس نہ ہوں۔ کھلاتے رہیں سانپ کا زہر دور ہوگا۔

دمہ :- مجرب المجرب نسخہ ہے۔ اجوائن دیسی۔ لونگ۔ نمک سیاہ ایک ایک تولہ جو کوب کر کے پیالہ چینی میں شیر مدار میں تر کریں اور خشک ہونے پر ایک انار شیریں وزنی نصف

سیر میں شگاف دے کر اس میں داخل کریں اور برتن مٹی میں بند کر کے گل حکمت کرکے ۵ اپلے آگ دیں۔ اتار باریک کر کے بعد غذا دونوں وقت ایک ماشہ کھانڈ میں ملا کر دیں۔

کشتہ مس :- کمزوری، نامردی بڑھاپے کے عوارض وغیرہ سب دور ہوں گے مس مصفیٰ ۵ تولہ پترے باریک کر کے سات بار بول گاؤ اور دہی میں بجھاؤ دیں۔ ایک ہنڈیہ میں برگ املی کے تہ بہ تہ پترے دے کر ہنڈیہ پانی سے بھر کر ۱۲ پہر آگ پر پکائیں۔ ہنڈیہ بڑی ہونی چاہیئے۔ پھر نکال کر تانبہ کا برادہ کر کے لوہے کی کڑاہی میں پتھر کے بٹے سے آب لیموں میں ایک پہر کھرل کریں۔ پھر پارہ ۵ تولہ آب لیموں سے کھرل کر کے اس میں ملائیں اور کھرل کر کے گولی بنائیں۔ گندھک آملہ سار ۲ تولہ آب لیموں میں دو پہر کھرل کر کے گولی پر یکساں لیپ کریں پھر اس کو سات بار کپڑوٹی آب لیموں میں اور مٹی میں تر کر کے کریں پانی کا استعمال نہ کریں۔ ہنڈیہ میں ریت کے درمیان رکھ کر منہ بند کر کے ہنڈیہ کو دو تین کپڑوٹی آب لیموں اور مٹی میں تر کر کے کریں اور خشک کر کے ۴ پہر پہلے نرم پھر تیز آگ جلائیں کشتہ ہوگا۔ ایک چاول سے ایک رتی پان میں دیں۔ کھانسی۔ دمہ کے لیے مویز منقہ میں تپ دق والے کو بالائی سے چالیس یوم میں بوڑھا جوان ہو جائے گا۔

طلا :- روغن سم الفار۔ جند بیدستر۔ کچلہ ہر ایک ۴ ماشہ روغن دار چینی۔ روغن سانپ ہر ایک ۲ ماشہ روغن مالکنگنی۔ روغن لونگ۔ بیر بہوٹی ایک ایک تولہ کھرل کر کے یک جان کر کے عضو پر لگا کر برگ پان باندھیں۔

سنیاسی ٹوٹکہ جریان احتلام۔ سرعت دور ہو کر زبردست طاقت پیدا ہوگی۔
درخت برگد کی سرخ سرخ پتیاں تازہ ۵ تولہ کونڈہ ڈنڈا میں خوب گھوٹ کر دودھ ۱/۲ سیر ملا کر آگ پر پکائیں اور ہلاتے رہیں کہ بالائی نہ آنے پائے باریک چھلنی سے چھان کر شہد ۱/۲ ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔

ڈاکٹر گوردیال سنگھ کوٹ فتوحی

اکسیر چنبل: ۔ پوست درخت پیپل جو خود بخود اکھڑ ہوں۔ ایک سیر کے درمیان طوطیا ۲ تولہ رکھ کر بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں اور چنبل پہ لگائیں دو تین بار لگانے سے جادو اثر ہوگا۔

سرخی چشم اطفال: ۔ برگ گھیکوار ایک طرف سے چھیل کر اور گودہ پر پھٹکڑی کا سفوف دھوڑ کر نیم گرم پاؤں کے تلوں پہ باندھیں۔ پندرہ بیس منٹ میں بچہ سو جائے گا اور جاگنے پر سرخی وغیرہ دور ہوگی۔

قے صفرا کمزوری دل: ۔ پیپل کی خشک چھال بقدر ایک پاؤ جلا کر کوئلہ ہونے پر ایک سیر پانی میں بجھائیں۔ سرد ہونے پر کوئلے نکال کر پھینک دیں۔ اور پانی کو چھان کر ایک اونس پلائیں۔ قے فوراً بند ہوگی۔ ضعف قلب کا مریض کیسا ہی نڈھال کیوں نہ ہو۔ دو گھنٹہ کے وقفہ سے ½ پاؤ پلائیں۔ دو تین خوراک سے ہی طاقت عود کر آئے گی۔ صفراوی بخار میں بھی مفید ہے۔

ملیریا: ۔ تخم ستیاناسی ۴ ماشہ ہمراہ آب گرم پھنکانے سے ملیریا بخار پسینہ آکر اتر جائے گا۔ دو تین گھنٹہ بعد کھل کر پاخانہ آئے گا۔

چھپاکی: تخم ستیاناسی ۴ ماشہ ایک پاؤ میں پانی میں سردائی کی طرح گھوٹ کر تین چار بار کپڑے سے پن کر بغیر نمک و میٹھا کے پلائیں۔ پیتے ہی خارش بند ہوگی۔ ایک ہی خوراک کافی ہے۔

مروڑ: جب درد اٹھ کر بار بار پاخانہ کی حاجت ہوتی ہو، مایوسی کی حالت میں تو اس کے استعمال سے جادو کا سا اثر ہوگا۔ پودینہ سبز ایک تولہ برگ شیشم ۶ ماشہ سردائی کی طرح گھوٹ کر پن کر پلائیں۔ اگر پودینہ سبز نہ ملے تو خشک ۶ ماشہ ایک یوم صبح و شام پلانے سے فوراً آرام ہوگا۔

درد گولا شکم: ۔ برگ آم خشک ۵ ماشہ کوری چلم میں رکھ کر کش لگائیں۔ پہلے ہی کش

سے درد سے لاچار مریض کی بے تابی دُور ہوگی۔ دن میں دو تین بار کرنے سے مکمل صحت ہوگی۔ بے خطا نسخہ ہے۔

باری کا بخار:۔ بخار چڑھنے سے پیشتر پیپل کے درخت کے سایہ میں بیٹھ کر شاخ پیپل کی مسواک کریں۔ جب وقت ٹل جائے تو ختم کریں۔

امساک:۔ پیپل کی چھال پتھر پر گھس کر عضو پر لیپ کر دیں۔ خشک ہونے پر گرم پانی سے دھو کر مشغول ہوں۔ بے خود کر دینے والا حیرت انگیز امساک کا لطف حاصل ہوگا۔

چمرس:۔ نئے جوتا پہننے کے زخم کو درست کرتا ہے۔ سُرخ مرچ لعاب دہن میں گھس کر زخم پر لگائیں فوراً ٹھنڈک پڑے گی۔ ایک دو دفعہ لگانے سے بگڑا ہوا زخم بھی درست ہوگا۔ مگر پھر زخم گیلا ہو اور نہ ہی مرہم کو پانی لگے۔ ورنہ سخت تکلیف ہوگی۔

سرمہ سبز:۔ بغیر اپریشن موتیابند کا لاثانی علاج ہے۔ موتیا اترنے سے رک جائے گا اور جس قدر اتر چکا ہو وہ صاف ہو جائے گا۔ آنکھوں سے پانی بہے۔ ککرے۔ رو ہے۔ سلاق۔ ضعف بصارت کو مفید ہے۔

بکائن کی سبز کونپلوں کا پانی کپڑے سے چھان کر کھرل کریں تاکہ متواتر کھرل سے خشک ہو جائے۔ پھر کپڑے سے چھان کر دو روز خوب کھرل کریں۔ صبح اور سوتے وقت سلائی سے لگائیں۔

باؤ گولہ۔ دردِ شکم:۔ برگ آم خشک باریک کر کے چلم میں۔ بجائے تمباکو ڈال کر سوٹا لگائیں۔ فوراً آرام ہوگا۔

پنڈت سنت رام داس جھڈو گودام

اکسیر سُرخ نمبر ۱:۔ کھانسی و دمہ کو مفید ہے۔ ہیرا کسیس ۲ تولہ، سونا گیرو ایک تولہ کھرل کر کے ۳ رتی تا ایک ماشہ صبح دوپہر شام ہمراہ پانی دیں۔ کھانسی جس میں بلغم تکلیف سے آتا ہو اور گاج جیسا آتا ہو۔ کچا بلغم ہو۔ اس کے لیے مفید ہے۔

اکسیر سُرخ نمبر ۲:۔ ملیریا بخار کو خصوصیت سے مفید ہے۔ حابس الدم ہر قسم ہے پھٹکری

شگفت ۴ حصہ گیرو ۵ حصہ باریک کرکے ایک ماشہ تا تین ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

اکسیر سُرخ نمبر ۳ :- ہیضہ کو خصوصیت سے مفید ہے۔ سونا گیرو ایک تولہ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ طباشیر ۳ ماشہ باریک کرکے ہمراہ پانی دن میں دو بار یہ ایک خوراک ہے۔

درد گردہ :- کسٹرآئیل ۵ تولہ شہد ۲ تولہ عرق گلاب ۲ تولہ ملاکر پلائیں۔ دو چار دست آکر درد رفع ہوگا اگر ہر ماہ دو چار بار استعمال کریں تو درد گردہ سے ہمیشہ کے لیے نجات ہوگی۔

حکیم ہری رام لدھیانہ

سوزاک کا نہایت عمدہ نسخہ : ہم نے پچاس ساٹھ مریضوں پر آزمایا جن کو دو تین خوراک سے ہی فائدہ ہوگیا۔ دس پندرہ سال کے قرحہ کو جڑ سے اکھاڑ دیتا ہے صرف سات خوراک کافی پڑتی ہیں تخم بکائن بمعہ گٹھلی سایہ میں خشک کرکے باریک کرکے ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ شام۔ ہمراہ دودھ بکری یا گائے دیں۔ گوشت میں مرچ مصالحہ خوب ڈال کر کھائیں۔

کشوری لال رام پوری بہرام پور

بہترین مقوی باہ نسخہ :- ایک عیاش کے سینہ کا راز جسے اس کے لڑکے کے ذریعہ حاصل کیا گیا۔ نامردی سستی، آتشک، سوزاک، درد جوڑ کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ جتنا پرانا ہوگا اتنا ہی اچھا ہوگا سریع الاثر، مقوی اور مفرح بھی ہے۔ سات روز کے استعمال سے چہرہ انار کی طرح سُرخ ہوگا۔ بدن چالاک اور ہوشیار ہو جاتا ہے۔ پہلی خوراک ہی اپنا اثر دکھائے گی۔

ایک ہنڈیہ میں ایک سیر دودھ ڈال کر سم الفار ایک ڈلی ۲ تولہ ڈال دیں۔ برتن پر ڈھکنا دے کر منہ بند کردیں ایک گڑھا میں ۵ سیر اوپلے ارد گرد چن دیں۔ دو ڈھائی گھنٹہ میں سرد ہونے پر نکال کر دوبارہ ایک سیر دودھ ڈال کر یہی عمل کریں۔ اسی طرح سات بار کریں ایک چوزہ نر میں ایک پاؤ مکھن کے درمیان رکھ کر کپڑا سے باندھ کر ہنڈیہ میں بند کرکے بدستور ۵ سیر اوپلوں میں رکھیں اور سات بار یہ عمل کریں۔

اسی طرح ایک بوتل شراب سے سات حصہ کر کے دو دو سیر کی سات آنچیں دیں۔ خشک ہو جائے تو سات پاؤ پانی میں جوش دے کر نغدہ بنا کر درمیان سم الفار رکھ کر بدستور ۱۰ سیر آگ دیں۔ ایک سیر ڈنڈا تھوہر کے نغدہ میں رکھ کر ۲۵ سیر آگ دیں۔

آب تھوم ایک پاؤ ہنڈیہ میں بمعہ سم الفار ڈال کر ۱۰ سیر اوپلوں میں آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں۔ تھوڑی دیر باہر پڑی رہنے سے شگفتہ ہو جائے گی۔ اکسیر تیار ہے۔ ۱ تا ۲ رتی مکھن سے صبح دیں۔

حکیم کے سی شاہ کوٹ

تپ تجاری: یہ بخار کا سو فیصدی مجرب نسخہ ہے۔ نہایت کارآمد مجرب بے خطا ہے ریش پیپل نرم تر یا خشک ۶ ماشہ سے ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ۲۰ عدد پانی میں گھوٹ کر کھانڈ ملا کر باری سے تین گھنٹہ پیشتر پلائیں۔ صرف ایک خوراک سے ہمیشہ کے لیے بخار دور ہوگا۔

زید بشمبر داس

سنگ مثانہ وگردہ: کلتھی ۲ تولہ سیندھا نمک سرپھوکہ سفید ایک ایک ماشہ کوٹ کر کے پانی چھ چھٹانک میں جوش دے کر نصف رہنے پر دن میں تین بار استعمال کریں۔

حکیم تیج بھان رشی ڈیڈھالال

شربت فولاد: یہ ایک نہایت بیش قیمت تجارتی راز کا انکشاف ہے۔ خون کو صاف کرتا ہے اور شدھ خون پیدا کرتا ہے۔ ضعف جگر و ضعف دماغ و معدہ کے لیے اکسیر ہے۔ خونی پیچش۔ بواسیر۔ جریان کمی خون کے لیے نہایت ہی لاثانی چیز ہے۔

آب ثمر جامن یا آب چھال جامن ۲ سیر ایک مستعمل مٹکہ میں ڈال کر برادہ فولاد باریک ۱ زرچھلہ۔ الائچی خورد۔ تر کٹہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید ہر ایک ۵ تولہ۔ کاسنی ۲۰ تولہ ہر ہی بوٹی ۱۵ تولہ پوست درخت پیپل ۱۰ تولہ۔ پانی دس سیر ملا کر ایک ماہ منہ بند کر کے رکھ چھوڑیں۔ اس کے بعد ۱۰ بوتل عرق کشید کریں۔ ایک بوتل عرق میں کھانڈ ۱½ سیر ملا کر آگ پر شربت

بنائیں۔ قوام ہونے پر روز کلر ملا کر ایسڈ سلی سیلک ۵ گرین گرم گرم شربت میں ملائیں تاکہ شربت دیر پا رہے اور خراب نہ ہو۔ بعد میں ایک دتی ٹاٹری ملائیں تاکہ شربت جمنے نہ پائے جب بالکل سرد ہو جائے تو ایسنس روز یا آرنج ۶ ماشہ لائیکوار آرسینی کیکس ۲ گرام یعنی ۱۵۰ بوند ملائیں ادرا۔ تولہ بعد غذا عرق سولف یا پانی ملا کر دیں۔

لالہ کشن چند سوم دت سمادھ بھائی

۱۔ **مقوی باہ:** ایک نہایت لاجواب نسخہ ہے۔ مغز تخم ریٹھہ کا پتہ سبز دور کر کے باریک کرکے ۲ ماشہ میں ۳ ماشہ شکر ملا کر صبح و شام پانی سے دیں۔ ایک دو ہفتہ میں خاطر خواہ فائدہ ہو گا۔

۲۔ **ملیریا کا مجرب نسخہ:** مغز کرنجوہ۔ مرچ سیاہ۔ زیرہ سیاہ ہر ایک ۲ تولہ۔ برگ کیکر خشک۔ پھٹکری شگفتہ در شیر مدار۔ کونین ہاورڈ ایک ایک تولہ۔ باریک کرکے گولی بقدر نخود بنا کر دودھ وغیرہ سے دیں۔

حیض بند:۔ جھڑبیری کے بیر خشک ایک تولہ میں گھی ایک تولہ۔ کھانڈ ۲ ماشہ شامل کر کے آگ پر گرم کرکے چاشنی بنا کر پلائیں ایک دو خوراکوں سے حیض بند ہو گا۔

وید چھجو مل اگروال

بچھو کاٹا:۔ جب بھی بچھو ملے۔ اسے مار کر سپرٹ میتھیلیٹڈ میں ڈال دیں اور جب بھی کسی کو بچھو کاٹ لے تو اسے لگائیں فوراً آرام ہو گا۔

لاجواب آئی لوشن:۔ موتیا بند کے سوا تمام امراض چشم کو اکسیر ہے۔ ککرہ۔ دھند۔ جالا۔ خارش۔ غبار زخم وغیرہ کو فائدہ ہو گا۔ گلیسرین ایک اونس ملوٹیا باریک ۲ رتی سلفیورک ایسڈ ڈائیلوٹ ۳ قطرے ملا کر رکھیں۔ جست یا شیشہ کی سلائی یا ڈراپر سے ایک دو قطرے ڈالیں۔

امراض گردہ و مثانہ:۔ گردہ و مثانہ کی پتھری کو دور کرتا ہے۔ بند پیشاب جاری کرتا ہے سنگ یہود ایک پاؤ کو تین سیر آب مولی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر ۵ ۲ سیر آگ دیں۔ اسی طرح تین بار کریں۔ ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تازہ پانی سے دیں۔

زیادتی دوودھ :- زمانہ حمل میں اگر پستان سے دودھ ٹپکتا ہو تو سادہ پان کو نیم گرم کر کے پستان پر باندھیں۔

پیچش اسہال :- سنڈھ باریک کر کے گھی میں گوندھ کر گولا بنا کر اوپر برگ ارنڈ تین چار لپیٹ کر دھاگا سے باندھ کر اوپر ایک انگل مٹی کا لیپ کر کے خشک کریں۔ پھر تنور یا بھوبھل میں دبا دیں کہ مٹی سرخ ہو جائے۔ نکال کر کھانڈ ہم وزن ملا کر مریض کو کھلائیں۔ ایک ماشہ گھنٹہ گھنٹہ کے وقفہ سے دس بارہ بار دیں۔ مرض دور ہو گا۔

چھپاکی :- ناگ کیسر عمدہ ایک تولہ باریک کر کے تین تولہ شہد ملا کر نصف صبح و نصف شام دیں۔ اگر مرض تازہ ہے تو دو تین خوراک میں فائدہ ہو گا اور پرانا مرض چار پانچ روز میں دور ہو گا۔

فوطہ اترنا :- ہلدی باریک ایک تولہ گوند کیکر ۶ ماشہ پانی میں رگڑ کر فوطہ پر لیپ کر کے اوپر ہلکی آگ کا سینک دیں اور اوپر برگ تمباکو پانی سے تر کر کے باندھیں۔ لنگوٹ کس دیں دو تین بار میں آرام ہو گا۔

درد ال :- اس نامراد مرض کا مجرب المجرب نسخہ ہے بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔
برگ و شاخہائے نرم کنڈیاری خورد خوب چٹنی کی طرح باریک کر کے کپڑے پر رکھ کر آنکھ پر باندھیں۔ دو تین گھنٹہ میں درد موقوف ہو گا۔ روتوں کو ہنسانے والی دوا ہے۔

وید جگن ناتھ واچیستی

نرینہ :- شرطیہ لڑکا پیدا کرنے کے لیے لاجواب نسخہ ہے۔ مور پنکھ کی ایک چوٹی کتر کر ۱۲ ماشہ کھانڈ ملا کر خوب کھرل کریں اور اس کی سات پڑیہ بنائیں۔ حمل کے دوسرے یا تیسرے ماہ دودھ سے سات یوم دیں۔

سوکھا مسان :- بچوں کے سوکھے پن کے لیے ایک طلسم ہے بھینس کا تازہ گوبر لے کر سوکھے بچہ کے دونوں شانوں کے درمیان خوب زور سے ملیں اور پانی سے فوراً دھو ڈالیں سفید یا سیاہ کانٹے نمودار ہوں گے۔ فوراً دو تین آدمی جلد جلد ان کو نکال دیں اور ایک دفعہ پھر اسی وقت گوبر

مل دیں اور بدستور کانٹے نکالیں۔ صبح و شام اسی طرح کریں۔ جب کانٹے نکلنے بند ہو جائیں گے۔ اسی دن سے بچہ کو بالکل تندرست سمجھیں یہ عمل کئی جگہ آزمایا بالکل درست ہے خطا پایا۔

نرینہ: مور پنکھ کی تین چوٹیاں کتر کر گڑ ملا کر تین عدد گولیاں بنا کر دوسرے اور تیسرے ماہ تک اندر دودھ سے دیں۔

نیند آور: رب چھوٹی چندن ۸ تولہ رب برگ اجوائن خراسانی ایک تولہ چرس ۶ ماشہ سفوف پیپلا مول ایک تولہ۔ گولی بقدر دو رتی بنا کر سوتے وقت دو گولی دودھ یا پانی سے دیں۔ خوب نیند آئے گی۔

حکیم آتم پرکاش گرجی سنیاسی

اکسیر بانجھ پن: چمگادڑ کی بہت پرانی بیٹ باریک کر کے ۲ ماشہ دو تولہ گھی میں ملا کر بعد حیض دو دن کھلائیں، تیسرے دن جماع کریں مگر فراغت حیض کے دن پہلے جلاب ضرور لیں۔

اکسیر بخار: آب امربیل پھٹکری کے سفوف پر ڈال کر آگ پر پکائیں کہ پانی خشک ہو کر پھٹکری پھول جائے ایک رتی بتاشہ میں ڈال دیں زیادہ سے زیادہ تین دنوں میں ملیریا بخار دور ہوگا۔

منہ کے چھالے: سینکڑوں بار کا مجرب المجرب ہے جادو اثر ہے۔ زیرہ سفید ۳ ماشہ منہ میں رکھ کر چبائیں جب اچھی طرح چبالیں تو ایک ماشہ کتھ سرخ بھی منہ میں ڈالیں اور دونوں چیزوں کو خوب چبائیں منہ لعاب سے بھر جائے گا۔ زبان چھالوں پر پھرائیں اور تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد تھوک دیا کریں۔ چار پانچ گھنٹہ کے وقفہ سے ایسا کریں۔

حکیم ہری چند چوپڑہ جالندھر

سوزاک: مولی کو معہ پتوں کے کوٹ کر ایک پاؤ پانی میں قلمی شورہ ۳ ماشہ ملا کر پی لیں، پیشاب کھل کر آ جائے گا۔ سنگ جراحت، بسکھپرا ہر ایک ایک تولہ ۴ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۴ ماشہ طباشیر۔ قلمی شورہ ہر ایک ۸ ماشہ بروزہ۔ کباب چینی ایک ایک تولہ باریک کر کے

آٹھ پڑیہ بنا کر ہر پڑیہ میں دس بوند روغن صندل ملا کر ہمراہ دودھ موسم سرما میں اور ہمراہ لسی دودھ موسم گرما میں دیں۔

زلف دراز ہیر آئیل :۔ جو بالوں کو بڑھانے اور ان کے اکثر امراض کو دور کرتا ہے۔ آملہ خشک ایک پاؤ برگ مہندی۔ برگ وسمہ دس دس تولہ ایک سیر پانی میں ڈال کر جوش دیں جب نصف پانی رہ جائے تو ایک سیر آب چقندر ڈال دیں۔ جب آب چقندر جل جائے تو تیل ڈال دیں۔ جب سارا پانی جل جائے اور صرف تیل رہ جائے تو اتار کر استعمال کریں۔

سرمہ سیاہ : ککرے۔ سرخی۔ جالا۔ دھند۔ پڑبال۔ گوہانجنی وغیرہ کو چند دنوں میں رفع کرتا ہے مرچ سفید ۲ تولہ۔ طوطیا ایک تولہ کوئلہ کیکر پرانی لکڑی کا ۱۰ تولہ۔ طوطیا کو ۱۲ گھنٹہ خوب کھرل کریں اس میں مرچ سفید ڈال کر ۲۴ گھنٹہ کھرل کریں اور بعد ازاں کوئلہ کیکر ڈال کر ۱۲ گھنٹہ کھرل کریں اور استعمال کریں بہت آدمیوں پر آزمایا گیا ہے۔

حکیم پنا لال پٹیالہ

روغن لاجواب : ہر قسم کے درد خصوصاً جوڑوں کے درد کو اکسیر ہے۔

تیل ارنڈی۔ تیل سرسوں۔ تیل میٹھا ایک ایک پاؤ آب اکسن آب برگ مدار آب برگ دھتورہ ایک ایک سیر مرچ سرخ۔ مرچ سیاہ۔ لونگ ایک ایک چھٹانک سم الفار سفید۔ افیون میٹھا تیلیہ ایک ایک تولہ ایک کڑاہی میں کوٹنے والی دواؤں کو کوٹ کر تمام اشیا ڈال کر آگ پر رکھیں۔ نرم آگ پر صرف تیل رہ جائے اتار کر سرد کر کے ست پودینہ ست اجوائن، کافور ایک ایک تولہ حل کر کے ملا دیں۔ گرم کر کے مالش کریں اور گرم روئی باندھیں۔

ضماد لاجواب : داد۔ چنبل۔ لاہور سور۔ خارش۔ گنج وغیرہ کو اکسیر ہے۔

گندھک بہنسل۔ طوطیا۔ چوک ایک ایک تولہ آب لیموں میں تین گھنٹہ کھرل کر کے رکھیں۔ وقت ضرورت آب لیموں میں حل کر کے لیپ کریں۔

مصفی خون : ہر قسم کے پھوڑے پھنسی۔ خارش وغیرہ کے لیے رام بان ہے۔ قبض کشا اعلیٰ درجہ کی ہے۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ بلیلہ ہر ایک تین تولہ کوٹ

آملہ۔ ستا۔ گل سرخ۔ ریوند چینی ایک ایک تولہ زنگ ہرڑ پاشاہترہ۔ عشبہ دو دو تولہ چوب
چینی ۳ تولہ سفوف بناکر ایک تولہ صبح وشام عرق سونف یا پانی سے دیں نمک کم کھائیں۔

حکیم ہری شنکر بدایوں

مرہم اعجاز مسیحا :- جو پھوڑوں کو پکانے اور پھوٹنے کو مفید ہے۔ تیل سرسوں ۵ تولہ میں بقدر ضرورت پانی ملاکر انگلی سے خوب ہلائیں کہ دہی کی لسی کی طرح ہو جائے۔ پھر اس پر کتھ سفید رال سفید۔ ہر ایک ۵ تولہ پھٹکری سفید۔ طوطیا ہر ایک ایک تولہ باریک کرکے ملائیں اور لگائیں پھوٹنے ہوئے پھوڑے پر لگانے سے جلد پکاکر پھوڑ دیتا ہے۔

روغن نمونیہ :- نمونیہ اور سردی کے دیگر دردوں کو مفید ہے۔ روغن کنجد ۱۰ تولہ۔ گرم کرکے موم ۲ تولہ چھوڑیں اور اتارکر کافور ۳ ماشہ ڈال کر ڈھانک دیں۔ جب قدرے سرد ہو جائے تو روغن تارپین ۱ تولہ ملاکر رکھیں اور مالش کرکے گرم روئی باندھیں۔

مفید چورن :- درد پیٹ۔ شدت پیاس۔ متلی۔ بدہضمی۔ قبض۔ ترش ڈکار۔ سینہ کی جلن۔ کمی اشتہا وغیرہ کو مفید ہے۔ نوشادر۔ مرچ سیاہ ہر ایک ۵ تولہ الائچی کلاں دس تولہ نمک سیاہ ۱۰ تولہ ست پودینہ ۳ ماشہ باریک کرکے ایک ماشہ دیں۔

حب احمر :- ضعف۔ دردکمر۔ کھانسی۔ گٹھیا وغیرہ کو مفید ہے۔ شنگرف میٹھا تیلیہ مدبر ایک ایک تولہ مرچ سیاہ۔ سوہاگہ ہر ایک ۶ ماشہ ایک ماہ آب ادرک سے کھرل کرکے گولی بقدر مرچ سیاہ بناکر صبح شام دیں۔

وید بھوشن خوشی رام انبالہ

جریان :- آسان۔ کم خرچ۔ فائدہ میں لاجواب ہے۔ گوند کیکر کو گھی میں بھونیں کہ کچی نہ رہے۔ پھر باریک کرکے گوند کیکر کو گھی میں ملائیں۔ ۶ ماشہ صبح دودھ سے دیں۔ سات یوم میں آرام ہوگا۔

سیلان الرحم :- لاکھ درخت پیپل باریک کرکے ۶ ماشہ تازہ دودھ سے دیں۔ ایک ہفتہ میں قطعی آرام ہوگا۔

بدل کونین :- ثمر دھتورہ ایک پاؤ کے نفدہ میں گئو دہی ۵ تولہ رکھ کر معمولی کپڑ وٹی کر
کے آگ دیں کشتہ ہوگا۔ ایک سے چار رتی ہمراہ بدرقہ مناسب چڑھتے ہوئے بخار کو پسینہ
لاکر اتارتی ہے۔ اور اترے ہوئے بخار کو دوبارہ آنے سے روکتی ہے۔

خون بند :- اگر کسی کے چوٹ لگ جائے اور خون جاری ہو جائے تو ردی کاغذ
کاٹکڑا وہاں چپکا دیں۔ خون فوراً بند ہوگا۔ اگر مٹی کا تیل ڈالیں تو بھی خون بند ہوگا۔

نزلہ۔ زکام :- زیرہ سفید ½ تولہ صاف کر کے پوٹلی بنا کر دودھ میں ایک دو جوش دے
کر دودھ کھانڈ ملا کر پی لیں۔ تو صبح زکام آدھا رہ جائے گا۔

ڈاکٹر ٹی این شرما

نمونیہ اطفال : کاگ جنگا بوٹی کی گانٹھ توڑیں۔ اس میں ایک کیڑا ہوگا۔ قریب المرگ
بچہ کو بھی اگر جوشاندہ بنفشہ یا گرم پانی سے کھلا دیں۔ تو صحت ہو گی۔ مایوس مریضوں کو بھی
فائدہ ہوگا۔

مقوی باہ بے نظیر :- فلفل دراز ۵ تولہ۔ پوست بیخ کنیر سفید ایک تولہ کو شیر گاؤ ۲½ سیر
میں ڈال کر پکائیں۔ کھویہ بننے پر خشک کریں۔ ۷ تا ۱۰ ماشہ روزانہ ہمراہ دودھ دیں۔ اس سے بڑھ
کر قوت باہ کا بہت کم نسخہ ہوگا۔ دو تین ہفتہ میں ناقابل برداشت قوت پیدا کرتا ہے۔

لقوہ :- اگر مریض لقوہ یا رعشہ کے منہ کا جبڑا کھل سکتا ہو تو فلفل دراز اور اورک ایک
ایک تولہ کا جوشاندہ بنا کر نیم گرم غرارے کریں۔ چند یوم میں حیرت انگیز فائدہ ہوگا۔

جلاب لاجواب : شیر تھوہر سہ دھارا کے ہم وزن اجائن دیسی جذب کریں ایک سے
تین رتی ہمراہ شربت قند نیم گرم پلائیں جتنے گھونٹ شربت کے پیئں گے۔ اتنی ہی مرتبہ
اجابت ہوگی۔

مسہل لاثانی : بیخ تھوہر سہ دھارا اور ہیرا ہینگ پیس کر ناف کے اردگرد پیٹ پر لیپ
کریں۔ کھل کر دست آئیں گے۔

امساک : زیرہ سیاہ اصلی ۹ ماشہ ہمراہ ایک پاؤ دودھ دو گھنٹہ سے قبل دیں قیمتی

سے قیمتی مرکبات سے بہتر اور قطعاً بلا ضرر امساک کا تماشا دکھا دے گا۔

ورم طحال:- پوست درخت پیپل کی راکھ۔ قلمی شورہ ہموزن باریک کر کے ایک ماشہ کیلہ پر چھڑک کر کھالیں ایک ہفتہ میں لاعلاج ورم بھی دور ہو گا۔

پنڈت ارجن لال بلوٹ

نکسیر کے لیے اکسیر:- ایک روز کے استعمال سے اسی دن نکسیر بند۔ دوسرے روز کے استعمال سے ایک سال تک نکسیر بند رہے۔ اگر تین دن استعمال کریں۔ تو دو سال تک بند رہے حتیٰ کہ جتنے روز استعمال کریں۔ ان سے ایک سال کم عرصہ کے لیے نکسیر بند ہو گی۔ دال نخود ۶ ماشہ رات کو دودھ گائے ۳ تولہ میں بھگو کر صبح نہار منہ گھوٹ کر مثل سرخ ۶ ماشہ ملا کر چاٹ لیں نکسیر بند ہو گی۔

بواسیر خونی:- کاہچنی۔ گیرو چھ چھ ماشہ۔ گوندکیکر ۳ ماشہ باریک کر کے ۲ ماشہ ہر تیسرے گھنٹہ ہمراہ شربت انجبار دیں۔

عظم طحال:- نوشادر۔ ایلوا۔ قلمی شورہ۔ سوہاگہ ایک ایک تولہ سرکہ ۴ تولہ کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر صبح دوپہر شام دیں۔

کشتہ شنگرف: ایک دفعہ تو مردہ کو زندہ کر کے باتیں کرا دیتا ہے۔ بخار کی حالت میں مفید ہے۔ ایک کٹھالی میں بلادر کوفتہ ۵ تولہ کے درمیان ایک تولہ شنگرف رکھ کر اوپر شہد گھی۔ دودو چھٹانک ڈال کر آگ پر رکھیں حتیٰ کہ سب کچھ جل جائے۔ شنگرف کھرل کر کے رکھیں خطرناک بخار میں شہد کے ساتھ ایک چاول دینے سے بخار بگڑنے سے محفوظ رہے گا۔ مریض فوراً ہوش میں آ کر باتیں کرنے لگے گا۔

کشتہ قلعی:- جریان احتلام سرعت۔ رقت کو دور کرتا ہے و ماغ کو طاقت دیتا ہے۔
قلعی دو تولہ نفوع املی میں سات بار بجھا کر مصفیٰ کریں اور پترا بنا کر چاول کی طرح کتریں۔ چھال درخت پیپل ۲ سیر بچھا کر درمیان چاول قلعی رکھ کر آگ لگائیں۔ سرد کر کے کشتہ حاصل کریں۔ ایک رتی مکھن سے دیں۔

لالہ وزیر چند انندا

خنازیر :- اٹ سٹ کی جڑ قمری مہینہ کے نصف اوّل میں اتوار کے روز صبح غسل کرکے اپنے سایہ سے بچا کر حاصل کریں اور سایہ میں خشک کرکے سفوف بنالیں۔ ایک ماشہ صبح و شام تازہ پانی سے دیں اور اسی سفوف کو پانی میں حل کرکے ضماد کردیں۔ چند روز میں آرام ہوگا۔

نسیان :- اس کے استعمال سے حافظہ اس قدر تیز ہو جائے گا کہ بچپن کی بھولی ہوئی باتیں بھی یاد آجائیں گی۔ درخت بل کی تازہ جڑ ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ۵۰ عدد گھوٹ کر اور نمک ملا کر پلائیں اس کے تازہ رس (پتوں یا چھال کا) کو ناک میں ڈالنے سے بھی یہی فائدہ ہوتا ہے۔

شاہی چورن :- پیٹ کی مختلف امراض کا واحد علاج ہے خصوصاً پیٹ درد، بدہضمی ہیضہ کے لیے اکسیر ہے کم خرچ شاہانہ چورن ہے۔ نمک سونچل فلفل دراز۔ سونٹھ گھی میں بریاں ہر ایک ۵ تولہ گیرو ۵ تولہ ست پودینہ ۳ ماشہ باریک کرکے دو سے چار رتی گرم پانی سے دیں ہیضہ کے لیے ایک ماشہ دے دیں۔

امساک :- بے حد مؤثر و مفید ہے۔ برگ کریلا کا پانی نکال کر رات بھر شبنم میں رکھیں۔ صبح اس کا چہارم حصہ خولنجاں جو بوسیدہ نہ ہو۔ ملا کر کھرل کریں اور ایک ایک تولہ کی گولیاں بنادیں ایک گولی ہمراہ دودھ نیم گرم دیں۔

مارگزیدہ :- بالکل بے ضرر تین خوراک سے زیادہ کی ضرورت نہیں ہوگی۔ روغن سرسوں۔ آب پیاز کچل کر نکالا ہوا۔ دو تولہ ملا کر پلائیں۔ تین تین گھنٹہ کے وقفہ سے تین بار پلائیں۔

حکیم گوبند سنگھ لکھنؤ

احتباس البول و سنگ گردہ :- جوکھار۔ شورہ۔ سوہاگہ ہم وزن باریک کرکے ایک ماشہ ہمراہ جوشاندہ کلتھی ۲ ماشہ۔ صبح و شام دیں۔ پہلی ہی پڑیہ سے پتھری ریت کی

طرح خارج ہونی شروع ہو جاتی ہے اور تین یوم میں بالکل آرام ہو گا۔

کھانسی :- سردیوں میں کھانسی کی شکایت دور کرتا ہے۔ دانہ الائچی، مرچ سیاہ فلفل دراز، مغز بادام شیریں مقشر، منقہ، آبجوش ہم وزن کونڈہ ڈنڈہ میں خوب گھوٹ کر گولی بقدر دانہ کوکن بیر بنا کر رات کو منہ میں رکھ کر چوسیں۔

اکسیر سرخ : بے شمار امراض کو دور کرنے والا نہایت سستا اور آسان نسخہ ہے۔ مرچ سیاہ۔ نوشادر ایک ایک تولہ گیرو ۲ تولہ باریک کر کے رکھیں۔ ۲ رتی ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔ سردرد و نزلہ زکام بے ہوشی کے لیے بطور نسوار دیں۔ دانت درد۔ دانتوں کا ہلنا وغیرہ کو بطور منجن استعمال کریں۔ دھند۔ جالا۔ پھولا رتوندا کے لیے چار حصہ سرمہ میں ملا کر باریک کر کے رکھیں اور آنکھوں میں لگائیں۔ اسہال ہیچش کے لیے گلقند ۲ تولہ میں ملا کر کھلائیں اوپر سے لعاب اسبغول پلائیں بھڑ مکھی وغیرہ کاٹے پر لعاب دہن لگا کر اوپر اچھی طرح پانچ منٹ ملیں۔ امراض معدہ کے لیے بھی اکسیر ہے۔

وید راج رام چندر جی جگوا

کشتہ شنگرف : نہایت پُر اثر سینہ کا راز۔ نامرد کو مرد کامل بنانے والا۔ اور دیگر امراض ریحیہ و بلغمیہ کو دور کرنے میں اکسیر ہے

سبز لال مرچ ۲ سیر کو بطور چٹنی گھوٹ کر پانچ سیر پانی میں گھول دیں اور چھان کر پانی صاف کر کے پانچ تولہ شنگرف کی ڈلی پر چوپڑ دیں۔ آگ درمیانی جلائیں۔ جب پانی ختم ہو جائے تو آگ تیز کر دیں جب فضلہ جل جائے سرد ہونے پر ڈلی نکالیں۔ آگ بہت تیز بھی نہ جلائیں ورنہ شنگرف اڑ جائے گا۔ جب فضلہ جل جائے تو فوراً آگ سے اتار لیں۔

راکھ پوست پیپل ۵ سیر کو کوری ہانڈی میں نصف تک بھر دیں۔ خوب دبا دبا کر بھریں اور ایک گڑھا بنا کر ½ پاؤ تمباکو تیز سورتی بھر دیں اس کے درمیان شنگرف رکھ کر ہانڈی کو راکھ سے خوب دبا کر بھر دیں اوپر ڈھکنا دے کر دو تین بار خوب گل حکمت کریں اور ۱۵ سیر اپلے اسپ میں گڑھا میں آگ دیں۔ شنگرف کشتہ ہو گا۔ ایک سے چار

چاول مکھن یا بالائی سے دیں۔

موٹاپا دور :- شہد ۵ تولہ پانی ½سیر میں جوش دیں جب تمام پانی جل جائے ۔ تو شہد پی لیں صبح و شام دیں کھانے کے ساتھ ایک چھٹانک گائے گھی کھلائیں۔ ایک ماہ میں فائدہ ہوگا۔

کایاکلپ : منڈہی بوٹی کا سفوف بنا کر ساٹھ بار اس کے پانی میں تر و خشک کریں۔ رات کو تر کریں صبح خشک کریں ۶ ماشہ سفوف ایک تولہ شہد ملا کر صبح و شام کھائیں ایک سال میں دوبارہ جوانی آئے گی بال سیاہ ہوں گے۔

حکیم نتھولال سونی

اٹھراہ :- جن کے بچے پیدا ہو کر کچھ عرصہ بعد مر جاتے ہیں، مروارید ایک تولہ عرق گلاب سہ آتشہ سے لگا تار تین گھنٹہ کھرل کر کے خشک ہونے پر مغز کنول گٹہ دانہ الائچی خورد طباشیر، زہر مہرہ ۔ عود صلیب ۔ ریش درخت پیپل ایک ایک تولہ ملا کر دودھ گائے بے رنگ سرخ تین گھنٹہ کھرل کر کے گولی بقدر دانہ مسور بنا کر دودھ گائے سے دیں۔

بانجھ پن :- بے اولاد عورتوں کو صاحب اولاد بناتا ہے ۔ اسگندناگوری ۲ تولہ، برادہ عاج ۲ تولہ شونگی ۱ تولہ سفوف بنا کر بعد حیض ۶ ماشہ ہمراہ دودھ گائے تازہ صبح و شام دیں، ۷ یوم استعمال کرائیں اور نمک سے پرہیز کریں ۔ ساتویں روز مقاربت کریں مراد حاصل ہوگی۔

بال دور :- منسل ۶ ماشہ زرنیخ کشتہ شکھ سجی کھار، خاک اوپلہ ایک ایک تولہ باہم کھرل کر کے بال استرا سے صاف کر کے دوا پانی میں گھول کر لیپ کر دیں ۔ خشک ہونے پر خشک لیپ کو اتار کر تازہ کر دیں، سات آٹھ بار ایسا کرنے سے پھر بال پیدا نہ ہوں گے۔

مسہل :- جیپال مدبر پارہ مصفیٰ، گندھک مصفی، مرچ سیاہ، سہاگہ ایک ایک تولہ کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر تین گولی سوتے وقت ہمراہ دودھ دیں۔

کالی کھانسی:۔ کاکڑا سنگی۔ فلفل دراز۔ فلفل گرد۔ زنجبیل۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ پھٹکری۔ مول نمک سیاہ۔ نمک سانبھر۔ جوکھار۔ ثمر کنڈیاری خورد ہموزن باریک کر کے ۲ رتی سے ۲ ماشہ ہمراہ آب گرم دیں۔ دن میں تین چار بار دیں۔

سوامی اونکار گر راہوں

کرامات نیل کنٹھی:۔ مشہور بوٹی ہے۔ کڑوی بہت ہے خشک ہے۔ کونین سے بڑھ چڑھ کر ہے۔ خون صاف کرنے کے لیے اس سے بہتر کوئی بوٹی نہیں۔ آتشک کو بھی مفید ہے۔ ۶ ماشہ یہ بوٹی مرچ سیاہ ایک ماشہ کے ہمراہ گھوٹ کر پانی ملا کر صبح پئیں۔ اس بوٹی کے پتے کھردرے اور پھول نیلگوں ہوتے ہیں۔

تپ دق:۔ پوست بیضہ مرغ مصفیٰ شنگرف ہموزن کھرل کر کے بیس سیر آگ دیں۔ اسی طرح سات بار شنگرف شامل کر کے آگ دیں۔ مکھن ۶ ماشہ شہد ۳ ماشہ اور ۲ رتی کشتہ ملا کر چبائیں۔ پہلے ہی روز فائدہ شروع ہوگا۔

نامردی:۔ کالے بھنئر سانپ کا سر کاٹ کر اس کے منہ میں چاول بھر کر منہ سی دیں اور آٹا لگا کر گھی میں تلیں جب آٹا سرخ ہو جائے۔ تو نکال کر دوسرا آٹا لگا کر تلیں چار پانچ دن کے بعد چاول خشک کر کے رکھیں ایک دانہ مسکہ سے دیں۔

مرہم:۔ لاہور سور۔ ناسور۔ داد چنبل۔ زخم آتشک اور ہر قسم کے پھوڑے پھنسیوں میں مفید ہے۔ کندر۔ کتھ گلابی۔ طوطیا۔ کافور۔ مردا سنگ۔ پارہ۔ گندھک۔ سندور ہموزن باریک کر کے مکھن گاؤ ایک پاؤ ایک سو بار دھو کر ملا کر تین چار روز کھرل کریں سیاہ مرہم ہوگی۔ جسے لگائیں۔

سنگرہنی:۔ شنگرف۔ مرچ سیاہ۔ گندھک۔ سہاگہ۔ پیپل۔ میٹھا تیلیہ۔ تخم دھتورہ ہم وزن آب بھنگرہ میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر سرد پانی سے دیں۔

پھولا چشم:۔ نمک حدمل روزانہ آنکھ میں ڈالیں۔

دیگر:۔ شورہ ۵ تولہ طوطیا ایک تولہ کھرل کر کے جوہر اڑائیں۔ جوہر کو آب لیموں میں

کھرل کریں اور سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔

خنازیر :- ایک جنگل چوہا کانٹے دار مار کر اسی کے پیٹ میں ایک ایک تولہ رسکپور۔ دارچکنا ڈال کر پیٹ اور منہ بند کر دیں کوزہ میں بند کر کے بیس سیر اوپلہ کی آگ دیں اور سرد کر کے بعد چوہا باریک کر کے ایک رتی مسکہ سے دیں۔

مرہم خنازیر :- تین عدد چھپکلی مار کر دو سیر پانی میں جوش دیں کہ ایک پاؤ پانی رہ جائے تب چھپکلی نکال کر پانی میں ایک پاؤ روغن سرسوں اور ۴ ماشہ راکھ سینگ گاؤ ڈال کر پکائیں کہ پانی خشک ہو جائے تو زخموں پر لگائیں۔

لالہ پنجو لال کھتری سیالکوٹ

جریان احتلام سرعت :- ان امراض کو دور کرنے کے علاوہ مقوی معدہ وجگر بھی ہے۔ آملہ، ہلیلہ، بلیلہ ایک ایک پاؤ برادہ فولاد ۱۰ تولہ۔ جامن عمدہ ۵ سیر پانی ۸ سیر۔ برتن مٹی میں ڈال کر گندم میں دفن کریں۔ بعدہ چار پانچ بوتل عرق کشید کریں۔ دو تولہ صبح وشام مصری ملا کر ایک ماہ استعمال کریں۔

ڈاکٹر بھنڈاری

کالی کھانسی :- میرا خاص تجربہ شدہ ہے۔
دھاگہ ریل جو ولایت سے آتا ہے۔ خالی ریل جلا کر اس کی راکھ دن میں دو بار قدرے کھانڈ ملا کر دیں۔

ڈاکٹر اشرفی لال امرت پور

پتھری دور :- ایک ہفتہ میں پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے نکالنے والا نسخہ درد گردہ کو بھی مفید ہے۔ ایک نر خرگوش ذبح کر کے پیٹ صاف کر کے اس میں شورہ قلمی ایک پاؤ، سہاگہ بھوڑا پاؤ۔ ریوند خطائی ۲ تولہ داخل کر کے پیٹ سی دیں۔ کوزہ میں بند کر کے ایک [illegible] اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد کر کے محفوظ رکھیں۔ مٹی کے دو برتن لے کر ایک برتن میں پنیر [illegible]

بوئی مناسب مقدار میں لے کر کونڈا ڈنڈہ سے گھوٹ کر مل چھان کر سہ سیر پانی ملا کر رکھ دیں۔ ۳ ماشہ دوا مذکورہ ایک پاؤ پانی سے دیں۔ ایک گھنٹہ بعد پیشاب آئے گا اور کورے برتن میں پیشاب کرائیں۔ ریزہ ریزہ پتھری برتن میں اکھٹی ہوگی۔ اس کے بعد ایک خوراک پھر دیں اور ایک پاؤ پانی پلائیں۔ اسی طرح نصف گھنٹہ بعد دیتے جائیں۔ تمام پتھری ایک دن میں خارج ہوگی۔

حکیم لبھو رام گوجرہ

آشوب چشم کے لیے اکسیر ہے :- دکھتی آنکھ میں تین چار بوند ڈالیں بیس منٹ میں آرام ہوگا۔ روزانہ کے استعمال سے آنکھیں صاف اور روشن رہیں گی۔ دو بوند ڈالنے سے ایسا معلوم ہوگا۔ گویا آنکھوں میں برف ڈالی گئی ہے۔

قلمی شورہ سہ تولہ پھٹکری خام۔ پھٹکری بریاں ہر ایک ۱/۲ ۱ تولہ کافور۔ ۳ ماشہ عرق گلاب خالص ایک بوتل۔ بوتل میں ڈال کر مضبوط کارک لگا کر رکھیں۔

لالہ سری رام

داد چنبل کے لیے تحفہ :- دانہ اجوائن دیسی ۱۰ تولہ۔ شیر مدار ۲۰ تولہ کھرل کر کے کھکے چھوٹی ٹکیہ بنا کر روغن کنجد ۱۰ تولہ میں ڈال کر پکائیں۔ جب تیل کا رنگ سیاہ ہو جائے ٹکیہ بنا کر پھینک دیں اور بوقت صبح داد چنبل پر خوب مالش کریں۔ دو گھنٹہ بعد چنے کا آٹا پانی میں ملا کر ابٹن کی طرح مل دیں۔ تین چار دن میں صحت ہوگی۔

مصفی خون :- نگندبابری ۶ ماشہ مرچ سیاہ ۲ عدد گھوٹ کر پلائیں۔

حکیم چندن لال سہگل

قاطع شہوت :- تخم کاہو۔ تخم خرفہ۔ چاول کشنیز۔ گل نیلوفر۔ صندل سفید۔ ملباشیر تخم خشخاش۔ گلنار ہر ایک ۹ ماشہ کافور ۱ ماشہ سفوف بنا کر ۷ ماشہ ہمراہ پانی دیویں۔

سوزاک کہنہ :- رال سفید۔ لودھ پٹھانی۔ ہلیلہ سیاہ ایک ایک ماشہ کھا کر اوپر سے

شربت بزوری ۴ تولہ عرق سونف ۲ تولہ روغن صندل ۸ قطرے ملا کر پلائیں۔

کرم شکم :۔ مغز کرنجوہ۔ واوڑنگ۔ کیلا۔ مغز تخم نیم ایک ایک تولہ آب افسنتین میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر تین گولی صبح تازہ پانی سے دیں۔

ڈاکٹر شیو داس جموں

حاملہ کی قے :۔ بے خطا ہے۔ زیادہ تعریف فضول ہے۔ طباشیر۔ الائچی خورد ایک ایک ماشہ مرچ سیاہ ۲ ماشہ نمک سیندھا ۴ ماشہ سفوف بنا کر دو چار ماشہ ہمراہ شربت سکنجبین صبح و شام دیں۔

ڈاکٹر این ایس بھارگو

مضیق :۔ صرف دو منٹ پیشتر استعمال کرنے سے عورت واقعی باکرہ سے بھی زیادہ .... ہو جاتی ہے۔ مائیں مازو۔ پھٹکری۔ کتھ ہموزن باریک کر کے استعمال کریں۔

کویراج ستیا پال شرما

اکسیر احتباس الطمث : ہیرا کسیس ولائتی جلتیت بریاں۔ شنگرف مدبر۔ سوہاگہ مدبر۔ نمک لاہوری ہموزن آب لیموں سے کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر ہمراہ جوشاندہ ذیل صبح و شام دیں۔ بادیان۔ انیسوں۔ تخم کرفس ہر ایک ۳ ماشہ تخم خربوزہ ۶ ماشہ گاؤزبان ۱۰ ماشہ جوش دے کر گلقند ۲ تولہ ملا کر دو گولی دیں۔ اعلیٰ درجہ کی مدر حیض ہے۔

حکیم بشن سنگھ چاہل

لاجواب نسوار :۔ دردسر۔ نزلہ۔ زکام۔ درد ال کے لیے مفید ہے۔

بیری کے درخت کی موٹی خشک چھال باریک کر کے بطور نسوار سونگھیں۔

لاجواب سرمہ :۔ آنکھوں میں گکرے دھول۔ پانی بہتا ہو۔ ناخنہ و پھولا کو مفید ہے۔ نمک ششیشہ باریک کر کے بذریعہ سلائی لگائیں۔

حکیم رام چند کھوسلہ

اکسیر پیچش : ہر قسم کی پیچش کو مفید ہے۔ بادیان۔ سنڈھ۔ ہلیلہ سیاہ۔ کڑوڑہ

پوست خشخاش ہموزن علیحدہ علیحدہ گھی میں بریاں کرکے سفوف بنالیں ۳ ماشہ صبح و شام پانی یا شربت انار یا انجبار سے دیں۔

یال برادرز جگراؤں

درد ریح :۔ درد ریح خواہ کسی جگہ ہو۔ایک دو پڑیہ سے آرام ہوگا۔ مگھ برگ۔ مرما۔ ہموزن باریک کرکے ۳ ماشہ ہمراہ دودھ دیں۔

حکیم محمد اسماعیل امرتسری، لاہور

نقرئی :- برادہ نقرہ، سیماب مصفیٰ ایک ایک تولہ گرہ کریں۔ سم الفار سفید گندھک آملہ سار ایک ایک تولہ سفوف بنائیں ایک روغنی کوزہ خورد میں قدرے سفوف بچھا دیں اس پر قدرے گرہ بچھا دیں۔ اسی طرح سفوف وگرہ کو تہ بہ تہ رکھیں اور کوزہ کا منہ بند کرکے تین ہاؤ اوپلہ کی آگ دیں سرد کرکے نکالیں۔ چرخ خوردہ دوا برآمد ہوگی۔ اسے کھرل کریں سُرخ رنگ دوا تیار ہوگی جو قابل استعمال ہے اگر اس میں مزید ایک تولہ پارہ ملاکر اور جدید سفوف سم الفار وگندھک ملاکر کھرل کرکے اسی طرح آگ دیں تو اور مفید ہوگا۔ بلکہ تیسری آنچ میں اثرات زیادہ بڑھ جائیں گے۔

شمسی :- برادہ نقرہ کی بجائے برادہ شمس استعمال کریں اور باقی عمل بطریق بالا کریں۔ تین آنچ میں اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہوگا اور پہلے نسخہ سے فوائد کئی گنا زیادہ مرتب ہوں گے۔

دیگر : تابہ آہنی پر ٹکڑا ابرک رکھ کر آگ پر رکھیں اس پر ایک عدد ورق طلا رکھ کر ۲ رتی کلس مرجان دھوڑ دیں۔ ورق کی چمک غائب ہوگی اس طرح بار بار نیا ورق رکھ کر کلس مرجان سے کشتہ کریں۔ کلس مرجان تمام ورق پر یکساں دھوڑیں۔ کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔ یہ شمسی دماغ کے لیے ایک عجیب طاقتور دوا ہے۔ مقوی اعضائے رئیسہ بھی ہے اگر ورق طلا کی بجائے ورق نقرہ استعمال کرلیا جائے تو بھی دماغ کے لیے نہایت مفید ہے۔ مگر ورق طلا کا استعمال اکسیر الاثر ہے۔

نحاسی :- پارہ، سم الفار ایک ایک تولہ شیر زقوم ۵ تولہ میں کھرل کرکے درمیان اوجھی یا بُرادہ مس خالص ایک تولہ رکھ کر اوپر پتیرہ گلی ۲ ماشہ لپیٹ دیں۔ اور پھٹکری ۵ تولہ کے درمیان

رکھ کر کوزہ میں بند کر کے ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں سفید کشتہ ہوگا۔ ایک برنج مسکہ میں دیں۔

یہ نہایت ہی مقوی باہ۔ پرانے جریان کا دافع اور بوڑھوں کا سہارا ہے۔ اگر اس میں قرنفل۔ دارچینی۔ جائفل۔ زعفران۔ مازو۔ عقرقرحا۔ افیون۔ شنگرف ہر ایک ۶ ماشہ ملا کر گولی بقدر نخود بنائیں۔ تو نہایت مقوی اور ممسک ہوگا۔ جماع سے دو گھنٹہ پیشتر ہمراہ دودھ دیں۔

سیمابی: ایک کڑاہی میں ۲ تولہ نمک بچھا کر اوپر ایک تولہ سفوف طوطیا بچھا دیں اوپر ایک تولہ پارہ اور اس پر ایک تولہ طوطیا اور دو تولہ نمک بچھا کر ایک پیالہ مٹی الٹا رکھ کر اس پر ایک اینٹ رکھ دیں اور ۵ سیر پانی ڈال کر پکائیں جب ½ سیر پانی رہ جائے تو پارہ بستہ شدہ نکال کر پانی سے دھو کر ہموزن سون مکھی ملا کر شیر مدار ۵ تولہ قطرہ قطرہ ڈال کر کھرل کریں اور قرص بنا کر خشک کر کے سفوف ریوند چینی ۵ تولہ زیر و بالا دے کر دو اوپلے وزنی ۲ سیر میں رکھ کر آگ دیں باوزن سُرخ کشتہ ہوگا۔

خوراک ایک رتی ہمراہ مسکہ دیں۔ ضعف باہ۔ فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ ذیابیطس اور بواسیر وغیرہ کو مفید ہے۔

فولادی: برادہ فولاد ۲ تولہ۔ برادہ نقرہ ایک تولہ ہر دو کو ملا کر برتن آہنی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور سفوف نوشادر ٹھیکری ۵ تولہ چٹکی چٹکی ڈالیں۔ اور سلاخ آہنی سے ہلاتے جائیں۔ نوشادر ختم ہونے پر ہر دو کشتہ ہوں گے۔ اسے اوپر سے ڈھک کر آگ اور تیز کر دیں۔ نصف گھنٹہ کے بعد سرد کر کے رکھیں ایک رتی ہمراہ مسکہ یا بالائی دیں۔

خون کی کمی اور اس سے پیدا شدہ عوارض کے لیے یہ نہایت مفید ہے ضعف جگر و معدہ کو دور کر کے اعضائے رئیسہ کو طاقت حاصل ہوتی ہے۔ اس کے استعمال سے چہرہ کا رنگ سُرخ و شاداب ہو جاتا ہے۔

دیگر: ہیراکسیس۔ قلمی شورہ۔ پھٹکری ہموزن باہم کھرل کر کے لوہے کے برتن میں ڈال کر دس پندرہ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سُرخ رنگ نہایت لطیف کشتہ ہوگا۔ کھرل کر کے

محفوظ رکھیں۔

ضعف جگر۔ کمی خون۔ عظم طحال اور یرقان کے لیے اعلیٰ درجہ کی دوا ہے۔ عورتوں کی جملہ کمزوریاں دور ہو کر چہرہ سُرخ و شاداب ہوجاتا ہے۔ سیلان الرحم کو از حد مفید ہے۔ عورتوں کے شباب کا محافظ ہے۔ خوراک ایک ماشہ دہی کی لسی یا صرف دہی کے دیں۔

شبی: پھٹکری ½ پاؤ باریک کرکے تابہ آہنی پر نصف بچھائیں اوپر افیون خالص ۲ ماشہ بچھائیں اوپر بقایا پھٹکری بچھا کر آگ پر رکھ دیں جب نچلا حصہ شگفتہ ہو جائے تو احتیاط سے اٹھا کر پہلو بدل دیں۔ جب یہ حصہ بھی شگفتہ ہو جائے تو باریک کر کے محفوظ رکھیں۔

۱ :- یہ دوا بہترین منجن ہے پایوریہ کے لیے خصوصیت سے مفید ہے۔ دانتوں کو سفید چمکدار بناتا ہے۔ علی الصبح اور رات کو سوتے وقت دانتوں پر ملیں اور نصف گھنٹہ تک کلی نہ کریں۔

۲ :- سوزاک کے لیے بھروسہ کا نسخہ ہے۔ خوراک بقدر ۲ رتی صبح و شام ہمراہ لسی دودھ دیں۔

۳ :- کثرت احتلام۔ جریان۔ سرعت انزال۔ سیلان الرحم وغیرہ امراض کے لیے نہایت کارآمد ہے بقدر دو رتی دودھ یا پانی سے صبح و شام دیں۔

۴ :- اسہال اور پیچش کے لیے ہمراہ پانی دیں۔

۵ :- ملیریا بخاروں میں کونین سے بہتر ہے۔ صبح و شام یا بخار آنے سے دو گھنٹہ پیشتر ہمراہ پانی دیں۔

۶ :- نصف چھٹانک عرق گلاب میں ½ ۱ ماشہ ملا کر لوشن تیار کریں۔ آشوب چشم کے لیے نہایت مفید ہے۔ دو دو بوند صبح شام ڈالیں۔

ابقری: ابقر یعنی قلمی شورہ۔ مرچ سیاہ دو دو تولہ کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب پگھل کر یک جان ہو جائیں تو سرد کر کے محفوظ رکھیں۔ مرچ جل جائیں گی۔ اپنڈے

سائٹرمٹش کا عجیب علاج ہے۔ ناف ٹلنے کی عادت کو دور کرتا ہے۔ پیٹ کی ریح کو دور کرکے ہاضمہ کو تیز کرتا ہے۔ غرضیکہ امراض ریح البواسیر کو مفید ہے۔ بقدر ½ ماشہ دن میں تین بار پانی سے دیں۔

دیگو: قلمی شورہ آگ پر پگھلا کر پوست بندق ہندی تھوڑا تھوڑا ڈالیں جب شورہ جمنے لگے۔ تو اتار کر محفوظ رکھیں۔

یہ بڑھے ہوئے پروسٹیٹ گلینڈ (غدہ قدامیہ) جس کی وجہ سے پیشاب بند ہو جاتا ہے کو تحلیل کر کے پیشاب جاری کرتا ہے۔ اس کا استعمال اپریشن سے نجات دلاتا ہے خوراک ½ ماشہ دن میں تین بار پانی سے دیں۔

دیگو: قلمی شورہ بدستور پگھلا کر ½ ادرڈالتے جائیں ایک بلادر جلنے پر دوسرا ڈالیں جب جمنے لگے تو اتار کر محفوظ رکھیں۔ درد گردہ کے لیے نہایت مفید ہے۔ خوراک بقدر ½ ماشہ صبح وشام پانی سے دیں۔

دیگو: قلمی شورہ ۵ تولہ پگھلا کر گندھک ۲ تولہ ڈال دیں جب یک جان ہو جائے تو کسی طشتری پر پھیلا دیں۔ جم جائے گا۔ اِسے باریک کر کے محفوظ رکھیں۔

بواسیر خونی کے لیے ازحد مفید ہے۔ مشور نسخہ امروسیا کا آسان بدل ہے۔ سوزاک اور سنگ گردہ و مثانہ کو خارج کرتا ہے۔ غدہ قدامیہ کو بڑھنے سے روکتا ہے۔

خوراک ایک ماشہ پانی یا دیگر مشروب سے صبح وشام استعمال کریں۔

دیگو: ایک کڑاہی میں ایک سیر برگ جھنگ کا نغدہ رکھ کر اوپر ایک پاؤ قلمی شورہ رکھ دیں۔ اوپر دو تین سیر جھنگ کا نغدہ رکھ کر ریت ڈال کر چھپا دیں اور چولہا پر رکھیں چار پانچ گھنٹہ آگ جلائیں جب آواز آنی بند ہو جائے۔ تو سرد کر کے قلمی شورہ نکالیں۔ اور باریک کر کے ایک ماشہ صبح وشام پانی سے دیں۔ بڑھی ہوئی توند اور موٹاپا کو نہایت فائدہ مند ہے۔ جو لوگ چلنے پھرنے اور آسانی سے بیٹھنے سے لاچار ہوں۔ انھیں اس کا استعمال کرنا چاہیئے۔

کوڑی :۔ کوڑی زرد ۵ تولہ میں افیون ۵ ماشہ بھر دیں۔ اور کوزہ میں بند کر کے دس سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد کر کے محفوظ رکھیں۔ شیشی کی طرح یہ دوا بھی کئی امراض میں مؤثر ہے۔ مثلاً

۱ :۔ نزلہ۔ زکام۔ کھانسی کے لیے ایک رتی بالائی میں رکھ کر صبح و شام دیں۔

۲ :۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ سیلان الرحم۔ کثرت طمث میں دو رتی مسکہ یا بالائی میں رکھ کر دیں۔

۳ :۔ سوزاک اور بواسیر خونی کے لیے دو رتی لسی دودھ سے دیں۔

۴ :۔ درد دانت اور دیگر امراض میں بطور منجن استعمال کریں۔

۵ :۔ بہتے کان میں چٹکی ڈالیں۔ اور نکسیر کے لیے نسوار دیں۔

۶ :۔ آنکھوں میں خارش اور پانی بہنے کے لیے ہموزن سرکہ ملا کر لگائیں۔

۷ :۔ اسہال اور پیچش کے لیے دہی سے دیں۔

چمڑی :۔ خالص چمڑا کا بہت پرانا جوتا اوپلوں میں رکھ کر جلالیں۔ سرخی مائل دوا تیار ہوگی۔ سیلان الرحم کے لیے نہایت مفید ہے۔ دو رتی ہمراہ مسکہ استعمال کرنے سے مدتوں کا مرض تین یوم میں دُور ہوگا۔ اس کے علاوہ ہر قسم کی روانیٔ خون کو مفید ہے۔ زخم پر ڈالنے سے اِسے خشک کرتا ہے۔ بطور نسوار استعمال کرنے سے صداع دودی بلکہ مرگی تک کو مفید ہے

بکائن گی :۔ بکائن کا خام پھل سایہ میں خشک کر کے سفوف بنائیں ۶ ماشہ صبح ہمراہ پانی دیں۔ یہ مختصر سی دوا بواسیر ہر قسم۔ خرابیٔ خون۔ سیلان الرحم۔ سوزاک۔ جریان کرم شکم کو مفید ہے۔

طوطیائی :۔ آردپوست بندق ہندی ½ سیر کو آب نیم میں غلولہ بنا کر درمیان طوطیا ایک تولہ رکھ کر پانچ عدد اوپلہ خورد کی آگ دیں۔ سرخ رنگ کا کشتہ تیار ہوگا۔ بقدر ایک برنج مسکہ میں دیں۔ از حد مصفیٔ خون ہے۔ سوزاک۔ آتشک۔ قرحہ۔ جذام

ورم رحم اور عورتوں کے بانجھ پن کو مفید ہے۔

دیگر: طوطیا ایک تولہ جوکوب کرکے برتن چینی میں رکھ کر اوپر ٹنکچر سٹیبل ولائتی ۱۰ تولہ ڈال کر آگ پر رکھ کر خشک کریں اور کوزہ میں ڈال کر کوئلوں میں سُرخ کریں۔ سُرخ رنگ کا کشتہ تیار ہو گا۔ ½ رتی بدرقہ مناسب سے دیں۔ فالج لقوہ۔ رعشہ۔ پرسوت اور تپ میعادی مبارکی وغیرہ میں بہت مفید ہے۔

احمرین: یہ ضعف باہ کی نہایت لاجواب دوا ہے۔ بڑھاپے کا سہارا۔ فالج لقوہ۔ رعشہ اور دیگر کمزوریوں کا مفید علاج ہے۔ " وقت پیری شباب کی باتیں " کا مصداق ہے۔

دیسی صابن کی ایک ٹکیہ جس کا وزن ایک پاؤ سے زائد ہو۔ ¼ حصہ کاٹ کر بڑے حصہ میں کاواک کرکے ایک تولہ سم الفار کے درمیان ایک تولہ شنگرف رکھ کر اوپر دوسا ٹکڑا دے کر چاروں کونوں میں کیل ٹھونک دیں۔ اور ایک ہنڈیا میں زیر و بالا برگ مدار سالم دے کر منہ بند کرکے صبح تا شام متوسط آگ پر رکھیں۔ باوزن کشتہ برآمد ہو گا۔ اسے باریک کرکے بقدر ایک برنج ہمراہ مسکہ بوقت صبح دیں۔

دیگر: شنگرف ڈلی ۲ تولہ پیالی میں ڈال کر ٹنکچر اکونائٹ ۲ اونس ڈال دیں اور ایک ماہ رکھ چھوڑیں۔ پھر اس میں ½ اونس سپرٹ میتھیلیٹڈ ڈال کر آگ لگائیں سرد ہونے پر باریک کرکے محفوظ رکھیں۔ فوائد مذکورہ بالا حاصل کرنے کے لیے ½ رتی مسکہ میں دیں۔

ابیضی: ایک شیشہ کے بام میں دو سیر پانی ڈال کر ایک پاؤ طوطیا باریک کرکے حل کریں نیلے رنگ کا پانی ہو گا۔ اس میں پترہ جات جست ایک پاؤ ڈال دیں۔ جوش پیدا ہو گا اور دو تین روز میں پانی کا رنگ سفید ہو جائے گا۔ اس پانی کو آہستہ سے نتار کر روغنی ہنڈیا میں ڈال کر نرم آگ پر خشک کریں۔ سفید نمک تیار ہو گا۔

۱: دانتوں کے لیے یہ دوا تریاق کا کام کرتی ہے۔ اور تقریباً تمام امراض کو

مفید ہے۔

۲ :- سیلان الرحم کے لیے یہ عجیب الاثر ہے۔ عموماً پہلی ہی خوراک اپنا اثر دکھاتی ہے تین دن میں مکمل فائدہ ہو جاتا ہے۔ کثرت الطمث کو بھی مفید ہے۔ نصف رتی ہمراہ مسکہ دیں۔

۳ :- یہ دوا اعلیٰ درجہ کی مصفی خون ہے: بچوں کو بقدر دانہ برنج اور بڑوں کو نصف رتی استعمال کرائیں۔

۴ :- لوا سیر کے لیے بھی بھروسہ کی دوا ہے۔ ایک رتی مکھن میں رکھ کر کھلائیں اور ایک تولہ مکھن میں بقدر ۳ ماشہ ملا کر مسوں پر لگائیں۔ دو ہفتہ میں مرض دور ہوگا۔

۵ :- بچوں کے اسہال کے لیے بقدر دانہ خشخاش پانی میں حل کر کے دینے سے مکمل فائدہ ہوجاتا ہے اور بڑوں کو بقدر ½ رتی استعمال کرائیں۔

۶ :- ابتدائی آتشک و سوزاک کو بھی مفید ہے۔

۷ : آنکھوں کے امراض میں یہ دوا بطور سرمہ اور لوشن استعمال کی جا سکتی ہے ایک تولہ سرمہ سیاہ میں ایک ماشہ ملا کر کھرل کر کے سوتے وقت سلائی سے لگائیں یا ایک تولہ عرق گلاب میں بقدر دو رتی حل کر کے ڈراپر سے ڈالیں تو اکثر امراض چشم میں مفید ترین اور کارآمد ثابت ہوگی۔

۸ :- منہ کے چھالوں کے لیے مفید ہے۔

جاروب دماغ :- اسطخودوس۔ بادیان۔ کشنیز خشک۔ نمک سیاہ۔ نوشادر ٹھیکری۔ ریوند چینی ہم وزن سفوف بنائیں اور ایک ماشہ سے دو ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔

یہ مختصر سا سفوف حقیقتاً "جاروب دماغ" کا کام کرتا ہے۔ ہر قسم کا درد سر۔ نزلہ۔ زکام کو دور کرتا ہے تمام امراض چشم صرف کھانے ہی سے دور ہو جاتے ہیں۔ علاوہ ازیں پیٹ کے اکثر امراض کو فائدہ مند ہے۔

مقوی دماغ :- مغز بادام۔ خشخاش۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم کدو۔ نشاستہ

برنج کشنیز ہر ایک ½ پاؤ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ۔ مغز بکرا ۴ عدد کھانڈ ½۱ سیر گھی ایک پاؤ بطریق معروف حلوہ بنا کر ۵ تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔ نہایت ہی مقوی دماغ ہے اور ضعف دماغ سے پیدا شدہ عوارض کو مفید ہے۔

دواری: گل سُرخ۔ گل بنفشہ۔ طباشیر۔ صندل سفید۔ برنج کشنیز۔ برنج سونف ہموزن سفوف بنا کر ۳ ماشہ صبح شام ہمراہ شربت بزوری دیں۔ سر کے چکر اور آنکھوں تلے اندھیرا آنے کے لیے نہایت مفید ہے۔

دیگر: فوائد مذکورہ بالا میں نہایت کار آمد ہے۔

ریوند چینی۔ اسطخودوس۔ ہر ایک ۵ تولہ تخم خنطل ½ ۲ تولہ سفوف بنا کر ہموزن کھانڈ ملا کر ایک ماشہ صبح و شام پانی سے استعمال کریں۔

دردِ سر: حرمل ۵ تولہ سوڈا سلی سلاس ایک تولہ سفوف بنا کر ایک ماشہ صبح و شام پانی سے دیں۔ چند یوم میں ہمیشہ کے لیے درد دُور ہو گا۔

تبخیری: دانہ الائچی خورد۔ بادیان کشنیز کھانڈ ہموزن سفوف بنا کر ۲ ماشہ صبح و شام پانی سے دیں۔ تبخیر معدہ۔ خفقان۔ وحشت اور اس سے پیدا شدہ دردِ سر کو مفید ہے۔

سنونی: پھٹکری ایک پاؤ باریک کر کے آگ پر رکھیں۔ جب شگفتہ ہو جائے تو سرکہ اصلی یا آب لیموں نصف پاؤ ڈال کر خشک کریں اور اس میں سنگِ جراح ۲ تولہ سُرخ کاہی۔ طوطیا بریاں۔ ست اجوائن۔ ست پودینہ ہر ایک ½ ماشہ ملا کر خوب باریک کر کے رکھیں اور صبح و شام استعمال کریں۔ یہ منجن دانتوں کے جملہ امراض کے لیے ایک تحفہ بے بہا ہے پائیوریا کو نیست و نابود کرتا ہے کہ زرد اور میلے دانتوں کو مضبوط موتیوں کی طرح چمک دار بناتا ہے۔ درد کو دُور کرتا ہے۔

آسان منجن: سنگ جراح ایک پاؤ پھٹکری ½ پاؤ کافور ایک تولہ جملہ ادویہ خوب باریک کر کے ڈبیہ میں بند کریں۔ یہ منجن روزانہ استعمال کے لیے ایک کار آمد نسخہ ہے۔

اس کے استعمال سے دانت کبھی خراب نہیں ہوتے۔ میل کچیل سے صاف رہتے ہیں اور سفید چمک دار ہو جاتے ہیں۔ ٹوتھ پیسٹ کے شوقین اس آسان اور سستے منجن سے فائدہ حاصل کریں۔

دیگر: کوئلہ کچلہ۔ مازو ہم وزن باریک کر کے صبح وشام دانتوں اور مسوڑھوں پر ملیں اور پندرہ منٹ تک کلی نہ کریں۔ پائیوریا کو دور کر کے دانتوں کو مضبوط کرتا ہے۔ اس کے استعمال سے یعنی صرف بطور منجن استعمال کرنے سے سرعت انزال دور ہوگا۔ اور وقتی طور پر امساک بھی پیدا ہوگا۔ اور قوت باہ میں ہیجان کا باعث ہوگا۔

ورم لوزتین: مازو۔ پھٹکری بریان ایک ایک تولہ۔ گلیسرین ۵ تولہ ملا کر رکھیں اور ضرورت کے وقت گلے میں لگائیں۔ گلے کی جملہ خرابیوں کے لیے حتیٰ کہ خناق تک کو فائدہ ہوتا ہے۔

ضیاء الابصار: برادہ جست مصفی (جست کو گلا کر آب مولی میں ایک سو بار بجھائیں) برادہ مس۔ نوشادر ٹھیکری ہر ایک ۵ تولہ تین یوم لگاتار آب لیموں سے کھرل کریں۔ اور بوتل میں ایک پاؤ آب لیموں کے ہمراہ ڈال دیں۔ اور ۴۰ یوم زمین میں دفن کریں تمام ادویہ حل ہوں گی۔ اس بوتل کو آب لیموں مزید ڈال کر بھر دیں بوقت ضرورت جست شگفت خانہ ساز ۵ تولہ میں آب لیموں ایک تولہ ڈال کر کھرل کر کے خشک کریں۔ یہ ایک فائدہ بخش سرمہ تیار ہوگا۔ جو آنکھوں کے جملہ امراض کو دور کر کے نظر کو تیز کرے گا اور موتیا بند کی شکایت کا خدشہ نہ رہے گا۔ رات کو سوتے وقت دو دو سلائی لگائیں۔

دیگر: سرمہ سیاہ ۱/۲ پاؤ کو سات سات بار عرق گلاب اور عرق سونف میں بجھا دیں۔ اس میں کشتہ پارہ ۶ ماشہ صدف صادق۔ مامیران چینی۔ دانہ الائچی خورد۔ ایک ایک تولہ ورق نقرہ۔ مروارید۔ پھٹکری۔ کافور تین تین ماشہ۔ ورق طلا۔ نوشادر ایک ایک ماشہ کف دریا ۳ ماشہ خوب کھرل کر کے سرمہ بنا دیں۔ اس کے استعمال سے عینک کی عادت دور ہو جاتی ہے۔ دیگر تکالیف کو مفید ہے۔ کشتہ پارہ اس طرح تیار کریں۔ پارہ ۶ ماشہ رتن شیشہ یا تام چینی میں ڈال کر تیزاب گندھک ۱/۲ تولہ ڈال کر آگ پر رکھیں۔ خشک ہونے پر پارہ کشتہ ہوگا۔

نورائین :۔ سنگ جراح ایک تولہ زنجبیل ½ ماشہ سوڈا بائی کارب ایک ماشہ۔ ست پودینہ دو رتی ایک یوم لگاتار کھرل کرکے محفوظ رکھیں یہ ایک نہایت آسان اور سستا سرمہ کا نسخہ آنکھوں کے اکثر امراض میں نہایت مفید ہے اور نظر کو تیز کرتا ہے۔

ککرین :۔ سوہاگہ بریاں۔ پھٹکری بریاں۔ نوشادر ٹھیکری۔ نمک شیشہ۔ قلمی شورہ سمندر جھگ ایک ایک تولہ طوطیا بریان ½ ا ماشہ خوب باریک کرکے رات کو سوتے وقت آنکھوں میں لگائیں۔ ککروں کی نہایت مفید دوا ہے۔ ککرے دور کرکے خارش و سوزش دُور ہو جاتے ہیں۔

گرین آئی لوشن :۔ آنکھوں کے لیے نہایت ہی مفید لوشن ہے۔ سُرخی دور۔ ککرے۔ خارش اور آنکھ آنے کو اکسیر سے کم نہیں۔

بلیو میتھولین ایکری فلاوین سلور نائٹریٹ۔ ہر ایک ڈیڑھ رتی۔ بورک ایسڈ ۴ رتی عرق گلاب خالص ۱۰ تولہ شیشی میں ڈال کر حل کریں۔ اور ڈراپر سے صبح و شام ڈالیں۔

چٹکلہ مفید چشم : زرنباد (کچور) پانی میں گھس کر آنکھوں پر لیپ کریں۔ بہتر ہوگا کہ رات کو سوتے وقت لیپ کریں چند یوم میں آنکھوں کی سوزش سرخی دور ہو گی۔ گوہانجنی کا خاص علاج ہے۔۔۔۔ اور ہمیشہ ہمیشہ کے لیے یہ عارضہ دور ہو جاتا ہے جہاں تک کچور کے اندرونی استعمال کا تعلق ہے۔ اس میں تریاقی خواص موجود ہیں۔ اگر اسے عرق بادیان میں کھرل کرکے گولی بقدر دانہ نخود بنا کر رکھیں تو ریاح کے جملہ اقسام کے لیے دو سے چار گولی ہمراہ پانی دینے سے فائدہ ہوتا ہے۔ ریح البواسیر کی غلیظ گیس پیدا ہونے نہیں دیتا۔

دیگر : آب برگ مولی مقطر بطور لوشن استعمال کریں۔ دھند۔ جالا۔ خارش۔ ککرے اور ضعف بصر دور ہو گا۔

دیگر : میگنیشیا سلفاس کو تابہ آہنی پر بریاں کرکے بطور سرمہ استعمال کریں۔ آنکھوں سے پانی بہنا دُور ہو گا۔

دیگر : مینڈک ذبح کرکے پیٹ صاف کرکے دو سیر پانی میں پکائیں۔ نصف رہنے

پیا تار کر پر بی حاصل کریں اور بال اتار کر روزانہ ایک سلائی لگائیں ۔ پڑبال کی شکایت دور ہو گی ۔

دیگر: پترہ جات جست ۔ طوطیا ہر ایک ۵ تولہ بوتل کلاں میں ڈال کر پانی ڈال دیں بوتل تھوڑی سے خالی رہے ۔ روزانہ ہلائیں ۔ دس یوم دھوپ میں رکھیں ۔ بعدہٗ نتار کر سبز رنگ کی بوتل میں رکھیں اور سرمچو سے لگائیں ۔ ½ گھنٹہ بعد پانی کے چھینٹے دیں ۔ دھند غبار ۔ ککرے وغیرہ دُور ہوں گے ۔ اگر پانی کی بجائے عرق گلاب استعمال کریں تو زیادہ مناسب ہے ۔

آسان سرمہ: قلمی شورہ ۵ تولہ پگھلا کر مرچ سفید گول ۲ تولہ دانہ دانہ ڈالیں شورہ قائم ہو گا ۔ اس میں سرمہ سیاہ چار گنا ملالیں ۔ آنکھوں کے عام امراض اور ابتدائی موتیا میں مفید ہے ۔

دیگر: نمک شیشہ ۹ ماشہ طوطیا ایک ماشہ خوب کھرل کر کے سرمہ بناویں ۔ امراض بالا میں مفید ہے ۔

دیگر: نمک شیشہ ۔ ہلدی خام ۔ ہموزن کھرل کر کے سرمہ بناویں ۔

دیگر: نمک شیشہ ایک تولہ کوزہ مصری ۔ دو تولہ سرمہ بنا کر لگائیں ۔ اور مذکورہ فوائد حاصل کریں ۔

دیگر: زنجبیل ۔ دارچینی ۔ کھانڈ دانہ دار ہم وزن صبح و شام لگائیں ۔ اور مذکورہ بالا فوائد حاصل کریں ۔

دیگر: سرمہ سیاہ ۵ تولہ فلفل سفید ۲ تولہ خوب کھرل کریں ۔ زنگ اکسائیڈ ۵ تولہ زنگار ½ ۱ تولہ سمندر جھاگ منقشر ۵ تولہ قلمی شورہ ایک تولہ افیون ۵ ماشہ ۔ سرمہ بنا کر جملہ امراض چشم کے لیے استعمال کریں ۔

گوش بینہ: تخم مولی ایک تولہ روغن کنجد ½ پاؤ میں جلا کر صاف کر کے رکھیں اور دو دو قطرے کان میں ڈالیں ۔ کان کی جملہ امراض کے لیے نہایت آسان علاج ہے ۔

درد کان: پاسنگ شو سگریٹ ایک عدد کا تمباکو روغن تلخ ۵ تولہ میں ڈال کر جلائیں ۔ اور چھان کر کان میں ڈالیں ۔ درد فوراً دُور ہو گا

دیگر: مولی کو بھوبھل میں پکا کر پانی نکال لیں اور ۱/۴ حصہ روغن کنجد ملا کر آگ پر رکھیں کہ پانی خشک ہو جائے۔ ضرورت کے وقت کان میں ڈالیں۔

بہرہ پن:- مصبر ایک تولہ سرکہ خالص قندی ۵ تولہ میں حل کرکے چھان لیں صبح و شام دو قطرے نیم گرم کان میں ڈالیں۔

نکسیری:- پوست آملہ۔ صندل سفید کشنیز خشک۔ منڈی ہر ایک ۴ ماشہ رات کو بھگو کر صبح مل کر چھان کر شربت نیلوفر ملا کر پلائیں۔ نکسیر کا سبب کچھ بھی ہو۔ اس کے استعمال سے آرام آجاتا ہے۔

نزلی:- گندھک۔ پارہ۔ قرنفل ایک ایک تولہ تخم دھتورہ ۶ ماشہ سفوف بنا کر مویز منقیٰ ملا کر گولی بقدر ایک رتی بنا کر دودھ سے دیں۔ نزلہ زکام کو فوری فائدہ دیتا ہے۔ وبائی دنوں میں بہت مفید ہے۔

دیگر: تخم دھتورہ۔ آرد ۲ تولہ خشخاش ہموزن سفوف بنا کر بقدر ایک رتی ہمراہ چائے یا گرم پانی سے دیں دائمی نزلہ۔ زکام کا نہایت مفید علاج ہے۔ دافع سرعت انزال بھی ہے۔

آسان نسوار: کائپھل باریک کرکے کپڑ چھان کریں اور ضرورت کے وقت نسوار لیں۔ سردرد۔ نزلہ زکام اور دماغی امراض کو مفید ہے۔

دیگر: سوڈا کھار ۵ تولہ قرنفل دو ماشہ باریک کرکے بطور نسوار استعمال کریں۔ فوری فائدہ ہوگا۔

ٹھنڈک:- تخم خرفہ سیاہ ۵ تولہ کھانڈ ۲ تولہ ورق ۲۵ عدد سفوف بنا کر ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔ ٹھنڈک کے موضوع پر جس قدر لمبے چوڑے نسخہ جات دیکھنے میں آتے ہیں۔ یہ ان سے بہتر ہے۔

طبیعت سے غیر طبعی حرارت کو دور کرکے سکون پیدا کرتا ہے۔ ہاتھ پاؤں کی جلن کو دور کرتا ہے۔ سوزش بول کو رفع کرتا ہے۔ دل کی دھڑکن۔ گھبراہٹ سے نجات دلاتا

دیگر: زہر مہرہ خطائی عرق کیوڑہ میں کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔ بقدر ½ ماشہ ہمراہ شربت بزوری ۶ ماشہ بوقت صبح دیں۔

دیگر: برادہ سکہ مصفیٰ ۵ تولہ اسبغول ایک پاؤ سے ایک پاؤ لعاب حاصل کرکے کھرل کریں خشک ہونے پر سفید کشتہ ہوگا خوراک ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسب شربت وغیرہ تمام گرم امراض خصوصاً یرقان تبخیر۔ اختلاج۔ جریان احتلام سوزاک وغیرہ کو مفید ہے۔

دیگر: قلعی، پارہ مصفیٰ ایک ایک تولہ گرہ کرکے ابرک سفید محلوب ایک تولہ قلمی شورہ ۴ تولہ ملا کر خوب باریک کرکے شہد سے کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر کوزہ میں بند کرکے پانچ سیر آگ دیں۔ کشتہ سفید ہوگا۔ ایک رتی ہمراہ مسکہ یا شربت وغیرہ دیں۔ تمام گرم امراض۔ بخار۔ یرقان۔ حدت جگر، گردہ و مثانہ اور جریان احتلام کو مفید ہے۔

دیگر: طباشیر، دانہ الائچی خورد۔ سرد چینی (ڈنڈی دور کردہ) مغز کنول گٹہ (پتہ دور کردہ) کشتہ سنگ جراحت نیم والا کشتہ صدف مروارید۔ الائچی خورد والا ہم وزن سفوف بنا کر ایک ماشہ شربت صندل وغیرہ سے دیں۔ گرم امراض۔ تپ دق۔ نفث الدم۔ خفقان وغیرہ کو مفید ہے۔ ابتدائی دق میں عرق شیر سے دینے سے بہت فائدہ حاصل ہوتا ہے۔

قلبی: عقیق کوئلوں میں سرخ کرکے چالیس بار بکری کے دودھ میں بجھاؤ دیں۔ پھر کوزہ میں ڈال کر سفیدی بیضہ مرغ اتنی ڈالیں کہ عقیق ڈوب جائے۔ کوزہ کو گل حکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں اور سرد کرکے عرق کیوڑہ میں کھرل کرکے ایک رتی بدرقہ مناسب سے دیں۔

ضعف قلب کے لئے نہایت مفید ہے اور مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔

یرقانی: برگ مہندی ½ سیر کو کوری ہنڈیا میں تین دن بھگوئیں۔ اس کے بعد اسے ہاتھوں سے مل کر فضلہ نچوڑ کر پھینک دیں۔ اس میں کافور ½ پاؤ ڈال کر اوپر کوئی برتن معکوس دے کر مقام اتصال کو آٹا سے بند کرکے آگ پر رکھیں۔ اوپر پانی میں کپڑا تر کرکے

رکھیں۔ آٹھ گھنٹہ کے بعد کافور کے جوہر حاصل کریں۔ اس میں ہموزن دانہ الائچی خورد طباشیر زہر مہرہ خطائی ملاکر یک جان کریں ½ ماشہ ہمراہ شربت بزوری یا نیلوفر وغیرہ دیں۔

گرم مزاجوں کے لیے یہ ایک نایاب تحفہ ہے۔ حدت جگر۔ ہاتھ پاؤں کی جلن۔ خفقان وغیرہ کو مفید ہے۔ تپ دق۔ سل اور بچوں کے گرم امراض کو اکسیر کا کام دیتا ہے۔

تیر بہدف : نمک شیشہ۔ قلمی شورہ ہرایک ½ پاؤ کو کھرل کر کے سیاہ رنگ بوتل گل حکمت شدہ میں ڈال دیں اور اس میں تیزاب گندھک ایک پاؤ ڈال دیں۔ ایک ہنڈیا میں ریت کے درمیان بوتل کھڑی کر کے رکھ دیں۔ اور چولہا پر رکھ دیں۔ معتدل آگ جلائیں جب دھواں نکلنا شروع ہو تو سلاخ آہنی پھیرتے جائیں۔ جب سفید دھواں نکلنا شروع ہو تو تیار سمجھیں۔ سرد ہونے پر بوتل کو توڑ دیں۔ اوپر کے حصہ میں سفید چمکدار جوہر ہوں گے۔ اسے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ بقدر دانہ باجرہ ایک گھونٹ پانی سے دیں۔ امراض شکم کو بجلی کی طرح اثر کرے گا۔ پیٹ درد منٹوں میں اور قولنج سیکنڈوں میں دور ہوگی بھوک خوب لگائے گی۔ جو کھائیں گے ہضم ہو گا۔ نچلے حصہ میں جو دوا ہوگی۔ اسے الگ شیشی میں رکھیں۔ یہ تنہیقہ اور دیگر اقسام کھانسی و دمہ کو مفید ہو گی۔

ہاضوم : نوشادر ۳ تولہ۔ فلفل دراز۔ فلفل گرد۔ نمک خوردنی۔ جوکھار۔ سوہاگہ بریان۔ قلمی شورہ۔ مرچی ایک ایک تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ ست پودینہ ۳ ماشہ باریک کر کے شیشی میں بند کر لیں بقدر ایک ماشہ استعمال کریں۔ یہ نہایت اعلیٰ درجہ کا چورن ہے۔ جو اکسیر معدہ کا کام دے گا۔ درد وغیرہ کو منٹوں میں دور کرے گا اور جو کھائیں گے ہضم ہو گا ریاح کو دور کرے گا۔

دردِ شکم : بادیاں ½ پاؤ تیزاب گندھک ۴ تولہ ملاکر رکھیں خشک ہونے پر اسے کھرل کرلیں معجون کی طرح ہو گا۔ بقدر دانہ نخود گھنٹہ گھنٹہ کے وقفہ سے دیتے رہیں۔ درد شکم اپھارہ وغیرہ کا کو تیر بہدف علاج ہے۔

ہاضومی:۔ ایسٹک ایسڈ ایک پونڈ نوشادر ٹھیکری ایک تولہ ملا کر حل کریں اور ۵ تا ۱۰ قطرے پانی میں ملا کر دیں۔ غذا کو فوراً ہضم کرتا ہے۔ ہیضہ۔ قے۔ اسہال۔ بدہضمی کے لیے مفید ہے۔

زحیری:۔ پارہ۔ گندھک ایک ایک تولہ کھرل کریں۔ اس میں موچرس۔ ناگرموتھہ۔ بلکتھ۔ اندرجو شیریں۔ گل دھاوا افیون ایک ایک تولہ ملا کر کھرل کر کے بقدر دو رتی ہمراہ دہی استعمال کریں۔ دن میں دو بار دینے سے پہلے ہی روز پیچش کو فائدہ ہو جاتا ہے۔ بشرطیکہ کوئی سدہ وغیرہ نہ ہو۔ سدہ ہونے کی صورت میں پہلے کسٹر آئیل ۲ تولہ شربت انجبار ۲ تولہ عرق بادیاں ۳ تولہ گوندکیکر ۳ ماشہ کا ایملشن بنا کر پلائیں اور پھر دوا استعمال کریں۔ اگر اس میں فی خوراک ۲ ماشہ زنجبیل بریاں در روغن زرد ملا کر ہمراہ چھاچھ۔ دہی یکھن نکلی ہوئی دیں۔ اور جب بھی بھوک یا پیاس لگے تو چھاچھ ہی پلائیں اور اس کے ہمراہ دوا بھی دیں تو سنگرہنی کا مایوس مریض بھی ایک دن میں تندرست ہو جاتا ہے اور مایوس مریض بھی بھلا چنگا ہو جاتا ہے۔

دیگر: گل دھاوا۔ کتھ۔ بلکتھ۔ موچرس ایک ایک تولہ رال سفید ۲ تولہ سفوف بنا کر دو ماشہ صبح و شام ہمراہ دہی ایک پاؤ دیں۔

پیچش کے لیے نہایت بھروسہ کا نسخہ ہے۔

ڈائرائن:۔ نمک سونچل۔ پھٹکری سفید۔ سنگ جراحت۔ قلمی شورہ ایک ایک پاؤ نوشادر ٹھیکری ۳ تولہ جملہ ادویہ باریک کر کے بصورت تیزاب عرق کشید کریں۔ ۵ قطرہ کھانڈ میں ملا کر صبح و شام ہمراہ شربت بزوری دیں۔ سنگرہنی لاعلاج کے لیے بھی بھروسہ کا نسخہ ہے۔ چند دنوں میں ہی پاخانہ بستہ ہو کر آنا شروع ہوگا۔ جو کھائیں گے ہضم ہو جائے گا۔

پھٹکلہ زحیر: آب زلال رسونت ایک تولہ (پانی ایک پاؤ میں رسونت ایک تولہ حل کریں) صبح و شام پلائیں۔ بعض ویسے بھی ہمراہ پانی استعمال کرتے ہیں۔ پرانی سے پرانی پیچش اور سنگرہنی اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔

دیگر: ڈورس پوڈر بقدر دو رتی ہر تین گھنٹہ کے بعد لسی سے دیں ایک ہی دن میں

دور ہوگی۔

مستسقی :- شنگرف رومی مغز جمالگوٹہ پتہ دور کردہ ہموزن کھرل کریں۔ اور سوہاگہ سفید اتنا ملائیں کہ گولی بن جائے۔ گولی بقدر دانہ ماش بنائیں۔ حب سُرخ تیار ہوں گی
مصبر ایک تولہ۔ چوک ۶ ماشہ۔ سوہاگہ سفید ۳ ماشہ دار ہلد ۱½ ماشہ باریک کر کے پانی کی مدد سے گولی بقدر نخود بنائیں۔ حب سیاہ تیار ہوں گی۔

حب سُرخ صبح اور حب سیاہ شام کو ہمراہ مرکب عرق مکو۔ کاسنی۔ سونف دیں استسقاء کے لیے یہ نہایت کامیاب اور موثر علاج ہے جس کا تجربہ خود مولف پر بھی ہو چکا ہے۔ جو بچپن میں اس مرض کا شکار ہو گیا تھا۔ مگر اس میں احتیاط یہ ہے کہ تمام مشروبات کا قطعی پرہیز ہے صرف عرق مرکب کاسنی سونف مکو ہی کا استعمال کیا جائے۔ جب بھی پیاس لگے یہی عرق استعمال کریں۔ اسی طرح کھانے میں صرف خالص گندم کی خشک روٹی گوشت کے شوربہ کے ساتھ کھائیں۔ اور دیگر چیزوں چاول۔ پھل وغیرہ سے پرہیز کریں۔

جہاں تک مزید تجربہ کا تعلق ہے۔ اس مرض کے لیے عرق خود کشید کریں عرق کافی مقدار میں چاہیئے۔ پانی کی جگہ بھی استعمال کرنا ہوگا۔ اور اس کے ساتھ صرف شیرزقوم میں بھنے ہوئے چنے کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر صبح و شام استعمال کیا جائے۔ یا کوئی بھی قبض کشا دوا۔ تو آرام آسکتا ہے۔ بشرطیکہ کھانے اور پینے میں مذکورہ پابندی کا خیال رکھا جائے۔

جلابی :- مغز جمالگوٹہ۔ گیرو ایک ایک تولہ۔ زنجبیل۔ مرچ سیاہ دو دو تولہ گولی بقدر نخود بنا کر ایک تا چار گولی پانی سے دیں بہت اچھا مسہل ہے۔ کسی قسم کی گھبراہٹ وغیرہ نہیں ہوتی۔ بطور ملین بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

دیگر : مغز جمالگوٹہ پتہ دور کردہ ۳ تولہ پوٹلی بنا کر پانی دو سیر میں نمک خوردنی ۲ تولہ ملا کر پوٹلی ڈال کر پکائیں۔ جب پانی نصف رہ جائے تو پانی میں دھو ڈالیں۔ اس میں شنگرف

ست لیموں ایک ایک تولہ ملا کر خوب یک جاں کریں اور گولی بقدر دانہ نخود ٹھنڈے پانی سے دیں۔ اگر پیاس لگے تو سرد پانی پیویں۔ جب گرم پانی میں دیں گے۔ دست بند ہوں گے

دیگر: مغز جمالگوٹہ مدبر ۱ حصہ کچور ۳ حصہ ہلیلہ سیاہ ۷ حصہ قند سیاہ ۱۱ حصہ گولی بقدر نخود بنا کر بطور ملین ایک گولی اور برائے جلاب ۴ گولی آب سرد سے دیں۔

ملین: سورنجاں شیریں۔ گل سرخ مصفیٰ۔ برگ سنا مصفیٰ کھانڈ ہموزن سفوف بنا کر ۶ ماشہ ہمراہ دودھ سوتے وقت دیں۔ یہ خوش ذائقہ خوشبودار اور نازک مزاجوں کے لیے اعلیٰ درجہ کا ملین ہے۔ قبض اور اس سے پیدا شدہ عوارض کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

بواسیری: صبر سقوطری مصفیٰ۔ رسونت۔ چاکسو۔ مغز تخم نیم۔ پوست ہلیلہ زرد۔ صندل سفید ایک ایک تولہ آب مولی سے کھرل کر کے گولی بقدر کوکن بیر بنا کر صبح وشام پانی سے دیں۔ ہر قسم کی بواسیر کے لیے نہایت مفید ہے۔

بواسیری چٹکلہ: صبر مصفیٰ بقدر ½ ماشہ ہمراہ بالائی صبح وشام استعمال کریں ہر قسم کی بواسیر کو مفید ہے مسے خود بخود خشک ہو جائیں گے۔

سوزش وخارش مسہ بواسیر: تخم حنظل پانی میں گھس کر مسوں پر لیپ کریں جلن وغیرہ دور ہو گی۔

بائلز ول: بال سیاہ مرد جوان دھلے ہوئے ۵ تولہ تانبہ آہن پر رکھ کر اوپر کٹوری آہنی معکوس دے کر لب بند کر کے ایک گھنٹہ تیز آگ جلائیں تاکہ بال جل جائیں۔ اس میں سے دو تولہ لے کر کافور۔ ست پودینہ ایک ایک تولہ ملا کر کھرل کر کے رکھیں۔ اس میں سے ۲ ماشہ لے کر ۵ تولہ ویزلین ملا کر دن میں دو تین بار مسوں پر اور مقعد پر لگائیں۔ بہت جلد مسے مرجھا جائیں گے۔

کھانے کے لیے رسونت اصلی مصفیٰ۔ مغز تخم بندق ہندی ایک ایک تولہ آب مولی دس تولہ میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر صبح وشام پانی سے دیں۔

عجیب الخواص بواسیری بوٹی :- ایک بوٹی جس کا نام نگندر بابری اور گندھا دلی لیا جاتا ہے۔ بواسیر کے لیے نہایت مفید ہے۔ یہ پودینہ کی طرح تیز خوشبودار برگ بھنگ کے مشابہ اس سے بڑے اور قد اس کے برابر ہوتا ہے۔

بتھوا کی طرح بیج لگتے ہیں۔ ماہ فروری میں پیدا ہوتی ہے۔ ماہ ستمبر میں ختم ہو جاتی ہے اس کے پتے سایہ میں خشک کر کے بقدر ۲ ماشہ صبح و شام پانی سے دیں۔ دو تین دن میں خون وغیرہ بند ہو گا اور آہستہ آہستہ مسے بھی مرجھا جائیں گے۔ اسے بطور بھنگ گھوٹ کر بھی پیا جا سکتا ہے۔

جن لوگوں کو سانپ کاٹنے کا مرض ہو یعنی وقفہ پر سانپ کاٹتا ہو۔ تو اس بوٹی کے دو ہفتہ کے استعمال سے یہ مرض جاتا رہتا ہے اور پھر سانپ نہیں کاٹتا۔

اسی طرح استعمال سے یرقان بھی دور ہو جاتا ہے اور سوزاک اور صفراوی امراض کو بھی فائدہ ہوتا ہے۔

یہ بوٹی خون کے جوش کو بھی فرو کرتی ہے۔ اس لیے اسرول سے بہتر ہے۔ خون کے فاسد مادوں کو زائل کرتی ہے۔ مقوی قلب بھی ہے۔

اگر درد سر ہر قسم کے لیے سفوف ایک ماشہ صبح و شام دودھ سے پیویں۔ تو چند یوم میں صحت ہو جاتی ہے۔ غرضیکہ یہ عام ملنے والی بوٹی اپنے اندر بڑے عجیب خواص رکھتی ہے

ذیابیطس :- افیون۔ کشتہ فولاد۔ زعفران۔ سلاجیت ایک ایک تولہ کشتہ قلعی، مشک خالص ہر ایک ۶ ماشہ ورق نقرہ دفتری کونین سلفاس ۳ ڈرام گولڈ کلورائیڈ جانسن کمپنی دو ٹیوب عرق کیوڑہ ہر ۲ تولہ میں لگاتار کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔

ذیابیطس شکری کو دور کر کے جسم کو مضبوط و توانا بناتا ہے۔ مقوی باہ بھی ہے۔

دیگر : افیون ایک تولہ۔ ست لوبان ۲ تولہ مرگانگ ۶ ماشہ خوب کھرل کر کے گولی بقدر ایک رتی بنا کر صبح و شام ہمراہ پانی وغیرہ دیں۔ ذیابیطس کے علاوہ ممسک بھی ہیں

اور سرعت انزال کو دور کرتی ہیں۔

دیگر: پوست انار قندھاری۔ مغز جامن۔ مغز خستہ انبہ۔ گیرو ایک ایک تولہ افیون ۳ ماشہ سفوف بنا کر ایک ماشہ صبح یا شام پانی سے دیں۔

دیگر: خستہ جامن ۲ تولہ گڑ مار ۱ تولہ افیون ۳ تولہ چھلکا کریلہ ۴ تولہ گولی بقدر کوکن بیر بنا کر صبح و شام پانی سے دیں۔

ذیابیطس کے لیے بعض آسان چٹکلے:۔ ذیابیطس شکری اگرچہ عسر العلاج مرض ہے۔ مگر لاعلاج نہیں ہم نے کئی مریضوں کو مفردات کے استعمال سے فائدہ ہوتے دیکھا ہے۔ آج کل یہ عام مرض ہے۔ اس لیئے مناسب معلوم دیتا ہے کہ ہم ان کا ذکر یہاں کر دیں تاکہ ضرورت کے وقت ان سے فائدہ حاصل کیا جا سکے۔

تخم سلارہ سفوف بنا کر ۶ ماشہ صبح و شام پانی سے دیں۔

دیگر: سفوف تارامیرا ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔

دیگر: بیخ سرکنڈا گھڑے میں ڈال کر پانی سے بھر دیں جب کبھی پیاس لگے۔ یہی پانی پئیں۔

دیگر: مغز تخم بندق ہندی ۱/۲ عدد صبح و شام پانی سے دیں۔

دیگر: آرد نخود بریاں ایک پاؤ۔ تخم جامن ۵ تولہ کھانڈ ۵ تولہ۔ مازو ایک تولہ۔ سفوف بنا کر ۶ ماشہ دن میں تین بار بعد غذا دیں۔

دیگر: تخم حرمل ۳ ماشہ ہمراہ دہی گاؤ صبح و شام استعمال کریں۔

بولانی:۔ کھر بکرا (بکرے کے پائے بناتے وقت قصائی اتار کر پھینک دیتے ہیں جلا کر رکھیں خوراک ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی۔ کثرت بول اور بول فی الفراش کے لیئے نہایت مفید ہے۔ بچوں کو خصوصیت سے فائدہ مند ہے۔ اسی طرح نوجوان مرغ کے پہنچے (پنجے) کوزہ میں رکھ کر جلائیں اور ایک ماشہ صبح شام پانی سے دیں۔

کلونی:۔ سنگ سیوو ایک پاؤ کو آب مولی تلخ میں ایک ہفتہ کھرل کر کے قرص بنا

کر کوزہ میں بند کر کے دس سیر آگ دیں کشتہ ہو گا۔ ابرک سفید ½ پاؤ آب گھیکوار میں تین روز کھرل کر کے قرص بنا کر پانچ سیر آنچ دیں اسی طرح آب گھیکوار میں کھرل کر کے تین آنچیں دیں۔ اس کے بعد ایک تولہ ہڑتال ورقیہ ملا کر آب گھیکوار سے کھرل کر کے پانچ سیر آگ دیں۔ اسی طرح تین آنچیں ہڑتال ورقیہ ملا کر دیں زرد رنگ کشتہ ہو گا۔

کشتہ سنگ یہود مذکورہ نمک شور۔ ایک ایک پاؤ کشتہ ابرک مذکور انٹی فبرین ہر یک ½ پاؤ ملا کر کھرل کر کے رکھیں بوقت ضرورت بقدر ۲ ماشہ ہمراہ چائے وغیرہ دیں۔ یہ دوا درد گردہ ہر قسم کے لیے تیر بہدف ہے۔ دس پندرہ منٹ میں درد کا دورہ دُور ہو گا۔ اور تین یوم کے استعمال سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے درد دُور ہو گا۔ اگر کوئی چھوٹی موٹی پتھری ہو گی تو وہ بھی چند یوم میں خارج ہو جائے گی۔

چٹکلہ درد گردہ: سفوف تخم سرس ایک ماشہ چائے سے دیں فوری آرام ہو گا۔ جہاں تک تخم سرس کا تعلق ہے اسے خنازیر اور دیگر بڑھے ہوئے گلینڈز میں استعمال کیا جاتا ہے اور بطور نسوار سر درد نزلہ وغیرہ کو اکثر مفید ثابت ہوتا ہے آج ہم درد گردہ میں اس کے استعمال کا مشورہ دیتے ہیں۔

سنگریزی: سنگ یہود، سنگ سرماہی۔ جوکھار۔ قلمی شورہ کشتہ بارہ سنگھا نمک پنجال کبوتر۔ نمک پوست خربوزہ ہموزن سفوف بنائیں۔ بنفشہ۔ بادیان۔ انیسوں کلفتی کوفتہ تخم خیارین کوفتہ۔ تخم خربوزہ کوفتہ۔ خارخسک۔ پوست برنا۔ ریشہ مکی۔ پوست خربوزہ ہر یک ۵ تولہ کھانڈ ۹ پاؤ تین بوتل شربت تیار کریں خوراک ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت ۵ تولہ دیں۔ گردہ میں کتنی ہی بڑی پتھری کیوں نہ ہو۔ ہفتہ عشرہ کے استعمال سے تمام پتھری خارج ہو جائے اور دوبارہ پیدا نہ ہو گی۔ جو مغرب زدہ لوگ بغیر اپریشن گردہ سے پتھری خارج ہونے کے قائل نہ ہوں وہ اس نسخہ کے معجز نما اثرات سے ضرور فائدہ حاصل کریں۔ انشاء اللہ انہیں کبھی مایوسی نہ ہو گی۔

دیگر: کانچ اصلی (لیمپ کی چمنی ولائتی یا ولائتی بلب کا شیشہ) کو آگ میں

سرخ کر کے سرکہ تند و تیز میں اکتالیس بار بجھا ئیں اور اس کے بعد عرق گلاب سہ آتشہ میں کھرل کریں کہ مثل سرمہ ہو جائے اور تین تولہ لے کر خاکستر بچھو سیاہ ایک تولہ حجر الیہود۔ شورہ قلمی ہو کمار خانہ ساز ہر ایک ۶ ماشہ ملا کر دو یوم عرق گلاب سہ آتشہ میں کھرل کر کے رکھیں بقدر ۱/۲ ماشہ ہمراہ شربت بزوری صبح و شام دیں۔ یہ نسخہ بھی درد گردہ و مثانہ کی ہر قسم کی پتھری کو خارج کرنے کے لیے اکسیر سے کم نہیں۔

نوع دیگر:۔ سنگ یہود ایک پاؤ کو آب مولی تلخ میں ایک ماہ کھرل کر کے قرص بنائیں اور پیاز زنبق ایک سیر کے نغدہ میں رکھ کر بیس سیر اوپلہ کی آگ دیں اور بقدر ایک ماشہ شربت بزوری وغیرہ سے دیں۔

چٹکلہ:۔ قشر خربوزہ کا بطریق معروف نمک حاصل کریں۔ اور صبح و شام دو رتی پانی سے دیں سنگریزے بذریعہ پیشاب خارج ہو جائیں گے۔

درد کا جادو:۔ درد چاہے کیسے بھی ہو منٹوں میں آرام دیتا ہے اور چند بار کے استعمال سے درد ہمیشہ کے لیے غائب ہو جاتا ہے

سورنجاں شیریں۔ اسگندنا گوری کشنیز خشک۔ ایک ایک تولہ زنجبیل۔ اسپرین۔ چھ چھ ماشہ انٹی پائیرین۔ ۳ ماشہ کنیین۔ سالیسیلاس ۴ ماشہ شکر تری۔ ۳ تولہ سفوف بنا کر بقدر ۳ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

ریاحی:۔ پوست ہلیلہ زرد برگ سرنا مصبر سورنجاں شیریں۔ مصطگی رومی ہموزن سفوف بنا کر بادام روغن ملا کر گولی بقدر کوکن بیر بنا کر صبح و شام عرق سونف سے دیں۔

دیگر:۔ تخم حلبہ۔ تخم حرمل۔ زنجبیل۔ سونٹھ اسیلی سلاس ہموزن سفوف بنا کر بقدر ایک ماشہ صبح و شام چائے دودھ یا پانی سے دیں۔

دیگر: گوگل مصفیٰ گھی میں بریان شدہ بسنڈھ ۲ دو دو تولہ قند سیاہ کہنہ ۴ تولہ ہاون دستہ میں اس قدر کوٹیں کہ یک جان ہو جائیں۔ گولی بقدر کوکن بیر بنا کر سوتے وقت دودھ سے دیں۔

مفاصلی :- ہرسہ، جوائن ایک تولہ بلادر کلاہ دور کردہ ۳ عدد رسکپور ۳ ماشہ ہیرا کسیس ۳ ماشہ متقشر جمالگوٹہ مدبر ۲۰ عدد گڑ پرانا ۲ تولہ جملہ ادویہ باریک کرکے زوردار ہاتھوں سے اس قدر کوٹیں کہ موم کی طرح ہو جائے۔ گولی بقدر کنار روشنی بنا کر دہی میں رکھ کر صبح کے وقت دیں سوائے شوربہ گوشت اور نانِ گندم کے اور کوئی چیز نہ دیں ایسے گنٹھیا میں جس میں مریض کے جوڑ متورم ہوں اور چلنے پھرنے سے عاری ہو تو ایک ہفتہ میں بذریعہ اسہال تمام مواد خبیثہ بذریعہ اسہال خارج ہو جائیں گے اور جکڑا ہوا مریض چلنے پھرنے کے قابل ہو جائے گا۔ یہ اگرچہ اس مرض کا مخصوص نسخہ ہے مگر اس کے علاوہ خنازیر۔ آتشک اور تپ ربعہ کو بھی مفید ہے۔

اوجاعی :- کڑاہی میں ایک سیر تیل کنجد ڈال کر آگ پر رکھیں، جب جھاگ ختم ہو جائے تو تھوم یک پوتھیہ ½۱ پاؤ کتر کر ڈالیں جب جل کر کوئلہ کی طرح ہو جائے تو سفوف میٹھا تیلیہ ½۱ چھٹانک ڈال دیں اور نیچے اتار کر گرم گرم چھان لیں۔ دھوپ میں بیٹھ کر ایک گھنٹہ تک مالش کریں اور ایک گھنٹہ مزید دھوپ میں بیٹھیں۔ اگر اس دوران پیاس لگے تو پانی نہ پیئیں بلکہ سایہ میں ایک گھنٹہ آرام کرنے کے بعد پانی پیئیں۔ وجع المفاصل اور دیگر ریحی دردوں کو دور کرنے کے لیے نہایت عجیب الاثر ہے۔ ایک ہی ہفتہ میں چلنے پھرنے کے قابل بنا دیتا ہے۔

دیگر : ماش ثابت ایک پاؤ روغن کنجد ½ سیر میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب جل کر کوئلہ ہو جائیں تو چھان لیں اور مالش کرکے گرم گرم روئی باندھیں تمام ریحی دردوں کو اور چوٹ وغیرہ کو مفید ہے۔

ویلڈول : پھٹکری سفید ۲ تولہ کڑچھی میں ڈال کر گھلائیں شنگرف ۶ ماشہ تھوڑا تھوڑا ڈال کر ملائیں پھر افیون ½۱ ماشہ ملا کر سلاخ آہنی سے ہلائیں جب گداز ہو جائے اور جم جائے تو اتار کر سلاجیت لاکھ پیپل دو دو تولہ سنگ مقناطیس ۶ ماشہ تمام ادویہ باریک کرکے آب مکئی سبک زرد دودھ والی ½ پاؤ میں کھرل کرکے گولی بقدر کوکن بیر بنائیں دودھ ایک پاؤ میں میدہ کا سفوف ۳ ماشہ ملا کر جوش دے کر ایک ایک گولی صبح و شام دیں۔ ہر قسم کی درد چوٹ اور ٹوٹی ہوئی ہڈی محض کھانے ہی سے درست ہو جاتی ہے۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی کو پہلے لکڑی کی تختی سے

باندھ کر گولیاں کھلائیں۔ چند یوم میں ہڈی خود بخود جڑ جائے گی۔

رعشہ:- رعشہ کے لیے مفید ہونے کے علاوہ نہایت مقوی اعصاب ہے۔ مشتہی اور مقوی باہ بھی از حد ہے۔

سنگِ راسخ ۲ ½ تولہ شنگرف ۶ ماشہ زردی بیضہ مرغ سے سحق بلیغ کر کے کوزہ میں بند کر کے ۵ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ دوسرے روز مزید شنگرف ۶ ماشہ ملاکر زردی بیضہ مرغ دو عدد سے کھرل کر کے آگ دیں۔ اسی طرح سات آنچیں شنگرف ۶ ماشہ ملاکر دے دیں۔ اور زردی بیضہ مرغ ایک عدد کا ہر روز اضافہ کرتے جائیں۔ رات کو ½ ماشہ دوا دودھ میں ڈال کر جوش دیں اور پی لیں۔ رفع قبض کے لیے ایک عدد ہلیلہ کلاں رات کو پانی میں بھگوئیں۔ صبح نمک کے ساتھ کھالیں۔ چند یوم میں رعشہ دور ہوگا اور قوتِ باہ میں اضافہ ہو گا۔

چنبل:- برتن آہنی میں تیل سرسوں ۱۶ ماشہ ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب جھاگ ختم ہو جائے تو رنگ سفید ۲ ماشہ ڈال دیں۔ جب سُرخ ہو جائے تو اتار کر تیل علیحدہ کر دیں اور تھوڑا سا اس میں رہنے دیں۔ لوہے کے دستہ سے اس قدر گھوٹیں کہ مثل موم ہو جائے زور دار ہاتھوں سے محنت سے کھرل ہوگا۔ اس میں سم الفار سفید ایک ماشہ ڈال کر خوب کھرل کریں پھر نوشادر ٹھیکری ۴ ماشہ ڈال کر کھرل کریں اور باقی تیل کڑاہی میں ڈال کر موم ۸ ماشہ ڈال کر اتنی آگ پر رکھیں کہ موم پگھل کر اس میں مل جائے۔ مرہم تیار ہے۔ یہ مرض کی ایسی حالت میں مفید ہے۔ جب کہ چمڑا سیاہ موٹا ہاتھی کے چمڑا کی طرح ہو جاتا ہے۔ چنبل کے برابر پارچہ پر مرہم لگا کر چنبل پر لگائیں اور اوپر روئی رکھ کر نرم باندھیں اور چوتھے دن پٹی کھولیں۔ چنبل کے کیل نکل کر جلد سُرخ ہو گی اگر کچھ کمی رہ جائے تو ایک پھایہ اور لگائیں ورنہ ایک ہی پھایہ میں آرام آ جاتا ہے اس کے بعد پنیر دہی باندھیں۔ دس بارہ روز میں جلد اصل حالت پر آ جائے گی۔ یہ دوا جلد پر لگتی ہے۔ گھبرائیں نہیں۔

جلدی:- گندھک دس تولہ پوٹاس ۵ تولہ الگ الگ باریک کر کے ملالیں بوقت ضرورت گھی، مکھن یا مناسب تیل میں ملا کر لگائیں۔ خارش ہر قسم۔ داد۔ گنج۔ انگل بیڑہ

وغیرہ کو نہایت مفید ہے۔

دیگر، خارش۔ داد اور گنج کا شرطیہ علاج ہے۔

رال سفید۔ بابچی۔ گندھک ایک ایک تولہ مرداسنگ۔ ہڑتال ورقیہ۔ چھ چھ ماشہ طوطیا سیماب تین تین ماشہ۔ خوب باریک کرکے مکھن شستہ ۵ تولہ میں ملاکر مرہم بنا دیں اور لگائیں۔

کندن:۔ مرداسنگ۔ سیماب۔ رسکپور۔ دارچکنا۔ گندھک آملہ سار۔ گول مرچ سفید۔ بلادر ہر یک تین ماشہ قرنفل ۲ ماشہ ہر چہار اجوائن ہر یک ۲ ماشہ قند سیاہ کہنہ ۱/۲ اتولہ یکے بعد دیگرے ایک ایک دوا ڈال کر خوب کھرل کریں۔ دو دن کھرل کرنے کے بعد آب گھیکوار سے کھرل کرکے گولی بقدر کنار دشتی بنائیں۔ اگر دوائیں اچھی طرح کھرل نہ ہوں گی۔ تو منہ آنے کا اندیشہ ہے۔ ایک گولی صبح و شام ہمراہ ایک گھونٹ روغن زرد دیں۔ یہ گولیاں پرانے سے پرانے بند مہ آتشک ناسور، گمبھیر برص کے لیے نہایت مفید ہیں جتنا آتشک سخت ہوگا۔ اتنا ہی اس سے فائدہ ہوگا۔ مگر اس کے استعمال سے نہ تو نہانا ہے اور نہ ہی زخموں پر پانی لگنے دیں۔ سوائے گڑ گھی۔ گندم نخود کے اور کوئی غذا نہ دیں۔ گندم کا دلیہ گڑ ملا کر دے سکتے ہیں ایک ہفتہ میں مکروہ سے مکروہ زخم بھی مندمل ہوگا اور جسم کندن کی طرح ہوگا۔

ناسوری:۔ سینگ بھینس یا گائے کی شاخیں جو پھوٹ نکلیں انھیں لے کر قینچی سے کتر کر ہموزن روغن کنجد میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب جل جائیں تو تیل چھان کر زخم کو جوشاندہ نیم سے دھو کر زخم میں ڈالیں۔

برصینہ: بابچی۔ بیخ خظل۔ رائی ایک ایک چھٹانک گیرو ۱/۲ پاؤ کوٹ چھان کر سفوف بنا کر آب گندنا سے کھرل کرکے خشک کریں۔ بقدر ۳ ماشہ دوا رات کو پانی میں بھگو کر صبح ہمراہ مرچ سیاہ ۷ عدد گھوٹ کر چھان کر پئیں۔ اور صبح بھگو کر سوتے وقت گھوٹ کر پی لیں۔ اور یہ دوا پانی میں ملا کر داغوں پر لیپ کریں۔ اگر پھنسیاں ہو جائیں تو سادہ مرہم

لگائیں۔ دو تین ماہ لگاتار استعمال سے مرض دُور ہوگا۔ بیسنی روٹی کا زیادہ استعمال کریں اور گوشت گائے۔ گڑ، تیل اور ترش اشیاء سے پرہیز کریں۔

چٹکلہ :- روغن سم الفار مشہور نسخہ شورہ و تیل والا داغوں پر لگایا کریں۔

مرہم :- رسونت ۵ تولہ کو ½ سیر پانی میں حل کر کے مقطر کریں دیسی صابن ۵ تولہ ملا کر آگ پر پکانا شروع کریں جب صابن حل جائے تو دیسی کھانڈ ۵ تولہ اور طوطیا ایک تولہ باریک کر کے ڈال دیں۔ جب اچھی طرح قوام ہو جائے تو اتار لیں۔ یہ مرہم نمبر ۱ ہے مرہم نمبر ۲ میں طوطیا نہ ڈالیں۔ پہلے مرہم نمبر ۱ لگائیں۔ جب مواد وغیرہ صاف ہو جائے تو مرہم نمبر ۲ لگائیں ہر قسم کے پھوڑے پھنسیوں کے لیے نہایت مفید مرہم ہے۔

دیگر : گندھک آملہ سار۔ بورک ایسڈ۔ زنک آکسائڈ۔ سندھور۔ کبیلہ۔ مرداسنگ ایک ایک تولہ۔ کاربالک ایسڈ ۳ ماشہ ڈیٹول ایک اونس۔ ویزلین۔ ایک پاؤ۔ مرہم بنا دیں۔

یہ مرہم اعلیٰ درجہ کی جراثیم کش ہے۔ ہر قسم کے پھوڑے پھنسی۔ زخم اور خارش کو مفید ہے۔ جملہ اورام کو تحلیل کرتی ہے۔

شری :- چھپاکی نکلنے کو از حد مفید ہے۔

سفوف ناگ کیسر بقدر ½ ماشہ صبح۔ دوپہر۔ شام شہد میں ملا کر دے دیں۔

نوبتی : مرچ سیاہ۔ برگ تلسی۔ مغز کرنجوہ۔ نوشادر ٹھیکری۔ اتیس۔ برگ بھنگ ہموزن گولی بقدر نخود بنا کر دن میں تین بار ہمراہ بدرقہ مناسب دیں ہر قسم کے بخاروں خصوصاً ملیریا کا تریاق ہے۔

دیگر : کشتہ گئوڈنتی ۵ تولہ سوڈیم سیلی سلاس سوڈا بائی کارب ہر ایک ½ ۲ تولہ باریک کر کے ½ تا ایک ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسب دن میں تین بار دیں۔ ملیریا بخار کا تریاق ہے۔ اور کونین سے بدرجہا بہتر ہے۔

اکسیر تپ :- لوبان کوڑیہ اصلی سفوف بنا کر ½ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسب عرق شربت جوس یا سادہ پانی سے دیں۔ ہر قسم کے بخاروں کو فوری فائدہ ہوگا۔

دیگر: ہڑتال ورقیہ۔ ایک تولہ پھٹکری سفید ۲ تولہ باہم کھرل کر کے یک جان کریں۔ اور نیم آگ پر رکھیں کہ شگفتہ ہو جائے۔ باریک کر کے بقدر ایک رتی بدرقہ مناسب سے دیں۔

دیگر: بیربہوٹی ایک تولہ کھانڈ ۱/۴ پاؤ کھرل کر کے خشک کریں۔ خوراک ایک رتی دن میں تین بار پانی سے دیں میٹھی کونین کے نام سے مطب میں موجود ہے۔ بطور حفظ ماتقدم بھی کار آمد ہے۔

میارکی: خاکستر کھوپری کچھوا ایک تولہ کشتہ ناگوس ۶ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد۔ زعفران تین تین ماشہ مروارید ۱/۲ ماشہ جملہ ادویات باریک کر کے محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت ہمراہ جوشاندہ عناب۔ مویز منقی خوب کھلا دیں۔ تپ میارکی کے لیے یہ نسخہ تریاق سے کم نہیں دو تین یوم میں تمام میارکی باہر آجاتی ہے اور بخار اتر جاتا ہے اور اپنا کوئی برا اثر نہیں چھوڑتا۔

حب غافث: گل غافث۔ مغز کرنجوہ۔ نوشادر پھٹکری گیرو ہموزن جملہ ادویہ خوب باریک کر کے پانی کی مدد سے گولی بقدر نخود بنا کر محفوظ رکھیں۔ یہ گولیاں ہر قسم کے بخاروں کو مفید ہیں ضعف ہاضمہ، عظم جگر و طحال کو دور کرتی ہیں۔ اندرونی اورام کو تحلیل کرتی ہیں پیٹ کے کیڑوں کو ہلاک کرتی ہیں۔ دانتوں پر ملنے سے اکثر امراض کو مفید ہیں۔

کشتہ ابرک: ابرک سیاہ یا سفید محلوب کے ہموزن برگ بھنگل زرد دودھ میں گھوٹ کر قرص بقدر روپیہ بنا کر اور گیلے گیلے اوپلوں کے درمیان چن دیں۔ تقریباً دس سیر اوپلے ارد گرد چن دیں اور آگ لگا دیں سرد ہونے پر اسی قدر برگ بھنگل اور ملا کر اسی طرح آگ دیں۔ نہایت اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہوگا۔ ہر قسم کے بخار اور تپ دق تک کو مفید ہے۔

دیگر: ابرک سیاہ دس تولہ ہڑتال ورقیہ ۶ ماشہ آب گھیکوار سے کھرل کر کے دس عدد قرص بنا کر کوئلوں میں رکھ کر یں سرخ ہونے پر نکال کر مزید ہڑتال ملا کر قرص بنا کر آگ دیں۔ اسی طرح دس آنچیں دیں۔ اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہوگا۔ تپ دق اور دیگر بخاروں میں

اکسیری حکم رکھتا ہے۔

تپ دق:۔ ایک تولہ پترہ نقرہ کے زیر و بالا دو تولہ ہڑتال ورقیہ رکھ کر کوزہ میں بند کر کے ۴ سیر آگ دیں کشتہ ہو گا۔ عقیق ایک تولہ کو مغز کنول گٹہ ۵ تولہ میں رکھ کر دس سیر آگ دیں سرد کر کے روح کیوڑہ میں ہی کھرل کریں۔ پترہ سرب ایک تولہ کوزہ مصری ۲ تولہ ہاون دستہ میں تھوڑی تھوڑی مصری ڈال کر پترہ کے ہمراہ کوٹیں کہ سکہ کی چمک نہ رہے اور کشتہ ہو جائے۔

ان تینوں کے ہمراہ دانہ الائچی خورد ۳ تولہ طباشیر ایک تولہ ملا کر خوب کھرل کریں اور ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔ یہ ایک ایسا نسخہ ہے جس پر تپ دق کے علاج میں بھروسہ کیا جا سکتا ہے۔ پھیپھڑوں کے زخموں کو مندمل کر کے بخار کو دور کرے گا۔ دل کی دھڑکن اور جسمانی کمزوریوں کو دور کرے گا۔ اگر کھانسی زیادہ ہو تو یہ گولیاں بنائیں۔ خاکستر سرطان۔ صمغ عربی۔ افیون ہر ایک ۳ ماشہ گوند کتیرا۔ خشخاش۔ رب السوس۔ شکر تیغال۔ بہی دانہ۔ تخم خطمی عناب۔ مغز کدو۔ مغز تربوز۔ مغز پیٹھہ ایک ایک ماشہ گولی بقدر دانہ نخود بنا کر سوتے وقت پانی سے دیں۔

دیگر: برادہ کھوپری کچھوا ایک تولہ زعفران، کافور تین تین ماشہ عرق گلاب سے کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔ اس نسخہ کا لگاتار استعمال تپ دق سے نجات دلاتا ہے۔ کوئی بھی دوا استعمال کریں ان گولیوں کا کورس ہمراہ جاری رکھیں۔

زندگی:۔ برادہ طلاء خالص ایک تولہ۔ پھٹکری سرخ دو تولہ شیر مدار ۵ تولہ سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں اور سرد کر کے نکال کر کھرل کریں اور ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔ اس نسخہ پر بھی مرض دق میں بہت حد تک بھروسہ کیا جا سکتا ہے۔ نئی زندگی پیدا ہو جاتی ہے۔

جوہری:۔ پارہ۔ سم الفار دو دو تولہ اس قدر کھرل کریں کہ پارہ نابود ہو جائے پھر اسی قدر

موبز منقی ملا کر کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں اور صابن دیسی ۲ تولہ میں ملفوف کر کے تابر آہنی پر رکھ کر اوپر پیالہ مٹی دے کر لب بند کر کے ارد گرد ریت ڈال کر چار گھنٹہ آگ جلائیں اور سرد کر کے جوہر حاصل کریں سُرخی مائل جوہر حاصل ہوں گے خوراک ایک برنج ہمراہ مسکہ دیں ضعف باہ کے لیے جوہری ایک عجیب تحفہ ہے اور قدرتی امساک پیدا کرتا ہے۔

یہ تو اس نسخہ کا ایک آسان طریقہ تھا اگر اسی طریقہ پر غلولہ تیار کر کے دو عدد کٹوری مٹی وزنی دس تولہ میں رکھ کر کپڑ وٹی کر کے خشک کر کے ایک سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد کر کے ہر دو کٹوریوں کے اندر چپک دار اور چھلکے سے الگ کر کے اسے شیر مدار یا آب دھتورہ میں ایک دن کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر کوزہ میں بند کر کے دو سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ تو اس سے بھی مذکورہ بالا فوائد حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ یہ ضروری نہیں کہ سم الفار و پارہ کے ہمراہ مذکورہ اشیاء ہی ملائی جائیں بلکہ جس طریقہ سے بھی اچھی طرح عمل کیا جائے۔ فائدہ میں کوئی کمی نہ ہو گی۔

دیگر: سم الفار سفید بچھو ہموزن کھرل کر کے بطریق معروف جوہر اڑائیں۔ بقدر ایک دانہ خشخاش ہمراہ مسکہ دیں۔ نہایت ہی مقوی باہ ہے۔ اعلیٰ درجہ کا ہیجان خیز ہے پیشاب میں شکر آنے کو مفید ہے۔

شبابینہ: جریان۔ احتلام اور سرعت کا یقینی علاج ہے اور ایسے نوجوانوں کا رفیق ہے جن کے عضو تناسل کی حس بڑھی ہوئی ہو جن کی وجہ سے حسین و جمیل عورت یا عشقیہ کھیل تماشے فلم وغیرہ دیکھنے وقت یا محض تصور ہی سے مادہ رسنا شروع ہو جاتا ہے اور پیشاب کے ساتھ یا اس سے پہلے یا بعد لیسدار رطوبت کے بہنے اور بلا ارادہ منی کو نکلنے سے روکتا ہے۔ یہ دوا احتلام کا شرطیہ علاج ہے جس میں رات کو سوتے وقت بذریعہ خواب یا بغیر خواب منی بہہ جاتی ہے اور بیوی کی دلآزاری کا باعث بننے والے مرد جو فوراً ہی انزال ہو جاتے ہوں ان کی یہ شکایت دُور کر کے مستقل اور دیرپا امساک پیدا کرتا ہے سرعت انزال کا بھروسہ کا علاج ہے اور غم والم ووہم و پراگندگی خیال، پریشانی بیقراری

اور کمزوری دور کرکے قوتِ ارادی کو مضبوط بناتا ہے۔

اسی طرح عورتوں کے لیے سیلان الرحم (لیکوریا) جو ایک بدترین مرض ہے جس طرح بتاشہ پانی میں گھل جاتا ہے اسی طرح اس مرض سے عورتوں کا حسن و شباب گھلتا ہے۔ جو عورت کو گھن کی طرح اندر ہی اندر کھوکھلا کر دیتا ہے۔ عورت شرم کے مارے کسی سے ذکر نہیں کرتی جس عورت کا چہرہ زرد بے رونق اور کملایا ہوا دیکھیں تو سمجھ لیں کہ بے چاری پانی میں بتاشہ کی طرح گھل رہی ہے۔

عورتوں کے اس مرض میں بھی یہ دوا نہایت مفید ثابت ہوگی۔

قلمی ۵ تولہ کڑاہی میں ڈال کر تیز آگ پر پگھلائیں۔ اور اس میں قلمی شورہ اور بھنگ خشک ڈال کر بیر گد کی لکڑی سے ہلائیں۔ شورہ کو آگ لگے گی اور بھنگ وغیرہ جل جائے گی۔ اس میں پھر قلمی شورہ اور برگ بھنگ ڈالیں اور یہ عمل یہاں تک کریں کہ قلعی بالکل خاک ہو جائے۔ اب اسے آب بھنگ میں خوب کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے کوزہ میں بند کرکے ۲۰ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد کر کے محفوظ رکھیں۔ اس کے ہموزن شبی نسخہ نمبر ۲۱۹ رال سفید۔ پوٹاشیم برومائیڈ ملا کر باریک کر کے کپڑچھان کر لیں خوراک ایک ماشہ صبح و شام مناسب مشروب یا دودھ سرد سے دیویں۔

کشتہ قلعی مذکورہ کی بجائے اگر ٹھنڈک نمبر ۲۲۴ استعمال کر لی جائے۔ تو بھی ایک ہی بات ہے۔

عشرتی :۔ اسٹرکینا۔ مارفیا۔ کوکین ایک ایک رتی کشتہ فولاد ایک ماشہ کشتہ سونا ½ ماشہ۔ ایکسٹریکٹ بیلاڈونا ½ ۱ ماشہ گولی بقدر دانہ مسور بنا کر ایک گھنٹہ پیشتر دودھ سے دیں۔ اس روز غذا نہ دیں۔ با غذا کے دو تین گھنٹہ بعد دیں۔ از حد ممسک و مقوی ہے۔

دیگر : مذکورہ نسخہ سے آسان تر ہے۔ اور اعلیٰ درجہ کا ممسک ہے۔

افیون ۷ ماشہ۔ قرنفل ۵ ماشہ۔ باہم کوٹ کر لکڑی کیکر تازہ ½ ۱ فٹ طویل اور چار انچ موٹی میں ایک طرف چھ انچ گہرا سوراخ کر کے ڈال دیں۔ اور منہ بند کر کے باقی حصہ کو

اوپلوں میں رکھ کر آگ لگا دیں۔ جب دُو تک آگ پہنچ جائے تو گرم گرم نکال کر جائفل جاوتری۔ عقرقرحا۔ جدوار۔ قند سیاہ کہنہ۔ ملکہ ۲ ماشہ ملا کر گولی بقدر نخود بنا کر دو گھنٹہ پیشتر دودھ سے دیں۔

دیگر: برادہ طلا۔ سم الفار سفید۔ مارفیا۔ کوکین ہر ایک تولہ تولہ شراب برانڈی ایک بوتل میں قطرہ قطرہ ڈال کر کھرل کر کے جذب کریں۔ بیس یوم میں بوتل ختم ہوگی۔ ۱/۲ رتی ہمراہ مسکہ دیں اور پہلے ہی روز اثرات ملاحظہ کریں۔

ممسکینہ: اساک کے لیے اعلیٰ پایہ کا نسخہ ہے۔

کچلہ مدبر۔ شنگرف۔ افیون۔ اجوائن خراسانی۔ ایک ایک تولہ زعفران تخم دھتورہ چھ چھ ماشہ باہم یک جان کر کے شیر برگد ۵ تولہ سے کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر دو گھنٹہ پیشتر دودھ سے دیں۔

ممسک چٹکلہ: ثمر دھتورہ میں قرنفل چبھو دیں۔ اور اسے چند عدد برگ دھتورہ میں لپیٹ کر دھاگا لپیٹ دیں۔ آرد گندم میں ملفوف کر کے بھوبھل میں دبا دیں۔ جب آگ سرخ ہو جائے۔ تو قرنفل الگ کر کے کوٹ کر گولی بقدر نخود بنا کر استعمال کریں۔ یہ گولیاں پرانے سے پرانے نزلہ کے لیے بھی اکسیر صفت ہیں۔

طلا عجیب: مغز جمالگوٹہ۔ مغز پستہ۔ قرنفل۔ جائفل۔ جاوتری۔ رتن جوت۔ بیربہوٹی خراطین ایک ایک تولہ سفوف بنا کر روغن کنجد ۱۰ تولہ میں ملا کر نرم آگ پر رکھیں اور ہلائیں تاکہ ادویہ جلیں نہیں گاڑھا ہونے پر موم دیسی ۳ تولہ ملائیں اور نیچے اتار کر روغن بیضہ مرغ ایک تولہ ملا کر خوب کھرل کریں اور رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔ جلوق کے بیرونی نقائص دور کرنے کیلئے نہایت عجیب نسخہ ہے۔ سستی نامردی وغیرہ دور کر کے تیزی و تندی پیدا کرتا ہے۔

امیرانہ طلاء: شمامۃ العنبر ایک ماشہ روغن جمالگوٹہ ۳ قطرہ ملا کر محفوظ رکھیں۔ یہ نہایت مختصر اور فائدہ مند طلا ہے جس کے دو تین روز میں ہی نمایاں فرق محسوس ہوتا

ہے۔ بوقت ضرورت دو تین قطرہ پشت قضیب پر مل دینا ہی کافی ہے باندھنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔

دیگر: سم الفار ۳ ماشہ باریک کرکے ایک کھلے منہ کی بوتل میں ڈال کر ۱/۲ سیر بالائی دودھ گاؤمیش ڈال کر بوتل کا منہ بند کرکے خوب ہلائیں۔ جب بالائی سے مسکہ الگ ہو اور پھٹ الگ ہو جائے تو مسکہ کو آگ پر رکھ کر گھی الگ کریں اور بطور طلا استعمال کریں نیز دو تین قطرے مکھن یا حلوہ میں کھلائیں۔ کثرتِ جماع سے ضعف باہ کے مریض ایک ہفتہ میں نئے سرے سے چاک و چوبند ہو جاتے ہیں۔

طلا معظم: گندھک۔ ہڑتال۔ سم الفار۔ طوطیا ایک ایک تولہ شیر مدار سے خوب کھرل کر کے ایک فٹ پارچہ کھدر شیر مدار سے تر و خشک کردہ پر لیپ کرکے خشک کرکے روغن کنجد سے تر کرکے سلاخ پر لپیٹ کر آگ لگائیں تاکہ تیل ٹپکے اُس تیل میں فاسفورس ۳ ماشہ پارہ ایک تولہ ملا کر کھرل کریں اور سات یوم روڑی میں دفن کریں پھر نکال کر روغن کشدم ہموزن ملا کر استعمال کریں۔

طریقہ روغن کشدم: روغن کنجد ایک پاؤ میں ڈنگ بچھو سیاہ یا سفید ۲۰ عدد جلائیں اگر بچھو نہ ملیں تو ڈنگ بھڑ جلائیں اور ملائیں۔ اس کے استعمال سے عضو خاص کے جملہ نقائص دور ہو کر سختی۔ فربہی و درازی پیدا ہوتی ہے۔

جریان دُور: برگ بھنگ۔ گوند کیکر۔ پوست کیکر۔ کھانڈ ہموزن سفوف بنا کر ایک ماشہ صبح و شام پانی سے دیں۔ جریان و احتلام کے لیے مختصر اور فائدہ مند علاج ہے۔ بڑے بڑے نسخوں سے بے نیاز کر دے گا۔

دیگر: مائیں خورد نئی ہوں پرانی نہ ہوں سفوف بنا کر ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ دہی دلادیں یہ ایک مختصر سا نسخہ ہے۔ جو جریان۔ احتلام۔ سیلان الرحم۔ کثرت طمث کو نہایت مفید ہے لمبے چوڑے نسخوں سے بہتر ہے۔

سرعت دُور: مازو۔ اجوائن خراسانی۔ مغز تخم تمر ہندی۔ گڑ پرانا ہموزن گولی بقدر کوکن بیر بنا کر

صبح وشام دودھ سے دیں سرعت انزال کو مستقل فائدہ دیتا ہے اور ضرورت کے وقت استعمال کرنے سے امساک پیدا کرتا ہے۔

دیگر: نخود بریاں مقشر ۵ تولہ آب برگ دھتورہ مقطر ایک بوتل کھرل کرکے گولی بقدر ایک رتی بناکر صبح شام پانی یا دودھ سے دیں سرعت انزال کے لیے مختصر سا علاج ہے۔ امساک کی ضرورت کے لیے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اس کے استعمال سے پرانے سے پرانا احتلام بھی دور ہو جاتا ہے۔

راحتی:۔ سرد چینی ۵ ماشہ شورہ ۹ ماشہ دانہ الائچی خورد۔ جوکھار۔ زیرہ سفید ہر ایک ۴ ماشہ سفوف بناکر ۳ ماشہ صبح وشام ہمراہ لسی دودھ دیں سوزاک اور سوزش بول کو نہایت مفید ہے۔

دیگر: روغن صندل۔ ایک تولہ۔ شراب برانڈی ۴ تولہ۔ آب برگ کشنیز مروق ۱/۴ پاؤ ملاکر ایک تولہ صبح، دوپہر، اور شام پلائیں۔ استعمال سے پہلے شیشی کو ہلالیں پرانے سے پرانا سوزاک فوراً دور ہوگا۔

محافظ حاملہ وبچہ:۔ صدف صادق۔ کہرباشمعی۔ کشتہ بیخ مرجان۔ صندل سفید صندل سرخ طباشیر بازو سبز۔ درد نیج عقربی۔ عود صلیب۔ عود خام ابریشم مقرض بیخ انجبار۔ گل ارمنی۔ مغز تربوز۔ تخم خرفہ ہموزن جملہ اشیا خوب باریک کرکے شہد ملاکر گولی بقدر کوکن بیر بناکر صبح و شام ایک گولی دودھ یا عرق گلاب یا پانی سے دیں۔ یہ ایک مشہور و معروف معجون کا بگڑا ہوا مرکب ہے۔ جسے میں اسی طریقہ سے بناتا ہے۔ جن عورتوں کا حمل گر جاتا ہو یا بچہ پیدا ہوکر مختلف امراض میں مبتلا ہوکر مرجاتا ہو تو یہ گولیاں حمل شروع ہوتے ہی بچہ کو دودھ پلانے تک روزانہ استعمال کریں۔ حمل محفوظ رہے گا۔ وقت پر بچہ پیدا ہوگا اور صحت مند وتوانا رہے گا۔ اگر اس میں زرنباد۔ دانہ الائچی خورد۔ دارچینی۔ جاوتری کا اضافہ کرایا جائے اور شروع حمل میں ہی استعمال شروع کر دیا جائے تو عموماً لڑکا ہی پیدا ہوتا ہے۔

دیگر:۔ کشتہ بیخ مرجان۔ کشتہ صدق صادق۔ کشتہ فولاد۔ سنبل الطیب عود صلیب

ابریشم مقرض صندل سفید۔ طباشیر۔ مازو سبز۔ درونج عقربی۔ بیخ الجبار۔ گل ارمنی ہموزن باریک کر کے شہد ملا کر گولی بقدر کنار دشتی بنا کر دو گولی صبح و شام ہمراہ عرق گلاب دیں۔ دوران حمل میں استعمال سے حمل محفوظ رہے گا اور حاملہ کی صحت اچھی رہے گی۔ بچہ وقت پر تندرست و توانا پیدا ہوگا اور اٹھراہ وغیرہ امراض سے محفوظ رہے گا۔

محافظِ حمل :- مازو۔ مائیں۔ کچور۔ طباشیر ہموزن لے کر باریک کر کے شہد ملا کر گولی بقدر ضرورت بنا کر دو گولی صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔ جن عورتوں کو حمل گرنے کی شکایت ہو ان کے لیے یہ گولیاں نہایت مفید ہیں۔ اگر عورت کو دودھ زیادہ آتا ہو تو اس کے استعمال سے اس میں کمی آ جائے گی۔

عقر بوجہ بے قاعدگی حیض : بالچھڑ۔ انیسون۔ بادیاں تخم کاسنی بیخ کاسنی ایک ایک تولہ مغز خیارین۔ بیخ اِٹ سِٹ دو دو تولہ مویز منقی ۵ تولہ ½ سیر پانی بھگو کر صبح مل کر چھان لیں اور ایک سیر کھانڈ ملا کر شربت بنائیں۔ ریوند چینی قلمی شورہ۔ زیرہ سفید۔ جوکھار خالص ہموزن سفوف بنا کر رکھیں۔ خوراک ۲ ماشہ ہمراہ شربت مذکورہ ۲ تولہ میں ملا کر صبح و شام دیں۔ حیض کی جملہ خرابیاں دور کر کے بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت پیدا کرنے کے لیے عجیب الاثر ہے۔

بلقائی :- تخم شولنگی۔ کاپھل ہا ایک ½۲ تولہ برادہ عاج ۵ تولہ باریک کر کے ½ سیر گھی اور ½ سیر کھانڈ ملا دیں اور بعد حیض ۶ ماشہ صبح و شام دودھ سے دیں۔ بے اولاد عورتوں کے لیے ایک نعمت ہے۔ دو تین ماہ لگاتار استعمال کرنے سے گوہر مراد حاصل ہو جاتا ہے۔

آسان چٹکلہ :- فرفیون کا سفوف بنا کر بقدر ایک ماشہ گرم دودھ سے دیں۔ درد وغیرہ دور ہو کر حیض کھل جائے گا۔

چندراسا :- نیم پختہ اینٹ (درجہ دوم) دو عدد لے کر انہیں ایک طرف سے گھس کر ہموار کریں۔ ایک اینٹ میں ہموار گڑھا بنائیں اسے گل ملتانی سے چاروں طرف لیپ کر دیں۔ اسے نصف گندھک مدبر سے بھر دیں اور اس میں برادہ شمس ۳ ماشہ سیماب مصفیٰ ایک تولہ گرہ کر کے رکھ دیں اور گڑھے کو گندھک مدبر سے پُر کر کے اور اوپر ابرک کا ٹکڑا

رکھ دیں اور دوسری اینٹ اوپر سے رکھ کر مقام اتصال کو مٹی سے بند کر دیں اور چولہے پر چڑھا کر صبح تا شام (آٹھ گھنٹے) آگ جلائیں سرد کر کے نکالیں سرخ رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا۔ جن عورتوں کے ہاں ہمیشہ لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں۔ ان کے لیے یہ ایک بے بہا نعمت ہے ایک رتی منقہ میں رکھ کر دودھ سے دیں۔ تین دن استعمال کریں اور سوائے دودھ چاول کے اور کچھ نہ دیں۔ حمل کے دوسرے یا تیسرے ماہ استعمال کرائیں۔ انشاءاللہ نہایت خوبصورت چاند جیسا بیٹا پیدا ہوگا۔ احتیاطاً حمل کے دوسرے اور تیسرے ماہ کے شروع میں تین تین دن استعمال کریں۔ اور تین دن دودھ چاول بطور غذا دیں۔

سونا میسر نہ آنے کی صورت میں نسخہ اس طرح تیار کر سکتے ہیں۔

ایک ہنڈیہ میں ایک ایک چھٹانک گندھک اور نوشادر باریک کر کے ڈال دیں منہ پر ڈھیلا سا کپڑا باندھیں اس پر ایک تولہ پارہ رکھ دیں اور ڈھکنا معکوس رکھ کر مقام اتصال کو مٹی سے مضبوط بند کر دیں۔ اور خشک کر کے انگیٹھی یا گڑھا میں منہ تک اوپلوں میں دبا دیں۔ تین چار سیر اوپلے کافی ہوں گے۔ ڈھکنا والا حصہ ننگا رہے اوپلوں کو چاروں طرف سے آگ لگا دیں۔ سرد ہونے پر دیکھیں۔ ہنڈیہ خالی ہوگی۔ پارہ سرخ حالت میں کپڑا پر موجود ہوگا۔ اسے باریک کر کے محفوظ رکھیں اور بطریق بالا تین یوم استعمال کریں۔

اگر کبھی پارہ کچا رہے اور کشتہ نہ ہو تو دوبارہ یہی عمل کریں۔ بعض دفعہ ایسا ہو جاتا ہے۔ اس لیے دوبارہ آنچ دینی پڑتی ہے۔

چٹکلہ :- بچھو کا سالم ڈنک چھری سے کاٹ کر گڑ میں ملفوف کر کے صبح دودھ سے دیں۔ ایک ہی دن میں استعمال کے بعد لڑکا پیدا ہونے کی امید رکھنی چاہیئے۔ تیسرے ماہ کے شروع میں استعمال کرنا چاہیئے۔

برسوت :- میٹھا تیلیا اصلی لے کر نندہ بنوا میں رکھ کر برتن میں بند کر دیں۔ چند یوم کے بعد نکال کر دیکھیں کہ نرم ہو جائے۔ اسے پانی سے دھو کر نرم نرم کو کوٹ کر گولی بقدر دانہ ماجہ بنا کر قند سیاہ میں لپیٹ کر دودھ سے صبح و شام دیں۔ مدتوں کا پرسوت کا بخار

دو چار روز میں دور ہو گا۔

سیلانی :- بیروزہ خشک۔ رال سفید۔ پوست کیکر ہم وزن سفوف بنا کر ۱½ ماشہ صبح وشام پانی یا دودھ سے دیں۔ سیلان الرحم کے لیے بھروسہ کا نسخہ ہے۔

دیگر : چرم سوختہ۔ رال سفید۔ کیلشیم لیکٹیٹ ہم وزن سفوف بنا کر ایک ماشہ صبح وشام پانی سے دیں۔

افزائش شیر مادر :- ستاور۔ مغز خربوزہ۔ زیرہ سیاہ۔ تودری سفید۔ تودری سرخ۔ مغز خیارین۔ تخم گندنا۔ ثعلب مصری ایک تولہ۔ مغز بادام مقشر ۱۰ عدد۔ شکر تری ۵ تولہ سفوف بنا کر صبح وشام ایک تولہ ہمراہ دودھ دیں۔ بچہ والی عورت کے دودھ کی کمی کو دور کرتا ہے۔ اور ضرورت کے مطابق تسلی بخش دودھ پیدا ہو گا۔

نجات :- ریٹھ سرخ ۳ عدد جو کوب کر کے گڑ ملا کر پانی سے دیں ۵ منٹ میں بچہ پیدا ہو گا۔

دیگر :- جائفل ایک عدد باریک کر کے دودھ سے دیں۔ دردیں کھل جائیں گی اور بچہ جلد پیدا ہو گا۔

اختیاری :- مغز ارنڈ کو لعاب گوند کیکر سے تر کر کے سفوف سرمہ سیاہ میں لت پت کریں تاکہ سرمہ کی تہ ارد گرد جم جائے۔ خشک کر کے محفوظ کریں ہر ماہ خون حیض کی فراغت کے بعد تین یوم ہمراہ پانی استعمال کریں۔ برتھ کنٹرول کے لیے بہت حد تک اس نسخہ پر بھروسہ کیا جا سکتا ہے۔

دیگر : اروتخم سن ۵ تولہ۔ آرد گندم میں ملا کر روٹی پکا کر حسب معمول کھلائیں۔ تین یوم کے استعمال سے ہمیشہ کے لیے نجات ہو گی۔

دیگر :- افیون ۲ ماشہ لیکر ایک چھٹانک پانی میں حل کر کے نصف چھٹانک ہڑتال گئو دنتی کو آگ میں گرم کر کے چند بار بجھا دیں کہ پانی خشک ہو جائے۔ باریک کر کے ایک رتی ہمراہ دودھ دیں۔

دوشیزہ :- مازو ۲ تولہ پوست انار تازہ ۱۰ تولہ کوٹ کر پانی میں بھگوئیں صبح جوش دے کر مل کر چھان لیں اور روغن کنجد ایک پاؤ ڈال کر آگ پر رکھیں کہ صرف تیل رہ جائے۔ سرد کرکے تیل محفوظ کرلیں۔ یہ تیل ڈھلکے ہوئے پستانوں پر ملنے سے انھیں سخت سڈول کر دیتا ہے رات کو مل کر انگیہ پہنائیں۔

طفلانی :- حجر الیہود۔ نارجیل دریائی۔ مغز کنول گٹہ زرد رد۔ دانہ الائچی خورد۔ پوست ہلیلہ زرد۔ زہر مہرہ خطائی۔ طباشیر ہر ایک ایک تولہ۔ مروارید ایک ماشہ بعرق گلاب میں کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر دودھ میں گھس کر دیں یہ ایک مشہور ومعروف نسخہ ہے۔ دق الاطفال کے لیے نہایت مفید ہے۔ سوکھا ہوا بچہ تندرست وتوانا ہو جاتا ہے۔

دق الاطفال :- بوٹی ہزار دانی خورد بقدر ۲ ماشہ مرچ سیاہ ایک عدد بطور سردائی گھوٹ کر پلائیں۔ بچوں کا سوکھا اور رنگ برنگ دستوں کو دور کرکے موٹا تازہ بناتا ہے۔

دیگر :- کھوپڑی کچھوا۔ زہر مہرہ۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خورد نربسی ہموزن عرق گلاب میں کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر صبح وشام دودھ سے دیں۔

چٹکی :- بادیان۔ ہلیلہ سیاہ۔ پودینہ خشک۔ نرکچور۔ نمک خوردنی۔ فلفل سیاہ سوہاگہ بریان ہموزن سفوف بنا کر ½ ماشہ صبح وشام پانی سے دیں۔ بچوں کی بدہضمی، دست قے وغیرہ عوارض کو مفید ہے۔

پھونڈی :- کنول گٹہ۔ طباشیر۔ کتھ سفید۔ زیرہ سفید ایک ایک تولہ الائچی خورد ۹ ماشہ۔ پھٹکری بریان ۳ ماشہ سفوف بنائیں۔ بچوں کے گلے کی خرابی اور اس سے پیدا شدہ عوارض کے لیے گلے میں بطور پھونڈی لگانے سے فائدہ ہوگا۔

شہیقی :- طحال بکرا سیاہ ایک عدد میں فلفل دراز بیس عدد چبھو دیں اور کوزہ میں بند کرکے دس سیر آگ دیں سرد کرکے نکال کر ہم وزن نوشادر پھٹکری ملا کر ایک تا ۴ رتی پانی سے دیں۔

کالی کھانسی کی عجیب الاثر دوا ہے بچوں کو اس تکلیف سے بچاتی ہے۔

ٹوٹکہ نمونیہ :- سرطان - باریک کرکے محفوظ رکھیں - بوقت ضرورت ایک رتی گھنٹہ گھنٹہ کے وقفہ سے ہمراہ آب دیں - فوراً آرام ہوگا - پسلی چلنی بند ہوجائے گی -

تریاقی :- اگرچہ چونہ - صدف - زبدالبحر وغیرہ سے قائم النار کئے ہوئے نوشادر کا ہوائی تیل - سانپ بچھو - بھڑ - باؤلا کتا وغیرہ کاٹے کا نہایت اعلیٰ تریاق ہے - مگر جب اس پر تھوڑی سی محنت کی جائے تو یہ پھر تریاق اعظم کا کام دیتا ہے - جس کا طریقہ یہ ہے ایک پاؤ کشتہ جست میں نصف سیر نوشادر ٹھیکری ملا کر کھرل کرکے کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں حل ہو کر پکنا شروع ہوگا - اور اس میں سے دھواں نکلنا شروع ہوگا - جب دھواں بند ہوجائے تو آگ سے اتار لیں -

قلمی شورہ جب ضرورت آگ پر پگھلا کر بلا در کلاہ برآوردہ ایک ایک ڈالنا شروع کر دیں - جب ایک جل جائے تو دوسرا ڈال دیں - جتنی کہ شورہ جم جائے نوشادر والے مرکب کا وزن کریں - جتنا کشتہ جست کا وزن زیادہ ہو اسی قدر قلمی شورہ مذکورہ ملا کر پانی میں حل کر دیں اور ایک دو جوش دے دیں - پھر اسے مقطر کر لیں -

کڑاہی میں سم الفار - دار چکنہ ایک ایک تولہ باریک کرکے ڈال کر مقطر مذکور ڈال دیں اور نرم آگ پر پکنے دیں - جب خشک ہو کر نمک بن جائے تو اتار کر مرطوب ہوا میں رکھ دیں - برسات کا موسم نہایت موزوں رہے گا - تمام دوا حل ہوگی - یہی تریاقِ اعظم ہے - جسے اس طریقہ سے استعمال کریں -

جس جگہ سانپ نے کاٹا ہو اس جگہ پچھ لگا کر زخم صاف کرکے روئی کے پھایہ سے لگائیں - اگر ضرورت پڑے تو پانچ منٹ بعد دوبارہ لگائیں - دوا زخم کے ذریعہ خون تک پہنچنی ضروری ہے -

مارگزیدہ بالکل بے حس و حرکت پڑا ہو - ناک منہ سے خون جاری ہو - جسم نیلا پیلا ہوگیا ہو تو پانچ منٹ میں مریض اٹھ کر بیٹھ جائے گا اور زہر زخم سے ٹپکنا شروع ہوجائے گا - جسم میں چیونٹیاں سی چلنی شروع ہوں گی - یہ زہر دور ہونے کی علامات ہیں -

بچھو اگر تازہ کاٹا ہوا ہو تو فوراً لگائیں۔ ورنہ پچھ لگا کر لگائیں ایک منٹ میں آرام ہوگا۔

بھڑ، بکھی وغیرہ کاٹے پر اسی وقت لگائیں ایک سیکنڈ میں آرام ہوگا۔

سگ گزیدہ کے زخم پر بھی پچھ لگا کر دن میں تین بار لگائیں۔ تین یوم میں آرام آجائے گا۔

تشخیصی رُموز

ماہر اطباء نے مریضوں کی ظاہری علامات ۔ چہرہ ۔ آنکھ کان ۔ ناک و زبان ۔ اور دیگر حرکات و سکنات کے ملاحظہ کے بعد جو نتائج اخذ کئے ہیں ۔ وہ برائے استفادہ عوام بیان کیے جاتے ہیں ۔

چہرہ :-

اگر مریض یا مریضہ کا چہرہ دبلا پتلا ہو اور سر جھکانے سے سینہ کی ہڈیاں نمایاں ہو جاتی ہوں ۔ چہرے کی رنگت سیاہی مائل اور کان کے بیرونی حاشیے پر کنارہ صدفۃ الاذن آٹا کی مانند سفیدی کچھی ہوئی ہو ۔ آنکھیں باہر نکلی ہوئیں اور معمول سے بڑی معلوم ہوں تو بلاشبہ ایسا مریض تپ دق میں مبتلا ہوگا ۔ اس کے ساتھ ہی نچلا ہونٹ سیاہی مائل ہو تو ساتھ ہی سل کا حکم دینا چاہیئے ۔ علاوہ ازیں مریض کے پسینہ سے خاص قسم کی بو آیا کرتی ہے ۔

جب مریض کا چہرہ تیوری نما ہو تو مریض کسی شدید مرض (درد وغیرہ) میں مبتلا ہے جو اچانک حملہ آور ہو گیا ہوگا ۔ اور جب دوا کے استعمال کے بعد چہرہ پر خوشی کے آثار نمودار ہو جائیں تو مریض کی صحت کا حکم لگا دیا جائے ۔

جب کسی مہلک مزمن مریض کے چہرہ پر ہنسی اور خوشی کے آثار ہوں تو سمجھ

ہیں کہ مریض کی موت کا وقت نزدیک ہے۔ اور قوتِ مدبرہ نے مرض کا مقابلہ کرنا چھوڑ دیا ہے اور مریض ایک دو ساعت کا مہمان ہے۔

جب مریض کے چہرہ پر فکر کے آثار نمایاں ہوں اور اوپر کی جانب منہ کر کے پھر متفکر ہو جائے خیال کرنا چاہیئے کہ وہ آتشک، سوزاک یا کسی اندرونی سوزش میں مبتلا ہے۔

بصورت سوزاک مریض کا نچلا ہونٹ سیاہ ہوتا ہے۔

بصورت آتشک چہرے کی رنگت بھربھری ہوتی ہے۔

جب مریض کی آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئی ہوں اور پتلیوں کے گرد نیلے حلقے پڑے ہوئے ہوں اور ہاتھوں کے ناخن پیچھے سے سفید ہو گئے ہوں تو ایسا مریض یقیناً جریان میں ماخوذ ہوگا۔

جب کہ مریض کا چہرہ فکر اور اندیشہ ظاہر کرے اور جب طبیب اس کی طرف نظر اٹھا کر دیکھے تو آنکھوں سے آنکھیں نہ ملائے بلکہ نظر نیچی کر لے اور ساتھ ہی شرم محسوس کرے تو سمجھ لو کہ یہ مجلوق ہے اور ضعف باہ میں مبتلا ہے۔ علاوہ ازیں مجلوق کا چہرہ اور آنکھیں خشک ہوتیں ہیں۔

ہیضہ طاعون اور دیوانگی میں مریض کا چہرہ خوفزدہ ہوتا ہے

مریض صرع کا چہرہ بے وقوفی اور سستی و کاہلی کی علامات ظاہر کرتا ہے

جب کسی مریض کی پیشانی خشک اور جھری دار ہو جائے اور ناک کی نوک باریک ہو کر دائیں بائیں جانب پھر جائے کان کھڑے اور رخسار پچکے ہوئے ہوں۔ ہونٹ لٹک جائیں ناک کے بانوں اور پلکوں میں سفید زردی مائل ذرے چھٹے ہوئے نظر آئیں اور ڈاڑھی کے بال بکھر جائیں۔ تو سمجھ لیں کہ مریض قریب المرگ ہے۔

ضعف جگر میں چہرے کا رنگ پھیکا ہوگا اور چہرہ پھولا ہوا ہوگا۔ مرض سرطان میں چہرہ نیلگوں ہوتا ہے۔ آتشک میں مٹیالے رنگ کا، یرقان میں زرد اور غلیظ الطحال میں میلا اور پھیکا رنگ ظاہر کرتا ہے۔

سرخ کا دورہ آنے سے قبل مریض کا چہرہ ٹیڑھا ہو جایا کرتا ہے۔ مگر اختناق الرحم میں سپید سا چہرہ رہتا ہے۔

سل کے ساتھ اگر بخار ہو تو مریض کے دونوں رخسار سرخ دھبے ظاہر کرتے ہیں مگر ذات الریہ میں صرف ماؤف جانب کا رخسار سرخ ہوتا ہے۔

امراض قلب میں چہرے کی رنگت مٹیالی ہوتی ہے اور سیاہی مائل بھی ہوتی ہے۔

حمیات شدیدہ کی ابتدا میں چہرہ کا رنگ سُرخ اور بارونق ہوتا ہے۔ اور بوقت انحطاط ہونٹ خشک، چہرہ زرد، سفید آنکھیں بے رونق اور غم کے آثار نمودار ہوتے ہیں۔

نزف الدم، سکتہ اور غشی میں چہرے کا رنگ زرد سفید ہوتا ہے۔

آنکھ :- یرقان کے مریض کی آنکھیں زرد پڑ جاتی ہیں۔

گھیگھہ کے مریض کی آنکھیں باہر نکلی ہوئی رہتی ہیں۔

سخت تحلیل کرنے والے مریض اور شدید کمزوری میں آنکھیں اندر کی طرف دب جاتی ہیں اور آدھ کھلی رہتی ہیں

ہیضہ کے مریض کی آنکھیں اندر دھنسی معلوم ہوتی ہیں۔

پرانے شرابی کی آنکھیں سرخ اور سوالی ہوتی ہیں۔

کمیٔ خون میں آنکھوں کا رنگ پھیکا پڑ جاتا ہے۔

جگر چھوٹا ہو گیا ہو۔ گردہ میں ورم ہو، خون میں سمیت کا اثر ہو تو آنکھیں باہر نکلی ہوئی معلوم ہوتی ہیں۔

عظم طحال اور غلبہ سودا میں آنکھوں کا رنگ تیرگی مائل ہو جاتا ہے۔

موروثی آتشک کے مریض کی آنکھوں میں پردوں پر لکیریں جیسی دکھائی دیتی ہیں۔

جلق زدہ اور نامرد مریض طبیب سے آنکھیں ملاتے اور باتیں کرتا شرماتا ہے۔

سل کے مریض کی آنکھیں بے چین سی رہتی ہیں۔

جب مریض کے حواس سست ہو رہے ہوں یا غشی طاری ہو رہی ہو تو آنکھیں ایک جگہ گڑ سی جاتی ہیں اور مریض ٹکٹکی باندھے رہ جاتا ہے۔

کان جنون کے مریضوں کے کانوں پر خونی رسولی پیدا ہو جاتی ہے۔

بے وقوف کے کان بدشکل ہو جاتے ہیں۔

نقرس اور گٹھیا کے مریض کے کانوں کی لو میں کنکر جیسی سخت گلٹیاں نمودار ہو جاتی ہیں۔

جذامی کے کان کی لو موٹی سی ہو جاتی ہے۔

شدید سردی کی حالت میں کانوں کی لو سرخ یا نیلی پڑ جاتی ہے۔

امراض حارہ اور خسرہ کے مریضوں کے کانوں سے عموماً پیپ آتی رہتی ہے۔

جو بچے پیدائشی کمزور ہوتے ہیں۔ ان کے کانوں سے رطوبت بہتی رہتی ہے۔

سوکھا مسان یا دق الاطفال میں مبتلا بچوں کے کان کی لو دبانے سے اسے کچھ نہیں محسوس ہوتا۔

دماغ کے پچھلے یا درمیانی حصہ پر چوٹ آجانے سے خون اور رطوبت کان سے بہنے لگتی ہے۔

اکثر درخت سے گرنے پر آدمی کے کان سے خون کا سیلان ہو جاتا ہے۔

سخت زہریلا سانپ ڈس جائے تو اکثر اس حالت میں بھی کان سے خون جاری ہو جاتا ہے۔

ناک پیدائشی آتشک کے مریض کی ناک کا بانسہ دبا ہوا، ناک چپٹی اور چوڑی ہوتی ہے۔

دل کے بعض امراض میں اور عادی شراب خوروں، عورتوں کے ضعف ہضم

میں ناک کی نوک سُرخ رہتی ہے۔

بچے جنھیں ورم حلقوم یا سعال مزمن کی شکایت ہو ان کا منہ مچھلیوں کی طرح کشادہ اور ناک پچکی سی رہتی ہے۔ ناک کی دیوار نیچے کو دبی ہوئی ہوتی ہے۔

عصبی کمزوری میں ناک کی دیواریں اِدھر اُدھر جھکی سی معلوم دیتی ہیں۔

قریب المرگ مریضوں کی ناک باریک اور ٹیڑھی ہو جاتی ہے۔ اسی کو ناک کا بانسہ ڈھل جانا کہا جاتا ہے۔

شدید ذات الریہ میں سانس لیتے وقت ناک کے نتھنے زیادہ پھولتے ہیں۔

کالی کھانسی، نزلہ، زکام میں ناک کی غشاء میں ورم ہو جاتا ہے۔ اور ناک بہنے لگتی ہے۔

بواسیر الانف، لوزتین کے ورم میں مریض کو ناک سے سانس لینے میں بہت مشکل ہوتی ہے۔ اس لیے منہ سے سانس لیتا ہے، آواز میں گنگناہٹ معلوم ہوتی ہے۔

جذام اور آتشک میں ناک بیٹھ جاتی ہے۔ آواز میں گنگناہٹ پیدا ہو جاتی ہے۔

منہ: بے ہوشی میں منہ کھلا رہتا ہے۔

ذات الریہ اور شدید ضعف میں منہ کھلا رہتا ہے۔

اورام حنجرہ اور اورام بینی میں مریض کا منہ کھلا رہتا ہے۔

لقوہ میں منہ ایک طرف کھنچ جاتا ہے۔ مریض سیٹی بجانے اور پھونک لگانے سے مجبور ہو جاتا ہے۔

بخار شروع ہونے پر منہ کا ذائقہ بگڑ جاتا ہے۔

زبان: غلبہ خون میں زبان کا رنگ سُرخ ہو جاتا ہے۔

تپ محرقہ میں زبان خشک، رنگ خشک اور اس پر خاکستری میل جم جاتا ہے زبان خاردار ہو جاتی ہے۔ مریض گفتگو کرنے سے مجبور رہتا ہے۔ جدری، تپ لازمی ذات

الریہ میں بھی قریب قریب یہی علامت رہتی ہے۔
جن امراض قلب و شش میں دوران خون پر اثر پڑتا ہے۔ زبان سیاہ ہو جاتی
ہے۔
دق کے مریض کی زبان خشک اور سرخ رنگت اختیار کر لیتی ہے۔
آتشک میں زبان کے نیچے کی طرف اور اس کے کنارے زخم اور دراڑیں پیدا ہو
جاتی ہیں۔
ورم معدہ شدید میں زبان کی نوک اور اس کے کنارے سرخ ہو جاتے ہیں۔
ضعف ہضم اور ورم معدہ میں زبان بڑی اور ڈھیلی ہو جاتی ہے اور اکثر اس
پر سفید یا زرد رنگ کا میل جم جاتا ہے۔
اورام جگر سوئے ہضم میں زبان کا رنگ نیلگوں یا بیگنی ہو جاتا ہے۔
ذات الریہ میں زبان پر گاڑھا میل اور لیسدار مادہ جم جاتا ہے۔
ورم طحال اور کمئی خون کے مریض کی زبان کا رنگ پھیکا پڑ جاتا ہے۔
جب کسی کا دم گھٹتا ہے تو زبان کا رنگ نیلگوں یا بیگنی ہو جاتا ہے۔
حلق اور تالو کے امراض میں زبان سرخ رہتی ہے۔
جس نے پارہ کھا لیا ہو اور اُس کا منہ آگیا ہو تو زبان چوڑی اور اس کے کنارے
ناہموار معلوم ہوتے ہیں۔
رطوبات نکلنے اور خون میں زہریلا اثر ہونے پر زبان میلی اور سیاہ رنگت
اختیار کر جاتی ہے۔
تپ محرقہ اور ہذیان میں زبان تھرتھرانی ہے۔
جب مریض بخار میں کمزور ہو جائے یا امراض دماغی میں مبتلا ہو تو زبان میں
لکنت آجاتی ہے اور صاف گفتگو نہیں کر سکتا۔
یرقان میں زبان پیلی پڑ جاتی ہے۔

خسرہ و چیچک میں زبان پر چھالے نمودار ہو جاتے ہیں۔

ہیضہ میں زبان مرجھا سی جاتی ہے۔

بدہضمی اور قبض کی شکایت میں زبان کا رنگ سفید پڑ جاتا ہے اور اس پر میل جمی رہتی ہے۔

زبان کا کانپنا تمام حاد امراض میں خراب علامت ہے۔ لیکن مزمن و کہنہ امراض میں اس کو اہمیت نہ دینی چاہیئے۔

زبان کا حرکت نہ کرنا کانپنا دماغ کے ماؤف ہونے کی علامت ہے۔

اگر زبان آہستہ سے باہر نکلے اور کھلی پڑی رہے تو تھکان اور دماغی دباؤ ظاہر ہوتی ہے۔

زبان اگر ایک طرف کو ہی جھکتی جائے تو سمجھ لینا چاہیئے کہ مفلوج ہو گئی ہے

زبان دبیز ہو اور اس پر دانتوں کے نشان بن جائیں تو یہ معدہ کی خرابی کی علامت ہے۔

زبان تیز اور نکیلی ہو تو دماغی ورم تصور کرنا چاہیئے۔

زبان چمک دار سُرخ ہو تو معدہ یا انتڑیوں کی رطوباتی جھلی کے ورم کا نشان ہے۔

زبان صاف سرخ دانے دار ہو اور اس پر سفید فرمی ہو تو یہ سُرخ بخار کی علامت ہے۔

زبان پر فر کا ہونا معدہ کے ورم کو ظاہر کرتا ہے۔

زبان پر موٹی زردی مائل فر صفراوی مادہ ظاہر کرتی ہے۔

زبان پر سیاہ اور بھورا میل بخار کی علامت ہے۔

زبان خشک ہو اور اس پر سیاہی مائل فر ہو اور کانپتی ہو تب بہ میعادی بخار کی علامت ہے۔

زبان کی نوک اور کنارے سرخ ہوں یا ایک لکیر زبان کے بیچ میں ہو تو پھر بھی تپ محرقہ کی علامت سمجھنی چاہیئے ۔

زبان پر سفید موٹی فر معدہ میں نقص کی علامت ہے ۔

زبان پر سیاہ قسم کی فر جمی ہو تب تکان اور موت کا پیغام تصور کرنا چاہیئے ۔

زبان پیلے کے رنگ کی ہو اور منہ آیا ہوا ہو تو اس کو موت کا پیغام سمجھنا چاہیئے ۔

حاد امراض اور بخاروں میں زبان خشک ہو جایا کرتی ہے ۔ خشکی کے بعد اگر نہ ہو جائے تو یہ ایک اچھی علامت تصور کرنی چاہیئے ۔

زبان زرد رنگ کی ہو تو جگر میں نقص سمجھنا چاہیئے ۔ اور اگر زبان سیاہ بھورے رنگ کی ہو تو سمجھنا چاہیئے کہ زندگی کو قائم رکھنے والی طاقتیں ختم ہو چکی ہیں ۔ اور خون میں زہر اثر انداز ہو گیا ہے ۔ زبان کے سرے اور کنارے صاف ہونے شروع ہو جائیں تو یہ حالت مریض کے رو بصحت ہونے کی دلیل ہے ۔

زبان موٹی اور چوڑی ہو اس کی رنگت زرد ہو تو وہ خون کی کمی اور اس کی ماہیت میں فرق آنے پر دال ہے ۔ نیز ایسے اصحاب کے پیشاب میں نشاستہ آ رہا ہوگا ۔ اس لیے ایسے مرضاء میں عمل جراحی ممنوع ہے اور سیماب کھلانا ناجائز ۔ ایسے لوگوں کو مرکبات فولاد کا استعمال بہتر ہے ۔

زبان کا گوشت کے ہمرنگ نیز صاف اور چمکدار ہونا ذیابیطس کی موجودگی کی علامت ہے ۔

سیماب یا مرکبات سیماب کے استعمال کے دوران اگر زبان متورم ہو جائے اور اس پر دانتوں کے نشان ہوں تو سیمابی سمیت کی علامت ہے ۔ اس وقت فوراً اس کا استعمال بند کر دینا چاہیئے ۔

زبان رنگت میں سرخ ہو اور پھیلی ہوئی ہو نیز نہایت چکنی اور نوک پر سے

ابھری ہوئی ہو اور بالائی سطح کے مابین سفیدی سی جمی ہوئی ہو تو خراش معدہ پر دال ہے ایسے وقت میں نرم مسہل یا ملین وغیرہ سے قبض رفع کریں۔

زبان کا خشک ہونا اور بالائی سطح پر فر (سفیدی) کا موجود ہونا بخار کی موجودگی کی علامت ہے۔

زبان تر ہو اور فر سے پوشیدہ ہو تو بدہضمی اور قبض کی علامت ہے۔

زبان خشک اور بھورے رنگ کی فر سے پوشیدہ ہو۔ ہونٹوں پر پیپڑیاں جمی ہوئی ہوں تو یہ نہایت ہی ضعف کی علامت ہے ایسے حالات میں محرک اور مقوی ادویہ سے کام لینا چاہیئے۔

زبان کا رنگ سرخ اور تر بھی ہو تو کمزور کر دینے والے امراض مزمنہ کی علامت ہے۔

زبان منہ سے نکالنے پر تھرتھرائے اور اس پر دانے نکلے ہوئے ہوں تو عصبی کمزوری کی دلیل ہے۔ شراب پینے والوں میں ایسی زبان خوفناک ہذیان کا مظہر ہے لہٰذا انہیں ترک شراب کا مشورہ دیں اور فوراً ترک کرادیں۔

زبان سرخ ہونے کے ساتھ خشک بھی ہو تو سوزشی امراض پر دال ہے مثلاً ذات الریہ وغیرہ۔

اگر مریض کو زبان باہر نکالنے کا حکم دیا جائے اور وہ زبان کبھی باہر نکالے اور کبھی اندر لے جائے اس پر قابو نہ پا سکے تو سمجھ لیں مریض کی عقل میں فتور ہے اور دماغ میں خلل ہے۔

اگر زبان باہر نکالنے پر ایک طرف کو خمیدہ ہو جائے تو خلاف جانب کے لقوہ کی علامت ہے۔

اگر زبان پر سرخی مائل سیاہ دھبے پیدائشی طور پر پائے جاتے ہوں تو صاحب زبان کو انیوریزم ہونے کا گمان ہے (انیوریزم انورسما بسلعہ شریانی)

کمئی خون اور عظم طحال میں زبان نرم۔ نوکدار۔ رنگت میں گلابی۔ نوک اور کناروں پر سے صاف اور درمیان میں ہلکے فرسے پوشیدہ اور پہلوؤں پر سیاہ نقاط لیے ہوئے ہوتی ہے۔

زبان کے کناروں پر متعدد زخموں کی موجودگی علامتِ آتشک ہے۔

زبان کا دبیز ہونا اور زرد رنگ کے فرسے پوشیدہ ہونا صفراویت کی علامت ہے۔

اگر مریض زبان باہر نہ نکال سکے یا نکالے تو فوراً اندر لے جائے تو اسے مرض کوریا ہے۔

دکوریا ایک عصبی بیماری ہے جس میں غیر اختیاری حرکات سرزد ہوتی ہیں جنھیں دیکھ کر لوگ بے اختیار ہنس پڑتے ہیں۔

اگر زبان نوک اور کناروں پر سے بتدریج فر سے صاف ہو رہی ہو تو مریض کے رو بصحت ہونے پر دال ہے۔

اگر زبان کی سطح تمام فر سے پوشیدہ ہو مگر کہیں کہیں سے فر اُڑ کر دھبے پڑ جائیں تو مریض کو خطرہ میں سمجھیں ایسے مریض کو اگر صحت ہوگی تو بدقت ہوگی۔

مزمن امراض میں جب زبان پر آبلے پیدا ہو جائیں تو موت کو قریب سمجھیں۔

زبان نرم اور سفید فر سے پوشیدہ ہو تو بلغمی امراض پر دلالت کرتی ہے۔

زبان خشک اور بھورے فرسے پوشیدہ ہو تو سوداویت کی علامت ہے۔

زبان پر بثور نکلنا حرارتِ معدہ کی علامت ہے۔ کبھی صفراویت کی وجہ سے اور کبھی بلغم شور کے باعث۔ ایسی صورت میں معدہ کی اصلاح کی جائے ملینات دیئے جائیں۔ بثور خود بخود رفع ہو جائیں گے۔ اگر بثورات کا علاج کیا جائے گا۔ تو

اصل مرض کی موجودگی کے باعث مرضِ عارض بھی قائم رہے گا۔

پیشاب : پیشاب کی رنگت وغیرہ بھی تشخیص میں مدد دیتی ہے۔ دیکھنے میں آیا ہے کہ ایک تندرست آدمی ۲۴ گھنٹے میں ۳۰ سے ۴۰ اونس پیشاب خارج کرتا ہے۔ اس میں ۹۳ فیصدی پانی ہوتا ہے۔ باقی یوریا اور مادے ہوتے ہیں۔ پیشاب کے رنگ بمعہ علامات کے نیچے درج کیے جاتے ہیں۔

پیشاب میں دھوئیں کا رنگ موجود ہو تو یہ خون کی موجودگی ظاہر کرتا ہے۔

سُرخ رنگ کے پیشاب میں تیزاب ہوتا ہے۔

گہرا زرد رنگ کا پیشاب صفرا ظاہر کرتا ہے۔

سیاہ یا بھورا سیاہ پیشاب خون کے خراب ہونے کو ظاہر کرتا ہے۔

پیشاب اگر گدلا ہو تو رطوبت یا ریم موجود ہوتی ہے۔

پیلا پیشاب ہونے کی وجہ پانی۔ یوریا اور شکر کی زیادتی ہوتی ہے۔

بغیر رنگ کے پیشاب ہو تو یہ ہسٹریا کی علامت ہے۔ بعض دفعہ پھل کارس۔ شربت یا چھاچھ کے پینے سے بھی ایسا پیشاب ہوتا ہے۔

زرد۔ نارنجی یا گلابی رنگ کی تلچھٹ یوریٹس کی علامت ہے۔

سُرخ رنگ کی دانہ دار صاف تلچھٹ یورک ایسڈ کی علامت ہے۔

سیاہ رنگ کی تلچھٹ خون کی موجودگی کو ظاہر کرتی ہے۔

پیشاب کی گریویٹی ۱۰۱۰ سے لے کر ۱۰۲۰ تک بحالت تندرست ہوتی ہے اور یہ یوریناِمیٹر میں پیشاب ڈال کر ناپا جا سکتا ہے۔ شکر اور یورک ایسڈ اگر پیشاب میں موجود ہو تو وزن بڑھ جاتا ہے۔

خون کی کمی ہو۔ پیشاب زیادہ آتا ہو اور اختناق الرحم کی بیماری ہو۔ تب وزن کم ہو جاتا ہے۔

خطـــرہ

	علامات ذیل سے	امراض ذیل کے ہونے کا
۱	ہمیشہ خفقان رہنے سے	مرگ مفاجات کا
۲	کابوس دوران سر سے	مرگی و سکتہ کا
۳	اختلاج یعنی عضو کے زیادہ پھڑکنے سے	تشنج کا
۴	اعضا کے سُن یعنی حس باطل ہونے سے	فالج کا
۵	جسم کی سستی وثقالت وکثرت پسینہ سے	سکتہ وفالج کا
۶	چہرہ وآنکھوں کی سُرخی وآنسوؤں کے بہنے وروشنی سے نفرت ہونے سے	سرسام کا
۷	بے سبب رنج وغم وزیادتی فکر سے	مالیخولیا کا
۸	چہرے کے موٹے پن وسُرخی معہ بے رونقی چہرہ سے	جذام کا
۹	آنکھوں وچہرہ پر پنپچ یعنی بھُربھرا پن ہونے سے	اِستسقاء کا
۱۰	ہمیشہ دردسر یا درد نیم سر ہونے سے	آنکھوں میں نزول الماء وسکتہ کا
۱۱	گرانی و بےچینی وکشیدگی جانب راست	

ہونے سے	امراض جگر کا
۱۲ کمر و پشتگاہ کی گرانی سے	گردہ کی بیماری کا
۱۳ زوال اشتہا دستے و نفخ و اطراف کے درد سے	قولنج کا
۱۴ بغیر کیڑوں کے مقعد کی کھجلی سے	بواسیر کا
۱۵ بہت داد نکلنے سے	برص اسود کا
۱۶ سفید چیپ نکلنے سے	برص یعنی جسم پر سفید داغوں کا

اگر ہو.........تو ؟

اگر مریض کو درد سر ہو کر اس کا پیشاب رقیق ہو جائے اور مریض ٹکٹکی لگا کر ایک سمت غور سے دیکھتا رہے، روشنی سے نفرت کرے، زبان زیادہ خشک ہو جائے جب گفتگو کرے تلفظ غلط ہو تو سمجھنا چاہیئے کہ مریض سرسام میں مبتلا ہے۔

اگر سرسام کے مریض کو سبز یا سرخ رنگ کی قے آئے اور مریض پلکوں کو نہ جھپکائے تو مریض کی حالت سخت خطرہ میں ہوتی ہے، ہو سکتا ہے کہ مریض اسی روز ختم ہو جائے۔

اگر سرسام کے مریض کا سانس اکھڑ جائے اور تنگی کے ساتھ متواتر سانس آئے، آنکھیں قدرے باہر نکل آئیں، پیشاب قطرہ قطرہ ہو تو ایسی حالت میں مریض کا جانبر ہونا مشکل ہے۔

اگر مریض کی آنکھوں میں سرخی ہو اور ہچکی تنگ کرتی ہو، بدن کے رونگٹے کھڑے ہوں۔ مریض کے ہاتھ پاؤں بالکل سرد ہوں تو ایسی حالت میں مریض سخت خطرہ سے دوچار ہوتا ہے۔

اگر مریض کی آنکھوں میں چنگاریاں سی اٹھتی ہوں تو ضعف معدہ یا ضعف دماغ یا جریان کی علامت ہے۔

اگر مریض کی آنکھیں زرد ہو جائیں تو یہ امراضِ دماغ پر دلالت کرتی ہیں۔
اگر آنکھوں میں دھند زیادہ دیر تک رہے تو سوئی دماغ، موتیا بند یا کرم امعاء کی علامت ہے۔
اگر مریض کی آنکھوں کی پتلیاں موٹی ہوں تو ضعفِ دماغ یا ضعفِ اعصاب کی علامت ہے، یا مریض کو اس سے پیشتر دردال رہ چکا ہے۔
اگر آنکھوں میں سرخ ڈورے بالکل ہی نابود ہو جائیں تو ضعفِ باہ کی علامت ہے۔
اگر مسلسل گہرے سانس آئیں تو سل اور ریہ کی خرابی کی علامت ہے۔
اگر مریض بے ہوش ہو جائے اور چھینک لانے پر بھی نہ آئے تو دماغی قوتوں کے بے کار ہونے کی علامت ہے۔
اگر سانس تنگی سے آئے تو مزمن یا بگڑے ہوئے نزلہ زکام یا درد سینہ کی علامت ہے۔
اگر بدبو دہن ہو تو بدہضمی، گوشت خورہ (پائیوریا) اور امراض گلو کی دلالت کرتا ہے۔
اگر مریض ذیابیطس کے بدن کے کسی حصہ پر قرحہ ہو جائے تو اس کا مندمل ہونا مشکل ہے۔
اگر کسی مریض کو پیشاب قطرہ قطرہ آئے اور اس میں رقیق خون کی آمیزش ہو، پیڑو اور سیون کے پاس درد ہو تو یہ مثانہ کے امراض کی علامت ہے۔
اگر غشی کے وقت مریض کا رنگ سبزی مائل ہو جائے اور گردن و سر بے حس و حرکت ہو کر لٹک جائیں تو وہ قریب المرگ ہے۔
اگر کسی دیرینہ مریض کا سانس اکھڑ جائے اور بلغم کی آواز و خرخراہٹ معلوم ہو تو مریض کی زندگی خطرناک حالات سے دوچار ہوتی ہے۔
اگر ذات الجنب کے کان کے پیچھے یا سینہ یا پسلیوں کے نیچے زخم ہو جائے

تو یہ تندرستی کی علامت ہے۔

اگر مریض کو ہیضہ کے ساتھ ہچکی اور قے شروع ہو جائے اور ساتھ ہی اختلاط عقل بھی پیدا ہو جائے تو مریض کی موت قریب ہے۔

اگر درد شکم ناف کے اردگرد مروڑ کی شکل میں ہو اور مسہل سے بھی درد زائل نہ ہو تو استسقا کا خطرہ ہے۔

اگر مریض کو اسہال الدم کی کثرت، بخار شدید اور بھوک کی بھی کثرت ہو تو مریض کی موت قریب ہے۔

اگر کسی مریض کے بدن میں اضطراب ہو اور اس کا پیشاب بادل کی طرح ہو تو وہ گردہ کا مریض ہے۔

اگر کسی مریض کے پاخانہ میں مختلف رنگ ہوں تو اسے سوزش جگر کا عارضہ ہوتا ہے۔

اگر کسی مریض کے پیشاب کا رنگ سیاہ ہو اور پیشاب کے اوپر سرخ مادہ ابر کی طرح نظر آئے تو یہ سرسام کا پیش خیمہ ہے۔

اگر مریض کا چہرہ زرد اور ناک زیادہ زردی مائل، نوک پتلی ہو کر ایک طرف قدرے مڑ جائے تو مریض چند ساعت کا مہمان ہے۔

اگر مریض کی ناک اچانک سکڑ جائے اور ناک پر خشکی معلوم ہو تو مریض کی زندگی خطرہ میں ہے۔

اگر بخار کے مریض کو فوراً ہی اختلاج قلب کی شدت ہو جائے اور قبض و ہچکی کی بھی کثرت ہو تو وہ مریض قریب المرگ ہے۔

مشاہداتِ طب

دائمی نزلہ و زکام کے اسباب :- نزلہ و زکام دائمی عموماً تین وجہ سے ہوتا ہے۔ حلق اور ناک کی جھلیوں کی پرانی سوزش ۔ ضعف دماغ ۔ معدہ کی خرابی ۔ یہ جو کسی کا مقولہ ہے۔ النزلۃ الدائمۃ تحتاج الی تقویۃ الدماغ ۔ یہ قاعدہ کلیہ نہیں ہے۔

نزلہ کو فوری روکنا : نزلہ اور زکام خواہ کسی وجہ سے ہو اس کو فوراً روک دینا بہت سی خطرناک بیماریوں کا موجب ہوا کرتا ہے ۔ لہذا جب وہ زور پکڑ کر خود بخود درجہ انحطاط اختیار کرلے ۔ اس وقت حابسات نزلہ بشرط ضرورت دی جا سکتی ہیں ۔

بچوں کی ناک بہنا :- جن بچوں کی چھوٹی عمر میں ناک بہتی ہو وہ عمر بھر عصبی امراض مثلاً صرع ، اُم الصبیان اور فالج لقوہ سے مامون رہتے ہیں ۔

اختناق الرحم وغیرہ : اختناق الرحم ، صرع اور اُم الصبیان کا دورہ عموماً تشنج اعصاب کے ساتھ ہوتا ہے ۔ ہاتھ پاؤں کی انگلیاں ٹیڑھی اور سخت ہو جاتی ہیں ۔ اور ساتھ ہی حواس باختہ ہو جاتے ہیں ۔ لیکن بعض اوقات بلا تشنج یا تشنج خفیف کے ساتھ بھی دورہ ہو جاتا ہے ۔

خناق و دیگر اورامِ حارہ کا علاج : خناق یا دیگر اورامِ حارہ یا ضربہ اور سقطہ کی حالت میں ابتداءً تکمید حار کا استعمال اکثر موجبِ ہلاکت ہوا کرتا ہے بلکہ شروع

میں بجز خناق کے تکمید بارد اور رادع ادویات کا استعمال اصولی چیز ہے۔ اسی طرح اورام دمویہ میں ارسال علق یا حجامت بالشرط تین روز سے بیشتر موجب ہلاکت ہے۔ بلکہ زمانہ تزائد کے بعد جب مواد کا اجتماع کلیتہً ہو جائے تو علق و شرط مفید ہوتے ہیں۔

امراضِ قلب: امراضِ قلب میں اگر مریض کے چہرہ پر تہیج اور اجفان میں چپچپاہٹ ہو اور اس کے ساتھ ہی نبض میں منشاریت صلابت اور سرعت ہو تو ورم اذنی القلب ہے۔ اس مرض کا بیمار کبھی مرض سے نجات نہیں حاصل کرتا بلکہ یہ مرض پیغام اجل کے مترادف ہے۔

نوٹ:۔ امراضِ قلب کے مریض کی عمر عموماً تھوڑی ہوا کرتی ہے۔ کیونکہ دراز حیات کا مرکز اور حرارت غریزی کا منبع ہی جب ماؤف ہو تو عمر کی طوالت کی امید بے معنی ہے۔

نمونیا کا بار بار حملہ: جس مریض کو بار بار نمونیا کا حملہ ہوتا رہے وہ مستعدین سل میں سے ہے۔ پھر اگر اس کو سل ہو جائے تو لاعلاج ہوا کرتا ہے۔ کیونکہ اگر تدبیر بارد اختیار کی جائے تو نمونیا اگر حار کی جائے تو سل کا خطرہ ہوا کرتا ہے۔

مالیخولیا کا شافی علاج: مالیخولیا کا شافی علاج ماء الجبن ہے۔ اس کے بغیر مفرحات منضجات اور مسہلات سے وقتی طور پر تو مرض دب جاتا ہے۔ لیکن استیصال کلی نہیں ہوتا۔

نوٹ:۔ ماء الجبن کسی تجربہ کار اور کہنہ مشق طبیب سے کرانا چاہیئے۔ ورنہ محنت ضائع جائے گی۔

صداعِ مزمن کا اصولی علاج: صداع مزمن میں مخدرات اور مسکنات کا استعمال سخت نقصان کا موجب ہوتا ہے۔ چنانچہ اسپرو، ساریڈون یا اسپرین فنیسٹین کے مرکبات نیز افیون بزر البنج کے استعمال سے فوری فائدہ تو ضرور ہو جاتا ہے لیکن مریض کے اعصاب بالکل بے کار ہو جاتے ہیں۔ اور وہ زندہ درگور ہوتا ہے۔ صداع

مزمن میں اسطوخودوس ۶ ماشہ، کشنیز خشک ۶ ماشہ، فلفل سیاہ ۵ عدد کا شیرہ اور
حب ایارج سے تنقیہ کرانا بے حد مفید ہوتا ہے۔

ریح البواسیر اور اُس کا علاج :- فی زمانہ ریح البواسیر کا مرض وبا رعالمگیر کی
طرح عام ہو گیا ہے۔ اس کے ساتھ مختلف اعضاء میں دردیں اعضاء رئیسہ پر خطرناک
اثرات ضغطہ دمویہ (ہائی بلڈ پریشر) تصلب شرائین جیسے خطرناک علامات پیدا ہو جاتے
ہیں۔ جاہلین طب جدید بلا سوچے سمجھے منہ اور جلد کے راستے سن کرنے والی ادویات
استعمال کرا کر مریض کا بیڑہ غرق کر دیتے ہیں اور ساتھ ہی اس کو چلنے پھرنے سے منع
کر دیتے ہیں جس سے مریض کی رہی سہی صحت بھی برباد ہو جاتی ہے۔
تجربہ یہ ہے کہ اس کو قبل از طلوع آفتاب پرفضا اور سبز کھیتوں میں مشی شدید
کرنی تاکہ جلد گرم ہو کر قدرے عرق ظاہر ہو جائے۔ بے حد مفید ہوتی ہے۔ اور دوا ر
مثل انوشدارو لولوی دوا ر المسک حار جواہر والی جوارش جالینوس طبی اصول کے مطابق
استعمال کرنا صحت کو دعوت دینے کے مترادف ہے۔ مار ایجبن تو اس مرض کے
قلع قمع کے لیے آب حیات کے ہم پلہ ہے۔

حمیٰ جدری :- نورکی کے بخاروں میں مادے کے بروز کی کوشش کرنی چاہیے
ڈاکٹر لوگ نہ تو نورکی کے قائل ہیں اور نہ اس کے بروز کی سعی کرتے ہیں بلکہ مرض کو دبانے
کے لیے کلورومائی سین اور مختلف دوائیں منہ اور جلد کے راستے استعمال کراتے ہیں۔
نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ مرض دب کر جسم ٹھنڈا ٹمپریچر سب نارمل ہو جاتا ہے۔ تیمارداروں
کو کہا جاتا ہے کہ مرض زائل ہو گیا۔ لیکن مریض کی یہ حالت ہوتی ہے کہ تلملاہٹ، بے
چینی گھبراہٹ، شدتِ عطش جیسی خطرناک علامات ظاہر ہو جاتی ہیں۔ میں نے ڈاکٹروں
کے نیم بسمل مریضِ نورکی کے ان کے غلط علاج کے اکثر دیکھے جن پر صحتِ کلی کا فتویٰ تھا
مگر وہ اپنے کو مُردوں سے بدتر سمجھتے تھے۔ جب میں نے مادہ کی بروز کی کوشش کی
دانے باہر آ گئے تو مریض نے چین کا سانس لیا۔ عناب، منقہ، خاکسی، خمیرہ مروارید

اورکشتہ ناقوس بروز مادہ کے لیے بے حد مفید ہے۔

جب نبض میں سرعت اور صلابت ہو مریض پر غنودگی کی حالت طاری ہو پیٹ میں ہوا بھری رہے اور وہ ڈھول کی طرح بجے۔ بخار ہلکا تو ہو جائے۔ لیکن مفارقت کلی نہ کرے تو اس پر نورکی کے بخار کا حکم لگا دو۔

سوکھا یا مسان :۔ مادہ کے کمون سے بے شمار خطرناک امراض کے علاوہ بچوں کو سوکھا یا مسان کا مرض لاحق ہو جاتا ہے۔ بچہ سوکھ کر کانٹا ہو جاتا ہے۔ جس کو عام طور پر پرچھاؤں اور اٹھرا کہا جاتا ہے۔ جو دراصل نورکی کے اندر چھپ جانے کے نتائج ہیں۔ ایسے مریض کو ثابت مکھی نگلوادی جائے۔ اگر اس سے قے ہو جائے تو دوسری مرض تلاش کی جائے۔ اگر قے نہ ہو تو یقیناً نورکی کے کمون کی دلیل ہے۔ اس کا علاج مادہ کے بروز کے علاوہ اور کوئی نہیں ہے جہاں مادے کا بروز ہوا مریض صحت یاب ہو گیا۔

نوٹ :۔ جلد پر نکلنے والے دانوں کی جتنی بیماریاں ہیں۔ ان میں مسہل سخت منع ہے۔ مگر شری (چھپاکی) میں بغیر مسہل کے مرض زائل نہیں ہوتا۔

ورم کبد :۔ ورم کبد میں ضماداً محللات اور ادام میں رادع ادویات کا شامل کرنا ضروری ہے۔ ورنہ محللات صرف جگر کی اصلی قوت کو تحلیل کر کے خطرناک ثابت ہوتی ہیں۔

استسقائے بالید کا اصولی علاج :۔ استسقائے بالید کے مریضوں کا اصولی علاج یہ ہے کہ پہلے ذکاوتِ حس کو باطل کرنے کے لیے مسکن ادویات استعمال کی جاویں۔ اس کے بعد محرکات کا استعمال کیا جائے۔ بے سمجھ طبیب شروع میں ہی محرکات کا استعمال کرا دیتے ہیں۔ جس سے رطوبات منویہ زیادہ رقیق ہو کر بہہ جاتی ہیں۔ اور برسوں علاج کرنے سے بھی مریض تندرست نہیں ہوتا۔

سیلان الرحم کے اسباب : سیلان الرحم کبھی تو رحم کی دیواروں میں سوزش سے کبھی کمی خون کی وجہ سے، جب کہ خون کے سُرخ ذرات سفید ہو جاتے ہیں۔ ہوتا ہے۔ کبھی امتلا بلغمی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ جب سوزش رحم کی وجہ سے ہو تو ہلکا سا بخار، تھکن اور درد کمر ہوتا ہے۔ انیمیا کی وجہ سے ہو تو چہرہ اور ناخن سفید ہوتے ہیں۔ امتلا بلغمی سے ہو تو سمن مفرط اور سفیدی رنگ بدن اور دیگر علاماتِ بلغم کی ہوا کرتی ہیں۔ بہرحال تشخص کامل کے بعد علاج کرنا چاہیئے۔

سوزش رحم کی حالت میں مرہم داخلیون آب مکو ملا کر رحم میں شافہ رکھائیں۔

انیمیا میں مرکبات فولاد بحالت امتلا بلغمی اذراقی کے مرکبات مفید ہوتے ہیں۔

برص : اس کو بعض اطبا سفید کوڑھ کہتے ہیں اور اس کی تہ میں غالباً اس کو متعدی بھی قرار دیتے ہیں۔ لیکن نہ تو یہ سفید کوڑھ ہے اور نہ ہی متعدی، کیونکہ کوڑھ ایک بڑی خطرناک اور گندی بیماری ہے۔ جس میں اطراف گل کر جھڑ جاتے ہیں۔ ناک پچپٹی اور آنکھیں گول ہو جاتی ہیں۔ یہ متعدی بھی ہے اور موروثی بھی۔ لیکن برص ان دونوں باتوں سے خالی ہے۔ اس میں مقام ماؤف کی عروق شعریہ میں سدہ یغیر تامہ واقع ہو جاتا ہے۔ جس سے جلد کی طرف تغذیہ میں صرف ہونے والا خون چھن کر اس کے اس کے اجزاء مائیہ نفوذ کرتے ہیں۔ وہ چونکہ سفید ہوتے ہیں۔ اس لیے جلد کا رنگ سفید ہو جاتا ہے۔ جوں جوں سدہ بڑھتا جاتا ہے۔ سفیدی پھیلتی جاتی ہے۔ داخلی اور خارجی علاج سے جہاں سدے زائل ہوئے برص جاتا رہا اندریں حالات اس کو متعدی کہنا سخت غلطی ہے۔ ہاں ہو سکتا ہے کہ دس فیصدی موروثی شکل اختیار کر لے۔

بخار : جب بدن میں ردی مواد جمع ہو جاتے ہیں۔ یا احشاء میں ورم ہو جاتا ہے۔ یا ارواح کے منافی کوئی امر واقع ہو جاتا ہے۔ تو طبیعت اس کی اصلاح کے لیے حرارت غریزیہ کو بھڑکا دیتی ہے۔ جب اس کی اصلاح ہو گئی ہو تو حرارت بھی زائل

ہوگئی جس کا یہ مقصد ہے کہ حرارتِ غریبیہ کا بڑھنا کسی مصلحت کی بنا پر ہے۔ اس لیے شروع بخار میں اسپرین فینیسٹین کونین کا فوراً افیون کے مرکبات استعمال کرانا سخت غلطی ہے۔ ہاں اگر حرارت کی تیزی سے شدتِ عطش، صداع، متلی وغیرہ ہو جائے تو اس کی مناسب تدبیر کرلی جائے۔ تو کوئی مضائقہ نہیں۔

منشیات کا استعمال: منشیات ہلکی ہوں یا تیز مثلاً حقہ، پان، سگریٹ، چائے یا مدہک، گانجا، بھنگ، افیون اور شراب ان سب سے بچنا چاہیے۔ ان کے کثرت استعمال سے سخت خطرناک اور جان لیوا نتائج پیدا ہوتے ہیں۔ ہارٹ فیل سے مرنے والے مریضوں کا جب تشخص کیا گیا تو کثرتِ چائے نوشی یا کثرت شراب نوشی اس کا سبب پایا۔

مچھلی اور دودھ کا بیک وقت استعمال: قد نُھِی المجربون عن الجمع بین السمک واللبن بل اللبینۃ۔ مچھلی اور دودھ بلکہ دودھ کی بنی ہوئی اشیاء کو بھی ایک وقت میں جمع کرنا منع ہے۔ لیکن اس دورِ ترقی میں لوگ اس مقولہ کو تضحیک و استہزا کا نشانہ بناتے ہوئے بلا کھٹکا اُن کو بیک وقت استعمال کرتے ہیں۔ میرا ذاتی تجربہ یہ ہے کہ کئی مریض ایسے دیکھے ہیں جنھوں نے مچھلی اور دودھ کو بیک وقت استعمال کیا اور تحریک و تحریقِ دم میں ایسے مبتلا ہوئے کہ تمام بدن سیاہ، کھردرا اور مچھلی کے چھلکوں کی طرح قشور نما ہو گیا۔ جب خون کی اصلاح کی گئی تو اصلی حالت عود کر آئی جس سے میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ ایک قسم کی مچھلی جو ظاہر دوسری مچھلیوں جیسی اور بباطن سر سے پاؤں تک زہر سے لبریز ہوتی ہے۔ اس کا دودھ کے ساتھ استعمال کرنا بے شک خطرناک ہوا کرتا ہے چونکہ اس کی کوئی خاص شناخت نہیں اس لیے احتیاطاً عام حکم کے ذریعہ اس اجتماع کو منع کر دیا۔ چنانچہ وحی غیر متلو سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔

عنبر کی تحقیق: عنبر کے متعلق اطباء کی مختلف تحقیقات ہیں۔ بعض نیل گائے کا گوبر، بعض سمندری گھوڑے کا فضلہ قرار دیتے ہیں۔ میری تحقیق یہ ہے کہ سمندر میں ایک خاص

قسم کی مچھلی ہوتی ہے۔ اس کے پیٹ سے عنبر نکلتا ہے۔ اس پر حکیم الامت حضور صلعم کا فتویٰ بھی سن لیجئے۔ ایک دفعہ صحابہ کرامؓ سمندر سے ایک مچھلی پکڑ کر لائے جب اس کو کاٹا گیا۔ تو نہایت معطر اور خوشبودار تھی۔ حضورؐ صلعم کی خدمت میں اس کو حاضر کیا گیا۔ آپ نے فرمایا کہ یہ عنبری مچھلی ہے۔ اس کے پیٹ سے عنبر نکلتا ہے۔ اس لیے خوشبودار ہے۔

مشک خالص :- مشک کے متعلق مشہور مقولہ ہے کہ مشک آنست کہ خود ببوید۔ نہ کہ عطار بگوید۔ جہاں نافہ کھلا کمرہ خوشبو سے مہک گیا۔ حاشیہ نشین مفرح و مطیب ہو گئے۔ مگر آج کل کی کستوری اس کے برخلاف ہے۔ جہاں نافہ چیرا گیا۔ مکروہ بو اور ناقص رائحہ سے طبیعت بگڑ گئی۔ وہی عطریت جو تفریح بخش اور اعضاء رئیسہ کو خوش کرنے والی تھی یکسر غائب اور عنقا ہے۔

میرے خیال میں اس کو استعمال کرنے سے نہ کرنا بہتر ہے۔ اس کے مساوی اگر عنبر ڈال دیا جائے تو نہ صرف بدل بلکہ نعم البدل ہے۔

علاج کے متعلق تحقیق کی آرا :- علاج کے متعلق اطباء متقدمین جس میں شیخ الرئیس۔ قرشی۔ ملا نفیس۔ صاحب کامل اور دیگر مشاہیر ہیں۔ اس نظریہ پر متفق ہیں کہ شروع مرض میں علاج بالتدبیر سے کام لیا جائے۔ اگر اس میں کامیابی نہ ہو تو نباتات میں سے کسی مفرد چیز سے علاج کیا جائے۔ اگر ترکیب کی ضرورت محسوس ہو تو دو تین اجزاء سے زیادہ دوائیں نہ ہوں اگر اس سے بھی کامیابی نہ ہو تو پھر مرکبات شربت جوارشات حبوب معاجین وغیرہ کی طرف رجوع کیا جائے۔ اگر اس سے بھی صحت نہ ہو معدنیات میں غیر سمی اشیاء سے کام لیا جائے۔ اگر ہر طرف سے لاچاری ہو جائے تو پھر سمیات کی طرف دھیان کیا جائے مثال کے طور پر نزلہ حار میں پہلے دعت و سکون اور ٹھنڈے پانی سے غسل اور استنشاق سے کیا جائے۔ اگر اس سے کام نہ چلے تو نقوع نزلہ۔ اگر اس سے بھی کام نہ چلے تو اطریفل کشنیز خمیرہ گاؤزبان۔ اگر ضرورت زیادہ ہو تو پھر کشتہ مرجان وغیرہ دیا جائے اس سے اوپر برشعشا ہے۔ یہ نہیں کہ آج ہی زکام ہوا اور آپ نے برشعشا دینا شروع کر

دیا یہ اصول کے خلاف ہے۔ اس میں گھبراہٹ کی ضرورت نہیں کہ معمولی زکام کے لیے اتنا لمبا علاج تو جب ہے کہ مرض کا ازالہ نہ ہو لیکن بسا اوقات پہلی تدبیر سے ہی مرض کا ازالہ ہو جاتا ہے۔ ورنہ دوسری تجویز سے آگے بڑھنا نہیں پڑتا۔ اس کے برخلاف آج کل یہ حالت ہو رہی ہے کہ ذرا دھوپ میں چلنے یا کوئی گرم چیز کھانے سے زکام ہوا۔ فوراً پنسلین کا ٹیکہ کر دیا۔ جو کہ سمی چیز ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ آئندہ طبیعت مدبرہ بدن اپنا انتظام چھوڑ دیتی ہے۔ نچلے پانچ مراحل کو قبول ہی نہیں کرتی۔ جب تک کہ چھٹے مرحلے سے سمیات کے ساتھ علاج نہ کیا جائے وہ سمیات فوری طور پر تو غشا مخاطیہ کی سوزش کو زائل کر دیتی ہے لیکن اس کی سمی کیفیت اعصاب اور اعضاء رئیسہ پر ایسا بُرا اثر ڈالتی ہے کہ ان کے افعال خراب ہو جاتے ہیں۔ زکام و نزلہ کی تو خیر کوئی بات ہی نہ تھی۔ عصبی امراض از قسم فالج لقوہ رعشہ استرخا۔ ہو کر مریض کو زندہ در گور کر دیتے ہیں۔ بعض اوقات ہارٹ فیل تک نوبت پہنچ جاتی ہے۔ اس لیے قدیم نظریہ کے پیش نظر میرا مشورہ یہ ہے کہ بلا ضرورت شدیدہ سیماب اور چھٹے مرحلہ کی اشیاء سے سخت اجتناب کیا جائے۔

علاج بالاستفراغ:۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ اطباء متقدمین کی کتابوں میں اکثر مادی امراض میں فصد بتایا گیا ہے۔ حالانکہ خون بنسبت دوسری اخلاط کے طبیعت کو اتنا مرغوب ہے کہ مسہلات عنیفہ میں صفرا بلغم اور سودا کو تو طبیعت خارج کر دیتی ہے لیکن خون کو نکلنے نہیں دیتی۔ اسی طرح قے میں اخلاط ثلاثہ تو اکثر خارج ہو جاتی ہیں اور کوئی فکر نہیں ہوتا۔ لیکن جب خون کے اخراج کی نوبت آتی ہے تو فکر عظیم ہو جاتا ہے قنات ہضمیہ (ایلیمنٹری کینال) سے اخلاط ثلاثہ کے اخراج کا مشاہدہ تو آپ نے اکثر کیا ہوگا۔ لیکن خون کبھی نہیں دیکھا ہوگا۔ کیونکہ وہ محصور فی شرائین ہے۔ ان حالات میں فصد کی عام تعلیم دینا حیرانی کا موجب ہے۔ اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ مشہور اطباء علاج کے معاملہ میں شیخ الرئیس کے نقش قدم پہ چلتے ہیں اور اس کی تقلید کرتے ہیں اور شیخ الرئیس بخارا کے رہنے والے تھے۔ جو منطقہ معتدلہ میں واقع ہے۔ جہاں کی آب و ہوا اور اغذیہ

تولید خون میں اپنا ثانی نہیں رکھتیں۔ اس وجہ سے وہاں کے لوگ ٹھوس جسم سرخ رنگ جری اور بہادر ہوتے ہیں۔ وہاں ایک معمولی خوراک بھی کُلیتہً مستحیل الی الدم ہو جاتی ہیں۔ اس لیے وہاں کے لوگ دموی امراض میں مبتلا ہوتے ہیں۔ بنا بریں شیخ الرئیس نے اکثر ضوں کا علاج مقصد سے بتایا ہے۔ برخلاف اس کے ہندو پاکستان منطقہ حارہ میں ہیں جہاں آٹا پڑیوں میں بکتا ہے۔ دودھ گھی اور دیگر مولدات دم عنقا ہیں۔ لوگوں کے طبائع صفراوی ہیں۔ اس جگہ فصد سے علاج کرنا مریض کو ہلاکت میں ڈالنا ہے۔ اس لیے منطقہ حارہ کے اطبا کو فصد سے سخت اجتناب کرنا چاہیئے باقی رہا دوسری اخلاط کا استفراغ جب اس کے بغیر کام چلے تو چلاتے جائیں جہاں دیکھیں کہ بلا مسہل کام نہیں چلتا تو اصول مسہل کے مطابق مسہل کرادیں لیکن مسہل کی عادت ڈالنا عمر کو گھٹاتا ہے معدہ کو کمزور کرتا اور رطوبات اصلیہ کو فنا کر کے ہزال بدن کا موجب ہوتا ہے۔ علامہ قرشی کا مقولہ ہے:۔

وَلَا اَنْ یُجْعَلَ شرب المسہل دالغی دیدنا۔

غددی علاج کا اپریشن: بعض بے سمجھ معالج غددی امراض کا علاج ان کے اخراج سے کرتے ہیں مثلاً طاعون یا خنازیر کے علاج میں گلٹیوں کو نکال دینا بواسیر کے مسوں کو کاٹ کر جدا کر دینا۔ یہ اصولی غلطی ہے کیونکہ نظام غددی پر نظر کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ گلٹیاں قدرت نے بدن کے زہریلے مواد کو جذب کرنے کے لیے پیدا کی ہیں جب بدن میں طاعون یا خنازیری مواد جمع ہو جاتا ہے تو خلف الاذنین زیر بغل کنجران کی گلٹیاں اس مواد کو جذب کر کے خود تو مبتلا مرض ہو جاتی ہیں لیکن بدن کو اس زہر سے بچاتی ہے۔ اسی طرح جب بدن میں بواسیری مواد جمع ہو جاتا ہے تو مقعد کی گلٹیاں اسے جذب کر کے خود مبتلا مصیبت ہو کر بدن کو اس سے محفوظ رکھتی ہیں۔ جب ان گلٹیوں کو تو نکال دیا جائے لیکن زہر بدن میں موجود رہے۔ تو وہ زہر دوسری جانب سرایت کر کے خطرناک نتائج پیدا کر دیتا ہے۔ مثلاً خنازیری گلٹیاں نکال دی گئیں۔ مواد بدن میں موجود ہے وہ مواد پھیپھڑوں

کی طرف رجوع کر کے سل د ماغ کی طرف رجوع کر کے رعاف یا دیگر دماغی امراض اور مالیخولیا حتیٰ کہ جنون تک کا سبب بنتا ہے۔ میں نے بیسیوں مریض ایسے دیکھے ہیں جن کا بواسیری اپریشن ہو کر مسے نکال دیئے گئے وہ خطرناک نفث الدم میں مبتلا ہوئے۔ منہ کھلا ہے اور خون پرنالے کی طرح بہہ رہا ہے پھر نہ تو امالہ کارگر ہوا اور نہ ہی فصد نے کام دیا۔ حتیٰ کہ وہ واصل بالحق ہو گئے۔ اس لیے جب کوئی گلٹی بڑھے تو اصلاح مواد کی طرف رخ کر کے علاج کیا جائے اور چھریوں کلہاڑیوں سے اجتناب کیا جائے۔

سعال الدیک اور سعال نزلی :- سعال الدیک کو عام لوگ غوطے کی کھانسی کہتے ہیں۔ سعال نزلی میں بھی غوطے کی سی کیفیت ہو جاتی ہے۔ اس لیے ان دونوں میں فرق کرنا ضروری ہے۔ سعال الدیک میں بلغم برنج ریہہ کی عروق خشنہ میں چپک جاتا ہے۔ اور بڑی مشکل سے نکلتا ہے اور اس کے ساتھ قے بھی ہو جاتی ہے۔ سعال نزلی میں عروق خشنہ اور حلق کی غشاء مخاطی میں سوزش ہوتی ہے۔ جس سے پتلی رطوبت تراوش پاتی ہے۔ جب مریض زور سے کھانستا ہے تو تراوش بڑھ جاتی ہے۔ رطوبت کچھ نہیں نکلتی اور کھانسی کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ بعض اوقات قے بھی ہو جاتی ہے جس سے بعض نادان طبیب سعال نزلی کو سعال الدیک سمجھ کر ترش اشیاء سے علاج کرتے ہیں جس سے نزلہ میں اضافہ ہو کر مرض بڑھ جاتا ہے۔ سعال الدیک میں انار دانہ اور دوسری ترش اشیاء مفید ہو جاتی ہیں۔ کیونکہ اس سے بلغم تقطیع ہوتی ہے۔ لیکن سعال نزلی کو ترش چیزوں سے زیادتی ہوتی ہے۔ اس لیے طبیب کو علاج سے پیشتر ان دونوں میں امتیاز کرنا ضروری ہے۔ وہ نئے سعال الدیک کا مریض جب کھانستے کھانستے اوپر کو سانس لیتا ہے تو سیٹی کی آواز نکلتی ہے۔ یہی علامت کالی کھانسی کی ہے۔ یہاں سعال نزلی میں مریض خواہ کتنا ہی کھانستا رہے۔ سیٹی کی آواز نہیں ہوتی۔ بس یہی اس کی صحیح تشخیص ہے۔

ضروری نکات :- مرض اعضائے رئیسہ و شریفہ میں مستحکم اور غیر رئیسہ میں غیر مستحکم ہوتا ہے۔ اگر مریض کو بخار بار بار عود کر آئے۔ تو سمجھ لینا چاہیئے کہ اس کا جگر ماؤف ہے۔

معالج کو تمام تر توجہ جگر کی اصلاح کی طرف کرنی چاہیئے۔

اگر کسی عورت کو وضع حمل کے بعد دیر تک بخار چڑھا رہے تو معالج کو وہاں ورم رحم کا علاج کرنا چاہیئے محلل اورام ادویہ استعمال کرنی چاہئیں۔ خدانخواستہ اگر بخار مریضہ کو کچھ عرصہ تک قائم رہے تو مریضہ کو دق ہو جائے گی۔

جب کسی عضو کی قوت میں نقصان لاحق ہو جائے اور بذات خود اپنی طاقت سے کمزور ہو جائے لیکن اس کی کمزوری کا کوئی خارجی سبب موجود نہ ہو تو اس عضو کا اپنی اصلی حالت پر لوٹ آنا ناممکن ہے۔

امتلائے معدہ کی حالت میں اگر کسی کے حواس درست نہ رہیں اور وہ شخص حیران و پریشان ہو جائے۔ تو یہ حالت مرگی پر دلالت کرتی ہے۔ فوراً مادہ کو بذریعہ حقنہ خارج کر دیا جائے۔

دائمی نزلہ کے علاج میں مقوی دماغ دوائیں استعمال کرنی چاہئیں۔ مادہ کو نضج دینے سے اور قوتوں کو اعتدال پر لانے کی تدبیریں بے سود ہیں۔

جو درد سر دورہ کے ساتھ لاحق ہو اس کو دور کرنے کے لیے اولاً معدہ کا تنقیہ پھر معدہ اور دماغ کی تقویت کرنی چاہیئے۔

عظم کبد ورم جگر حار سے زیادہ خطرناک ہے۔ اگرچہ اس کا خطرہ فوری نہیں ہوتا۔ کسی مرض میں مقویات استعمال کرنے کا بہترین وقت زمانہ انحطاط ہے۔ زمانہ تزائد اور زمانہ انتہا مقویات کے استعمال کے لیے سب سے زیادہ خطرناک وقت ہے۔ کیونکہ ان اوقات میں مقویات طبیعت کے خلاف اور مرض کے معاون بن جاتے ہیں۔

اگر کسی مرض میں تمہاری تدابیر سے بہت تھوڑا فائدہ محسوس ہو رہا ہو تو نفع کے لالچ میں ان تدابیر سے بہت تھوڑا کیونکہ اکثر دیکھا گیا ہے کہ دوسری تدابیر اختیار کرنے سے پہلا حاصل شدہ فائدہ بھی جاتا رہتا ہے۔

اسرارِ نبض

انگشت اول دلالت کرتی ہے۔ سر پہ، دوسری گردن، کبد، وریہ، وحجاب پر تیسری معدہ، گردہ، امعار، مثانہ پر۔ اعضار اسافل پہ، اور پھر انگلی کے تین حصہ اور نیز پوروں کے تین حصہ، ایک یمین، دوسرا یسار، تیسرا اوسط۔

پس اگر کسی شخص کی نبض، دائیں ہاتھ کی منخفض اور ضعیف اور دقیق ہو بہ نسبت بائیں ہاتھ کے، تو وہ ضعفِ باہ پر دلالت کرتی ہے، اور اگر بالعکس ہو تو جلق ہے اور اگر پہلی صورت بھی اور نبض صلب ہو، تو کبد پہ دلالت کرے گی۔ خاص حصہ اوسط۔

اگر نبض دائیں ہاتھ کی منخفض، اور ضعیف، دقیق، ولین ہو بہ نسبت بائیں کے قریب حصہ سوئم کے تو وہ اسہال، یا نزف الدام اور اوسط حصہ تقے پر اور ساری نبض عرق، مفرطین پر دلالت کرے گی۔

جس انگلی میں اشراف صرف نسبتاً پایا جاوے تو وہ امتلا راس عضو پر دلالت کرے گی اگر انخفاض صرف نسبتاً پایا جاوئے تو اس عضو کے درد پر اور سوء مزاج مادی پر دلالت کرے گی۔ اور اگر اشراف وانخفاض معاً پائے جائیں تو درد وامتلاء، ہر دو پہ دلالت کریں گے، اور اگر اجزائے نبض میں خفیف خشونت پائی جاوے۔ اور نبض کے حرکات تیز محسوس ہوں، تو آتشک پر۔

مرنے سے پہلے پاؤں کی شریان ۲۴ گھنٹے ساقط ہوجاتی ہے اور چھ گھنٹے پہلے ہاتھ کی نبض نملی ہوجاتی ہے۔

اگر سکونِ مرکزی، زیادہ سکون محیطی سے ہو، تو وہ دلالت کرتا ہے کہ ترویح کی زیادہ ضرورت ہے اور معلوم ہوا کہ آفت ریہ میں ہے یا نفس قلب میں سوء مزاج ہے۔ ریہ کی آفت سے قلب کے حرکات بھی اصلی حالت سے متغیر ہوجائیں گے۔ جس سے ثابت ہوگا کہ مریض کو ضیق النفس اور ساتھ ہی خفقان ہے۔

اگر نبض ریتی کے مثل خشن ہوجائے اور ہاتھ رکھنے سے اس میں اشراف انخفاض صلابت اور کھچاوٹ والے پائی جاوئے تو حمرہ پہ دلالت کرے گی، یا سمی اشیاء کے کھانے پر۔ اور اگر اس میں عارضات کم ہوں تو سوزاک پر دلالت کرے گی لیکن تیسری انگلی بھی قابلِ غور ہے۔ پہلی صورت میں تمامی انگلیاں یکساں ہوں گی۔

اگر نبض میں سرعت بغیر حملے کے ہو، اور تیسری انگلی میں کھچاوٹ پائی جاوے تو دلالت علی الحمل ہوگی۔

ہوا تنفس میں جو کہ بینی کے راستے سے نکلے اس کی حرارت ۹۵ درجہ کی ہوتی ہے اور جو منہ سے نکلے اس کی حرارت ۹۳ درجہ کی ہوتی ہے۔

نبض کی نسبت تنفس سے چوگنی ہوتی ہے، یعنی اگر تنفس ایک دفعہ ہو، تو نبض کی حرکت چار دفعہ ہوتی ہے۔

تھرمومیٹر کی اصلی حالت ۹۸½ درجہ ہے۔ اس سے زیادہ حرارت پر دال اور ہر درجہ تھرمومیٹر کا دس قرعات نبض کے مقابل ہوگا اکثر اصلی حرکت تنفس کی جوان میں ۷۲ قرعات ہوتی ہے اور بوڑھی میں ۷۵ یا ۸۰ قرعات ہوتی ہے۔ لڑکے میں ۱۲۰ قرعات۔

جو نبض مقیس علیہ سے زیادہ طویل ہو اور ضیق بھی ہو، تو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ بدن سے استفراغ خون کا بذریعہ اسہال ہوتا ہے۔ تو عموماً اس کو بواسیر ہوگی یا اسہال کبدی یا معوی ہوں گے۔

جو نبض باہر سے نرم اور اندر سے صلب ہو اس مریض کو کلہ و جرب ہوگا۔
جس نبض کے بعض اجزاء متشنج ہوں اور بعض غیر متشنج ہوں، اور سرعت نہ ہو تو اس مریض کو خدر ہوگا۔ یعنی سوء مزاج اعصاب ہوگی۔
جس شخص کے بائیں ہاتھ کی نبض بہ نسبت دائیں ہاتھ کے ضیق ہو، یہ دال ہے کہ قلب کی طرف سے جو اعصاب آتے ہیں۔ انمیں سوء مزاج ہے، چونکہ ان اعصاب کو بوجہ انفعلات نفسانی تکلیف ہوتی ہے تو اس کو دلالت جلق پہ ہے۔
جس عورت کی نبض بائیں طرف کی بہ نسبت دائیں طرف کے عریض ہو، تو یہ دال ہے کہ اس کا رحم ماؤف ہے۔
۔ جس آدمی کے بائیں ہاتھ کی نبض عریض ہو بہ نسبت دائیں کے، تو یہ دال ہے کہ مادہ قلب کے نواح میں ہے۔
جس شخص کے دائیں ہاتھ کی نبض تحت الوسطےٰ (حصہ زیریں) عریض ہو تو یہ دال ہے کہ نفخ کبد میں ہے۔ اگر وسطےٰ کا پہلا حصہ عریض ہو تو یہ دال ہے کہ ذات الریہ پہ۔ اگر وسطےٰ کا وسطی حصہ عریض ہو تو یہ امتلاء معدہ پر دال ہے۔ اگر باوجود امتلاء اس حصہ میں اشراف ہو تو ذوسنطاریا، یا زحیر ہوں گے۔ اگر وسطےٰ کی تحت میں صلابت ہو اور انخفاص ہو۔ تو یہ اس پہ دال ہے کہ کبد سے استفراغ ہو چکا ہے۔
اگر نبض دائیں ہاتھ میں تحت الخنفر در درمیانی شہوق ہو اور کسی قدر تشنج ہو تو یہ مثانہ کی تکلیف پہ دال ہے یعنی سوزاک ہوگا۔
اگر دائیں ہاتھ کی نبض میں ارتفاع و انخفاص ہو اور اس طرح ہو جیسے

مغزل پر دھاگا لپٹا ہوا ہوتا ہے اور منہ ذا انبیق النفس بھی تو یہ دال ہے کہ خون میں
احتراق ہو چکا ہے۔ پس آتشک ہوگا۔

نبض:۔ رموز و نکاتِ نبض جو مسیح الملک مرحوم نے طلبائے طبیہ کالج کے سامنے
بیان فرمائے:۔

"ایک بار مسیح الملک مرحوم نے طرق تشخیص بیان کرتے ہوئے۔ نبض کے متعلق فرمایا
تھا کہ "نبض بھی تشخیص میں نہایت ضروری چیز ہے۔ ڈاکٹروں کا یہ خیال غلط ہے کہ نبض سے
سوائے حالاتِ قلب کے اور کچھ معلوم ہی نہیں ہو سکتا اور یہ قول بھی صحیح نہیں ہے کہ نبض
سے کل امراض کا پتہ لگایا جا سکتا ہے۔ بعض کو دس امراض کی نبض کا تجربہ ہوتا ہے اور
بعض کو بارہ کا۔ بعض کو اس سے بھی زیادہ کا۔ اس کا انحصار مشق اور تجربہ پر ہے بلکہ بسا
اوقات مریض کے بیانات کی تردید محض نبض کی حالت سے ہی کی جا سکتی ہے۔"

اگر کسی شخص کی نبض ممتلی، عظیم اور سریع ہو اور اس نبض کا لمس حار ہو تو یہ سیلان
الدم پر دلالت کرتی ہے۔ سیلان الدم خواہ موجود ہو یا آئندہ پیدا ہونے والا ہو یا
پیدا ہو چکا ہو۔

اس نبض کا تجربہ دماغی فالج میں خوب ہو سکتا ہے۔ جب کہ شرائین دماغ میں
انشقاق پیدا ہو کر سیلان الدم ہوا۔ اور موجبِ غشی ہو۔ لیکن ہلاکت کے وقت یہ بات
نہیں پائی جاتی۔ نیز مرض نار فارسی کے اندر بھی اسی قسم کی نبض ہوتی ہے۔ لیکن جب تک
آتشک کا مادہ خون کے اندر شامل ہو اور بعض میں جب کہ مرض کا اثر ہڈیوں تک پہنچ
جائے تو یہ نبض زائل ہو جاتی ہے۔

ایک قسم کی نبض اور ہوتی ہے جو کہ دل کی حرکت اختلاجیہ کا پتہ دیتی ہے۔ وہ
یہ ہے کہ نبض ممتلی مائل بعظم سریع مگر لین اور قلیل مشرف ہو۔

مگر کسی شخص کی نبض سریع وضعیف اور ممتلی و مشرف ہو تو اس سے آپ
فوراً دریافت کریں کہ تمہارا مادہ منویہ رقیق ہے؟ اگر وہ اس بات کا اقرار کرے

تو فوراً ضعفِ قوتِ عاقدہ کا خیال کر لینا چاہیئے۔ پھر یہ دریافت کریں کہ آیا تمہارے ہاں اولاد ہوتی ہے۔ اگر اولاد ہونے کا اقرار کرے تو فوراً لڑکے اور لڑکی کی بابت دریافت کریں تو وہ لڑکا ہونے سے انکار کرے گا۔ اگر اقرار بھی کرے تو موت کی خبر دے گا۔ البتہ لڑکی کا اقرار کرے گا۔ مسیح الملکؒ نے فرمایا کہ برادر بزرگوار حکیم عبدالمجید خاں صاحب بانی مدرسہ طبیہ اس قسم کے نبض والے سے یہی استفسار کرتے تھے۔ اس نبض کی تمام نبضوں سے زیادہ اہمیت ہے اور یہ طبیعت کی صداقت پر دلالت کرتی ہے۔ بشرطیکہ کوئی طبیب اس کا ماہر ہو جائے۔

مسلول کی نبض اوائل میں ہمیشہ لین ہوتی ہے لیکن آخر میں صلب ہو جاتی ہے اور دق کے اندر اول سے ہی صلب ہوتی ہے۔ نیز جو پھیپھڑا ماؤف ہوتا ہے۔ اس طرف کی نبض عظیم مائل بہ اشراف پائی گئی ہے اور گاہے اس کے برعکس بھی پائی جاتی ہے۔

مدقوق کی نبض رقیق، سریع صلب ہوتی ہے اور جس قدر مرض پرانا ہوتا جائے گا یہ برابر ترقی کرتی ہے اور ساتھ ہی ضعف کی شان کا بھی اضافہ ہو جاتا ہے۔

نبض میں ہمیشہ تین چیزیں دیکھنی چاہئیں۔

عصبی و دماغی کمزوری۔

آلاتِ ہضم اور کبد کا ضعف

قلب کی حالت، ان کے علاوہ ۱۰۰ اور ۹۸ میں سے ادر دیگر عوارض مثل قلتِ خون بھی ہو سکتے ہیں۔

مریض اختلاج کی نبض ممتلی، سریع، لین ہوتی ہے۔ مشترک نبض دیکھ کر پہلے اپنا اطمینان کرلیں اور اس کی علت پر غور کریں مثلاً میں نے ایک بیمار دیکھا تھا۔ اس کی نبض صلب بطی تھی اس کا ملمس خشن تھا۔ یہ نبض میرے مشاہدہ میں آتی ہے۔ لیکن کسی کتاب میں نہیں) مریض نے کہا کہ چھ سات ماہ سے اسہال آرہے ہیں۔ چنانچہ اس نبض کو میں

نے اپنے حافظہ میں محفوظ کر لیا اور اتفاقاً پانچ روز کے بعد ایک اور مریض آیا۔ اس کی نبض اس سابقہ مریض جیسی تھی۔ پندرہ روز بعد پھر ایک تیسرا مریض آیا۔ اس کی نبض بھی دوسرے مریضوں کی مانند تھی چنانچہ میں نے دیکھنے کے بعد فوراً ان دونوں کو کہہ دیا کہ تمہیں دست آرہے ہیں۔ چنانچہ انھوں نے تسلیم کر لیا۔ میرے علم میں یہ بات پیدا ہوئی کہ جس شخص کو اسہال آرہے ہیں۔ اس کی نبض صلب اور بطی ہوگی اور ملمس خشن ہوگا۔

ملمس کے خشن ہونے کی وجہ :۔ جب خون میں سے رطوبت کثیر تعداد میں خارج ہو جاتی ہے تو جلد پر کھردرا پن پیدا ہو جاتا ہے اور یہ ظاہر ہے کہ اسہال میں کافی رطوبت خارج ہوتی ہے۔

صلابت کی دلیل :۔ جرم شریان کی صلابت بھی رطوبت کے اوپر موقوف ہے۔ کیونکہ دورانِ خون کے ذریعہ رطوبت شریانوں کے اندر پہنچتی ہے اور چونکہ اسہال میں رطوبت کم ہو جاتی ہے۔ لہٰذا شریان میں صلابت کا ہونا لازمی اور یقینی ہوتا ہے۔

بطی ہونے کا سبب :۔ مرض اسہال کی وجہ سے خون سے مواد صالح اور رطوبت کثیر مقدار میں خارج ہوتی رہتی ہے لہٰذا حرکتِ قلب اور اعصاب وہ مرض اور تغذیہ ناقص کی وجہ سے کمزور ہو جاتے ہیں۔ اس لیے خون بھی ٹھیر ٹھیر کر چلتا ہے۔ اس سے نبض کی انبساطی اور انقباضی حرکت بھی اکڑا ہوگی اور قرع دیر میں ہو کر حرکتِ بطی پیدا کرنے میں معاون و ممد ہوگا۔

اگر بدن میں خون کم ہونے کے باوجود نبض عظم کی طرف مائل ہو تو اس سے ریاح کی کثرت کا پتہ چلتا ہے یہ نبض اکثر ان بوڑھوں اور ادھیڑ عمر والوں میں ہوتی ہے۔ جو بواسیر عمیا میں مبتلا ہوں۔

نبض سریع، لین، ضعیف ضعف دماغ پر دلالت کرتی ہے۔ اس ضعفِ دماغ کے ساتھ نسیان، دورانِ سر ضعیفِ قلب، ضعف ہضم، قلت دم، ضعفِ باہ، سرعت انزال ادنےٰ سبب سے تھکان اور قلتِ امعان ہوں گے

نبض سریع، عظیم اختلاج قلب پر دلالت کرتی ہے ۔
اگر نبض، بطی صلب ہو اور جلد پر سے بھوسی الگ ہوتی ہو تو اسہال مزمن کی شکایت ہے ۔
نبض عظیم مائل بسرعت مع حرارت ملمس تین چیزوں پہ دلالت کرتی ہے ۔
۱۔ نار فارسی ۲۔ گرم ادویہ کا استعمال ۳۔ قرحہ احلیل ۔
بوڑھوں میں نبض عظیم قوی سے فالج کا خوف ہے ۔
نبض ممتلی، سریع مائل بہ عظیم حمل پہ دلالت کرتی ہے ۔